# فتاویٰ منصوریہ

## جلد دوم

فقیہ العصر، مبلغ اسلام، شیخ القرآن والحدیث حضرت علامہ

الحاج مفتی عبدالرسول منصور الازہری

امیر شرعی کونسل برطانیہ

مکتبہ مصباح القرآن ساھیوال

صلى الله عليه وسلم

Marfat.com

﴿فَسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ النحل

# فتاویٰ منصوریہ

جلد دوم

تصنیف


فقیہ العصر، استاذ العلماء، شیخ الحدیث والتفسیر، حضرت علامہ

مولانا الحاج مفتی عبدالرسول منصور الازہری دامت برکاتہم العالیہ

چیئرمین شرعی کونسل برطانیہ

مؤسس ادارہ مصباح القرآن ساہیوال پاکستان



ناشر مکتبہ مصباح القرآن عارف روڈ ساہیوال



Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِماً اَبَداً عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ


کتاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔فتاوٰی منصوریہ (جلد دوم)

تصنیف۔۔۔۔۔۔۔۔استاذ العلماء علامہ مفتی عبد الرسول منصور الازہری

مرتب۔۔۔۔۔۔۔۔محمد منور نورانی ناظم تعلیمات ادارہ مصباح القرآن ساہیوال

پروف ریڈنگ۔۔۔۔۔۔مولانا محمد عاشق قادری، قاری عبد المجید } مدرسین ادارہ مصباح القرآن ساہیوال

علامہ محمد امین خاں قادری

سرورق۔۔۔۔۔۔۔۔محمد ضیاء اللہ نورانی

کمپوزنگ۔۔۔۔۔۔۔عطاء المصطفیٰ فریدی مصباح القرآن کمپوزنگ سنٹر ساہیوال

تاریخ اشاعت۔۔۔۔۔۔اگست 2006ء بمطابق رجب المرجب 1427ھ

ناشر۔۔۔۔۔۔۔۔مکتبہ مصباح القرآن عارف روڈ ساہیوال


## مقامات تحصیل

☆ ادارہ مصباح القرآن

مسعود ٹاؤن عارف روڈ ساہیوال فون فیکس 040-4228412*4221460

☆ 65-GROVE-ST-REDDICH WORCH-S

B98-8DL UK

TEL:01527595007

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اھداء وانتساب

شیخ الاسلام والمسلمین پیر طریقت رہبر شریعت حضرت

## خواجہ محمد قمر الدین سیالوی چشتی

کے حضور ھدیہ عقیدت

جن کی نگاہ فیض رسا سے طالبان شریعت اور متلاشیان حقیقت کو علم و عمل کی خیرات میسّر آئی۔

دعا جو و نیاز کیش

**عبدالرسول منصور الازہری**

امیر شرعی کونسل برطانیہ

14 اگست 2006ء

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مَولَاے صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ

وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم

# تقریظ وتقدیم

(از:۔ اسلامی محقق علامہ قاری محمد انور قمر نقشبندی
بانی ادارہ انوار القرآن لائی کراس برطانیہ)

## تصدیر الافتاء

### لغت عرب میں افتاء کا معنیٰ

عربی زبان کی معروف اور مستند کتاب لسان العرب میں مرقوم ہے
أفتاه فی الأمر ''اس نے اس کے لیے معاملہ واضح کر دیا''
أفتی الرّجل فی المسألة واستفتیتهٗ فیهاأفتانی أفتاء وأفتی المفتی اذاأحدث حکماً
''مرد نے کسی مسئلہ میں فتویٰ دیا میں نے مسئلہ میں فتویٰ طلب کیا تو اس نے مجھے فتویٰ دیا مفتی نے فتویٰ دیا جب اس نے حکم ظاہر کر دیا''
اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

يَسۡتَفۡتُونَكَ قُلِ ٱللَّهُ يُفۡتِيكُمۡ --------{1}

''اے محبوب تم سے فتویٰ پوچھتے ہیں تم فرما دو اللہ تمہیں فتویٰ دیتا ہے''
فتیا یا اور فا کے ضمہ فتویٰ واؤ اور فا کے ضمہ فتویٰ واؤ اور فا کی

{1} النساء:176

Marfat.com

فتح کے ساتھ ان کا معنی ہے جو فقیہ نے فتویٰ صادر کیا۔

لغت عرب کی دوسری معروف کتاب مصباح المنیر میں بھی افتاء کا یہی معنی بیان کیا گیا ہے پھر فتویٰ کی جمع فتاویٰ ہے اسی معنی میں اللہ تعالیٰ کا قول ہے

يَسْتَفْتُونَكَ فِى ٱلنِّسَآءِ ۖ قُلِ ٱللَّهُ يُفْتِيكُمْ ----{1}

''آپ سے عورتوں کے بارے میں فتویٰ پوچھتے ہیں تم فرما دو اللہ تمہیں ان کے بارے میں فتویٰ دیتا ہے''

أَفْتُونِى فِى رُءْيَـٰىَ ------{2}

''میرے خواب کے مطابق تم مجھے فتویٰ دو''

فَٱسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَم مَّنْ خَلَقْنَآ --------{3}

''تو ان سے پوچھو کیا ان کی پیدائش زیادہ مضبوط ہے یا ہماری اور مخلوق آسمانوں اور فرشتوں وغیرہ''

حدیث نبوی میں ہے ان أربعة تفاتوا اليه عليه السلام چار اشخاص نے آپ سے فتویٰ طلب کیا

الاثم ماحاك فى صدرك وان أفتاك الناس وافتوك----{4}

''گناہ وہ ہے جو تیرے سینے میں کھٹکے اگر چہ لوگ تجھے فتویٰ دیں اور تیرے لیے اسے جائز قرار دیں''

---

{1}النساء:127 {2}یوسف:43 {3}صافات:11 {4}مسند احمد مسلم۔

Marfat.com

والاثم ماحاك فی القلب وترددفی الصّدر وأن أفتا ك الناس ۔

## شریعت میں افتاء کا معنیٰ

علماء فقہ واصول کے بیان کے مطابق افتاء کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کے حکم کو دلائل شرعیہ کے تقاضا کی روشنی میں علی وجہ العموم بیان کرنا امام شاطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں مفتی امت میں نبی ﷺ کے قائم مقام ہوتا ہے کیونکہ علماء انبیاء کرام علیہم السلام کے وارث ہیں جیسا کہ حدیث مبارک میں وارد ہوا ہے

ان العلماء ورثة الأنبياء وان الأنبياء لم يورّثوادينارا ولادرهماوانماورثوا العلم--------{1}

''بے شک علماء ربانیین انبیاء کے وارث ہیں اور انبیاء دنیاوی مال ومتاع نہیں بلکہ علم وحکمت کی وراثت چھوڑتے ہیں''۔

اور پھر مفتی احکام شریعت کی تبلیغ کے لیے بھی نائب ہے احادیث شریفہ میں موجود ہے الأيبلّغ الشّاهدمنكم الغائب --------{2}

''تم سے جو حاضر ہے وہ غیر حاضر تک یہ بات پہنچادے''

بلّغو اعنّى ولوآيه--------{3}

''میری طرف سے پہنچاؤ خواہ ایک آیت ہی کیوں نہ ہو''

تسمعون ويسمع منكم ويسمع ممّن يسمع منكم ---{4}

{1} ترغیب وترھیب امام نذوی الموافقات شاطبی ج3 ص244 {2} بخاری خطبہ منٰی {3} مسند احمد ترمذی

{4} ابوداؤد۔ حاکم۔ احمد

Marfat.com

’’تم مجھ سے سنتے ہو پھر تم سے سنا جائے گا اور پھر اس سے بھی جو تم سے سنے گا‘‘

اس بنیاد پر مفتی کو نبی علیہ السلام کا قائم مقام کہا گیا ہے۔

امام محی الدین نووی شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

الأفتاء عظيم الخطر كبير الموقع كثير الفضل لأ ن الممفتى وارث الأنبياء صلوات اللّٰه وسلامه عليهم وقائم بفرض الكفاية لكنّه معرض للخطاء {1}

’’فتویٰ دینا بہت حساس نازک اور شرف وفضیلت کا کام ہے کیونکہ مفتی انبیاء کرام کا وارث ہے اور فرض کفایہ کو ادا کرنے پر مامور ہے لیکن غلطی اور خطاء سے بھی دوچار ہو سکتا ہے‘‘۔

امام حصکفی درّ مختار میں اور علامہ ابن عابدین شامی ردّ المحتار میں فرماتے ہیں کہ فاسق مفتی ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا کیونکہ فتویٰ امور دین سے تعلق رکھتا ہے اور معاملات کے اندر فاسق کا قول قبول نہیں کیا جاتا۔-------{2}

علامہ قرافی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

قال مالك لاينبغى للعالم أن يفتى حتّى يراه الناس اهلا للفتوىٰ ويرى هونفسه اهلا-------{3}

’’حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ عالم کے لیے فتویٰ دینا مناسب نہیں جب تک کہ لوگ یا وہ خود کو اس منصب کا اہل نہ سمجھے یعنی جب تک علماء کے نزدیک اس کی اس

{1} المجموع ص40 دار الطباعۃ المنیر یہ 1344ھ {2} درمختار ج3 ص418 کتاب القضاء {3} الفروق ج2 ص110

Marfat.com

اہلیت کا ثبوت وظہور نہ ہو جائے اسے اس کام سے گریز کرنا ضروری ہے''

علامہ ابن قیم حنبلی رحمہ اللہ لکھتے ہیں......صحابہ وتابعین کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین فتویٰ میں جلد بازی کرنے کو ناپسند جانتے تھے ان سے ہر ایک کی آرزو ہوتی تھی کہ یہ کام کوئی دوسرا کرے جب کوئی یہ سمجھتا کہ یہ ذمہ داری اسی نے نبھانی ہے تو پھر وہ کتاب وسنت یا خلفاء راشدین کے قول سے سند لیکر فتویٰ صادر کیا کرتا تھا---{1}

## افتاء کا حکم

فقہاء احناف اور شوافع کے اقوال سے ثابت ہوتا ہے کہ طالبین کی تعلیم اور مستفتی حضرات کو فتویٰ دینا فرض کفایہ ہے جب کسی واقعہ کے رونما ہونے پر صرف ایک ہی مسئول عنہ اور مفتی ہو تو اس پر اس کا جواب دینا فرض اور لازم ہو جاتا ہے اور اگر اس موقع پر کوئی دوسرا عالم بھی حاضر ہو تو ان دونوں کے حق میں اس کا جواب فرض کفایہ قرار پاتا ہے۔

**اوّل مفتی کون؟** یہ اعزاز سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ کو حاصل ہے آپ اللہ تعالیٰ کی وحی کے ساتھ فتویٰ صادر فرمایا کرتے تھے جب کہ بہت سی آیات قرآنی اس کی طرف اشارہ کررہی ہیں۔ چنانچہ یہ فتویٰ قرآن اور کبھی سنت رسول اللہ ﷺ کی صورت میں نازل ہوتا تھا کبھی سنت شریفہ کی صورت میں نازل ہونے والا یہ فتویٰ کتاب اللہ تعالیٰ کے بعد دوسرے درجے پر آتا ہے۔ اور کسی مسلمان کے لیے اس فتویٰ سے عدول اور اعراض ہرگز جائز نہیں

{1} اعلام الموقعین ابن قیم ج 1 ص 27، کشاف القناع بھوتی حنبلی ج 2 ص 240

Marfat.com

بلکہ اس پر عمل پیرا ہونا از حد ضروری ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمَآ ءَاتَىٰكُمُ ٱلرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَىٰكُمْ عَنْهُ فَٱنتَهُوا۟

{1}--------

''اور جو تمہیں رسول اللہ عطا کرے اسے لے لو اور جس سے تمہیں منع کرے اس سے باز رہو''

ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَإِن تَنَـٰزَعْتُمْ فِى شَىْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْـَٔاخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا {2}------

''پھر اگر تم میں کسی بات کا جھگڑا اٹھے تو اسے اللہ اور رسول کے حضور پیش کرو اگر اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو یہ بہتر ہے اور اس کا انجام سب سے اچھا''

آپ ﷺ کے بعد فتویٰ کی ذمہ داری فقہاء، صحابہ وتابعین کا حصہ قرار پائی امام ابن حزم اور علامہ ابن قیم نے ان کثیر صحابہ وتابعین عظام کے اسماء مبارکہ کی فہرست پیش کی ہے جنہوں نے بأحسن طریق اس ذمہ داری کو نبھایا--------{3}

## اسلام میں منصب افتاء پر فائز کون ہونا چاہیے؟

دین کا معاملہ انتہائی نازک اور اہم ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اس میں علم

{1} الحشر آیت: 7 {2} النساء: 59 {3} احکام فی اصول الاحکام ج5 ص89

Marfat.com

کے بغیر قول کو حرام قرار دیا ہے بلکہ اسے تحریم کے بلند درجے پر رکھا ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ ٱلْفَوَٰحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَٱلْإِثْمَ وَٱلْبَغْيَ بِغَيْرِ ٱلْحَقِّ وَأَن تُشْرِكُوا۟ بِٱللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِۦ سُلْطَٰنًا وَأَن تَقُولُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٣٣﴾ ------{1}

''تم فرماؤ میرے رب نے تو بے حیائیاں حرام فرمائی ہیں جو ان میں کھلی ہیں اور جو چھپی اور گناہ اور ناحق زیادتی اور یہ کہ اللہ کا شریک کرو جس کی اس نے سند نہ اتاری اور یہ کہ اللہ پر وہ بات کہو جس کا علم نہیں رکھتے''۔

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَلَا تَقُولُوا۟ لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ ٱلْكَذِبَ هَٰذَا حَلَٰلٌ وَهَٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ ٱلْكَذِبَ ۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى ٱللَّهِ ٱلْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ ﴿١١٦﴾ ------{2}

''اور نہ کہو اسے جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں یہ حلال ہے اور یہ حرام کہ اللہ پر جھوٹ باندھو بے شک جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہوگا''

پہلی آیہ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے محرمات میں فواحش جو اخف تھیں ان کا ذکر فرمایا اس کے بعد اثم اور ظلم اشد کا ذکر کیا اس کے بعد جو ان سے بھی بڑی برائی ان تقولوا علی اللہ مالا تعلمون تھی کو بیان کیا اور یہ قول عام ہے جو اس کی ذات وصفات اور اس کے دین وتشریع سب کو شامل ہے اور دوسری آیہ کریمہ میں اللہ

{1}اعراف:33 {2}النحل:116

Marfat.com

تعالیٰ نے یہ ظاہر فرمادیا کہ کسی مسلم کے لیے بغیر علم کے یہ کہنا جائز نہیں کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام جب تک اسے اس امر کا یقین نہ ہو جائے کہ اسے اللہ تعالیٰ نے حلال یا حرام قرار دیا ہے--------{1}

چنانچہ ایک صحیح حدیث سے بھی یہ امر ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک فوجی دستہ کے امیر حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کو اس بات سے منع فرمادیا کہ وہ اپنے دشمن کو محاصرے کے وقت اللہ کے حکم پر قلعہ سے اترنے کو کہیں آپ کا ارشاد ہے

فانک لاتدری أتصیب حکم اللّٰہ فیھم أم لا ولکن أنزلھم علیٰ حکمک وحکم اصحابک

"بے شک تو نہیں جانتا کہ تو ان کے اندر اللہ تعالیٰ کے حکم کو صحیح پاتا ہے یا نہیں لیکن انہیں اپنے اور اپنے ساتھیوں کے حکم پر اتار"۔

سنن ابوداؤد میں حضرت مسلم بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے قال رسول اللّٰہ ﷺ من قال علی مالم اقل فلیتبوا بیتاً فی جھنم ومن أفتاء بغیر علم کان اثمہ علی من أفتاہ ومن أشار الیٰ اخیہ بامر یعلم الرشدفی غیرہ فقد خانہ

"نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے مجھ پر وہ بات کہہ دی جو میں نے نہیں کہی وہ اپنا گھر جہنم میں بنالے اور جس نے بغیر علم کے فتویٰ دیا اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہوگا اور جس نے جان بوجھ کر اپنے بھائی کو غلط مشورہ دیا تو اس نے اس سے خیانت کی"

{1} فتاویٰ وبحوث امام جادالحق شیخ الازھر مرحوم ص10

آپ کے اس فرمان سے بغیر علم کے فتوٰی کے نقصانات وخطرات کی نشاندہی ہوتی ہے اس لیے افتاء کے ساتھ نصوص شریعت اور اصول دین کا ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے

فقہ حنفی کے مطابق افتاء کے لیے پوری اہلیت کا ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے اور مفتی کے لیے شرط یہ ہے کہ وہ مجتہد ہو اور علمائے اصول فقہ کی رائے بھی یہی ہے کہ مفتی مجتہد ہی ہوتا ہے جو غیر مجتہد مجتہدین کے اقوال کا حفظ رکھتا ہو اس کے لیے لازم ہے کہ جب اس سے کوئی مسئلہ دریافت کیا جائے تو وہ فتوٰی دیتے وقت اس قول کو اس کے قائل کی طرف منسوب کرے مجتہدین کے اقول کو نقل کرنے کے دو طریقے ہیں

پہلا طریق: وہ اس قول کو کتب معروفہ متداولہ میں سے نقل کرے مثلاً امام محمد بن الحسن کی کتب یا اس طرح کی دیگر کتب مشہورہ کیونکہ وہ اس وقت خبر متواتر و مشہور کے درجے میں تھیں۔

دوسرا طریق: اس قول میں اس کی سند پائی جاتی ہو کہ اس نے اس کی روایت کو اپنے شیوخ سے حاصل کیا ہو---------{1}

## فقہ مالکی اور صفتِ مفتی

علامہ ابن رشد مالکی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو جماعت علوم کی طرف منسوب ہے اور وہ حفظ وفہم میں عوام سے ممتاز ہے وہ تین طوائف میں منقسم ہے

پہلا طائفہ: جس نے امام مالک رحمہ اللہ کے مذہب کی بغیر دلیل کے تقلید کی

{1} بحرالرائق شرح کنزالدقائق ابن نجیم مصری ج1 ص289

اورمسائل فقہ میں آپ کے اورآپ کے اصحاب کے اقوال کوحفظ کیااوران میں تفقہ صحیح وسقیم میں فرق کیا۔

دوسرا طائفہ: جس نے مالکی مذہب کی اتباع بایں طور کی کہ اس پران اصولوں کی صحت ظاہر ہوگئی جواس مذہب کی بنیاد ہیں مسائل فقہ میں امام موصوف اوران کے اصحاب کے اقوال کوحفظ کیااوران کے معانی اوران میں صحیح وسقیم کی فہم وفراست حاصل کرلی مگروہ فروع واصول پر قیاس کی معرفت کے مقام تک نہ پہنچ سکا۔

تیسرا طائفہ: جس نے امام موصوف کے مذہب کی اتباع کی اس طور پر کہ آپ کے اصول کی صحت کااس پرانکشاف ہوگیا کیونکہ یہ طائفہ احکام القرآن کاعالم اورسنت رسول ﷺ میں ناسخ اورمنسوخ مفصّل ومجمل عام وخاص اورمطلق ومقیّد کاعارف تھاصحابہ وتابعین کے اقوال کاجامع اوروفاق وخلاف کے مواضع کاحافظ تھا۔

☆ پہلے طبقہ کے لیےفتویٰ دیناجائزنہیں اگرچہ اس کاعمل اس کےعلم کے مطابق ہے۔

☆ دوسرے طبقہ کے لیےفتویٰ دیناجائزہے جبکہ اس نے اسے اپنےعلم کے مطابق امام المذہب یااس کےفقہاء کےقول کوصحیح طورپرسمجھاہوجبکہ

☆ تیسراطبقہ توعموماًفتویٰ دینے کااہل ہے--------{1}

{1} مواھب الجلیل مع التاج والاکلیل ج6 ص94

Marfat.com

## فقہ شافعی اور مفتی کی اقسام

فقہ شافعی کے مطابق مفتی کی دو اقسام ہیں

1۔ مستقل 2۔ غیر مستقل

**مستقل مفتی** کے لیے شرط یہ ہے کہ وہ کتاب وسنت اور اجماع وقیاس میں احکام شرعیہ کے دلائل کی معرفت اور پھر ان سے احکام کے استنباط کی صلاحیت بھی رکھتا ہو پھر مسائل فقہ کے حفظ کی شرط صرف اس مفتی کے لیے ہے جو فرض کفایہ ادا کر رہا ہے مستقل مجتہد کے لیے یہ شرط ضروری نہیں ہے۔

**غیر مستقل مفتی** جو مذاہب مرّوجہ میں سے کسی ایک مذہب کی طرف منتسب ہو اس کا فتویٰ امام المذہب یا اس کے کسی مجتہد صاحب کے قول کو نقل کرنا تصور ہو گا جس کے ساتھ وہ فرض کفایہ ادا کر رہا ہو گا ایسے مفتی کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے امام کے اصولوں پر تخریج کرتے ہوئے ایسے قول پر فتویٰ دے سکتا ہے جس میں اس کے امام کی طرف سے کوئی نص موجود نہ ہو بشرطیکہ اس میں تخریج کی شرائط بھی پائی جائیں۔

## فقہ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ

وہ مجتہد جو کسی شرعی حکم کا ظن رکھتا ہے وہ غیر کی تقلید کرنے کا حق نہیں رکھتا اور عام بندہ کسی دوسرے کی تقلید کرے گا اور وہ شخص جس کے پاس اجتہاد کی اہلیت موجود ہے لیکن وہ مجتہد نہیں اس کے متعلق اظہر قول یہ ہے کہ وہ بھی تقلید نہیں کرے گا بلکہ اسے بھی بالفعل اجتہاد کرنے والے کے ساتھ لاحق کر دیا جائے گا مگر جو بعض احکام میں

اجتہاد کرنے کی صلاحیت سے بہرہ ور ہے اور بعض میں اس قابلیت سے محروم ہے وہ تقلید کرے گا کیونکہ وہ ایک صورت میں عام بندے کا درجہ رکھتا ہے اور تقلید نہیں بھی کرے گا کیونکہ وہ ایک صورت میں مجتہد بھی ہے---------{1}

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ فتویٰ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تبلیغ ہے اور یہ منصب صرف اسی شخص کو زیب دیتا ہے جو علم اور صدق سے متصف ہو وہ جس معاملے کی تبلیغ کر رہا ہے اس میں عالم بھی ہو اور صادق بھی اور اس کے ساتھ بلند کردار نیک سیرت اور اپنے اقوال و اعمال میں عادل اور قابل اعتماد ہو اپنے منصب کی قدر و قیمت سے باخبر ہو اور اپنے دل میں حق گوئی اور اظہارِ صدق کی ہمت و جرأت بھی رکھتا ہو کیونکہ اس کا ہادی اور ناصر خود اللہ تعالیٰ ہوتا ہے---------{2}

## آداب مفتی

فقہ حنفی میں مرقوم ہے کہ جو صورت مسئلہ ابھی پیدا نہیں ہوئی اس کے متعلق فتویٰ دینا واجب نہیں۔فتویٰ دینے میں نفسانی خواہش کی اتباع اور اظہار حقیقت سے گریز کرنا حرام ہے پھر فتویٰ دینا صرف اسی شخص کو مناسب ہے جو علماء کے اقوال اور ان کے مراجع کو جانتا ہو اور اگر کسی مسئلہ میں ائمہ کا اختلاف ہے تو جواب میں کسی قول کو اختیار کرتے وقت اس کی حجت کو پہچاننا بھی ضروری ہے فتویٰ کا عمل ہر اس مسلم کے لیے جائز ہے جو عاقل، بالغ، روایات کا حافظ، درایات کا واقف، طاعات کا محافظ

{1} روضۃ الناظر واصول الفقہ ابن قدامہ ج2 ص 441 {2} اعلام الموقعین ج1 ص8

Marfat.com

اورشہوات وشبہات سے اجتناب کرنے والا ہو اس میں بوڑھا جوان اور عورت سبھی برابر ہیں--------{1}

## فقہ حنبلی اور مفتی کی صفات

حضرت امام احمد بن حنبل ﷺ سے مروی ہے کہ ہر استفتاء میں مفتی کو جواب دینا مناسب نہیں اور جب تک پانچ صفات نہ پائی جائیں کسی شخص کوفتویٰ کے لیے خودکو پیش کرنا بھی مناسب نہیں۔

پہلی صفت: خلوص نیت، افتاء والے عمل میں ریاست یا دنیاوی مال وجاہ کا حصول پیش نظر نہ ہو بلکہ یہ کام محض اللہ کی رضا کے لیے کیا جائے۔

دوسری صفت: مفتی علم وحلم اور وقار وسکینت سے بہرہ ور ہو کر یہ فریضہ انجام دے ورنہ وہ احکام شرعیہ کو بیان کرنے میں شریعت کا پاس نہ رکھ سکے گا۔

تیسری صفت: شرعی حکم کے بیان کے سلسلہ میں پوری قوت اور معرفت سے کام لے۔

چوتھی صفت: اس میں قناعت وکفایت کی وصف بھی موجود ہو ورنہ لوگ اس سے بغض رکھیں گے کیونکہ جب اس کے پاس کفایت نہ ہوگی تو وہ لوگوں کا محتاج ہوگا اور اس کی نظر ان کے مال کی تحصیل پر ہوگی جس پر لوگ اسے بغض ونفرت کی نظر سے دیکھیں گے۔

{1} فتاویٰ عالمگیری ج3 ص309 بحر الرائق ابن النجیم مصری ج6 ص291

Marfat.com

**پانچویں صفت:** لوگوں کی پہچان رکھنا کہ وہ مستفتی کی نفسیات سے واقف ہو اس کے پاس ایسی بصیرت ہو جس سے وہ اپنے فتوے اور عوام میں اس کی اشاعت کے اثرات کا ادراک کر سکے۔---------{1}

## آداب مفتی اور امام شاطبی رحمہ اللہ

اسلام میں مفتی ھادی و مرشد ہے اور اس کے فتوے پر لوگوں کی اصلاح کا مدار ہے اس سلسلے میں امام شاطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں مفتی بلند مرتبہ کا حامل ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ وسط اور میانہ روی سے کام لے وہ لوگوں میں شدت اور سختی کی راہ پر نہ چلے کیونکہ اسلامی شریعت افراط وتفریط کے مابین عدل و وسط اور میانہ روی کے ساتھ وارد ہوئی ہے پھر وہ اس مذہب پر سنت رسول ﷺ سے دلائل پیش کرے اور اس کے ساتھ یہ بھی واضح کرے کہ فتویٰ میں مطلقاً رخصتوں کی طرف میلان کرنا بھی توسط و میانہ روی کے خلاف ہے جیسا کہ شدت پسندی بھی اس کے خلاف جاتی ہے
{2}---------

آداب مفتی میں یہ بات بھی شامل ہے کہ وہ رخصتوں کے معاملے میں لوگوں کے احوال کا احساس رکھے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی آسانی کے لیے مقرر فرمایا ہے مثلاً اباحۃ المحظورات عند الضرورات "ضرورت کے وقت ممنوع چیزوں کا مباح و جائز ہو جانا" جب عزیمت پر عمل کرنے سے عُسر اور تنگی

---

{1} کشاف القناع ص 240 {2} الموافقات شاطبی ج 4 ص 258

Marfat.com

پیدا ہو رہی ہو تو اللہ تعالیٰ کو عزیمت سے زیادہ رخصت محبوب ہو جاتی ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے

يُرِيدُ ٱللَّهُ بِكُمُ ٱلْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ ٱلْعُسْرَ ------{1}

''اللہ تعالیٰ تمہاری تنگی کا نہیں بلکہ آسانی کا ارادہ فرماتا ہے''

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى ٱلدِّينِ مِنْ حَرَجٍ -------{2}

''اور اللہ نے تم پر دین میں کوئی حرج نہیں رکھا''۔

## شیخ الازھر جادالحق اور آداب مفتی

فاذاكان المفتى لم تتواخرلديه ادوات الاجتهاد وشروطه فهل له ان يتخيّرمن اقوال فقهاء المذاهب مايكون أيسر للناس لانزاع فى ان المفتى اذااستطاع ان يميّز من الأدلّة ويختار من فقه المذاهب المنقولة نقلاصحيحاًعلىٰ اساس الاستدلال كان له ان يتخيّر فى فتواه مايراه مناسباًولكن عليه ان يلتزم فى هٰذاباربعة قيود.....الاوّل...... أن لايختارقولا ضعف سنده .....الثانى...... ان يختار مافيه صلاح امورالناس والسّيربهم فى الطريق الوسط دون افراط وتفريط..... الثالث..... ان يكون حسن القصد فيما

{1}بقرۃ:185 {2}حج:78

Marfat.com

یختار مبتغیاًبه رضاالله سبحانهٔ وتعالیٰ متّقیاغضبه وغیر مبتغ ارضاء حاکم أوهوی ستفت .....الرّابع.... ان لایفتی بقولین معاً علی التخییر مخافة ان یحدث قولاثالثالم یقل به احد--------{1}

''جب مفتی میں اجتہاد کے اوصاف وشرائط نہ پائے جائیں تو کیا اس کے لیے جائز ہے کہ وہ فقہاء مذاہب کے اقوال سے کوئی ایسا قول اختیار کرے جس میں لوگوں کا زیادہ یُسر اور آسانی موجود ہو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات تو واضح ہے کہ جب مفتی دلائل شرعیہ میں نقد اور امتیاز کی استطاعت رکھتا ہو اور منقولہ مروجہ مذاہب سے استدلال کی بنیاد پر نقل صحیح پر قادر ہو تو اس کے لیے مناسب ہے کہ وہ اپنے فتوے میں جو مناسب سمجھے اسے پسند کرے لیکن پھر بھی اسے چار قیود کا التزام رکھنا ضروری ہے۔۔۔پہلی قید۔۔۔کہ وہ ایسا قول مختار نہ کرے جس کی سند ضعیف ہو۔

۔۔۔دوسری قید۔۔ وہ ایسا قول مختار کرے جس میں لوگوں کے معاملات کی فلاح وصلاح پائی جاتی ہو اور اس میں وہ ان کو درمیانے راستے پر چلا سکے۔۔۔

تیسری قید۔۔۔اس قول کو حسن نیت، رضائے الٰہی کی طلب اور غضب خدا سے بچنے کے لیے اختیار کرے کسی حاکم یا مستفتی کو خوش کرنا مقصود نہ ہو۔۔۔

چوتھی قید۔۔۔ایک ساتھ علیٰ سبیل اختیار دو قولوں پر فتویٰ نہ دے اس خوف سے کہ وہاں تیسرا قول پیدا ہو جائے جس کا کوئی قائل نہ ہو''۔

---

{1} فتاویٰ وبحوث شیخ الازہر ص 17، کشاف القناع بہوتی حنبلی ج6 ص 242

Marfat.com

نیز مفتی کے لیے اس بات کا التزام بھی ضروری ہے کہ وہ محض طلاق ویمین کے الفاظ سے جس مفہوم کا وہ عادی ہے اسی پر فتویٰ نہ دے بلکہ وہ ان الفاظ کا تکلم کرنے والوں کے عرف وعادت کو پیش نظر رکھ کر فتویٰ دے اور ان الفاظ کو ان کے عرف وعادت پر محمول کرے اگر چہ ان کی عادت ان الفاظ کے لغوی معانی کے مخالف ہی کیوں نہ ہو کیونکہ یمین وغیرہ کے کلمات کا مبنیٰ عرف ہے نیز مفتی کے لیے مناسب ہے کہ وہ حدیث صحیح میں منقول اس دعاء کا کثرت سے ورد رکھے۔

اللّٰھم رب جبرائیل ومیکائیل واسرافیل فاطر السّموت والارض عالم الغیب والشھادة انت تحکم بین عبادك فیما کانوا فیه یختلفون---------{1}

## افتاء اور قضاء کا فرق

مفتی مستفتی کے لیے شرعی حکم کا مخبر ہوتا ہے اور قاضی اس حکم کو اس پر لازم اور نافذ کرتا ہے نیز قاضی عدم تعمیل کی صورت میں اسے حبس میں رکھنے اور اس پر تعزیر لگانے کا اختیار بھی رکھتا ہے۔ چنانچہ مفتی اللہ تعالیٰ کے ساتھ قاضی کے اس مترجم کی طرح ہے جو قاضی کی عبارات وکلمات کو نقل کر رہا ہوتا ہے اور نصوص شرعیہ سے جس طور پر اس نے استفادہ کیا ہوتا ہے وہ اس کی تبلیغ پر مامور تصور کیا جاتا ہے۔ اور قاضی اللہ تعالیٰ کے نائب کا حکم رکھتا ہے جو اس کی قضاء اور فیصلے کو نافذ العمل کرتا ہے پھر جہاں حکم اور قضا واقع ہوتی ہے وہاں فتویٰ بھی آسکتا ہے مگر اس کا عکس نہیں ہوتا جیسا کہ تمام

{1} بحوث وفتاویٰ شیخ الازھر ص 17

Marfat.com

عبادات میں حکم اور قضاء داخل نہیں ہوتی ان میں صرف فتویٰ ہی آتا ہے اسی لیے نماز کی صحت یا اس کے بطلان پر کبھی قضاء داخل نہیں ہوئی یونہی عبادات کے اسباب مثلاً نماز کے اوقات، دخول شہر رمضان اور قربانی، کفارہ، منت وغیرہ کے جملہ اسباب میں صرف فتویٰ ہی دیا جاتا ہے پھر مفتی قاضی اور فقیہ میں بھی فرق ہے مفتی اور قاضی کا عمل تطبیقی ہے اور فقیہ کا کام ہے کسی قاعدہ کی اصلیت اور بنیاد کو ظاہر کرنا یا کسی مسلّم قاعدے پر تفریع پیش کرنا۔

## کتب فتاویٰ

فتویٰ کا میدان بہت وسیع وعریض ہے اس میدان میں متقدمین ومتاخرین علماء احناف نے کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں کتب فتاویٰ، کتب متون وشروح کے بعد تیسرے درجے پر آتی ہیں ان کی طرف اس وقت رجوع کیا جاتا ہے جب متون اور شروح میں کوئی رائے نہ ملتی ہو جب کسی واقعہ کے متعلق روایت اصول اور روایت نوادر میں کوئی حکم نہ نظر آئے تو فتاویٰ کی کتب میں اصح اور اثبت سے حکم اخذ کیا جاتا ہے ذیل میں اشہر کتب فتاوی کی فہرست دی جارہی ہے۔

| نام کتب فتاویٰ | نام مؤلف | سن وفات |
|---|---|---|
| فتاوی الولواجیہ | عبدالرشید الولواجی | 520ھ |
| فتاوی سراجیہ | سراج الدین علی بن عثمان اوشی | 575ھ |
| فتاویٰ خانیہ | قاضی خان حسن بن منصور | 592ھ |

| | | |
|---|---|---|
| فتاویٰ ظہیریہ | ظہیرالدین محمد البخاری | 619ھ |
| فتاویٰ طرطوسیہ | نجم الدین ابراہیم بن علی طرطوسی | 758ھ |
| فتاویٰ تتارخانیہ | عالم بن علاء الحنفی | 800ھ |
| فتاویٰ بزازیہ | محمد بن محمد البزازی | 827ھ |
| فتاویٰ قاسمیہ | قاسم بن قطلوبغا حنفی | 879ھ |
| فتاویٰ خیریہ | خیرالدین بن احمد الرملی | 1081ھ |
| فتاویٰ ہندیہ المعروف فتاویٰ عالمگیر | سلطان محمد اورنگ زیب عالمگیر | 1111ھ |
| فتاویٰ حامدیہ | احمد بن علی بن ابراہیم عمادی | 1171ھ{1} |
| فتاویٰ رضویہ | امام احمد رضا خان محدث بریلوی | 1340ھ |
| فتاویٰ نوریہ | محدث بصیرپوری ابوالخیر محمد نوراللہ نعیمی | 1403ھ |

## فتاویٰ منصوریہ

مفتی اسلام علامہ عبدالرسول منصور ازھری زادہ اللہ علماً وعملاً عرصہ بیس سال سے برطانیہ میں مقیم رہ کر مسلمانان یورپ کی دینی فکری اور روحانی واخلاقی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ ان کے دارالافتاء سے جاری ہونے والے فتاویٰ منصوریہ کی دوسری جلد کا مسودہ پیش نظر ہے دور حاضر میں جن مسائل پر آپ نے کتاب وسنت اور

{1} مقدمہ المحیط البرہانی محمود بن مازی البخاری متوفی 616ھ

Marfat.com

عقل وفکر کی روشنی میں جس وقیع اور متین رائے کا اظہار کیا اس پر آپ اہل اسلام کی طرف سے ہدیہ تبریک کے مستحق ہیں فتاویٰ منصوریہ کے اس حصہ میں قدیم وجدید سوالات کے جوابات میں آپ نے جس جدّت سلاست طرز استدلال اور شرح وبیان سے کام لیا ہے دور حاضر کی عام کتب فتاویٰ میں یہ خصوصیات دیکھنے میں نہیں آئیں اللہ کریم جل مجدہٗ اس عظیم دینی خدمت اور ٹھوس علمی وتحقیقی کام پر آپ کو اجر عظیم سے نوازے اور اسے شرف قبول بخشتے ہوئے نافع الخلائق بنائے اور قبلہ مفتی صاحب اسی ذوق اور صحت وسلامتی کے ساتھ دین مصطفیٰ ﷺ کی خدمت انجام دیتے رہیں۔

واللّٰہ خیر حافظا وھوارحم الرّاحمین

وصلّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وسلم

قاری محمد انور قمر نقشبندی

لائی کراس برطانیہ

Marfat.com

# فہرست



| نمبر شمار | المحتویات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | باب اوّل ______ الٰھیات | |
| 1 | متشابہ صفات باری تعالیٰ کی تعیینِ مراد | 33 |
| 2 | انَّ اللّٰہ خلَقَ آدمَ علٰی صُوْرَتِہٖ کی تاویل واصل معنٰی | 45 |
| 3 | ذکر اللہ کی اہمیت وافادیت | 63 |
| | باب دوم ______ قرآنیات | |
| 4 | وحی الٰہی کی تعریف، اقسام اور فرشتے کے اخذ قرآن کی کیفیت | 89 |
| 5 | نزول قرآن کی حقیقت اور اس کے تنزلات | 99 |
| 6 | قرآن مجید سے تحدّی پر تفسیری فوائد | 115 |
| 7 | القرآن اور الکتاب ایک ہی ہے یا ان میں مغایرت ہے لغت عرب میں اس کے نزول کی وجہ، نیز نظم ومعنٰی میں اعجاز قرآن | 121 |
| | باب سوم ______ نبویّات | |



Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 8 | نبی کریم ﷺ کے نسب کے حوالے سے دو احادیث کی فنی و معنوی حیثیت | 135 |
| 9 | عصمت انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام | 159 |
| 10 | حضرت عزرائیل علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام کا تھپڑ مارنا | 175 |
| 11 | شریعت نبویہ کی اصل غرض اور حقیقی مقصد | 185 |
| 12 | اہل بیت کے فضائل و مناقب اور ان کے نسب عالی پر تحریری و تالیفی کام | 191 |
| 13 | صحابی رسول ﷺ کی تعریف و صحبت کا معنیٰ | 205 |
| 14 | صحابہ کے احوال و مقامات کے لیے مستند کتب نیز صحابہ کے طبقات و حدیث صحیح کی اقسام | 217 |
| 15 | صحاح ستہ میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی احادیث | 227 |
| | باب چہارم ____________ فقہیات | |
| 16 | عورت کی امامت و خطابت کی شرعی حیثیت | 243 |
| 17 | مسجد کے پلاٹ پر دکانیں اور سٹورز بنانا | 257 |
| 18 | غلاف کعبہ کا شرعی حکم | 265 |
| 19 | اسلام کے منسوخ اُوامر و احکام | 271 |
| 20 | کفار و مشرکین کے بچوں کا شرعی حکم | 283 |
| 21 | والدین کے لیے مال سے وصیّت کرنے کی فرضیت کا نسخ | 289 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 22 | کیا موت عدم وفنا کا نام ہے؟ نیز ارفع واعلیٰ حیات اور اس کا مصداق | 295 |
| 23 | جرابوں پر مسح کا شرعی حکم | 321 |
| 24 | صلوٰۃ التراویح کی شرعی حیثیت | 343 |
| 25 | علم نافع کی ظاہر وباطن میں تقسیم واسلامی تصوف کی اِساس علم | 367 |
| 26 | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا شجرہ بیعت رضوان ببول کو کٹوانے کی حقیقت | 375 |


Marfat.com

باب اوّل

# الٰہیّات

Marfat.com

# متشابہہ صفاتِ باری تعالیٰ کی مراد کی تعیین

Marfat.com

گرامی قدر قبلہ مفتی الازھری سیالوی دام فیضک السلام علیکم ورحمۃ اللہ

حضور کی خدمت میں متشابہہ صفات باری تعالیٰ کے متعلق سوال حاضر ہے اگر اللہ تعالیٰ کی شان کے پیش نظر ان کا ظاہری معنیٰ لینا محال ہے تو ان میں تاویل کرنا درست ہے؟ اس مسئلہ پر سلف وخلف کا مذہب دلائل کی روشنی میں بیان فرما کر ممنون کریں اللہ تعالیٰ آپ کا حامی رہے۔

قاری عبدالمجید قادری

مدرس شعبہ حفظ القرآن

ادارہ مصباح القرآن ساہیوال

11 جمادی الاخریٰ 1426ھ

ماشاء اللّٰہ لاقوۃ الاباللّٰہ

## الجواب

اللہ تعالیٰ کی شان اقدس میں جو آیاتِ مشکلہ وارد ہوئی ہیں انہیں آیات صفات یا متشابہہ الصّفات کا عنوان دیا گیا ہے امام ابن اللّبان رحمہ اللہ نے اس عنوان پر ''ردّ المتشابہات الی الآیات المحکمات'' کے نام سے ایک خوبصورت اور مستند کتاب تحریر کی ہے اہل علم کے لیے اس کا مطالعہ انتہائی مفید ثابت ہوسکتا ہے آئندہ سطور میں ہم متشابہہ صفات کے متعلق تفصیل سے کلام کرنا چاہتے ہیں (اللہ جل شانہ ہمارے علماء اسلام کو اجر وثواب سے مالا مال رکھے آمین انہوں نے متشابہہ صفات کے متعلق تین

Marfat.com

امور پر اتفاق کیا ہے۔

1۔ ان صفات کو ان کے ظاہری معنیٰ محال سے پھیرنا اور یہ اعتقاد رکھنا کہ ان کا یہ ظاہری معنیٰ قطعاً شارع کی مراد نہیں کیونکہ یہ ظاہری معنیٰ قطعی دلائل سے باطل قرار پاتا ہے۔

2۔ جب اسلام کا دفاع ان متشابہات کی تاویل کرنے پر موقوف ہے تو ضروری ہے کہ ان کی ایسی تاویل کی جائے جس سے طعن وشبہات کو دور کیا جاسکے۔

3۔ اگر ایسا متشابہ ہے جس کی ایک ہی تاویل قریباً سمجھی جاتی ہے تو واجب ہے کہ اجماعاً وہی قول مراد لیا جائے مثلاً قول باری تعالیٰ ہے

وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ ------{1}

''اور وہ تمہارے ساتھ ہے تم کہیں ہو''

اس آیہ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ کا مخلوق کے ساتھ کینونۃ بالذات ہونا تو قطعاً محال ہے تو اس کی ایک ہی تاویل کی جاسکتی ہے کہ اس کینونۃ سے علم، سمع بصر، قدرت اور ارادہ کے طور پر احاطہ مراد ہے۔

متشابہات آیات کے سلسلے میں ان تین اتفاقی امور کے علاوہ جن باتوں میں علماء اختلاف کیا ہے اس میں تین مذاہب ہیں۔

**پہلا مذہب:** یہ سلف کا مذہب ہے اس کا دوسرا نام مذہب مفوضہ بھی رکھا گیا ہے اس مذہب کے علماء اللہ تعالیٰ کی ظاہری محال معنی سے تنزیہہ وتقدیس کرتے ہوئے ان متشابہات کے معانی کو اللہ تعالیٰ کی طرف سپرد کرتے ہیں یہ حضرات اپنے

{1} الحدید:4

Marfat.com

مذہب پر دو دلیلوں سے سند لاتے ہیں۔

عقلی دلیل ان متشابہات کی مراد کو معیّن کرنے میں لغت کے قواعد اور استعمالات عرب کی طرف جانا پڑتا ہے اور یہ دونوں ماخذ ظن کا فائدہ دیتے ہیں جبکہ صفات باری تعالٰی کا تعلق عقائد سے ہے جن میں ظن سے کام نہیں چل سکتا بلکہ ان میں یقین کا پایا جانا ضروری ہے جو یہاں نہیں پایا جارہا تو ضروری ہے کہ ان کے معیّن معنٰی کے لیے اللہ علیم وخبیر پر اعتماد کرتے ہوئے ان میں توقف کریں۔

نقلی دلیل اس سلسلے میں یہ حضرات متعدد احادیث وروایات پر اعتماد کرتے ہیں۔

پہلی روایت: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنھا فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا فاذارأیت الّذین یتّبعون ماتشابہ منہ فأولئک الّذین سمّی اللّٰہ فاحذرھم --------{1}

''جب تو قرآن کے متشابہ کے پیچھے پڑنے والوں کو دیکھے (تو جان لینا) یہی وہی لوگ ہیں جن کا اللہ تعالٰی نے نام رکھا ہے پس ان سے بچو''۔

دوسری روایت: امام طبرانی نے الکبیر میں حضرت ابو مالک اشعری ﷜ سے روایت کیا ہے.........لاأخاف علیٰ امتی الّاثلٰث خلال أن یکثرلھم المال فیتحاسد وافیقتتلوا وأن یفتح لھم الکتاب فیأخذہ المؤمن یبتغی تأویلہ ومایعلم تأویلہ الّا اللّٰہ

{1} مناھل العرفان ج2 ص183

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے اپنی امت پر تین چیزوں کا خطرہ ہے ان کے پاس دنیا کا مال کثرت سے ہوگا جس سے ان میں باہمی حسد اور قتل وغارت پیدا ہو جائے گی اور جب ان پر کتاب اللہ کھول دی جائے گی تو مؤمن اس کے متشابہ کی تاویل کو طلب کرنا شروع کر دے گا جب کہ اس کی تاویل (حقیقی معنیٰ) کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے

تیسری روایت: ابن مردویہ راوی ہیں.........انّ القرآن لم ینزل لیکذب بعضہ بعضافماعرفتم منہ فاعملوا وماتشابہ فآمنوابہ

''رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے بے شک قرآن مجید اس لیے نازل نہیں ہوا کہ اس کا بعض حصہ بعض حصے کی تکذیب کرے اس کا وہ حصہ جو تمہاری سمجھ میں آئے اس پر عمل کرو اور جو سمجھ سے بالاتر ہو اس پر ایمان رکھو۔

چوتھی روایت: امام الدّارمی حضرت سلیمان بن یسار سے راوی ہیں کہ ایک شخص جس کا نام ابن صبیغ تھا مدینہ منورہ میں آیا اور لوگوں سے متشابہ القرآن کے متعلق پوچھنے لگا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے لیے کھجور کی چھڑیاں تیار کروا رکھی تھیں اسے اپنے پاس بلوایا اور اس سے کہا تو کون ہے اس نے کہا میں عبداللہ بن صبیغ ہوں آپ نے اسے کھجور کی چھڑی سے مار مار کر لہولہان کر دیا اور بالآخر آپ نے اسے اس کے وطن جانے کی اجازت دے دی اور اس کے ساتھ ہی آپ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف ایک مکتوب روانہ کیا جس میں تحریر کیا کہ کسی مسلمان کو اس کے ساتھ بیٹھنے نہ

Marfat.com

دیا جائے اس اثر سے ثابت ہوتا ہے کہ ابن صبیغ نے متشابہات قرآن کے پیچھے پڑ کر بکثرت کلام اور اس کے متعلق لوگوں سے سوال کرتے ہوئے فتنے کا دروازہ کھولا تھا جس پر حضرت عمر نے اسے اتنی کڑی سزا دی۔

پانچویں روایت: حضرت امام مالک ﷺ سے جب قول باری تعالیٰ

اَلرَّحۡمٰنُ عَلَى الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰى ۝ --------{1}

''وہ بڑی مہر والا اس نے عرش پر استواء فرمایا جیسا اس کی شان کے لائق ہے''

کے متعلق ایک شخص نے سوال کیا تو آپ نے اس کے جواب میں کہا

الاستواء معلوم والکیف مجہول والسوال عن ھٰذا بدعة وأظنّک رجل سوء اخرجوه عنی

''استواء کا معنٰی تو معلوم ہے (کسی چیز پر جم کر بیٹھنا) مگر اس کی کیفیت مجہول ہے اور اس کے بارے سوال کرنا بدعت ہے میرے گمان کے مطابق تو برا آدمی لگتا ہے اسے میری مجلس سے نکال دو''

اس سے امام موصوف رحمہ اللہ کا مقصد یہ تھا کہ استواء کا ظاہری معنٰی تو لغت عرب کے مطابق واضح ہے مگر یہ معنٰی قطعاً مراد نہیں کیوں کہ اس سے تشبہ لازم آتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے حق میں محال ہے اور اس کی کیفیت مجہول ہے کہ ہمارے پاس ایسی کوئی دلیل نہیں جس سے شارع کی مراد کا تعین کیا جا سکے اور اس مراد کی تعیین کے بارے استفسار کرنا بدعت ہے کیونکہ دین میں یہ طریقہ اختراع اور شارع کی

{1} طٰہ 5

Marfat.com

تعلیمات کے مخالف ہے بایں طور کہ اس نے ہمیں محکمات کو مقدّم رکھنے اور متشابہات کی عدم اتباع کا حکم دیا ہے اور ایسے بدعتی کی جزا یہ ہے کہ اسے لوگوں سے دور رکھا جائے کیونکہ برے آدمی کی صحبت سے بچنا ضروری ہے--------{1}

شیخ ابن الصلاح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ متشابہات کے بارے میں امت مسلمہ کے اوائل علماء و سادات نے یہی طریقہ پیش نظر رکھا ہے ائمہ حدیث اور فقہاء کرام نے اسی نظریے کو اپنایا اور اسی عقیدے کی طرف ہمیں دعوت دی ہے۔

دوسرا مذہب: یہ خلف کا مذہب ہے اسے مذہب مووّلۃ (تأویل والا مذہب) بھی کہا گیا ہے اس مذہب کے مطابق متشابہات کی تأویل ایسی صفات یا معانی کے ساتھ کی جاتی ہے جن کی تعیین کا ہمیں علم ہے چنانچہ متشابہات سے جس لفظ کا ظاہری معنٰی محال ہوگا اسے ایسے معنٰی پر رکھا جائے گا جو لغت کے مطابق مناسب اور جائز قرار پاتا ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق شرعاً اور عقلاً درست ہوگا یہ امام ابن برھان اور متاخرین علماء کی ایک جماعت کا مذہب ہے امام جلال الدین سیوطی کا قول ہے کہ امام الحرمین کا بھی یہی مذہب تھا مگر بعد میں آپ نے ''الرسالۃ النظامیہ'' میں اس سے رجوع کر لیا تھا وہ لکھتے ہیں

الّذی نرتضیه دیناوندین اللّٰه به عقدااتّباع سلف الأمة فانهم درجواعلٰی ترك التعرّض لمعانیها۔

''ہم بطور دین جس کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے بارے اس میں جو عقیدہ کرتے

---

{1} مناھل العرفان ج2 ص188

Marfat.com

ہیں وہ امت کے اسلاف کی اتباع ہے انہوں نے اس مسئلہ پر جو روش اختیار کی ہے وہ یہی ہے کہ متشابہات کے معانی کا تعرّض اور تتبع نہ کیا جائے''

بہرحال خلف کے مذہب تاویل کی دلیل یہ ہے کہ جب تک شارع کے کلام کو کسی سلیم معنی پر رکھنے کا امکان ہے تو نظر و عقل کا فیصلہ ہے کہ وہ معنی مراد لینا واجب ہے کیونکہ ایک حکیم و علیم ذات سے جو وارد ہوا ہے اس سے نفع لینا ضروری ہے نیز وہ اس امر سے بھی منزّہ ہے کہ اس کے کلام کو بے ثمر اور بانجھ پن پر جاری کیا جائے۔

**تیسرا مذھب:** یہ متوسّطین کا مذھب ہے جسے امام ابن دقیق العید کا مذھب کہا گیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ اگر تاویل عرب کی لغت کے قریب ہو تو اس کا انکار نہیں کیا جائے گا اور اگر زبان عرب سے بعید ہوگی تو اس سے ہمیں توقف کرنا ہوگا اور اس کے معنی پر ایمان رکھنا ضروری ہے مگر بایں وجہ کہ جو اس سے مراد ہے وہ اس کی تنزیہہ و تقدیس کے ساتھ ہے اور ان الفاظ متشابہہ کا جو معنی بھی عرب کے تخاطب کے مطابق ظاہراً مفہوم ہوگا ہم بلاتوقف اس کا قول کر دیں گے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے

يَـٰحَسۡرَتَىٰ عَلَىٰ مَا فَرَّطتُ فِى جَنۢبِ ٱللَّهِ -----{1}

''ہائے افسوس ان تقصیروں پر جو میں نے اللہ کے بارے میں کیں''

یہاں جنب اللّٰہ سے حق اللہ ہی مراد ہوگا۔

---

{1} الزمر:56

Marfat.com

**تطبیق و تمثیل:** مذکورہ بالا مذاہب کو ہم قول باری تعالیٰ الرحمن علی العرش استوی پر جاری کرتے ہیں۔ سلف و خلف حضرات اس بات پر تو متفق ہیں کہ استواء علی العرش کا ظاہری معنٰی (خوب جم کر کسی جگہ پر بیٹھنا) تو اللہ تعالیٰ کے حق میں محال ہے کیونکہ دلائل قطعیہ نے اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ وتقدیس کردی ہے کہ وہ اپنی مخلوق کے مشابہہ یا وہ اس کا کسی طور بھی محتاج ہو اسی طرح سلف وخلف کا اس امر پر بھی اتفاق ہے کہ یہ ظاہری معنی قطعاً اللہ تعالیٰ کی مراد نہیں کیونکہ باری تعالیٰ نے اپنے متعلق اپنی مخلوق کے ساتھ مماثلت کی نفی کرتے ہوئے اس سے غناء ثابت کیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

لیس کمثلہ شیء........ وھوالغنی الحمید

اور اگر اس نے ظاہری معنٰی کا ارادہ کیا تو پھر تناقص اور تخالف لازم ہوگا۔

اسلاف ائمہ کی رائے یہ ہے کہ وہ معنی استواء کی تعیین کو اللہ تعالیٰ کی طرف سپرد کرتے ہیں کہ اس نے جس چیز کو اپنی طرف منسوب کیا ہے وہ اسے اپنی شان کے لائق خود ہی بہتر جانتا ہے مگر اس تعیین پر ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔

## اَخلاف اہل علم

اس کی تاویل کرتے ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ یہ بات عقل سے بہت دور ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں ایسے الفاظ کے ساتھ خطاب کرے جو ان کی فہم سے بھی

Marfat.com

بالاتر ہوں اور جب لغت کے میدان میں تاویل کی وسعت موجود ہے تو تاویل واجب ہوگی پھر اس مقام پر تاویل کے سلسلے میں بھی دو جماعتیں پائی جاتی ہیں اشعری علماء تعیین کے بغیر تاویل کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ آیہ مذکورہ سے مراد اس بات کو ثابت کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ایسی صفت سمعیہ (جو شریعت سے سنی گئی ہے) کیساتھ متصف ہے جسے ہم تعیین کے طور پر نہیں جانتے اور اسے صفتِ استواء کا نام دیا گیا ہے اور متاخرین حضرات کی رائے کے مطابق یہ صفت استواء تعیین کے طور پر معلوم ہے جس کا معنی ہے استیلاء اور قہر (زبردستی غالب وقابض) اس معنی کے لیے لغت میں کافی وسعت پائی جاتی ہے ایک عرب شاعر کا قول ہے

قد استوىٰ بشر على العراق من غير سيف ودم مهراق

''بشر عراق پر تلوار اور خون بہائے بغیر غالب ہو گیا''

اس شعر میں استواء سے استیلاء وقہر مراد ہے اسی طرح نص قرآنی کا معنی یہ ہوگا کہ رحمٰن نے جہان کے عرش پر استیلاء کیا اور اپنی قدرت اور مشیت سے اس کی تدبیر اور حکومت کی------{1}

مفتی عبدالرسول منصور الازہری

16 جمادی الاخریٰ 1426ھ

{1} المناھل العرفان فی علوم القرآن ج2 ص187

Marfat.com

# إنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ

# کی تاویل و اصل معنیٰ

Marfat.com

قبلہ استاذی المکرّم حضرت مفتی صاحب زید فیوضاتکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سلام مسنون کے بعد عرض خدمت ہے کہ حدیث صورت انّ اللّٰہ خلق آدم علی صورتہ " بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اس کی صورت پر پیدا فرمایا" جسے امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی اپنی کتابوں میں تخریج کیا ہے اس کی صحیح تاویل اور اصل معنی بیان فرما کر ممنون کریں اللہ کریم آپ کو جزائے خیر سے مالا مال رکھے آمین

استفتاء از

حافظ ذوالفقار نقشبندی برمنگھم

24 جون 2005ء

ماشاءاللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

حدیث صورت کی صحیح تاویل بیان کرنے سے پہلے ایک ضروری تمہید کا ذکر کرنا ازحد لازم ہے کتاب اللہ کی دو قسمیں ہیں محکم اور متشابہ محکم کی تاویل اور مراد قطعاً ظاہر اور روشن دکھائی دیتی ہے اور متشابہ جس کے معنی پر واقفیت حاصل کرنے کے لئے اسے محکم کی طرف لوٹانا پڑتا ہے کہ اس سے اس کی تاویل کو نکالا جاسکے یا اس کے کسی بیان کی طرف جانا ضروری ہوتا ہے قرآن مجید کی

Marfat.com

اس تقسیم کی طرف اللہ تعالیٰ کا یہ قول سند کے طور پر ہماری رہنمائی کر رہا ہے۔

هُوَ ٱلَّذِيٓ أَنزَلَ عَلَيۡكَ ٱلۡكِتَٰبَ مِنۡهُ ءَايَٰتٞ مُّحۡكَمَٰتٌ هُنَّ أُمُّ ٱلۡكِتَٰبِ وَأُخَرُ مُتَشَٰبِهَٰتٞۖ ---------{1}

''وہی ہے جس نے تم پر یہ کتاب اتاری اس کی کچھ آیتیں صاف معنی رکھتی ہیں وہ کتاب کی اصل ہیں اور دوسری وہ ہیں جن کے معنی میں اشتباہ ہے''۔

## قرآن کا محکم اور متشابہ ہونا امام رازی کی نظر میں

امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ قرآن مجید سے ہمیں آگاہی ملتی ہے کہ وہ پورے کا پورا محکم ہے یا وہ سارے کا سارا متشابہ ہے یا کچھ محکم اور کچھ متشابہ ہے اس کے کلیۃ محکم ہونے کی دلیل یہ ہے

الٓرۚ تِلۡكَ ءَايَٰتُ ٱلۡكِتَٰبِ ٱلۡحَكِيمِ ۝١ -------{2}

''یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں''

الٓرۚ كِتَٰبٌ أُحۡكِمَتۡ ءَايَٰتُهُۥ -------{3}

''یہ ایک کتاب ہے جس کی آیات محکم ہیں''

ان دونوں آیتوں سے ثابت ہو رہا ہے کہ پورا قرآن ہی محکم ہے اور اس کے محکم ہونے سے مراد یہ ہے کہ یہ کلام حق ہے اس کے الفاظ فصیح اور اس

---

{1} آل عمران:7 {2} یونس:1 {3} ھود:1

Marfat.com

کے معانی حد درجہ صحیح ہے اور جو قول وکلام بھی پایا جاتا ہے قرآن مجید کے سامنے قوت معنی اور فصاحت لفظ میں افضل واعلیٰ ہے اور ان دو اوصاف میں کوئی بھی اس کے مساوی کلام لانے پر قادر نہیں عرب مضبوط عمارت اور نہ کھل سکنے والی گانٹھ پر محکم کا لفظ بولتے تھے بایں معنی مکمل قرآن مجید محکم قرار پاتا ہے پورے قرآن مجید کے متشابہ ہونے پر یہ آیت کریمہ دلیل وبرہان دکھائی دیتی ہے

كِتَٰبًا مُّتَشَٰبِهًا مَّثَانِيَ -----{1}

''کہ اول سے آخر تک ایک سی ہے دوہرے بیان والی''

اس سے مراد یہ ہے کہ یہ کتاب حسن وکمال میں باہم مشابہ ہے اور اس کا بعض دوسرے بعض کی تصدیق کرتا ہے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد اسی معنی کی طرف اشارہ کررہا ہے

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِندِ غَيْرِ ٱللَّهِ لَوَجَدُوا۟ فِيهِ ٱخْتِلَٰفًا كَثِيرًا ﴿٨٢﴾------{2}

''اور اگر غیر خدا کے پاس سے ہوتا تو ضروری اس میں بہت سا اختلاف پاتے''

اور قرآن مجید کے کچھ محکم اور کچھ متشابہ ہونے پر جو آیت مبارکہ دلیل بن رہی ہے وہ یہ ہے۔

چنانچہ یہی صورت حال احادیث رسول ﷺ میں بھی پائی جاتی ہے کچھ احادیث طیبہ واضح اور مستقل بیان پر مشتمل ہیں اور کچھ اپنے معنی کے بیان

{1}الزمر:23 {2}النساء:82

Marfat.com

میں کسی دوسرے کی محتاج ہیں کلام رسول ﷺ میں یہ تنوع اور تقسیم عرب کی خطاب میں عادت اور اھل لغت کے عرف پر مبنی ہے عرب کا پورا خطاب نہ تو جلی، بیّن اور بیان سے مستغنی تھا اور نہ ہی پورا خطاب خفی اور بیان و تفسیر کا محتاج ہوتا تھا جس طرح اللہ تعالیٰ کے دلائل کے سلسلے میں فطری طور پر عقول منقسم ہیں اسی طرح شرع کے دلائل میں بھی عقول کے اندر تفاوت پایا جاتا ہے اس کی حکمت اللہ تعالیٰ کے اس قول میں نظر آ رہی ہے۔

هُوَ ٱلَّذِيٓ أَنزَلَ عَلَيۡكَ ٱلۡكِتَٰبَ مِنۡهُ ءَايَٰتٞ مُّحۡكَمَٰتٌ هُنَّ أُمُّ ٱلۡكِتَٰبِ وَأُخَرُ مُتَشَٰبِهَٰتٞۖ ------{1}

''اللہ تمھارے ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا درجے بلند فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ کو تمھارے کاموں کی خبر ہے''

بہر حال جس طرح عقلی دلائل جلی اور خفی میں تفاوت کے باوجود صحیح ہیں اسی طرح خالق و مخلوق کی صفات اور احکام پر مشتمل اللہ تعالیٰ کے دلائل بھی صحیح ہیں ----------{2}

تو جس طرح کتاب اللہ میں وارد ہونے والی متشابہ آیات کا ایک معنی اور لغت عرب کے مطابق اس کا ایک مصداق ہے جس پر اسے منطبق کرنا ضروری ہے اسی طرح اس نہج پر وارد ہونے والی احادیث کو بھی ان کے معانی پر جاری

---

{1} مجادلہ:11 {2} مشکل الحدیث وبیانہ امام ابن فورک متوفی 406ھ

Marfat.com

کرنا ضروری ہے۔

## حدیث صورت کی روایت میں اختلاف

حدیث صورت کو دو طرح سے روایت کیا گیا ہے

ان اللہ خلق آدم علی صورتہ اس روایت کی صحت کے متعلق اھل علم کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے

ان اللہ خلق آدم علی صورۃ الرحمٰن -------{1}

''بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم کو رحمان کی صورت پر پیدا فرمایا''

اھل نقل کی اکثریت نے اس روایت کا انکار کیا ہے کہ کسی ناقل کو وہم ہوا کہ ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹ رہی ہے تو اس نے ضمیر کی جگہ پر رحمان کا لفظ رکھ دیا اور بعض اخبار میں صورت کا لفظ ایک دوسرے انداز سے بھی روایت کیا گیا ہے

حدیث ام طفیل رضی اللہ عنہا میں ہے قال رسول اللہ ﷺ رأیت ربی فی احسن صورۃ -------{2}

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے اپنے رب کو احسن صورت میں دیکھا''۔

### حدیث صورت کا سبب ورود

ان اللہ خلق آدم علی صورتہ اس قول رسول ﷺ کا

---

{1} مشکل الحدیث وبیانہ امام ابن فورک متوفی 406ھ ص46 {2} سنن ترمذی

Marfat.com

سبب ورود یہ بیان کیا گیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ ایک شخص کے قریب سے گزرے جو اپنے بیٹے یا اپنے غلام کے چہرے پر تھپڑ مار رہا تھا اور کہہ رہا تھا

قبح الله وجهك ووجه من اشبه وجهك

''اللہ تعالیٰ تیرے چہرے اور تیرے چہرے سے مشابہت رکھنے والے چہرے کو بدصورت کرے''

آپ نے اس شخص سے کہا

اذاضرب احدكم عبده فليتق الوجه فان الله خلق آدم على صورته-------{1}

''جب تم سے کوئی اپنے غلام کو مارے تو چہرے کو بچائے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو اس کی صورت پر پیدا کیا ہے''

آپ ﷺ نے اس شخص کو اس لئے ڈانٹا اور جھڑکا کہ اس کا مذکورہ قول انبیاء کرام اور اهل ایمان کے حق میں گالی قرار پاتا تھا کیونکہ انسان کا چہرہ آدم کے چہرے کے مطابق پیدا کیا گیا ہے جبکہ یہ حدیث مبارک ثابت کر رہی کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اس کی صورت پر پیدا کیا ہے اور آدم نبی اللہ ہیں تو انسان کے چہرے کو قبیح اور بدصورت کہنا انبیاء و مرسلین کو گالی کے معنی میں جاتا ہے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب الادب المفرد میں حضرت ابو

{1} بخاری،،نسائی

Marfat.com

ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بایں الفاظ روایت کیا ہے۔

لا يقولن قبح الله وجهك ووجه اشبه من وجهك فان الله خلق آدم على صورته اى صورة المدعو عليه

-------{1}

''ہرگز نہ کہے کہ اللہ تعالیٰ تیرے چہرے اور تیرے سے مشابہ چہرے کو بدصورت کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اس جس پر بددعا کی جا رہی ہے کی صورت پر پیدا کیا ہے''

اس معنی کے مطابق صورتہ کی ضمیر مفرد اور مدعو علیہ کی طرف لوٹ رہی ہے جس میں کوئی شبہ اور اعتراض نظر نہیں آتا دوسری صورت یہ ہے کہ صورتہ کی ضمیر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف لوٹ رہی ہے اس صورت پر حدیث کا معنی بیان کرتے ہوئے شارح بخاری امام احمد قسطلانی لکھتے ہیں

والضمير يعودلآدم اى ان الله اوجده على الهيئته خلق الله عليها. ولم ينتقل فى نشأة احوالاً ولاتردد فى الارحام اطواراً كما هو الحال فى خلق بنى آدم بل خلقه كاملا مستويا -------{2}

''بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کو اسی ہیئت و شکل پر ہی ایجاد کیا تھا اور آپ اپنی

---

{1} حاشیہ مشکل الحدیث و بیانہ موسیٰ محمد علی ص50 {2} حاشیہ مشکل الحدیث و بیانہ موسیٰ محمد علی ص50

Marfat.com

نشأۃ واٹھان میں احوال سے گزرے اور نہ ہی ارحام میں مختلف ادوار واطوار میں رہے جب کہ اولاد آدم پر یہ حال وکیفیت گزرتی ہے بلکہ آپ کو اسی حال میں کامل اور پورا البشر تخلیق کیا گیا یعنی آپ کی اولاد کی طرح آپ کو نطفہ پھر علقہ پھر مضغہ پھر جنین پھر طفل اور پھر مرد کے مراحل سے نہیں گزارا بلکہ آپ کو بتمامہ پیدا کر دیا گیا ---------{1}

امام ابن فورک رحمہ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ اپنے اس ارشاد گرامی سے ہمیں اس بات سے آگاہ کر رہے ہیں کہ تمھارے باپ حضرت آدم علیہ الصلوۃ والسلام کی جنت میں بھی یہی صورت تھی جو کہ آپ کی اس دنیا میں تھی اللہ تعالیٰ نے آپ کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہ فرمائی۔

## ملحدوں اور دھریوں کے قول کی تردید

امام ابن فورک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صورتہ کی ضمیر اگر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف لوٹائیں تو اس میں نبی اکرم ﷺ نے دھریوں کے اس قول کی تردید فرمادی کہ شروع سے ہی کوئی انسان نطفہ کے بغیر نہیں اور نطفہ انسان کے بغیر نہیں اور اس کا کوئی اول آخر نہیں اور ابدالاباد تک یہی سلسلہ رواں دواں ہے اور آپ نے دنیا پر واضح کر دیا کہ اول البشر حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نطفہ تناسل اور صغر سے کبر کی طرف منتقل کیے بغیر اسی ہیئت وصورت پر پیدا

{1} مشکل الحدیث وبیانہ ابن فورک ص50

Marfat.com

فرمایا تھا جو دنیا میں مشاہدہ کی گئی تھی---------{1}

بہر حال یہ ایک ایسی خبر ہے جس کا وحی الٰہی کے بغیر ہم تک پہنچنا ناممکن ہے۔

## حدیث صورت کا دوسرا معنی

اہل علم نے اس حدیث کی تاویل کرتے ہوئے دوسرا طریقہ یہ اختیار کیا ہے کہ صورتہ کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع کی جائے چنانچہ اس تقدیر پر معنی یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر پیدا کیا مگر یہ اضعف اور بہت کمزور بات ہے کیونکہ قاعدہ کے مطابق ضمیر اپنے اقرب مرجع کی طرف عائد ہوتی ہے تاوقتیکہ اس کے خلاف کوئی دلیل نہ آجائے اور اقرب مرجع حضرت آدم علیہ السلام ہیں نہ کہ ذات باری تعالیٰ تاہم اس تاویل پر بھی اس کے اندر چند وجوہات کا احتمال پایا جا سکتا ہے۔

### پہلی وجہ

اس تاویل پر صورت کا معنی صفت لیا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اپنی صورت یعنی اپنی صفت پر پیدا فرمایا جب کہ عرب کا قول ہے

عرفنی صورة هذا الامر

"مجھے اس معاملے کی صورت یعنی صفت سے آگاہ کر"

اس معنی کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ مخلوقات دو قسم کی ہے جماد (ٹھوس چیز

{1} کتاب الاستیذان ج9 ص135

Marfat.com

جس میں زندگی نہ ہو) اور نامی (ترقی پذیر اور بڑھنے والی) پھر نامی کی دو قسمیں ہیں حیوان اور غیر حیوان پھر حیوان بھی دو طرح کے ہیں انسان اور چوپائے ان میں اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل و نطق سے مشرف فرمایا پھر حیوان ناطق سے انبیاء کرام کو رتبہ و عظمت عطاء فرمائی بہر حال انسان میں پائی جانے والی یہ صفات کمال اس کی عظمت کی نشاندہی کرتی ہیں مگر سب سے اکمل صفات اور اعلیٰ کمالات کی حامل ذات سبحانہ وتعالی ہے جو حی، عالم، سمیع، قدیر، متکلم اور مرید ہے یہ اس کی عظمت اور عزت وجلال کی صفات ہیں تو اس نے انسان اول حضرت آدم علیہ السلام کو بھی اپنے انہی صفات کمال پر پیدا فرمایا انسان جماد اور نامی مخلوق سے بایں طور ممتاز اور منفرد ہے کہ اس میں روح پھونکی گئی۔

جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَإِذَا سَوَّيْتُهُۥ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِى فَقَعُوا۟ لَهُۥ سَـٰجِدِينَ ﴿٢٩﴾

{1}---------

''تو جب میں اسے ٹھیک کرلوں اور اس میں اپنی طرف کی خاص روح پھونک دوں تو اس کے لئے سجدے میں گر پڑنا''

❁ وہ چوپایوں سے بایں حال ممتاز ہے کہ اس میں عقل اور نطق رکھ دیا گیا یہ دونوں کمال درجے کی صفات ہے۔

{1} سورۃ الحجر:29

Marfat.com

- وہ اپنی جنس میں بایں انداز ممتاز ہے کہ اس کے کچھ افراد کو نبوت اور رسالت سے مشرف کر دیا گیا۔
- وہ ملائکہ پر بایں کمال ممتاز اور مشرف ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے ملائکہ پر مقدم فرما کر مسجود ملائکہ کا شرف بخشا اور ملائکہ کو اس کا شاگرد بنایا کہ وہ اس سے تعلیم لیں اس سے انسان کو وہ عظمت اور رتبہ کمال ملا کہ وہ تمام مخلوقات اور عالمین پر فوقیت لے گیا چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد خلق آدم علٰی صورتہ فرما کر ہمیں آگاہ فرما دیا کہ انسان پر اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں کا اتمام فرما دیا اور اسے اپنی صفات کا مظہر بنا دیا یہ عظمت انسان کی بہت اہم اور بیّن دلیل ہے۔

## دوسری وجہ

حدیث صورت میں صورتہ کی ضمیر تو اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہے مگر دیکھنا یہ ہے کہ اس میں اضافت الی اللہ ہے اور اس میں تخصیص کا کون سا طریق ملحوظ رکھا گیا ہے اسکی تفصیل کچھ یوں ہے کہ کچھ چیزیں جو اللہ تعالیٰ کی منسوب کی جاتی ہیں اس نسبت میں اللہ تعالیٰ کے فعل کا لحاظ رکھا جاتا ہے مثلاً

خلق اللّٰہ ارض اللّٰہ اور سمأاللہ اس مثال میں خلق ارض اور سماء کو اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت دی گئی ہے کیونکہ ان کا فاعل حقیقی اللہ تعالیٰ ہے کبھی اس نسبت سے ملکیت والا معنی سمجھا جاتا ہے مثلا رزق اللّٰہ اور عبد اللّٰہ اور کبھی کبھی وہاں پر اختصاص کا معنی مراد ہوتا ہے اور وہ تخصیص وتشریف کی نسبت قرار

پاتی ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَعِبَادُ الرَّحْمَٰنِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا

''اور اس میں اپنی طرف کی خاص معزز روح پھونک دی''

یونہی مسلمانوں کا قول کعبۃ اللہ اس میں اضافت تشریفی ہے نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَعِبَادُ الرَّحْمَٰنِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا

''اور رحمان کے وہ بندے جو زمین پر آہستہ چلتے ہیں''

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ

''بے شک میرے بندوں پر تیرا کچھ قابو نہیں''

مندرجہ بالا اضافت کی تفصیلات کے بعد اس مقام پر صورتہ میں صرف تشریفی اضافت ہی پائی جا رہی ہے پھر اس تشریف وتکریم کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہی ابتداء کسی سابق مثال کے بغیر آدم علیہ السلام کو تخلیق کیا پھر اس کے بعد آنے والی نسل انسانی کو اس مثال پر اختراع کیا تو آپ کی صورت کو اللہ تعالیٰ کی طرف اضافت سے مشرف کیا گیا کیونکہ صورت آدم کا یہ کمال اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہی مخصوص ہے اور اس میں حضرت آدم علیہ السلام کی بہت بڑی فضیلت کارفرما ہے۔

## امام ابن فورک اور حدیث صورت کا معنی

ووجه آخر مما يحمل عليه تاويل هذا الخبراز قلنا ان

---

{1} الحجر:29 {2} سورۃ الفرقان 63 {3} سورۃ الحجر:43

Marfat.com

الهاء ترجع الى آدم وهو أن يكون معناه اشارة الى ما نقول على اصولنا ان الله عز وجل خلق السعيد سعيدا او الشقى شقيا فلما خلق آدم وقد علم انه يعصى ويخالف امره وكتب ذالك عليه وانهٗ عز ذكره هكذا خلقه على ما علم واراد ان يكون عليه وشهد لذالك حديث محاجة موسٰى لآدم عليهما السلام لما قال موسى لآدم لما التقيا فى السماء الست الذى خلقك الله بيده واسجد لك ملائكة واسكنك جنته ثم عصيته وخالفت امره فقال آدم عليه السلام اكان ذالك شىء منّى او امر كتبه اللّٰه عزّوجلّ قبل ان يخلقنى فقال موسى ذالك مما كتبه عليك قبل خلقك قال النبی ﷺ نجّح آدم موسٰی ثلثا ------{1}

''ایک اور وجہ سے بھی اس حدیث کی تاویل کی جاسکتی ہے جب ہم یہ کہتے ہیں کہ صورتہ کی ضمیر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف راجع ہے تو اس کا معنی ہمارے اس اصول کی طرف اشارہ کررہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سعید (مستحق جنت) کو سعید پیدا کیا اور شقی (مستحق دوزخ) کو شقی پیدا کیا تو جب اللہ تعالیٰ نے آدم کو

{1} بخاری، ترمذی، ابوداؤد

پیدا کیا تو اس کے علم قدیم میں یہ بات تھی کہ وہ اس کی نافرمانی اور اسکے حکم کی مخالفت کرے گا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے اس سابق قدیم علم کے مطابق آدم علیہ السلام پر یہ لکھ دیا تھا تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اسے اپنے اس علم کے مطابق ہی پیدا فرما دیا چنانچہ اس معنی پر حضرت موسی اور آدم کے مناظرے والی حدیث بھی شہادت دیتی ہے جب ان حضرات کی آسمان پر ملاقات ہوئی تو حضرت موسی علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام سے کہا تم وہی ہو جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے پیدا کیا تجھے ملائکہ سے سجدہ کروایا تجھے اپنی جنت میں ٹھہرایا پھر تو نے نافرمانی کی اور اس کے حکم کی خلاف ورزی کی تو حضرت آدم علیہ السلام نے ان سے کہا کیا یہ سب کچھ میری طرف سے تھا یا ایک ایسا معاملہ تھا جسے اللہ تعالیٰ میری تخلیق سے پہلے ہی لکھ دیا تھا تو حضرت موسی علیہ السلام نے کہا یہ تو تمھاری تخلیق سے پہلے کا لکھا ہوا تھا نبی اکرم ﷺ نے تین بار فرمایا کہ آدم موسٰی پر حجت میں غلبہ لے گئے"۔

اس معنی کی توجیہ کرنے کے بعد امام ابن فورک رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

فدلنا النبی ﷺ بقوله ان الله خلق آدم علی صورته علی مثل هذا المعنی وانه خلق ممن سبق العلم بحاله انه یعصی ثم یتوب فیتوب الله تنبیها علی وجوب جریان قضاء الله علی خلقه وانه یحدث الامور ویغیر

Marfat.com

الاحوال علی حسب مایخلق علیه المرء ویتیسر له وهذا ایضا تأید لمذهبنا فی اضافة تقدیرالامور کلها الی الله عز وجل---------{1}

”چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے اپنے اس قول کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اس کی صورت پیدا فرمایا سے اسی طرح کے معنی پر اشارہ فرمایا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے سابق علم پر آپ کو آپ کے حال پر ہی پیدا کیا کہ وہ نافرمانی کرے گا پھر اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائے گا گویا یہ اس بات پر تنبیہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر اس کی قضاء وقدر کا جاری ہونا ایک حتمی اور قطعی فیصلہ ہے اور جس نہج اور طور پر اس نے بندے کو پیدا کیا ہے اس کے مطابق ہی وہ احوال وامور میں ردوبدل کرتا ہے نیز یہ بات ہمارے مذھب کی تائید بھی کرتی ہے کہ تمہاری امور کی تقدیر کی نسبت اللہ جل مجدہٗ کی طرف ہی ہے۔

مفتی عبدالرسول منصور الازہری
خطیب ریڈچ برطانیہ

{1} المنحۃ الالٰھیہ فی شرح العقیدۃ الواسطیہ مشکل الحدیث وبیانہ ابن فورک ص 65

Marfat.com

# ذکر اللہ کی اہمیت وافادیت

حضرت قبلہ مفتی صاحب ازھری سیالوی دامت برکاتہم القدسیہ ایک سوال عرض خدمت ہے صوفیہ اسلام کے نزدیک ذکر اللہ کی اہمیت اور اس کی افادیت کیا ہے اور ذکر اللہ عزوجل پر سند "حدیث ابوہریرہ ﷺ" جسے امام بخاری اور امام مسلم نے صحیحین میں نقل کیا ہے اس کا سلیس ترجمہ بھی ارشاد فرما کر بندہ کمترین پر احسان وفیضان کریں اللہ جل مجدہٗ آپ کا حامی وناصر ہو۔

سائل حاجی محمد بشیر ریڈچ

27/11/2005

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّاباللّٰہ

## الجواب

ذکر اللہ عزوجل کی حقیقت اور اس کی عظمت وضرورت پر بات کرنے سے پہلے حدیث ابوھریرہ ﷺ کے وہ کلمات طیبات ذکر کر کے ان کا ترجمہ پیش کیا جارہا ہے

عن ابی هریره رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله ﷺان لِلّٰه ملائکة یطوفون فی الطرق یلتمسون اهل الذکرفاذاوجدوا قومایذکرون الله تنادواهلمّوالٰی حاجتکم قال فیحفّونهم باجنحتهم الی السّماء الدنیاقال فیسألهم ربهم وهواعلم منهم مایقول عبادی قال تقول یسبّحونک ویحمدونک ویمجدونک قال فیقول وکیف لورأونی قال

Marfat.com

یقولون لورأوك کانوااشد لک عبادۃواشدلک تمجیداًواکثر لک تسبیحاًقال یقول فمایسئلوننی قال یسئلونک الجنۃ قال یقول وھل رأوھاقال یقولون لاواللّٰہ یارب مارأوھاقال یقول فکیف لوانھم رأوھاقال یقولون لو انھم رأوھاکانوااشد علیھاحرصاواشد لھاطلباًواعظم فیھارغبۃً قال فممّ یتعوذون قال یقولون من النارقال یقول وھل رأوھاقال یقولون لاواللّٰہ یارب مارأوھاقال فکیف لورأوھاقال یقولون لورأوھاکانوااشد منھافرارا واشد لھامخافۃ قال فیقول فاشھدکم انی قد غفرت لھم قال یقول ملک من الملائکۃ فیھم فلان لیس منھم انماجاء لحاجۃٍ قال ھم الجلساء لایشقیٰ بھم جلیسھم متفق علیہ

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایااللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے فرشتے ہیں جوراستوں میں گھوم پھر کراہل ذکر کوتلاش کرتے ہیں جب کسی جماعت کو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مصروف پاتے ہیں توایک دوسرے کوپکار کر کہتے ہیں اپنی منزل اورمقصد کی طرف آؤآپ نے فرمایاپھر وہ جماعت کوپہلے آسمان تک اپنے پروں کے ساتھ ڈھانپ لیتے ہیں پھران کارب ان سے سوال کرتاہے حالانکہ وہ ان سے زیادہ علم رکھتاہے میرے بندے کیا کہتے ہیں توفرشتے عرض کرتے ہیں یہ تیری تسبیح تیری حمد اورتیری بزرگی بیان کرتے ہیں اللہ

Marfat.com

تعالیٰ فرماتا ہے اگر یہ مجھے دیکھ لیں تو ان کی کیا کیفیت ہوگی فرشتے عرض کرتے ہیں اگر یہ تجھے دیکھ لیں تو اور زیادہ شدت سے تیری عبادت اور بزرگی کا اظہار کریں اور زیادہ کثرت سے تیری تسبیح کریں باری تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ یہ مجھ سے کیا سوال کرتے ہیں وہ عرض کرتے ہیں تجھ سے جنت کا سوال کرتے ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے وہ عرض کرتے قسم بخدا اے ہمارے پروردگار انہوں نے جنت دیکھی تو نہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے اگر یہ اس کو دیکھ لیں تو ان کی کیفیت کیا ہوگی وہ عرض کرتے ہیں اگر وہ اسے دیکھ لیں تو اس کی حرص اور طلب پر ان میں زیادہ شدت آجائے اور اس میں ان کی رغبت میں مزید اضافہ ہوجائے پھر ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے یہ کس چیز سے پناہ مانگ رہے ہیں وہ عرض کرتے ہیں دوزخ کی آگ سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے وہ عرض کرتے قسم بخدا اے ہمارے پروردگار انہوں نے اسے دیکھا تو نہیں، مولیٰ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اگر وہ اسے دیکھ لیں تو ان کی کیا کیفیت ہو وہ عرض کرتے اگر یہ اسے دیکھ لیں تو اور زیادہ اس سے ڈریں اور اس سے فرار اختیار کریں تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو معاف کردیا ان میں سے ایک فرشتہ عرض کرتا ہے کہ اس جماعت میں فلاں شخص تو ان میں سے نہیں ہے وہ تو کسی اور کام کی غرض سے یہاں آیا تھا تو باری تعالیٰ فرماتا ہے یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے ساتھ بیٹھنے والا بھی دوزخی نہیں ہوگا‘‘۔

## راوی کا تعارف

امام فقیہ حافظ مجتہد جلیل القدر صحابی رسول ﷺ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ دوسی یمانی ارجح قول کے مطابق آپ کا نام عبدالرحمان بن صخر ہے اور ایک مرتبہ جنگلی بلی کے بچے کو اپنی آستین میں رکھنے کی وجہ سے ابو ہریرہ (بلی کے بچے والا) کنیت سے مشہور ہو گئے آپ نے جی بھر کر رسول اللہ ﷺ سے علمی استفادہ کیا پھر صحابہ اور تابعین عظام کی کثیر تعداد نے آپ سے کسب فیض کیا مؤرخین نے آپ کے شاگردوں کی تعداد آٹھ سو کے قریب بتائی ہے غزوہ خیبر کے سال 7ھ کی ابتداء میں آپ حلقہ بگوش اسلام ہوئے اور 57 ہجری میں آپ کا وصال ہوا---------{1}

## شرح وبیان

یہ حدیث نبوی ذکر اور ذاکرین کی مجالس اور اس عمل پر اجتماع کی عظمت وفضیلت پر قطعی دلیل اور واضح سند کا درجہ رکھتی ہے نیز ان کے ساتھ بیٹھنے والا بھی ان کے اکرام وتعظیم کے لئے اللہ تعالیٰ کے اسی تفضّل وانعام میں شامل ہو جاتا ہے جس سے یہ جماعت ہمکنار ہوتی ہے اگرچہ وہ اہل ذکر میں ان کے ساتھ شریک نہ بھی ہوا ہو اس فرمان نبوی ﷺ سے ملائکہ کی اولاد آدم سے محبت اور ان سے اعتناء (کسی معاملے کو اہم جاننا) کا بھی ثبوت ملتا ہے جیسا کہ سائل ''اللہ تعالیٰ'' کا یہ سوال بھی اس امر پر شاہد ہے کہ مسئول عنہ (ذاکرین کی جماعت) کی قدر ومنزلت اس کی نظر میں کس قدر بلند وبالا مقام رکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا خصوصاً اہل ذکر کے متعلق ملائکہ سے یہ

{1} مجلۃ الازہر شوال 1426ھ

Marfat.com

سوال ملائکہ کے اس قول کی طرف اشارہ ہے

قَالُوٓا أَتَجۡعَلُ فِيهَا مَن يُفۡسِدُ فِيهَا وَيَسۡفِكُ ٱلدِّمَآءَ وَنَحۡنُ نُسَبِّحُ بِحَمۡدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَۖ قَالَ إِنِّيٓ أَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُونَ ﴿٣٠﴾

{1}-------

''بولے کیا ایسے کو نائب کرے گا جو اس میں فساد پھیلائے گا اور خون ریزیاں کرے گا اور ہم تجھے سراہتے ہوئے تیری تسبیح کرتے ہیں اور تیری پاکی بولتے ہیں فرمایا مجھے معلوم ہے جو تم نہیں جانتے''

گویا اللہ تبارک وتعالیٰ ملائکہ سے فرما رہا ہے میرے ان بندوں سے صادر ہونے والی میری تسبیح وتقدیس کو دیکھو باوجود اس کے کہ ان پر شھوات نفس اور وساوس شیطان کو مسلط کیا گیا ہے مگر انہوں نے کس انداز اور پاکیزہ جذبے کے ساتھ اس کا علاج کیا اور تسبیح وتقدیس میں تمہارے ساتھ مشابہت اختیار کی اس حدیث سے یہ فائدہ بھی حاصل ہو رہا ہے کہ اولاد آدم سے حاصل ہونے والا ذکر ملائکہ سے حاصل ہونے والے ذکر سے اعلیٰ اور اشرف ہے کیونکہ اولاد آدم کا ذکر کثرت مشاغل اور عالم غیب میں صادر ہوتا ہے جبکہ ملائکہ کا ذکر عالم شہود اور تمام مشاغل سے براٴت کی صورتوں میں صادر ہوتا ہے۔ اس حدیث مبارک سے ان بے دین عناصر کی بھی تردید ہو رہی ہے جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اس دنیا میں اللہ تعالیٰ عزوجل کو جھراد یکھتے ہیں کیونکہ صحیح مسلم کی ایک روایت سے یہ ثابت ہوتا ہے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان

{1} البقرۃ 30

Marfat.com

کرتے ہیں واعلموا انکم لم ترواربکم حتیٰ تموتوا---------{1}

''جان لو کہ تم اپنے رب کو اپنی موت سے پہلے نہیں دیکھو گے''۔

## ذکر کے درجات

*علامہ ابن القیم رحمہ اللہ تعالیٰ ذکر کے درجات بیان فرماتے ہوئے لکھتے ہیں*

وھوعلیٰ ثلاثۃ درجات

الاولی ... الذکرالظاھر ثناءً اودعاءً اورعایۃً الذکرالثناء نحوسبحان اللّٰہ والحمد للّٰہ ولاالہ الّااللّٰہ واللّٰہ اکبروذکرالدعاء نحوقولہ تعالیٰ

قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ ٱلْخَٰسِرِينَ ﴿٢٣﴾ -------{2}

ذکرالرعایۃ مثل قول ذاکراللّٰہ معی اللّٰہ ناظرالیّ اللّٰہ شاھدی

والثانیۃ.... الذکر الخفی وھوالخلاص من القیود والبقاء مع الشھودولزوم المسامرۃ

والدرجۃ الثالثۃ..... الذکرالحقیقی وھوشھودذکر الحق ایّاک والتخلّص من شھودذکرک وقدسمّی ھٰذاالذکرحقیقیاً

{1} مجلۃ الازھر شوال 1426ھ {2} الاعراف 23

Marfat.com

"لانہ منسوب الی الرّب تعالیٰ فذکر اللّٰہ لعبدہ هوالذکر الحقیقی وهوشهودذکر الحقّ عبدہ--------{1}

## ذکر کے تین درجے ہیں

1 پہلا ذکر ظاہر۔۔ثناء یا دعا یا حفاظت ونگرانی کی صورت میں ذکر ثناء جیسے اللہ کی پاکی ہے تمام ستائشیں اللہ کے لئے ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ذکر دعاء مثلاً..........دونوں نے کہا اے رب ہمارے ہم نے اپنا آپ برا کیا تو ہمیں نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم ضرور نقصان والوں میں ہوئے ۔اور ذکر رعایت جیسے ذاکر کا قول اللہ تعالیٰ میرے ساتھ ہے اللہ تعالیٰ میری طرف ناظر ہے یا اللہ تعالیٰ مجھ پر شاہد ہے

2 دوسرا ذکر خفی۔۔۔جس کا معنی قیود سے خلاصی، مشاہدے میں حضوری اور مناجات کو دوام سے جاری رکھنا ہے۔

3 تیسرا ذکر حقیقی۔۔۔یعنی حق تعالیٰ کے ذکر کا بندے پر شہود اور خود بندے کا اپنے ذکر کے شہود سے نجات پا جانا اور یہ ذکر حقیقی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے کیونکہ یہ رب تعالیٰ کی طرف منسوب ہے کہ حق تعالیٰ کے ذکر کا اپنے بندے پر شہود ہوتا ہے۔

{1} الازھر شوال 1426ھ

Marfat.com

## ذکر قرآن مجید میں

قرآن مجید میں ذکر اللہ کا کلمہ متعدد معانی میں استعمال ہوا ہے

- زبان سے ذکر کرنا۔۔۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا

{1}---------

"تو اللہ کا ذکر کرو جیسے تم اپنے باپ دادا کا ذکر کرتے تھے بلکہ اس سے زیادہ"

- دل سے ذکر کرنا۔۔۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ فَاسْتَغْفَرُوا

{2}---------

"اور وہ کہ جب کوئی بے حیائی یا اپنی جانوں پر ظلم کریں اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی چاہیں"۔

- حدیث اور بات۔۔۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

اذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ ---------{3}

"اپنے مالک کے حضور میری بات کرو"۔

---

{1} البقرۃ:200 {2} آل عمران:135 {3} یوسف:42

- خبر ـــــــ ارشاد باری تعالیٰ ہے

قُلْ سَأَتْلُوا۟ عَلَيْكُم مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ ---------{1}

''تم فرماؤ میں اس کا مذکور پڑھ کر سناتا ہوں''۔

- نصیحت ـــــــ ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَلَمَّا نَسُوا۟ مَا ذُكِّرُوا۟ بِهِۦٓ ---------{2}

''جو انہیں نصیحت کی گئی تھی جب وہ اسے بھول گئے''۔

- وحی ـــــــ ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَٱلتَّٰلِيَٰتِ ذِكْرًا ﴿٣﴾ ---------{3}

''وحی کی تلاوت کرنیوالی جماعتیں''۔

- قرآن کریم ـــــــ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَهَٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ أَنزَلْنَٰهُ ---------{4}

''یہ مبارک کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا''

- تورات اور سابقہ کتب ـــــــ ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَسْـَٔلُوٓا۟ أَهْلَ ٱلذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿٧﴾ ---------{5}

''علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہ ہو''۔

---

{1} کہف:83 {2} اعراف:165 {3} صافات:3 {4} انبیاء:50 {5} انبیاء:7

Marfat.com

❁ شرف وعزت۔۔۔۔ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَإِنَّهُۥ لَذِكۡرٞ لَّكَ وَلِقَوۡمِكَۖ -------{1}

''اور بیشک یہ آپ اور آپ کی قوم کے لئے شرف وعزت ہے''۔

❁ طاعت گزاری۔۔۔۔۔۔ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَٱذۡكُرُونِيٓ أَذۡكُرۡكُمۡ --------{2}

''تم میری اطاعت کرو میں تمہیں معاف کردوں گا''۔

❁ بیان۔۔۔۔ارشاد باری تعالیٰ ہے

أَوَعَجِبۡتُمۡ أَن جَآءَكُمۡ ذِكۡرٞ مِّن رَّبِّكُمۡ عَلَىٰ

رَجُلٖ مِّنكُمۡ ---------{3}

''کیا تمہیں اس بات سے تعجب ہوا کہ تم میں سے ایک مرد پر تمہارے رب کی طرف سے بیان آ گیا''۔

❁ پانچ نمازیں۔۔۔۔۔ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَإِذَآ أَمِنتُمۡ فَٱذۡكُرُواْ ٱللَّهَ ---------{4}

''جب تم امن میں ہو جاؤ تو نماز ادا کرو''۔

❁ جمعہ کی نماز۔۔۔۔۔ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَٱسۡعَوۡاْ إِلَىٰ ذِكۡرِ ٱللَّهِ وَذَرُواْ ٱلۡبَيۡعَۚ --------{5}

---

{1} زخرف:44 {2} بقرۃ: 152 {3} اعراف:69 {4} بقرۃ:239 {5} جمعہ:9

Marfat.com

''پس نماز جمعہ کی طرف جلدی کرو اور خرید وفروخت چھوڑ دو''۔

❁ نماز عصر۔۔۔۔ارشاد باری تعالیٰ ہے

إِنِّيٓ أَحۡبَبۡتُ حُبَّ ٱلۡخَيۡرِ عَن ذِكۡرِ رَبِّي ---------{1}

''مجھے ان گھوڑوں کی محبت پسند آئی ہے اپنے رب کی یاد کے لئے''۔

❁ رسول۔۔۔۔ارشاد باری تعالیٰ ہے

قَدۡ أَنزَلَ ٱللَّهُ إِلَيۡكُمۡ ذِكۡرٗا ﴿١٠﴾ رَّسُولٗا ---------{2}

''اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف ذکر یعنی رسول نازل کیا''۔

مندرجہ بالا آیات سے ذکر کے متعدد معانی کا ثبوت ملتا ہے ان آیات کریمہ کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ نے بعض آیات میں قرآن مجید کو ذکر کا نام دیا ہے کیونکہ ان آیات میں ہر آیت مبارکہ اللہ تعالیٰ کے ذکر پر مشتمل ہے یا اس کی نعمتوں سے کسی نعمت کے ذکر پر دلالت کر رہی ہے اس بنیاد پر اہل علم فرماتے ہیں کہ قرآن مجید کی تلاوت اس کے معانی میں غور وفکر خشوع وخضوع سے اس کی سماعت بھی ایک قسم کی عبادت ایمان کے لئے وصف لازم اور اللہ عزوجل کی رحمت کے حصول کا ایک آسان طریقہ ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَإِذَا قُرِئَ ٱلۡقُرۡءَانُ فَٱسۡتَمِعُواْ لَهُۥ وَأَنصِتُواْ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُونَ ﴿٢٠٤﴾

{3}---------

{1}ص:32 {2}طلاق:10/11 {3}اعراف:204

Marfat.com

''اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے سنو اور اس پر کان دھرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے''۔

## حقیقی مؤمن کون ہے

جو بندہ اللہ تعالیٰ کی آیات کو سنتا ہے اور اس کا دل اللہ تعالیٰ کے ذکر پر کانپ اٹھتا ہے اس کے اوامر پر لپکتا ہے اور اس کے نواہی کے قریب تک نہیں جاتا وہی حقیقی مؤمن ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

﴿ أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ ٱللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ ٱلْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا۟ كَٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْكِتَٰبَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ ٱلْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَٰسِقُونَ ﴿١٦﴾

{1}---------

''کیا ایمان والوں کو ابھی وقت نہ آیا کہ ان کے دل جھک جائیں اللہ کی یاد اور اس کے حق کے لئے جو اترا اور ان جیسے نہ ہوں جن کو پہلے کتاب دی گئی پھر ان پر مدت دراز ہوئی تو ان کے دل سخت ہو گئے اور ان میں بہت سے فاسق ہیں''

حقیقی مؤمن کی تصویر کو سورہ انفال میں ان کلمات سے واضح کیا گیا ہے

إِنَّمَا ٱلْمُؤْمِنُونَ ٱلَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ ٱللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ ءَايَٰتُهُۥ زَادَتْهُمْ إِيمَٰنًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٢﴾ {2}-----

''ایمان والے وہی ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کو یاد کیا جائے تو ان کے دل ڈر

---

{1} الحدید:16 {2} انفال:2

Marfat.com

جائیں اور جب ان پر اس کی آیتیں پڑھی جائیں ان کا ایمان ترقی پا جائے اور اپنے رب پر ہی بھروسہ کریں"۔

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٢٣﴾ ---------{1}

"اللہ نے اتاری سب سے اچھی کتاب کہ اول سے آخر تک ایک سی ہے دوہرے بیان والی اس سے بال کھڑے ہوتے ہیں ان کے بدن پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں پھر ان کی کھالیں اور دل نرم پڑتے ہیں یاد خدا کی طرف رغبت میں یہ اللہ کی ہدایت ہے راہ دکھائے اسے جسے چاہے اور جسے چاہے گمراہ کرے اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں ہے"۔

پھر یہ بات بھی کتنی فکر انگیز اور تعجب خیز ہے کہ حق تعالیٰ جب ہم سے اپنے ذکر کا مطالبہ کرتا ہے تو عین اسی وقت وہ ہمارا بھی ذکر فرماتا ہے تاکہ وہ اپنے ذکر کی جزا بھی اسی جنس عمل سے عطا فرمائے ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿١٥٢﴾

{2}---------

{1}زمر: 23 {2}بقرۃ:152

''تم میری یاد کرو میں تمہارا چرچا کروں گا اور میرا حق مانو اور میری نافرمانی نہ کرو''

اسی سلسلہ میں امام طبرانی حضرت ابوہریرہ ﷺ سے ایک روایت بیان کرتے ہیں

ان رسول اللہ ﷺ قال ان اللہ تعالیٰ یقول یابن آدم انک اذاذکرتنی شکرتنی واذانسیتنی کفرتنی

''رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے اے ابن آدم جب تو نے میرا ذکر کیا تو میرا شکرادا کیا اور جب تو نے مجھے بھلا دیا تو تو نے میرے احسان وانعام کا کفران کیا''۔

## ذاکر زندہ اور غافل مردہ ہے

ہمارے لئے کافی ہے کہ ہمارا رب جل مجدہٗ ہمارا ذکر کرتا ہے ہمیں ہمارے نفوس پر نہیں چھوڑتا اور جب ہم اسکے مفتقر اور محتاج ہوتے ہیں تو وہ ہم سے جدا نہیں ہوتا تو جب ہم اس بات کا علم الیقین رکھتے ہیں کہ وہ ہمارا رب ہمارا خالق اور ہمارا مالک ہے اور ہر شئی اس کے ہاتھ میں ہے تو ہم اس کی بارگاہ میں اسکے کتنے محتاج ہیں اور وہ ہم پر کتنا مہربان ہے پھر اگر ہم اس کا ذکر نہ کریں تو ہماری زندگی ہمارے لئے کیسے طیب اور پرسکون ہوسکتی ہے ارشاد رب العزت ہے

ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَتَطۡمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكۡرِ ٱللَّهِۗ أَلَا بِذِكۡرِ ٱللَّهِ تَطۡمَئِنُّ ٱلۡقُلُوبُ ﴿٢٨﴾ ---------{1}

{1}الرعد:28

Marfat.com

''وہ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد سے چین پاتے ہیں سن لو اللہ کی یاد ہی میں دلوں کا چین ہے''۔

بہر حال تمام لوگوں پر یہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے کہ وہ اس کے ذاکر اسکی نعمتوں کے شاکر اس کی کتاب کے قاری اور اس میں اس کے احکام پر عامل بن کر رہیں تا کہ وہ زندوں میں شمار کیے جائیں نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے

مثل الذی یذکر ربہ والذی لایذکرہ مثل الحی والمیت---------{1}

''رب تعالیٰ کا ذکر کرنے والے اور نہ ذکر کرنے والے کی مثال زندہ اور مردہ کی ہے''

یعنی اللہ کا ذاکر زندہ اور اس سے غافل ناسی مردہ ہے اگرچہ وہ کھا، پی اور سانس لے رہا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

أَوَمَن كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَـٰهُ وَجَعَلْنَا لَهُۥ نُورًا يَمْشِى بِهِۦ فِى ٱلنَّاسِ كَمَن مَّثَلُهُۥ فِى ٱلظُّلُمَـٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكَـٰفِرِينَ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ﴿١٢٢﴾ ---------{2}

''اور کیا وہ کہ مردہ تھا ہم نے اسے زندہ کیا وہ اس جیسا ہو جائے گا جو اندھیریوں میں ہے ان سے نکلنے والا نہیں یونہی کافروں کی آنکھ میں ان کے اعمال بھلے کر دیے گئے ہیں''۔

---

{1} بخاری 2353/5 {2} انعام 122

Marfat.com

# اللہ کے ذکر سے غفلت مؤمن کا شعار نہیں

اس عنوان پر اللہ تعالیٰ کا یہ قول شاہد ہے

وَٱذْكُر رَّبَّكَ فِى نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ ٱلْجَهْرِ مِنَ ٱلْقَوْلِ بِٱلْغُدُوِّ وَٱلْءَاصَالِ وَلَا تَكُن مِّنَ ٱلْغَٰفِلِينَ ﴿٢٠٥﴾ --------{1}

''اور اپنے رب کو اپنے دل میں یاد کرو زاری اور ڈر سے اور بے آواز نکلے زبان سے صبح اور شام اور غافلوں میں نہ ہونا''۔

اس آیہ مبارکہ میں اس ذکر حقیقی کی نشاندہی کی گئی ہے جس میں مؤمن اپنے معاملات، اپنی عبادات، اپنی بیداری، اپنی نیند، اپنی خلوت وجلوت میں اپنے رب کے ساتھ دائمی حالت میں چلا جاتا ہے اور اس انداز کا ذکر ہی ایک مؤمن کو اس کے رب تعالیٰ سے شرم وحیاء کرنے کا باعث بنتا ہے وہ کسی حال میں بھی اسکے مراقبے سے غافل نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ اس کی معصیت پر جرأت و بے باکی اختیار کرتا ہے نیز اس کا رب اسے وہاں نہیں دیکھتا جہاں سے اسے منع کرتا ہے اور جہاں پر اسے رہنے کا حکم دیتا ہے وہاں سے اسے غیر حاضر نہیں پاتا پھر اعضاء وحواس کے تنوع سے یہ ذکر بھی انواع واقسام میں منقسم دکھائی دیتا ہے چنانچہ آنکھوں کا ذکر رونا، کانوں کا ذکر پوری توجہ سے بات کو سننا، زبان کا ذکر ثناء کرنا، ہاتھوں کا ذکر عطا کرنا، بدن کا ذکر وفا، دل کا ذکر خوف ورجاء اور روح کا ذکر تسلیم ورضا ہے۔

---

{1} اعراف:205

Marfat.com

شیخ ابراہیم عطا الفیومی مدظلہ العالی نماز اور ذکر اللہ کا فرق بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں

اذا کانت الصلوٰۃ تنھیٰ عن الفحشاء والمنکر بفضل مایشترط لھا من طھارۃ فی البدن والثوب والمکان واستقبال القبلۃ وستر العورۃ ودخول الوقت والنیۃ فان ذکر اللّٰہ عزّوجلّ لایحتاج الی شئی من ھٰذا وذاك لانک تستطیع ان تذکر ربک فی کل الاوقات وفی عموم الاحوال فی الغنٰی والفقر وفی الصحۃ والمرض حینما توافیک النعمۃ اوتنزل بک المصیبۃ فی اوقات السلم وفی اوقات الحرب ---------{1}

''جب نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے مگر اس میں ان شرائط کا لحاظ رکھنا ضروری ہے کہ بدن، کپڑا اور مکان پاک ہو، استقبال قبلہ، ستر عورت، وقت کا داخل ہونا، اور نیت کا پایا جانا مگر ذکر اللہ عز وجل ان میں کسی شرط کا محتاج نہیں کیونکہ آپ کے لئے ممکن ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کا ذکر تمام اوقات اور عام احوال میں کریں امیری میں، فقیری میں، صحت میں، مرض میں جب تمہیں کوئی نعمت ملے یا تم پر کوئی مصیبت نازل ہو، حالت امن میں اور حالت جنگ میں۔

{1} مجلۃ الازہر شوال 1426ھ

## ذکر کا مرتبہ ومقام

شیخ ابراہیم عطاء فیومی ذکر کی حقیقت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں

فذکر اللّٰہ لایحتاج الیٰ اکثر من شغل القلب باللّٰہ عزّوجلّ والتّأمل فی ملکوتہ واستحضار رقابتہ وخشیتہ ومن کان کذلک فلایجرء علیٰ معصیة مولاہ ومن ھنایتّضح ان اثر ذکر اللّٰہ فی النھی عن الفحشاء والمنکر اکبر من اثر الصّلٰوة کما أخبر اللّٰہ عزّوجلّ وَلَذِكْرُ ٱللَّهِ ---------{1}

''ذکر اللہ عزوجل کی تعریف میں یہی کہنا کافی ہے کہ دل کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مصروف ومنسلک رکھنا، اس کی بادشاہت میں غور وفکر کرنا اور اس کی نگرانی اور خوف کو ہر وقت پیش نظر رکھنا جب کوئی شخص اس منزل پر پہنچ جاتا ہے۔تو پھر وہ اپنے مولیٰ کی نافرمانی کی جرأت نہیں کرسکتا یہاں پر یہ امر بھی ظاہر ہوتا ہے کہ برائی اور بے حیائی سے روکنے میں ذکر کا اثر نماز سے بھی بڑھ کر ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی بھی ہے

''اور بے شک اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے''

ذکر اللہ عزوجل کی یہ اہمیت وافادیت اپنی جگہ پر مسلّم ہے مگر اس سے یہ مراد نہیں کہ ذکر اللہ نماز سے مستغنی وبے پرواہ کردیتا ہے بلکہ ہم تو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اسلامی عبادات میں ذکر اللہ کو کتنے اعلیٰ اور بلند ترین مقام پر رکھا گیا ہے جبکہ مسلمانوں کی کثیر تعداد دنیاوی مال ومتاع اور عارضی جاہ وجلال میں کس حد تک منہمک ہے اور

{1} عنکبوت 45

Marfat.com

ذکراللہ سے کس قدر غفلت کا شکار ہو کر اعلیٰ مکارم اور اخلاقی اقدار سے محروم دکھائی دے رہی ہے اسی لئے تو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو تحذیر و تنبیہ کرتے ہوئے ارشاد فرمار ہا ہے

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَٰلُكُمْ وَلَآ أَوْلَٰدُكُمْ عَن ذِكْرِ ٱللَّهِ ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ ﴿٩﴾ ---------{1}

''اے ایمان والو تمہارے مال نہ تمہاری اولاد کوئی چیز تمہیں اللہ کی راہ سے غافل نہ کرے اور جو ایسا کرے تو وہی لوگ نقصان میں ہیں''

یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ذاکرین کو اصحاب عقل سلیم کہا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

إِنَّ فِى خَلْقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَٱخْتِلَٰفِ ٱلَّيْلِ وَٱلنَّهَارِ لَءَايَٰتٍ لِّأُو۟لِى ٱلْأَلْبَٰبِ ﴿١٩٠﴾ ٱلَّذِينَ يَذْكُرُونَ ٱللَّهَ قِيَٰمًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِى خَلْقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَٰذَا بَٰطِلًا سُبْحَٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ﴿١٩١﴾

{2}---------

''سب آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کی بدلیوں میں نشانیاں ہیں عقل مندوں کے لئے، جو اللہ کی یاد کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے ہیں اے ہمارے رب تو نے یہ بیکار نہیں بنایا پاکی ہے تجھے تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے''۔

{1} منافقون:9 {2} آل عمران:191/190

Marfat.com

## ذکر اللہ خیر الاعمال ہے

ذاکرین اللہ عزوجل کے لئے یہی شرف کافی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی معیت اور حضوری میں ہیں امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے راوی ہیں

عن النبی ﷺ قال یقول اللہ عزوجل انا عند ظنّ عبدی بی وانا معہٗ اذا ذکرنی فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملأ ذکرتہ فی ملأ خیر منہم وان تقرب الیّ شبرا تقرّبت الیہ ذراعا وان تقرّب الیّ ذراعا تقرّبت الیہ باعا وان اتانی یمشی آتیتہٗ ہرولۃ ----{1}

''نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرا بندہ میرے ساتھ جو گمان رکھتا ہے میں اس کے مطابق ہی اس کے ساتھ سلوک کرتا ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے اگر وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اسے اپنے باطن میں یاد کرتا ہوں اگر وہ مجھے کسی مجلس میں یاد کرتا ہے تو میں اسے ان سے بہتر مجلس میں یاد کرتا ہوں اگر وہ ایک بالشت میرے قریب آتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب آتا ہوں اگر وہ ایک ہاتھ میرے قریب آتا ہے تو میں دو ہاتھ اس کے قریب آتا ہوں اور اگر وہ میرے پاس چلتا ہوا آتا ہے تو میں دوڑتا ہوا اس کے پاس آتا ہوں''

یعنی جو شخص قلیل طاعت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتا ہے تو اللہ

{1} بخاری و مسلم

Marfat.com

تعالیٰ اس کو کبیر ثواب سے جزا عطا کرتا ہے اور اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی طاعت وبندگی میں سستی کرتے ہوئے حاضر ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اجر وثواب دینے میں جلدی فرماتا ہے عبادات کے اندر یہ ذکر کا مرتبہ ومقام ہے اور جہاں تک ذاکرین کا مسئلہ ہے وہ قدر وشان میں سب لوگوں سے ارفع واعلیٰ ہیں۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوالدرداء سے راوی ہیں

عن رسول اللہ ﷺ قال الا انبئکم بخیر اعمالکم وازکاھا عند ملیککم وارفعھا فی درجاتکم وخیر لکم من انفاق الذّھب والفضّة وخیر لکم من ان تلقوا عدوکم فتضربوا اعناقھم ویضربوا اعناقکم قالوا بلیٰ یارسول اللہ ﷺ قال ذکر اللہ عزوجل---------{1}

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں تمہارے اعمال میں افضل عمل کے متعلق نہ بتادوں جو تمہارے مالک کے حضور زیادہ پاکیزہ، تمہارے درجات میں زیادہ اونچا، تمہارے لئے اللہ کی راہ میں سونے اور چاندی کے خرچ کرنے سے بہتر اور تمہارے لیے اللہ کی راہ میں کفار سے جہاد کرنے سے بھی اعلیٰ ہو صحابہ کرام نے عرض کیا ہاں یارسول اللہ ﷺ ! تو آپ ﷺ نے فرمایا ذکر اللہ۔

عبدالرسول منصور الازہری

4 ذوالقعدہ 1426ھ

{1} سنن ترمذی رحمہ اللہ

Marfat.com

باب دوم

# قرآنیات

Marfat.com

# وحی الٰہی کی تعریف، اقسام
# اور فرشتے کے اخذ قرآن کی کیفیت

Marfat.com

قبلہ حضرت مفتی صاحب الازہری آپ سے استفتاء ہے کہ وحی الٰہی کی کیاتعریف ہے اوراس کے اقسام کتنے ہیں اورفرشتے کے اخذ قرآن کی کیفیت تحریر فرماکرممنون کریں۔

امجدرضاچشتی
برمنگھم برطانیہ
3جون2006ء

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّاباللّٰہ

## الجواب

وحی کالغت عرب میں معنی ہے الاعلام فی خفا "پوشیدہ طور پراطلاع کرنا" اوراصطلاح شریعت میں اس کامعنی ہے اللہ تعالیٰ کاانبیاء کرام کوکسی شے کی اطلاع دینا کتاب کیساتھ جیسےتورات یافرشتے کے پیغام کےساتھ جیسے جبرائیل علیہ السلام یانیند کے ساتھ جیسے خواب کی حالت میں سچے خواب کے ساتھ یاالھام کے ساتھ یاکسی دوسرے طریقے سےاورکبھی وحی بمعنی اَمر بھی آتی ہے۔
جیساکہ ارشادباری تعالیٰ ہے
وَاِذْاَوْحَیْتُ اِلَی الْحَوَارِیّٖنَ --------{1}
"یعنی میں نےحواریوں کوحکم دیا" اورکبھی تسخیر کےمعنی میں بھی آتی ہے۔

{1}مائدہ:111

جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَأَوۡحَىٰ رَبُّكَ إِلَى ٱلنَّحۡلِ ------{1}

"جب تیرے رب نے شہد کی مکھی کی طرف وحی کی، یعنی اسے اس کام کے لیے مسخر کر دیا کہ وہ پہاڑوں میں اپنی رہائش رکھے اور اس تسخیر کو الھام سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اس کام کی ہدایت پر الھام فرمایا ہے ورنہ الھام کا حقیقی معنی تو یہ ہے الـقـاء معنی فی القلب یثلج یطمئنّ وینشرح له الصدر والخاطر لایکون الاللعاقل

"کسی معنی کا دل میں ڈال دینا کہ دل اس پر انشراح اور اطمینان کرے تو یہ چیز صرف صاحب عقل کے لیے ہی ہو سکتی ہے" کبھی وحی بمعنٰی اشارہ بھی آتی ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَأَوۡحَىٰٓ إِلَيۡهِمۡ أَن سَبِّحُواْ بُكۡرَةً وَعَشِيًّا ------{2}

"تو اس نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ تم صبح اور شام اس کی تسبیح بیان کرو"

اور کبھی موحی به (جو پیغام بھیجا گیا ہے) پر بھی وحی کا اطلاق کیا جاتا ہے

## علامہ شامی اور وحی کی اقسام

شیخ الاسلام شیخ الازہر امام محمد شنوانی متوفی 1233ھ رحمہ اللہ شرح بخاری امام ابن ابو جمرہ رحمہ اللہ کے حاشیہ پر رقمطراز ہیں کہ امام شامی رحمہ اللہ نے وحی کی آٹھ قسمیں بتائیں ہیں

{1} النحل:68 {2} النحل:67

پہلی قسم نیند میں آنے والے سچے خواب جیسا کہ حدیث صحیح میں آیا ہے کہ رؤیا الانبیاء وحی ''نبیوں کے خواب بھی وحی ہیں''

اورارشاد باری تعالیٰ بھی ہے

إِنِّيٓ أَرَىٰ فِي ٱلۡمَنَامِ أَنِّيٓ أَذۡبَحُكَ ---------{1}

''حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا بے شک میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کرتا ہوں''

دوسری قسم الھام ہے کہ فرشتہ اپنی شکل دکھائے بغیر کوئی بات نبی کے دل میں پھونک دے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے ان روح القدس نفث فی روعی لن تموت نفس حتٰی تستکمل رزقھا واجلھا فاتقوا اللہ واجملوا فی الطلب ولا یحملنکم استبطاء الرزق علی أن تطلبوہ بمعصیة اللہ فانما عنداللہ لاینال الابطاعتہ

''بے شک حضرت جبرائیل علیہ السلام نے میرے دل میں یہ پھونک دیا ہے کہ کوئی جان بھی اپنی عمر اور اپنا رزق مکمل کرنے سے پہلے مرے گی نہیں تو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور رزق کو عمدہ طریقے سے طلب کرو کہ رزق حلال بقدر حاجت طلب کرو اور رزق کا تاخیر سے آنا تمہیں اس بات پر نہ اکسائے کہ تم اسے اللہ تعالیٰ کی معصیت کے ساتھ طلب کرنے لگو کیونکہ جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اسے اس کی طاعت کے ساتھ ہی حاصل کیا جاسکتا ہے''۔

{1} الصافات:101

تیسری قسم صلصلة الجرس قوت اور طاقت میں گھنٹی کی آواز کی مثل اللہ تعالیٰ کا پیغام نبی ﷺ کے پاس آیا کرتا تھا جبکہ حدیث عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا میں مذکور ہے ان الحارث بن ھشام رضی اللہ تعالی عنه سأل رسول الله ﷺ کیف یأتیک الوحی فقال ﷺ احیانا یأتینی مثل صلصلة الجرس ھو اشد علیّ فیفصم عنی وقد وعیت ماقال واحیانا یتمثل لی الملک رجلاً فیکلمنی فأعی مایقول۔

''حضرت حارث بن ھشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ آپ کے پاس وحی کیسے آتی ہے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کئی مرتبہ تو وہ میرے پاس گھنٹی کی آواز کی طرح آتی ہے اور وہ مجھ پر کافی گراں گزرتی ہے اور جب وہ مجھ سے علیحدہ ہوتی ہے تو جو کچھ اس نے کہا ہوتا ہے وہ میں یاد کر لیتا ہوں اور کئی مرتبہ فرشتہ میرے سامنے مرد کی صورت میں متشکل ہوتا ہے اور مجھ سے ہم کلام ہو جاتا ہے اور میں اس کا قول محفوظ کر لیتا ہوں''۔

چوتھی قسم اللہ تعالیٰ بیداری کے عالم میں پس پردہ اپنے نبی ﷺ سے ہمکلام ہوتا ہے جیسا کہ شب معراج میں ہوا تھا بقول ان ائمہ کرام کے آپ نے شب معراج اللہ تعالیٰ کو دیکھا نہیں تھا اور یہی صورت حال حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بھی پیش آئی تھی

پانچویں قسم اللہ تعالیٰ کا حالت بیداری میں بلاواسطہ حجاب اپنے نبی ﷺ سے ہم کلام ہونا جیسا کہ راجح قول کے مطابق شب معراج اللہ کریم نے اپنے محبوب نبی ﷺ

Marfat.com

سے کلام فرمایا تھا اور آپ اپنے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کا دیدار بھی فرمار ہے تھے

چھٹی قسم  اللہ تعالیٰ کا نیند میں اپنے نبی ﷺ سے کلام فرمانا، جیسا کہ حدیث ترمذی میں حضرت معاذ سے مروی ہے أتانی ربی فی احسن صورة فقال فیما یختصم الملأ الأ علیٰ فقلت لا ادری فوضع کفه بین کتفی فوجدت برده فی ثدتیّ فقلت فی الکفارات فقال وماھی قلت الوضوء عندالکریھات فقلت ونقل الاقدام الی الجماعات وانتظار الصلوات بعدالصلوات فمن فعل ذالک عاش حمیدا ومات شھیدا وکان من ذنبه کیوم ولدته امه۔

”میرے پاس میرا رب احسن صورت میں آیا اور ارشاد فرمایا عالم بالا کے یہ سردار فرشتے کس بات میں جھگڑ رہے ہیں میں نے عرض کیا میں نہیں جانتا تو اس نے اپنی بے مثل ہتھیلی میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھی جس کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینے میں محسوس کی تو میں نے عرض کیا کفارات میں جھگڑا کر رہے ہیں اس نے فرمایا وہ کیا ہیں میں نے عرض کیا سخت ٹھنڈک میں وضو کرنا جماعت میں حاضری کے لیے چل کر جانا اور نماز کے بعد نماز کے انتظار میں رہنا تو جس نے یہ کام کرلیا اس نے اچھی زندگی گزاری اور شہید کی موت مرا (اس کی دنیا اور آخرت منور ہوگئی) اور وہ گناہوں سے یوں پاک ہوگیا جیسا کہ اس کی ماں نے اسے جنا تھا

ساتویں قسم  شہد کی مکھی کی بھنبھاہٹ کی طرح وحی کا آنا جیسا کہ حدیث عمر میں وارد

Marfat.com

ہوا ہے کان رسول اللہ ﷺ اذا نزل علیہ الوحی یسمع عندہ کدویّ النحل

''جب رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہوتی تو آپ کے پاس شہد کی مکھی کی بھنبھاہٹ کی طرح آواز سنی جاتی تھی''۔

آٹھویں قسم کسی حکم شرعی پر اجتہاد کے وقت اللہ تعالیٰ آپ کے دل اور زبان میں علم القاء کر دیتا تھا یہ قسم آپ کے دل میں فرشتے کی طرف سے نفث اور پھونک کے علاوہ ہے---------{1}

جہاں تک فرشتے کے اخذ قرآن کی کیفیت کا مسئلہ ہے اس پر امام بیضاوی شافعی متوفٰی 685ھ اور تفسیر بیضاوی کے محشی امام محی الدین شیخ زادہ متوفٰی 951ھ نے بہت عمدہ بحث کی ہے ذیل میں اس بحث سے کچھ اقتباسات درج کیے جا رہے ہیں کلام الٰہی کو لے کر نازل ہونے والے فرشتے نے یہ کلام کیسے اخذ کیا اس کی دو صورتیں ہیں

پہلی صورت حضرت جبرائیل علیہ السلام نے معنیء ازلی اور وہ کلام نفسی جو ذات باری تعالیٰ کے ساتھ قائم تھی اسے روحانی طور پر اخذ کیا یعنی معنوی انداز سے یوں لیا کہ وہ کثرت حروف واصوات کے ساتھ متلبّس او مخلّط نہ تھی کیونکہ معنی ازلی کلام لفظی جو حروف واصوات سے مرکب ہے کے لیے روح کا درجہ رکھتا ہے امام بیضاوی رحمہ اللہ نے اسے تلقف روحانی سے تعبیر کیا ہے اور اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ

{1} شنوانی حاشیہ ابن ابوحمزہ اندلسی مرحوم ص22

Marfat.com

متلقف منہ جس سے بسرعت وہ معنی اخذ کیا جارہا ہے وہ ذات باری تعالیٰ ہے وہ اس بات سے منزہ وماوراٗ ہے کہ اس کے ساتھ کلام لفظی حادث قائم ہوتو فرشتہ معنی ازلی کوروحانی طور پرلے کرنازل ہوااوراشاعرہ کےنزدیک اس امرکوجائزسمجھا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی کلام ازلی جوصوت وحرف کے بغیر ہے اسے سناجاسکتاہے جیسا کہ ہم آخرت میں اللہ تعالیٰ کو بلاکم وکیف دیکھیں گےاس لیے یہ بھی جائز اور ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سدرۃ المنتہٰی کے مقام پرہی حضرت جبرائیل علیہ السلام کے لیے اپنی کلام ازلی جوحروف واصوات کی جنس سے نہ تھی کا سماع پیدا کردیاہواور پھراسے ایسی عبارت پرقادرکردیاہوجس سے وہ اس کی ازلی وقدیم کلام کوتعبیرکرسکےاوراسے کلام اللہ کہہ دیا جائے۔اصولیوں کی اصطلاح میں اسے تسمیۃ الدال باسم مدلولہ ''دال کواس کے مدلول کانام دینا'' کہاجاتا ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ میں ایسا نقش وکتابت پیدا کردی ہوجواس مخصوص نظم پردلالت کررہی ہواورجبرائیل علیہ السلام اسے پڑھنے اورحفظ کرنے کے بعدرسول اللہ ﷺ تک پہنچادیتے ہوں۔------{1}

اخذقرآن کی پہلی صورت پرعلامہ عبدالحکیم سیالکوٹی رحمہ اللہ تعالیٰ رقمطراز ہیں فرشتہ کلام الٰہی کواللہ تعالیٰ سے تلقف روحانی کے طورپرلیتاہےاورتلقف کامعنی ہے سرعت اور تیزی سےاخذکرنا۔اوراس بات کی تائیدحدیث طبرانی سے بھی ہوتی ہے۔

حضرت نواس بن سمعان مرفوعاروایت کرتے ہیں اذاتکلم اللّٰہ

---

{1} محی الدین شیخ زادہ حاشیہ بیضاوی

Marfat.com

بالوحی اخذت السماء رجفة شديدة من خوف الله تعالیٰ فاذاسمع بذالک اهلاالسماء صعقوا وخروا سجدا فيكون اولهم برفع الراس جبريل فيكلمه الله تعالیٰ بماارادوحيه فينهٰی به على الملائكة حكما مرّ بسماء الله سألهاماذاقال ربناقال الحق فينهٰی به حيث امرا

جب اللہ تعالیٰ وحی کے ساتھ کلام فرماتا ہے تو خوف الٰہی سے آسمان پر سخت کپکپی طاری ہو جاتی ہے جب اہل سماء اسے سنتے ہیں تو بے ہوش ہو کر سجدے میں گر جاتے ہیں ان میں سب سے پہلے جو سر اٹھاتا ہے وہ حضرت جبرائیل ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان سے اپنی وحی کے ساتھ کلام کرتا ہے پھر وہ اسے لے کر ملائکہ کے پاس سے گزرتے ہیں آسمان والے ان سے پوچھتے ہیں ہمارے رب کا یہ کیا ارشاد ہوا ہے تو وہ فرماتے ہیں حق فرمایا ہے پھر وہ اس وحی کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق اس کے مقام تک پہنچا دیتے ہیں------{1}

مفتی عبدالرسول منصور الازہری

خطیب ریڈرچ برطانیہ

{1} حاشیہ بیضاوی علامہ سیالکوٹی ص139

Marfat.com

# نزول قرآن کی حقیقت

# اور اس کے تنزّلات

Marfat.com

استاذ مکرم قبلہ ازھری صاحب زید فیضک عرض خدمت ہے کہ نزول قرآن کی حقیقت اور اس کے تنزّلات پر تفصیلی جواب درکار ہے امید واثق ہے اس اہم سوال پر روشنی ڈال کر ممنون کریں گے اللہ کریم آپ کا حامی و ناصر رہے۔

استفتاء از

حافظ محمد طارق مصباحی

ساہیوال پاکستان

15 جون 2005ء

ماشاء اللّٰہ لاقوۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

نزول قرآن اور اس کے تنزّلات کا مسئلہ علوم قرآن میں انتہائی اہم قرار دیا جاتا ہے کیونکہ نزول قرآن کا علم قرآن کے کلام اللہ ہونے پر ایمان رکھنے کی بنیاد ہے اور نبوت رسول ﷺ کی تصدیق کی بھی اساس ہے کہ اسلام دین حق ہے آئندہ سطور میں اوّلاً ہم نزول قرآن کے معنٰی پر کلام کریں گے اور ثانیاً نزول قرآن کے مراحل اور اس کے تنزّلات پر تفصیلی گفتگو ہوگی۔

**نزول قرآن:** نزول اور اس مادہ سے نکلنے والی دیگر تصریفات کو قرآن وسنت میں مختلف انداز سے تعبیر کیا گیا ہے مثلاً ارشاد باری تعالیٰ ہے

Marfat.com

وَبِالْحَقِّ أَنزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ --------{1}

''اور ہم نے اسے حق کے ساتھ اتارا اور وہ حق کے ساتھ ہی اترا''

اور ایک صحیح اور مشہور حدیث میں رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے

انّ هٰذا القرآن اُنزِل علىٰ سبعة أحرف------{2}

''بے شک یہ قرآن سات حرفوں پر اتارا گیا ہے''

مگر جب لغت عرب میں نزول کا کلمہ استعمال ہوتا ہے تو اس سے کسی مکان میں حلول مراد لیا جاتا ہے عرب کا قول ہے نزل الأمير المدينة ''حاکم نے شہر میں حلول کیا'' نزول سے متعدی فعل انزال ہے جس کا معنی ہے کسی دوسرے کو کسی مکان میں اتارنا اور بسانا چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَقُل رَّبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ﴿٢٩﴾

{3}-------

''اور عرض کر اے میرے رب مجھے برکت والی جگہ اتار اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے''

## لغت میں نزول کا دوسرا معنیٰ

انحدار الشئی من علو الیٰ سفل کسی چیز کا اوپر سے نیچے آنا عرب کا قول ہے نزول فلان من الجبل فلاں شخص پہاڑ سے اترا اور اس

{1} سورۃ الاسراء:105 {2} مناهل العرفان فی علوم القرآن ص34 {3} المومنون:29

Marfat.com

سے متعدی فعل کا معنی ہوگا کسی چیز کو بلندی سے پستی کی طرف حرکت دینا چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وانزل من السماء ماءً------{1}

''اور اس نے آسمان سے پانی اتارا مگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے''

نزول قرآن یا انزال قرآن کے سلسلے میں یہ دونوں معنوں لائق اور مناسب نہیں کیونکہ ان سے مکانیت اور جسمیّت لازم آتی ہے اور قرآن جسم نہیں وہ کسی مکان میں حلول کرے یا وہ کسی بلندی سے پستی کی طرف آئے قرآن سے صفت قدیمہ جو کلمات غیبیہ ازلیہ سے متعلق ہے یا وہ نفس کلمات یا لفظ معجز جو بھی مراد لیا جائے وہ حوادث منزہ اور پاک ہے ہمیں ہر صورت اس مقام پر مجازی معنی کی طرف رجوع کرنا ہوگا اور وہ ہے اعلام اطلاع (جو دوسرے کو دی جائے) انزال قرآن کا یہ معنی قرآن کا جو بھی معنی لیا جائے اس پر صادق آتا ہے قرآن سے مراد اگر صفت قدیمہ یا اُس کا متعلق ہو تو اس کا انزال اس کا اعلام ہوگا بایں واسطہ کہ اس پر وہ نقوش دال ہوں گے جن کا انزال لوح محفوظ میں ہوا تھا یا پہلے آسمان کے بیت العزّت میں یا بایں واسطہ کے اس پر وہ حقیقی الفاظ دال ہوں گے جن کا قلب رسول ﷺ پر انزال ہوا تھا چنانچہ حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان جو علاقہ دکھائی دیتا ہے وہ لزوم ہے کیونکہ کسی شئی کا کسی شئی کی طرف انزال جس کی طرف وہ شئی نازل کی گئی ہے اس کے اعلام کو مستلزم ہے بشرطیکہ وہ عاقل ہو اس صورت میں یہ مجاز مرسل کہلائے گا اور اگر قرآن سے لفظ معجز مراد لیا جائے تو بھی

{1} مناهل العرفان ص 34

Marfat.com

اس کے انزال سے مقصود اس کا اعلام ہی ہوگا بہرحال انزال کی تاویل اعلام سے کرنا اقرب اور اس مقام کے زیادہ موافق ہے کیونکہ لوح محفوظ یا بیت العزت یا قلب رسول ﷺ میں قرآن کے ثبوت کا مقصد عالمین میں علوی اور سفلی مخلوق کو اس امر کا اعلام ہے کہ یہ کلام حق ہے۔

## قرآن مجید اور اس کے تنزّلات

اللہ کریم جلّ مجدہٗ قرآن مجید کو یہ شرف بخشا کہ اس کے تین تنزّلات مقرر فرمائے۔

### پہلا تنزّل

لوح محفوظ: اس پر دلیل کے طور پر اللہ تعالیٰ کا یہ قول شاہد ہے

بَلْ هُوَ قُرْءَانٌ مَّجِيدٌ ﴿٢١﴾ فِى لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ﴿٢٢﴾ ---{1}

''بلکہ وہ کمال شرف والا قرآن ہے لوح محفوظ میں''

لوح محفوظ میں قرآن مجید کا یہ وجود جس طریقے اور کس وقت میں ہوا اس کی حقیقت اللہ تعالیٰ جانتا ہے یا وہ ذات جسے وہ اپنے اس غیب پر مطلع کردے نیز یہاں سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ لوح محفوظ میں قرآن مجید مجموعی طور پر تھا اور متفرق صورت میں نہ تھا کیونکہ نبی اکرم ﷺ پر قرآن مجید کے نجماً نجماً اور حصص کے انزال کی حکمت اس تنزّل میں پائی جائے عقل میں نہیں آتی پھر اس نزول کی حکمت

{1} البروج:22

Marfat.com

لوح محفوظ کے وجود کی حکمت کی طرف لوٹتی ہے اللہ جل مجدہٗ نے اپنی قضاوقدر اور ما کان و مایکون میں جو بھی ایجاد وتکوین ہے اس کی رجسٹریشن کے لیے ایک محافظ خانہ بنا رکھا ہے یہ بات اللہ تعالیٰ کی عظمت علم ارادہ حکمت اور اس کی وسیع قدرت وسلطان پر ناطق وشاہد ہے اس میں شک نہیں کہ لوح محفوظ پر ایمان ان پہلوؤں سے بندے کے اپنے رب تعالیٰ پر ایمان کو مزید پختہ کر دیتا ہے اس کے لیے طمانیت کا باعث بنتا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کے لیے جو کچھ بھی ظاہر کرتا ہے اس پر وثوق واعتماد پیدا ہوتا ہے اور بندوں کو اس کی قضاء وقدر کے سامنے رضا وسکون کا درس بھی ملتا ہے اور یوں ان پر خوشی اور غمی سے ملی ہوئی زندگی آسان ہو جاتی ہے

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

مَآ أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي ٱلْأَرْضِ وَلَا فِيٓ أَنفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَٰبٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَآ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٢٢﴾ لِّكَيْلَا تَأْسَوْاْ عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُواْ بِمَآ ءَاتَىٰكُمْ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿٢٣﴾ ------{1}

"نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں اور نہ تمہاری جانوں میں مگر وہ ایک کتاب میں ہے قبل اس کے کہ ہم اسے پیدا کریں بے شک یہ اللہ کو آسان ہے اس لیے کہ غم نہ کھاؤ اس پر جو ہاتھ سے جائے خوش نہ ہو اس پر جو تم کو دیا اور اللہ کو نہیں بھاتا کوئی اترونا بڑائی مارنے والا۔

---

{1}الحدید22

Marfat.com

## تنزّل قرآن کا دوسرا مرحلہ

قرآن مجید کا دوسرا تنزل پہلے آسمان پر بیت العزّت کی طرف ہوا جس پر ارشاد باری تعالیٰ ہے

إِنَّآ أَنزَلْنَـٰهُ فِى لَيْلَةٍ مُّبَـٰرَكَةٍ ۚ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ ﴿٣﴾ ----{1}

''ہم نے قرآن مجید کو ایک برکت والی رات میں نازل کردیا بے شک ہم ڈرانے والے ہیں''

إِنَّآ أَنزَلْنَـٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ ﴿١﴾ ------{2}

''ہم نے قرآن مجید کو قدر روشان والی رات میں نازل کر دیا''

شَهْرُ رَمَضَانَ ٱلَّذِىٓ أُنزِلَ فِيهِ ٱلْقُرْءَانُ -------{3}

''رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اترا''

یہ تینوں آیات شریفہ اس بات پر ثبوت فراہم کررہی ہیں کہ قرآن مجید کو ایک رات کے اندر نازل کیا گیا تھا جسے برکت قدر اور رمضان کی رات کے ساتھ موصوف کیا گیا ہے چنانچہ قرآن مجید کا یہ انزال اس انزال سے الگ ہے جو متفرق طور پر کئی سالوں میں نبی اکرم ﷺ پر ہوا تھا قرآن مجید کے بیت العزت میں اس نزول پر متعدد صحیح احادیث بھی دلیل کے طور پر موجود ہیں عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنهما انه قال فصل القرآن من الذكر فوضع فی بيت العزة من السماء الدنيا فجعل جبرائيل ينزل به على النبی ﷺ-----{4}

---

{1}الدخان:3 {2}القدر:1{3}البقرۃ:185{4}المستدرک حاکم نیشاپوری

Marfat.com

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قرآن مجید کو الگ کر کے پھر پہلے آسمان پر بیت العزت میں رکھا گیا اور وہاں سے روح الامین جرائیل نبی کریم ﷺ پر نازل کرتے رہے۔

عن عكرمة عن ابن عباس رضى الله عنهم انه قال انزل القرآن جملة واحدة الى سماء الدنيا ليلة القدر ثم انزل بعد ذالك فى عشرين سنة ثم قرأ

وَلَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا

{1}-------

''اور وہ کوئی کہاوت تمہارے پاس نہ لائیں گے مگر ہم حق اور اس سے بہتر بیان لے آئیں گے''۔

وَقُرْءَانًا فَرَقْنَٰهُ لِتَقْرَأَهُۥ عَلَى ٱلنَّاسِ عَلَىٰ مُكْثٍ وَنَزَّلْنَٰهُ تَنزِيلًا ﴿١٠٦﴾

{2}-------

''اور قرآن کو ہم نے جدا جدا کر کے اتارا تاکہ تم اسے لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر پڑھو اور ہم نے اسے بتدریج رہ رہ کر اتارا''

عن سعيد بن جبير عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال انزل القرآن جملة واحدة الى سماء الدنيا وكان

{1}الفرقان 33{2}الاسراء106

بمواقع النجوم وکان الله ینزله علیٰ رسوله ﷺ بعده فی اثر بعض --------{1}

''سعید بن جبیر ﷺ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی ہیں کہ پورا قرآن آسمان دنیا پر اتارا گیا پھر ستاروں کے یکے بعد آنے کی طرح جدا جدا کر کے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ پر نازل کرتا رہا''۔

ان احادیث کے متعلق امام جلال الدین سیوطی مصری رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ یہ احادیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہیں اگر یہ حدیث مرفوع کا حکم رکھتی ہیں کیونکہ صحابی کا وہ قول کہ جس میں رائے اور قیاس کا دخل نہ ہو وہ حدیث مرفوع کا حکم رکھتا ہے لا ریب کے بیت العزۃ میں نزول قرآن یہ اخبار غیب سے تعلق رکھتا ہے اور اخبار غیب معصوم رسول ﷺ سے ہی لی جا سکتی ہے

مفسّر قرآن امام قرطبی رحمہ اللہ نے تو اس پر اجماع کا قول نقل کیا ہے کہ لوح محفوظ سے قرآن مجید کو یکبارگی بیت العزت میں اتارا گیا تھا۔

## بیت العزّت میں تنزّل قرآن کی حکمت

امام جلال الدین ابوبکر سیوطی رحمہ اللہ نے اس نزول کی حکمت بیان کرتے ہوئے محدث ابوشاہد کا یہ قول نقل کیا ہے ھی تفخیم أمره (القرآن) وامر من نزل علیه باعلام سکان السموات السبع ان هٰذا اخر الکتب المنزلة علیٰ خاتم الرسل لاشرف الامم وبانزاله

{1} نسائی، حاکم، بیہقی

Marfat.com

مرتین مرة جملة ومرة مفرقابخلاف الکتب السابقة فقد
کانت تنزل جملة مرة واحدة--------{1}

''یہ قرآن اور صاحب قرآن ﷺ کی عظمت اور جلالت شان پر دال ہے بایں طور کہ ساتوں آسمان کی مخلوق کو مطلع کیا جارہا ہے کہ یہ وہ آخری کتاب ہے جو اشرف الامم کے لیے خاتم الرسل پر نازل کی جارہی ہے دیگر پہلی کتابوں کی طرح پوری کتابیں یکبار نازل کی گئیں مگر اسے ایک بار پورا اور دوسری بار جدا جدا کر کے نازل کیا گیا''

شیخ زرقانی مصری ازھری اس مقام پر ارشاد فرماتے ہیں کہ تنزل القرآن اور اس کے اماکن ومقامات لوح محفوظ بیت العزت اور قلب نبی ﷺ میں تعدّد قرآن میں شک کی نفی کے لیے مبالغہ اور اس میں ایمان واعتماد کی زیادتی کے باعث تھا کیونکہ جب کلام کو متعدد رجسٹروں میں درج اور رقم کردیا جائے تو اس کے کثیر وجودات پائے جاتے ہیں اور یہ امر اس میں ریب وشک کی نفی کرنے میں انتہائی اہم مقام رکھتا ہے
{2}-------

## تنزّل القرآن کا تیسرا مرحلہ

تنزل القرآن کا یہ تیسرا اور آخری مرحلہ ہے جس سے عالم منور ہوا اور خلق خدا کو اللہ تعالیٰ کی ھدایت نصیب ہوئی یہ نزول امین الوحی حضرت جبرائیل علیہ السلام کے واسطہ سے عمل میں آیا کہ اسے قلب رسول ﷺ پر اتارنے کی سعادت آپ کے حصے میں آئی اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد مبارک ہے

---

{1} مناھل العرفان ج 1 ص 39 {2} مناھل العرفان ج 1 ص 40

Marfat.com

نَزَلَ بِهِ ٱلرُّوحُ ٱلْأَمِينُ ﴿١٩٣﴾ عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ ٱلْمُنذِرِينَ ﴿١٩٤﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ﴿١٩٥﴾ ------{1}

''اسے روح الامین لے کر اترا تمہارے دل پر تا کہ تم ڈرسناؤ روشن عربی زبان میں''

## جبرائیل نے قرآن کس سے لیا اور اس کی کیفیت

یہ مسئلہ بھی اخبار غیب سے تعلق رکھتا ہے اس سلسلے میں جب تک معصوم نبی ﷺ سے کوئی صحیح دلیل نہ آئے انسان کسی رائے اور قیاس سے مطمئن نہیں ہوتا ذیل میں کچھ آراء واقوال کا ذکر کیا جارہا ہے عظیم محدث شارح مشکوۃ امام طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

لعلّ نزول القرآن على الملك ان يتلقفه تلقفاروحانياًاويحفظه من اللوح المحفوظ فينزل به على النبى ﷺ فيلقيه اليه---------{2}

''شاید فرشتے پر نزول قرآن کی یہ صورت تھی کہ وہ اسے روحانی طور پر اخذ کیا کرتا تھا یا پھر لوح محفوظ سے یاد کر کے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا کرتا تھا اس قول میں لعل شاید کا کلمہ مقصود تک لے جانے میں دلیل کا کام نہیں دے رہا۔

امام الماوری رحمہ اللہ سے ایک روایت یہ ملتی ہے کہ حافظ ملائکہ نے 20 راتوں میں قرآن مجید کو اجزاء کی صورت میں جبرائیل پر پیش کیا پھر جبرائیل نے

{1} شعراء:192/193 {2} مناھل العرفان ج1 ص40

Marfat.com

بیس سالوں میں اسے متفرق کر کے نبی اکرم ﷺ پر پیش کیا اس سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ جبرائیل علیہ السلام نے حفظ ملائکہ سے 20 اجزاء میں اسے اخذ کیا تھا مگر اس رائے پر بھی کوئی دلیل ظاہر نہیں کی گئی اس لیے یہ قول اور حکایت بھی اعتماد کے قابل نہیں۔

امام ابوبکر بیہقی شافعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے قول انا انزلناہ فی لیلۃ القدر سے مراد یہ ہے انا أسمعنا الملک وأفھمناہ ایاہ وأنزلناہ بماسمع---------{1}

''ہم نے فرشتے کو سنایا اور یہ کلام اسے سمجھایا اور پھر جو اس نے سنا تھا اسے اتارا''

اس قول سے ظاہر ہوا کہ جبرائیل علیہ السلام نے قرآن اللہ تعالیٰ سے سماعاً حاصل کیا تھا جبرائیل کا اللہ تعالیٰ سے قرآن اخذ کرنے کا پہلو سامنے رکھا جائے تو یہ قول تمام اقوال سے اشکل اور انصب نظر آتا ہے اس کی تائید امام طبرانی کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے کہ حضرت النواس بن سمعان ﷺ مرفوعاً راوی ہیں نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں---

اذاتکلم اللّٰہ بالوحی أخذت السماء رجفۃ شدیدۃ من خوف اللّٰہ فاذاسمع اھل السماء صعقواوخرّواسجّدافیکون اولھم یرفع رأسہ جبرئیل فیکلمہ اللّٰہ بوحیہ بما اراد فینتھی بہ الی الملائکۃ فکلما مربسماء سألہ اھلھاماذاقال ربناقال الحق فینتھی بہ حیث امر-------{2}

---

{1} مناھل العرفان ج1 ص41 {2} مناھل العرفان ج1 ص41

Marfat.com

''جب اللہ تعالیٰ وحی کے ساتھ کلام فرماتا ہے تو اس کے خوف سے آسمان میں شدید قسم کا لرزہ طاری ہو جاتا ہے جب آسمان والے سنتے ہیں تو بیہوش ہو کر سجدے میں گر جاتے ہیں ان میں سب سے پہلے حضرت جبرائیل اپنا سر بلند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے ارادے کے مطابق وحی کے ساتھ کلام فرماتا ہے جب وہ اسے لے کر ملائکہ کے پاس پہنچتا ہے تو وہ اس سے سوال کرتے ہیں ہمارے رب نے کیا فرمایا تو وہ کہتا ہے حق فرمایا پھر وہ اسے اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق پہنچا دیتا ہے مذکورہ اقوال سے کوئی بھی قول پیش نظر رکھا تو اس موضوع سے کوئی بڑی غرض تعلق نہیں رکھتی کیونکہ ہم بہرحال یہ یقین رکھتے ہیں کہ تنزیل قرآن کا مرجع صرف اللہ تعالیٰ کی ذات وحدہ لاشریک ہے۔

## روح الامین نے کیا نازل کیا

اس مقام پر یہ جاننا بھی بہت ضروری ہے کہ حضرت جبرئیل نے نبی اکرم ﷺ پر جو قرآن نازل کیا وہ حقیقی الفاظ تھے جو سورۃ فاتحہ کے اول سے لے کر سورہ ناس کے آخر تک معجزہ قرار پائے اور وہی الفاظ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے ان کی انشاء اور ترتیب میں جبرائیل اور نبی کریم ﷺ کو کوئی دخل نہ تھا بلکہ ان الفاظ کو جس نے اولاً مرتب کیا وہ اللہ تعالیٰ سبحانہ' ہی ہے اسی لیے یہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہوتے ہیں اگرچہ بعد میں انہیں جبرئیل، نبی اکرم ﷺ اور قیامت تک آنے والی مخلوق نے ان کا نطق کیا مگر بہر صورت یہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہی نسبت دیے جائیں گے جیسے کلام بشری اسی شخص کی طرف منسوب ہوتا ہے جو اولاً اسے اپنے جی میں انشاء اور ترتیب

دیتا ہے اگر چہ بعد میں اسے ہزاروں لاکھوں لوگ نطق کرتے رہیں بعض لوگ اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ جبرائیل نبی کریم ﷺ پر قرآن کے معانی کا انزال کرتے تھے اور پھر نبی اکرم ﷺ ان کو لغت عرب کے مطابق اپنے الفاظ سے تعبیر کیا کرتے تھے یا اللہ تعالیٰ حضرت جبرئیل پر صرف معانی کی وحی کو فرماتا تھا اور الفاظ جبرائیل کے ہوا کرتے تھے یہ دونوں باتیں باطل اور بے بنیاد ہیں اور کتاب وسنت اور اجماع کے سراسر خلاف ہے یہ کیسے ممکن ہیں کہ لفظ اللہ تعالیٰ کا نہ ہو مگر اسے منسوب اللہ تعالیٰ کی طرف کیا جائے ارشاد باری تعالیٰ ہے حتی یسمع کلام اللہ

حق بات تو یہ ہے اس قرآن کے سلسلے میں حضرت جبرائیل نے صرف اس کی حکایت اور اسے رسول اللہ ﷺ کی طرف وحی کیا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اسے حفظ کر کے اس کی حکایت اور تبلیغ کی ہے اور پھر اس کا بیان اور تفسیر فرمائی ہے اور پھر اس کی تطبیق وتنفیذ کا فریضہ انجام دیا ہے قرآن مجید میں بہت سارے مقامات پر ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ قرآن مجید جبرائیل علیہ السلام یا نبی اکرم ﷺ میں سے کسی کی بھی انشاء اور ترتیب نہیں مثلاً ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى ٱلْقُرْءَانَ مِن لَّدُنْ حَكِيمٍ عَلِيمٍ ﴿٦﴾ ---{1}

''اور بے شک تم قرآن سکھائے جاتے ہو حکمت والے علم والے کی طرف سے''

وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِم بِـَٔايَةٍ قَالُوا۟ لَوْلَا ٱجْتَبَيْتَهَا ۚ قُلْ إِنَّمَآ أَتَّبِعُ مَا يُوحَىٰٓ إِلَىَّ مِن رَّبِّى ۚ --------{2}

{1}النمل:6----{2}الاعراف203

Marfat.com

"اور اے محبوب ﷺ جب تم ان کے پاس کوئی آیت نہ لاؤ تو کہتے ہیں تم نے دل سے کیوں نہ بنائی سوتم فرمادو میں تو اسی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب سے وحی ہوتی ہے"۔

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ءَايَاتُنَا بَيِّنَـٰتٍ ۙ قَالَ ٱلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَآءَنَا ٱئْتِ بِقُرْءَانٍ غَيْرِ هَـٰذَآ أَوْ بَدِّلْهُ ۚ قُلْ مَا يَكُونُ لِىٓ أَنْ أُبَدِّلَهُۥ مِن تِلْقَآئِ نَفْسِىٓ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰٓ إِلَىَّ ۖ إِنِّىٓ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّى عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٥﴾ ------{1}

"اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ کہنے لگتے ہیں جنہیں ہم سے ملنے کی امید نہیں اس کے سوا اور قرآن لے آیئے یا اسی کو بدل دیجئے تم فرمادو مجھے نہیں پہنچتا کہ میں اسے اپنی طرف سے بدل دوں میں تو اسی کا تابع ہوں جو میری طرف وحی ہوتی ہے میں اگر اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے"۔

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ ٱلْأَقَاوِيلِ ﴿٤٤﴾ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِٱلْيَمِينِ ﴿٤٥﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ ٱلْوَتِينَ ﴿٤٦﴾ فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَـٰجِزِينَ ﴿٤٧﴾

{2}------

"اور وہ ہم پر ایک بات بھی بنا کر کہتے تو ضرور ہم بقوت ان سے بدلہ لیتے پھر ان کی رگ دل کاٹ دیتے پھر تم میں کوئی ان کا بچانے والا نہ ہوتا"۔

عبدالرسول منصور الازہری

---

{1} یونس:15 {2} الحاقہ:44

# قرآن مجید سے تحدّی

# پر تفسیری فوائد

Marfat.com

حضور قبلہ مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ آپ سے قرآن مجید سے تحدّی پر تفسیری فائدے کے حوالے سے وضاحت مطلوب ہے مہربانی فرما کر جواب مرحمت فرمائیں۔

محمد عاشق قادری

مدرس ادارہ مصباح القرآن ساہیوال پاکستان

یکم مئی 2006ء

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الاّ باللّٰہ

# الجواب

## قرآن مجید سے تحدّی پر تفسیری فائدہ

ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ ---------{1}

"اور اگر تمہیں کچھ شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے (خاص) بندے پر اتارا تو اس جیسی ایک صورت تو لے آو"

صاحب تفسیر کشاف علامہ جار اللہ زمخشری لکھتے ہیں کہ مثلہ کی ضمیر کا مرجع ما نزّلنا بھی ہو سکتا ہے اور عبدنا بھی اس آیہ مبارکہ کی تفسیر کرتے ہوئے امام تقی

{1} سورۃ بقرۃ:23

Marfat.com

الدین ابوالحسن السبکی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میرے نزدیک احسن اور افضل یہ ہے کہ مثلہ کی ضمیر کا مرجع عبدنا کو قرار دیا جائے گا اگرچہ بالخصوص ما نزّلنا کو مرجع بنانے سے یہ فی نفسہ منزّل (قرآن مجید) اور منزّل عنہ (اللہ جل مجدہٗ) کی صفت پر مشتمل ہوجاتا ہے مگر میرے قول کی بھی ایک معقول وجہ ہے اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ساتھ چار سورتوں میں تحدّی فرمائی ہے ان میں تین سورتوں کے اندر توفی ذاتہ قرآن کی صفت کے ساتھ تحدّی کی ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

قُل لَّئِنِ ٱجۡتَمَعَتِ ٱلۡإِنسُ وَٱلۡجِنُّ عَلَىٰٓ أَن يَأۡتُواْ بِمِثۡلِ هَٰذَا ٱلۡقُرۡءَانِ لَا يَأۡتُونَ بِمِثۡلِهِۦ وَلَوۡ كَانَ بَعۡضُهُمۡ لِبَعۡضٖ ظَهِيرٗا ﴿٨٨﴾ -------{1}

’’تم فرماؤ اگر آدمی اور جن اس بات پر متفق ہوجائیں کہ وہ اس قرآن کی مانند لے آئیں گے تو اس کی مثل نہ لاسکیں گے اگر چہ ان میں ایک دوسرے کا مددگار ہو‘‘

ارشاد باری تعالیٰ ہے

أَمۡ يَقُولُونَ ٱفۡتَرَىٰهُۖ قُلۡ فَأۡتُواْ بِعَشۡرِ سُوَرٖ مِّثۡلِهِۦ مُفۡتَرَيَٰتٖ

{2}--------

’’کیا یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے اسے جی سے بنالیا تم فرماؤ کہ تم ایسی بنائی ہوئی دس سورتیں لے آؤ‘‘

---

{1} بنی اسرائیل:88 {2} ہود:13

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ --------{1}

''کیا یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے اسے بنالیا ہے تم فرماؤ کہ اس جیسی ایک سورۃ لے آؤ''

ان دونوں آیتوں میں کلام کا سیاق بتا رہا ہے کہ ان میں مثلہ کی ضمیر کا مرجع قرآن مجید ہی ہے اسی لیے تو یہاں پر کلمہ من جو تبعیض اور ابتداء غایت پر دلالت کرتا ہے اسے ترک کر دیا گیا ہے اس کا یہاں پر ترک کر دینا اس بات کو معیّن کرتا ہے کہ ضمیر کا مرجع قرآن مجید ہے مگر سورہ بقرہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ -------{2}

اس مقام پر من ابتداء غایت کے لیے مذکور ہے اور مثلہ کی ضمیر نبی کریم ﷺ کی طرف راجع ہے جس سے اللہ جلّ مجدہٗ الکریم نے کفار ومشرکین کو پہلی تین سورتوں کے علاوہ ایک نئی قسم کے ساتھ بھی تحدّی فرمائی اس کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ اعجاز قرآن کے دو پہلو ہیں پہلا یہ کہ قرآن مجید کی فصاحت وبلاغت اور اس کا عروج اس حد تک پہنچا ہوا ہے کہ مخلوق کی قوتیں اور صلاحیتیں اس کو پانے سے عاجز اور قاصر ہیں اور دوسرا یہ کہ اس قرآن کا اس نبی اُمّی کی طرف سے آنا جو نہ لکھنا جانتا ہے اور نہ پڑھنا سورہ بقرہ میں اعجاز قرآن کا یہ دوسرا پہلو ہے جس کے ساتھ تحدّی کی گئی ہے ہمارے اس موقف کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ عبدنا اقرب ہے اور ضمیر کا اقرب مرجع کی طرف لوٹنا زیادہ احسن وافضل ہے نیز یہ امر بھی اس کو تقویت دے رہا ہے کہ عرب کو اس سے پہلے تحدّی کی جا چکی

{1} سورۃ یونس:38 {2} بقرہ:23

تھی اور وہ قرآن کی مثل سورت پیش کرنے سے عاجز و قاصر ہو چکے تھے کیونکہ سورہ یونس مکی ہے جب تمام اہل مکہ قرآن کی مثل لانے سے عاجز ہو گئے تو جو لکھنا اور پڑھنا ہی نہیں جانتا ایسے شخص کی طرف سے قرآن مجید کی مثل لانے سے تو وہ اور بھی زیادہ عاجز تھے لھٰذا احسن اور ارجح یہ ہے کہ مثلہ کی ضمیر صرف عبدنا کی طرف راجع کی جائے تا کہ تحدّی بالقرآن کے ساتھ تحدّی بالنبی ﷺ بھی ثابت ہو جائے---{1}

عبدالرسول منصورالازہری

ریڈنگ برطانیہ

{1} فتاویٰ السبکی ص 17 ج الکشاف زمخشری جاءاللہ

Marfat.com

# القرآن اور الکتاب نیز
# نظم و معنیٰ میں اعجاز قرآن

Marfat.com

سیدی وسندی استاذی المحترم سلام مسنون کے بعد قرآن مجید سے متعلق چند امور کی وضاحت مطلوب ہے براہ کرم اپنے قلم حق رقم سے تحریر فرما کر شاد کام کریں کیا القرآن اور الکتاب ایک ہی چیز ہے یا ان میں مغائرت ہے قرآن مجید کی اصول فقہ کے علماء نے کیا تعریف کی ہے قرآن کلام ہے اور کلام کی کتنی قسمیں ہیں؟
قرآن مجید کو لغت عرب میں کیوں نازل کیا گیا اور اعجاز قرآن صرف نظم سے متعلق ہے یا نظم اور معنی دونوں سے؟ والسّلام متّعنا اللّٰہ بطول حیاتکم۔

استفتاء از

علامہ حافظ مہر جان چشتی

خطیب منچن آباد بہاولنگر پاکستان

بتاریخ 31 دسمبر 2005 بروز ہفتہ

ماشاء اللّٰہ لا قوّۃ الاّ باللّٰہ

## الجواب

علماء اصول فقہ کی تحقیق کے مطابق مختار قول یہ ہے کہ قرآن اور کتاب متغائر نہیں بلکہ مترادف ہیں یہ کلام الٰہی ہی کے دو نام ہیں ارشاد باری تعالیٰ ہے

إِنَّا سَمِعْنَا قُرْءَانًا عَجَبًا ﴿١﴾ -------{1}

''بے شک ہم نے عجیب قرآن سنا''

{1}الجن:1

دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے

إِنَّا سَمِعْنَا كِتَـٰبًا أُنزِلَ مِنۢ بَعْدِ مُوسَىٰ -------{1}

''بے شک ہم نے ایسی کتاب سنی جو موسیٰ علیہ السلام کے بعد اتاری گئی''

یہی کتاب اور قرآن اُم الدّلائل ہے اور اسی میں تمام احکام شریعت کا شافی بیان ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ ٱلْكِتَـٰبَ تِبْيَـٰنًا لِّكُلِّ شَىْءٍ --------{2}

''اور ہم نے آپ پر وہ کتاب نازل کی جو ہر شئی کو خوب بیان کرتی ہے''

حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

لیست تنزل بأحدنازلة فی الدنیاالّا وفی کتاب اللّٰہ الدّلیل علیٰ سبیل الھدیٰ فیھا --------{3}

''جب کسی کے ساتھ اس دنیا میں کوئی حادثہ پیش آتا ہے تو کتاب اللہ میں اس پر رہنمائی کے لئے دلیل ہوتی ہے''

معروف اصولی اور مفسّر قرآن علامہ بدرالدین زرکشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

القرآن بول کر معنی قائم بالنّفس جو اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے جس پر متلو (تلاوت کیا ہوا) کلام دلالت کرتا ہے اور الفاظ مقطعہ مسموعہ مراد لیے جاتے ہیں اور اصول فقہ میں قرآن کی تعریف اس انداز سے بھی کی گئی ہے

---

{1} احقاف:30 {2} نحل:89 {3} الرسالۃ امام شافعی ص20 بحر المحیط فی اصول الفقہ بدرالدین زرکشی ص356 ج 1

Marfat.com

هوالكلام المنزّل للاعجازبآيةمنه المتعبّدبتلاوته-----{1}

''یہ وہ کلام ہے جسے اپنی ایک آیت کے ساتھ عاجز کردینے کے لیے نازل کیا گیا ہے اوراس کی تلاوت کے ساتھ عبادت منسلک کی گئی ہے''

اس تعریف میں لفظ منزّل کہنے سے کلام نفسی خارج ہوگئی کیونکہ وہ نازل نہیں کی جاسکتی اور الفاظ اگرچہ حقیقۃً نزول کوقبول نہیں کرسکتے مگران کے نزول سے مجاز صوری مرادلیا جاتا ہے اور للاعجاز کہنے سے نبی اکرم ﷺ کے ماسویٰ جوکلام حضرت موسیٰ علیہ السلام اورعیسیٰ علیہ السلام پرنازل کیا گیا تھا وہ خارج ہوگیا نیز احادیث نبویہ بھی خارج ہوگئیں کیونکہ اس کلام کے ساتھ اعجاز کا قصد نہیں کیا گیا بے شک یہ کلام بھی منزّل من اللہ ہے جیسا کہ حضرت امام شافعی نے بھی اس بات کی تصریح کی ہے بأنّ السّنة منزّلة كالكتاب قال اللّٰه تعالى

''کتاب اللہ کی طرح سنت رسول اللہ ﷺ کوبھی نازل کیا گیا ہے''

جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَمَا يَنطِقُ عَنِ ٱلْهَوَىٰٓ ﴿٣﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْىٌ يُوحَىٰ ﴿٤﴾

{2}--------

''اوروہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے وہ تو نہیں مگروحی جوانہیں کی جاتی ہے''

اور بآية منه اس کی ایک آیت کے ساتھ عاجز کردیا گیا یہاں کسی ایک صورت کا ذکر کیوں نہیں کیا اصولی علماء کرام نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ سب سے

{1}بحرالمحیط زرکشی ج 1 ص 357 {2}النجم:3/4

Marfat.com

چھوٹی سورت تین آیات پر مشتمل ہے جبکہ تحدی اور عاجز کرنے کا چیلنج ان سے بھی قلیل

کے ساتھ واقع ہوا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَلۡيَأۡتُواْ بِحَدِيثٖ مِّثۡلِهِۦٓ --------{1}

''تو اس جیسی ایک بات تو لے آئیں''

اور متعبّد بتلاوتہ کے لفظ سے کلام الٰہی کا وہ حصہ خارج ہو گیا جس کی

تلاوت منسوخ کردی گئی ہے--------{2}

## کلام اور اس کی اقسام

جمہور اشعری علماء کے نزدیک کلام حروف مسموعہ اور معنیٰ ءنفسی کے درمیان

مشترک ہے یعنی ان ہر دو پر کلام کا اطلاق اشتراک کے طور پر ہوتا ہے مگر ان دونوں

پر اصلاً کلام کا اطلاق اشتراک نہیں بلکہ حقیقت ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَيَقُولُونَ فِيٓ أَنفُسِهِمۡ لَوۡلَا يُعَذِّبُنَا ٱللَّهُ بِمَا نَقُولُ ----{3}

''اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں اللہ ہمیں عذاب کیوں نہیں کرتا ہمارے اس کہنے پر''

وَأَسِرُّواْ قَوۡلَكُمۡ أَوِ ٱجۡهَرُواْ بِهِۦٓۖ -------{4}

''اور تم بات آہستہ کہو یا آواز سے''

اور ایک قول یہ بھی ہے کہ کلام کا اطلاق نفسی پر حقیقت اور لسانی پر مجاز کے

طور پر ہوتا ہے۔

---

{1} الطور:34 {2} البحر المحیط زرکشی ج1 ص356 {3} المجادلہ:8 {4} الملک:13

امام ابوالحسن اشعری رحمہ اللہ کے نزدیک کلام نفسی دو مفردوں کے درمیان اس نسبت کا نام ہے جو متکلم کی ذات کے ساتھ قائم ہوتی ہے دو مفردوں کے درمیان نسبت سے آپ کی مراد یہ ہے کہ ایک مفرد کا دوسرے مفرد سے تعلق اور ایک کی دوسرے سے اضافت اسناد افادی کے طور پر ہوتی ہے یعنی اس نسبت کو اگر کسی ایسے لفظ کے ساتھ جو اس کے مطابق ہو تعبیر کیا جائے تو وہی لفظ اسناد افادی کا کام دیتا ہے پھر اس نسبت کا متکلم کے ساتھ قائم ہونے کا معنی یہ ہے کہ کوئی شخص جب کسی دوسرے شخص سے کہتا ہے مجھے پانی پلا تو ان الفاظ کے تلفظ سے پہلے اس کے نفس میں تین طرح کا تصور پیدا ہوتا ہے پلانے کی حقیقت، پانی کی حقیقت اور ان کے درمیان طلبی نسبت یہی وہ کلام نفسی ہے جو قائم بالنفس ہے اور اس کا یہ قول کہ تو مجھے پانی پلا اس کی تعبیر اور اس پر دلیل ہے--------{1}

## امام قرافی اور معنی کلام نفسی

کلام نفسی کا معنی اس انداز سے سمجھا جاسکتا ہے کہ ہر عاقل اس کے نفس میں امر نہی ایک دو کا نصف ہے اور حدوث عالم کی خبر پائی جاتی ہے فی نفسہ یہ غیر مختلف ہے پھر اس تصور اور مفہوم کو جب وہ مختلف عبارات اور زبانوں میں تعبیر کرتا ہے تو یہ کلام لفظی ہے اور جو غیر مختلف ہے وہ کلام نفسی ہے تو کلام نفسی اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ قائم ہے اس خاص علم کو سمع کا نام بھی دیا جاتا ہے کیونکہ حواس کا ادراک تو وہ علوم خاصۃ ہیں جو مطلق علم سے اخص ہیں چنانچہ ہر احساس علم ہے مگر ہر علم احساس نہیں جب یہ علم

{1} بحرالمحیط امام زرکشی ج1 ص358

Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نفس میں پایا گیا جو اس کلام نفسی کے ساتھ متعلق تھا جو ذات باری تعالیٰ کے ساتھ قائم تھی تو اس علم کو لغت میں اس کے موضوع لہ معنیٰ پر سماع کا نام دے دیا گیا اسی بنیاد پر امام غزالی رحمہ اللہ نے اپنے عقائد میں یہ قول ظاہر کیا ہے کہ جو سماع موسیٰ علیہ السلام کو ایسی کلام پر رکھتا ہے جو آواز اور حروف کے بغیر تھی اسے روز قیامت ذات باری تعالیٰ کی زیارت پر بھی یقین ہونا چاہیے کہ وہ بھی جسم اور عرض کے بغیر ممکن ہوگی-------{1}

## لغت عرب میں قرآن مجید کا انزال

اللہ کریم جل مجدہٗ نے امنا آخری کلام قرآن مجید لغت عربی میں نازل فرمایا ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَمَآ أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِۦ -------{2}

''ہم نے ہر رسول کو اس کی قوم کی زبان کے ساتھ بھیجا امام ابن السمعانی رحمہ اللہ نے اس مقام پر ایک اچھا سوال کر کے اس کا عمدہ جواب دیا ہے آپ فرماتے ہیں کہ سابقہ انبیاء کرام علیہم السلام کو خاص طور پر ان کی قوم کی طرف مبعوث کیا گیا تھا تو انہیں اس قوم کی زبان کے ساتھ ہی بھیجنا جائز اور مناسب دکھائی دیتا ہے جبکہ ہمارے نبی کریم ﷺ کو تو تمام امم اور اقوام عالم کی طرف مبعوث کیا گیا ہے تو پھر آپ کو صرف لغت عرب کے ساتھ کیوں مبعوث کیا گیا اس کا جواب یہ ہے کہ اگر آپ کو تمام اقوام کی زبان کے ساتھ مبعوث کیا جاتا تو یہ عرف اور کلام کی معروف عادت

---

{1} بحر المحیط امام زرکشی ج1 ص358 {2} سورہ ابراہیم:4

سے خارج بات تھی بلکہ مستحیل اور ناممکن تھا کہ قرآن مجید کا ہر کلمہ ہر زبان کے ساتھ تکرار کے طور پر ذکر کیا جاتا لھذا آپ کو بعض کی زبان کے ساتھ مبعوث ہونا ہی منشاء الٰہی تھا اور اس کے لئے عربی زبان جو اپنی وسعت اور فصاحت و بلاغت کے معیار سے ہر زبان سے زیادہ استحقاق رکھتی تھی اس کا انتخاب کیا گیا امام شیخ جمال الدین بن مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں قرآن مجید کو عموماً حجازیوں کی لغت کے مطابق نازل کیا گیا جبکہ اس کے قلیل حصے میں بنی تمیم کی لغت کا بھی لحاظ رکھا گیا لغت بنی تمیم کی ایک مثال ادغام ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَمَن يُشَاقِّ ٱللَّهَ فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ ﴿٤﴾ --------{1}

مَن يَرۡتَدَّ مِنكُمۡ عَن دِينِهِۦ --------{2}

نافع اور ابن عمر کے علاوہ دیگر قراُ حضرات کا موقف یہ ہے کہ مجرور اور امر مضاعف میں ادغام کرنا بنی تمیم کی لغت ہے اور ادغام نہ کرنا اہل حجاز کی۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَلۡيَكۡتُبۡ وَلۡيُمۡلِلِ--------{3}

يُحۡبِبۡكُمُ ٱللَّهُ --------{4}

يُمۡدِدۡكُمۡ --------{5}

وَمَن يُشَاقِقِ --------{6}

---

{1} حشر:4 {2} مائدہ:54 {3} بقرۃ:282 {4} آل عمران:31 {5} آل عمران:125 {6} نساء:115

Marfat.com

مَن يُحَادِدِ ٱللَّهَ ----------{1}

وَٱسۡتَفۡزِزۡ -----{2}

فَلۡيَمۡدُدۡ -------{3}

وَٱحۡلُلۡ --------{4}

ٱشۡدُدۡ بِهِۦٓ أَزۡرِى ﴿٣١﴾ -------{5}

وَمَن يَحۡلِلۡ عَلَيۡهِ -------{6}

چنانچہ قرا حضرات نے الا اتباع الظن ------{7} میں نصب پر اجماع کیا ہے کیونکہ حجازیوں کی لغت کے مطابق استثناء منقطع میں نصب کا التزام رکھا گیا ہے جبکہ بنی تمیم اسے لازم نہیں سمجھتے اسی طرح ماھٰذا بشرا ----{8} میں بھی نصب پر اجماع ہے کیونکہ قرآن مجید اہل حجاز کی لغت کے مطابق نازل کیا گیا ہے۔

## نظم و معنی میں اعجاز قرآن

اہل علم و دانش اس بات پر اتفاق و اجماع رکھتے ہیں کہ کتاب اللہ معجز ہے کیونکہ عرب اس کا مقابلہ کرنے سے عاجز ہو گئے تھے مگر علماء کرام نے اس کے سبب میں اختلاف کیا ہے کہ کیا اس کا مقابلہ نہ ہونا اس لیے تھا کہ یہ کتاب معجز ہے یا اللہ تعالیٰ نے انہیں اس پر قدرت پانے اور مقابلے کی ہمت رکھنے کے باوجود روک دیا تھا کہ کسی کام پر قدرت کے باوجود کسی کو وہ کام نہ کرنے دینا اہل علم کی زبان میں صرف قرار پاتا ہے پہلا قول جمہور علماء کا ہے دوسرا معتزلہ کی طرف منسوب ہے اعجاز قرآن کے

{1} توبہ:63 {2} بنی اسراء:64 {3} مریم:75 {4} طٰہٰ:27 {5} طٰہٰ:31 {6} طٰہٰ:81 {7} النساء:157 {8} یوسف:31

Marfat.com

سلسلے میں تیسرا قول یہ بھی ہے کہ کلام عرب تمام اسالیب پر مستزاد اس میں وہ اسلوب ہے جو ان کے درمیان ان کی لغت میں موجود نہیں ہے کیونکہ ان کی لغت رجز، شعر، رسالہ، خط اور منظوم ومنثور کلام میں منحصر ہے جبکہ قرآن مجید اس اسلوب سے خارج ہے گویا یہ دور عیسیٰ علیہ السلام میں مردوں کو زندہ کرنے کے اعجاز پر دکھائی دیتا ہے کیونکہ اس وقت میں حاذق طبیبوں کو مریضوں کو درست کرنے کا دعویٰ تھا مگر مردوں کو زندہ کرنے کا دعویٰ نہ تھا تو آپ نے ان سے بڑھ کر مردوں کو زندہ فرمادیا اسکی دوسری مثال حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا مبارک ہے امام بدرالدین زرکشی شافعی رحمہ اللہ نے اعجاز قرآن پر ایک چوتھا قول بھی ذکر کیا ہے

الاعجاز فی بلاغته وجزالته وفصاحته المجاوزة لحدود جزالة كلام العرب-------{1}

''اعجاز قرآن اس کی فصاحت وبلاغت اور اس کے اعلیٰ معیار میں ہے جو کلام عرب کی حدوں سے گزرا ہوا نظر آتا ہے'' مگر امام الحرمین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اعجاز قرآن کے سلسلہ میں مختار قول یہ ہے کہ جزالت وفصاحت کے ساتھ اس کا اسلوب بیان کلام عرب کے اسالیب سے منفرد اور خارج دکھائی دیتا ہے جبکہ جزالت اور اسلوب دونوں الفاظ سے تعلق رکھتے ہیں اور معنی لفظ کے تابع ہیں اور لفظ ہی متبوع ہے اسی لئے نماز کے فرض کو ادا کرنے کے لیے قرآن مجید کا ترجمہ اس کے لفظ کے مقام پر قائم نہیں ہوسکتا اہل علم کی معروف رائے کے مطابق قرآن مجید اعجاز نظم اور معنی دونوں سے

---

{1} البحر المحیط فی اصول الفقہ ج1 ص360 طبع بیروت لبنان

Marfat.com

تعلق رکھتا ہے علوم القرآن کے فن پر لکھی جانے والی کتابوں میں اس مسئلہ پر تفصیلی مباحثہ موجود ہے علامہ سیوطی مصری کی الاتقان فی علوم القرآن ،امام زرکشی شافعی کی البرهان فی علوم القرآن ،امام زرقانی مصری کی مناهل العرفان فی علوم القرآن کا مطالعہ مفید ثابت ہوگا۔

عبدالرسول منصور الازہری

1 جنوری 2006ء

باب سوم

# نبوّات

Marfat.com

# نبی کریم ﷺ کے نسب کے حوالے سے
# دو احادیث کی فنی ومعنوی حیثیت

Marfat.com

علامہ قبلہ مفتی عبدالرسول منصور الازہری زید مجدک نبی کریم ﷺ کی دوحدیثوں کی فنی اور معنوی حیثیت اورر وضاحت مطلوب ہے امید واثق ہے آپ خصوصی توجہ سے اس مسئلہ پر روشنی ڈال کر ممنون کریں گے۔

محمد سلیمان نقشبندی
ونسن گرین برمنگھم
5اپریل2005ء

1 قال رسول اللّٰہ ﷺ کلّ سبب ونسب منقطع یوم القیامۃ الّاسببی ونسبی۔

2 قال رسول اللّٰہ ﷺ کل ولدآدم فانّ عصبتھم من ابیھم ماخلاولدفاطمۃ فانّی اناأبوھم وعصبتھم۔

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

معنی حدیث۔۔۔

''رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے ہر رشتہ اور نسب قیامت کے دن ٹوٹ جائے گا سوا میرے رشتہ اور میری نسب کے''۔

''رسول اللہ ﷺ کا رشاد ہے تمام اولاد آدم کی رشتہ داری ان کے باپ کی

Marfat.com

طرف سے ہے سوا اولاد فاطمہ کے کیونکہ ان کا عصبہ اور باپ میں ہوں''

## حدیث کی فنّی حیثیت

محدّث عبداللہ محمد الصدیق الغماری مصری رحمہ اللہ نے اس حدیث کی روایت اور سند پر جو کام کیا ہے آئندہ سطور میں اسے نقل کیا جا رہا ہے آپ لکھتے ہیں اس حدیث کو ابو صالح المؤذن نے اپنی اربعین میں فضل الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا ہے اور حافظ حدیث ابو محمد عبدالعزیز بن الاخضراء نے بھی اس حدیث کی روایت کی ہے ان دونوں حضرات کی اس روایت حدیث کا طریق یہ ہے

عن شریک القاضی عن شبیب بن غرقدة عن المستظلّ بن حصن عن عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه عن النبی ﷺ قال کلّ سبب ونسب منقطع یوم القیامة الا سببی ونسبی وکلّ ولد آدم فانّ عصبتهم لأبیهم ماخلا ولد فاطمة فأنا ابوهم وعصبتهم

''محدّث ابو نعیم اصبہانی نے اس حدیث کو المعرفہ میں بشر بن المهر ان کے طریق سے سند سابق کے ساتھ روایت کیا ہے محدّث ابن السّمان نے المستظل کے طریق سے اس حدیث کو نقل کیا ہے...... المستظل فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کی بیٹی حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا رشتہ مانگا تو آپ نے ان کی صغر سنی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ میں اپنے خیال میں اس کا رشتہ اپنے بھتیجے جعفر رضی اللہ عنہ سے کرنا چاہتا ہوں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ سے عرض کیا اللہ کی قسم

Marfat.com

میرا ارادہ شادی کرنے کا نہیں بلکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا آپ ارشاد فرماتے تھے کہ قیامت کے دن ہر رشتہ اور ہر نسب ٹوٹ جائے گا سوا میرے رشتہ اور نسب کے ہر عورت کی اولاد کی رشتہ داری ان کے باپ سے ہوتی ہے سوا اولاد فاطمہ کے ان کا عصبہ اور باپ میں ہوں''

اس حدیث کے رجال اور رواۃ موثق اور معتمد ہیں شریک وہ راوی ہے جس سے امام بخاری نے بھی استشہاد کیا ہے اور امام مسلم نے المتابعات میں اس کی روایت کی ہے شبیب بن غرقد سے بھی محدثین کی ایک جماعت نے استدلال کیا ہے اور المستظل کو امام ابن حبان نے ثقات میں شمار کیا ہے ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری اور امام ابوبکر بیہقی شافعی نے اس حدیث کی روایت میں یہ طریق اپنایا ہے وھیب بن خالدعن جعفر بن محمدعن أبیه عن علی بن الحسین رضوان اللہ علیھم ......عن ابن اسحاق حدّثنی ابوجعفر الباقر عن ابیه علی بن الحسین رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھم اجمعین

''امام زین العابدین ﷺ فرماتے ہیں جب حضرت عمر ﷺ نے سیدہ ام کلثوم بنت علی المرتضیٰ سے نکاح کیا تو قبر اور منبر نبوی کے درمیان میں موجود مہاجرین کی ایک مجلس میں تشریف لائے تو انہوں نے آپ کے لئے خیر و برکت کی دعا کی تو آپ نے ان سے کہا کہ اللہ کی قسم ام کلثوم سے شادی کا سبب نبی کریم ﷺ کا یہ قول ہے میں نے سنا تھا کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ قیامت کے دن ہر رشتہ اور ہر نسب............امام بیہقی

Marfat.com

فرماتے ہیں یہ حدیث حسن اور مرسل ہے محدّث مصر الغماری فرماتے ہیں اس حدیث کے تمام رجال صحیح حدیث کی شرط پر ہیں ابن اسحاق رحمہ اللہ جب حدّث کا لفظ بولیں تو وہ ثقہ ہوتا ہے---------{1}

بہر حال حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حضرت ام کلثومؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے شادی کا باعث یہی وہ حدیث مذکور ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مستفیض اور مشہور ہے جسے امام حاکم نے مستدرک میں اور ابن السکن نے الصحیح اور امام ضیاء الدین المقدسی نے المختارہ میں نقل کیا ہے علامہ ابن السکن اور المقدسی نے تو یہ بھی نقل کیا ہے کہ اہل بیت نبی ﷺ سے اس نسبت کے حاصل ہونے پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تعظیماً واکراماً سیدہ ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اس موقع پر چالیس ہزار درھم مہر کے طور پر پیش کیا تھا اس مسئلہ پر حافظ ابن کثیر شامی نے اپنی کتاب جامع المسانید میں اس خبر کے طرق کو بیان کر کے جو سعی بلیغ کی ہے اہل علم کے لیے وہی کافی ہے۔

## اس حدیث پر ایک اشکال

مذکورہ بالا حدیث ...... ''کہ قیامت کے روز میرے رشتہ اور میرے نسب کے سوا ہر نسب منقطع ہو جائے گی'' اللہ تعالیٰ کے قول

{2}----------

فَإِذَا نُفِخَ فِي ٱلصُّورِ فَلَآ أَنسَابَ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَئِذٖ وَلَا يَتَسَآءَلُونَ ﴿١٠١﴾

{1} مجلۃ الاسلام 21 صفر 1357ھ حاشیہ مشکل الآثار طبعہ حیدر آباد دکن الہند {2} المومنون: 101

Marfat.com

''اور جب صور پھونکا جائے گا تو نہ ان میں رشتے رہیں گے اور نہ ایک دوسرے کی بات پوچھے''

اور دیگر ایسی آیات واحادیث جو اس معنی پر دال ہیں (کہ قیامت کے دن کوئی رشتہ اور نسب نہ رہے گا) سے تعارض اور مخالفت رکھتی ہے اس حدیث اور آیہ مبارکہ کے درمیان اجتماع اور مطابقت کیسے ہوگی اس اشکال کا جواب دیتے ہوئے محدث الغماری المصری رحمہ اللہ نے جو عنوان بنایا وہ اسے ھل ینفع الشریف نسبہ کیا سید (نسل رسول اللہ ﷺ سے تعلق رکھنے والا فرد) کو اسکی نسب نفع دے گی سے تعبیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں حدیث اور آیہ کریمہ کے درمیان جمع اور تطبیق سے پہلے ہم اس سلسلے میں اس معنی پر مشتمل ان آیات اور احادیث کو رقم کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے قول لا انساب بینھم سے ملتی جلتی ہیں۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُواْ رَبَّكُمْ وَٱخْشَوْاْ يَوْمًا لَّا يَجْزِى وَالِدٌ عَن وَلَدِهِۦ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَالِدِهِۦ شَيْـًٔا ----------{1}

''اے لوگو اپنے رب سے ڈرو اور اس دن کا خوف کرو جس میں کوئی باپ اپنے بچہ کے کام نہ آئے گا نہ کوئی بچہ اپنے باپ کو نفع دے گا''۔

يَوْمَ تَكُونُ ٱلسَّمَآءُ كَٱلْمُهْلِ ﴿٨﴾ وَتَكُونُ ٱلْجِبَالُ كَٱلْعِهْنِ ﴿٩﴾ وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ﴿١٠﴾ يُبَصَّرُونَهُمْ ----------{2}

---

{1} سورہ لقمان 33 {2} المعارج 11/10/9/8

Marfat.com

''جس دن آسمان ہوگا جیسے گلی چاندی اور پہاڑ ایسے ہلکے ہو جائیں گے جیسے اون اور کوئی دوست کسی دوست کی بات نہ پوچھے گا ہوں گے انہیں دیکھتے ہوئے''۔

كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ﴿٢١﴾ ---------{1}

''سب آدمی اپنے کیے میں گرفتار ہیں''

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ ﴿٣٣﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ﴿٣٤﴾ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ﴿٣٥﴾ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ﴿٣٦﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ﴿٣٧﴾

{2}----------

''پھر جب آئے گی وہ کان پھاڑنے والی چنگھاڑ اس دن آدمی بھاگے گا اپنے بھائی اور ماں اور باپ اور بیوی اور بیٹوں سے ان میں سے ہر ایک کو اس دن ایک فکر ہے کہ وہی اسے بس ہے''۔

## اس معنی پر مشتمل چند احادیث مبارکہ

صحیح مسلم اور سنن اربعہ میں حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے من نفس عن مؤمن كربة من كرب الدنيا نفس الله عنه كربة من كرب يوم القيامة ......ومن أبطأ به عمله لم يسرع به نسبه ''جس نے کسی مومن کی دنیا کی کوئی پریشانی دور کی اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کی کوئی پریشانی دور کرے گا......اور جسے اس

---

{1} الطور:21 {2} سورہ عبس:33/37

Marfat.com

کے عمل نے پیچھے کر دیا اسے اس کی نسب آگے نہ کرے گی"

امام احمد اور امام بیہقی حضرت عقبہ بن عامر سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں

ان انسابکم لیست بسباب علیٰ احد وانما انتم ولد آدم طف الصاع لم تملؤه لیس لأحد فضل علیٰ احد الا بدین اوعمل صالح

"تمہاری نسبوں کی وجہ سے کسی کو کسی پر کوئی فضیلت نہیں تم سب اولاد آدم ہو پیمانے میں کمی ہے جسے تم بھر نہ سکو گے کسی کو کسی پر کوئی فضیلت نہیں سوا دین یا نیک عمل کے"

امام البزّار اور طبرانی حضرت ابو سعید الخدری سے مرفوعاً راوی ہیں

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے

انّ ربّکم واحد واباکم واحد فلا فضل لعربی علی أعجمی ولا لأحمر علی أسود الّا بالتّقویٰ انّ اباکم واحد ودینکم واحد ابوکم آدم وآدم من تراب

"بے شک تمہارا رب ایک ہے اور تمہارا باپ ایک ہے کسی عربی کو عجمی پر اور سرخ کو کالے پر سوا تقویٰ کے کوئی فضیلت نہیں تمہارا باپ آدم ہے اور آدم مٹی سے ہے"

ابوداؤد، ترمذی اور بیہقی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں

عن النبی ﷺ قال انّ اللّٰہ عزّوجلّ اذھب عنکم عیبة الجاھلیة وفخرھا بالآباء الناس بنوآدم وآدم من تراب مؤمن تقی وفاجر شقیّ لینتھینّ اقوام یفتخرون برجال

Marfat.com

انمـاهـم فحم من فحم جهنّم اولیکوننّ اهون علی الله من الجعلان التی تدفع النتن بأنفها

''نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تم سے جاہلیت کی برائی اور آباؤاجداد پر فخر کرنے کے عیب کو ختم کر دیا لوگ آدم کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے ہیں مومن صاحب تقویٰ ہے اور فاسق بخت ہے قومیں اپنے آباء کے ساتھ فخر کرنے کے سے باز رہیں وہ تو جھنم کے کوئلے ہیں یا وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے ان سیاہ کیڑوں سے بھی زیادہ بے وقعت ہیں جو اپنے ناک سے بدبو کو دور کرتے ہیں''

امام طبرانی اپنی کتاب الصغیر اور الاوسط میں اور امام بیہقی حضرت ابوہریرہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں

اذاكـان يـوم الـقيـامة امـر الـلّـه مناديا ينادى الاانّى جعلت نسبـاً وجـعـلـتـم نسبـاًفجعلت اكرمكم اتقاكم فابيتم الاّأن تـقـولـوافـلان بن فلان خير من فلان بن فلان فاليوم أرفع نسبى وأضـع نـسبكم اين المتّقون

''قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک منادی ندا دے گا آگاہ ہو جاؤ ایک نسب میں نے بنائی اور ایک تم نے میں نے تم سے زیادہ تقویٰ اور خوف الٰہی رکھنے والے کو سب پر معزز بنایا مگر تم نے انکار کر دیا اور کہا کہ فلاں بن فلاں فلاں بن فلاں سے افضل ہے آج میں اپنی نسب کو اونچا اور تمہاری نسب کو نیچا کرتا ہوں متقی اور پرہیز گار بندے کہاں ہیں''

امام بیہقی اور حاکم نے اس حدیث کو ان الفاظ سے روایت کیا ہے

ان اللّٰہ تعالیٰ یقول یوم القیامۃ أمرتکم فضیّعتم ماعھدت الیکم ورفعتم أنسابکم فالیوم أرفع نسبی وأضع نسبکم أین المتقون این المتّقون انّ اکرمکم عنداللّٰہ اتقاکم

''اللہ تعالیٰ قیامت کے روز فرمائے گا میں نے تم سے جو عہد و پیمان لیا تھا تم نے اسے ضائع کر دیا اور تم نے اپنے نسبوں کو ہی اونچا کیا آج میں اپنی نسب کو اونچا اور تمہاری نسب کو نیچا کر دوں گا کہاں ہیں متّقی لوگ کہاں ہیں متّقی لوگ اللہ تعالیٰ کے حضور تم سے زیادہ وہی معزز و افضل ہے جو تم سے زیادہ تقویٰ والا ہے''۔

امام طبرانی حبیب بن فراش العصفری سے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا المسلون اخوۃ لافضل لأحدالا بالتقویٰ

''مسلمان سب بھائی بھائی ہیں کسی کو کسی پر تقویٰ اور پرہیزگاری کے سوا کوئی فضیلت نہیں''۔

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ حضرت ابوذر غفاری ﷺ سے راوی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا

أنظر فانک لست بخیر من أحمرولاأسودالّاأن تفضلہ بتقویٰ ''غور کرو تو کسی سرخ اور کالے سے افضل نہیں مگر یہ کہ تجھے اس پر تقویٰ میں برتری حاصل ہو''۔

اس مقصد پر سب سے زیادہ صحیح اور صریح وہ حدیث ہے جو مسلم اور بخاری

Marfat.com

میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ فرماتے ہیں جب آیہ مبارکہ

وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ ٱلْأَقْرَبِينَ ﴿٢١٤﴾

''اور اپنے اقرباء رشتہ دروں کو ڈراؤ''

نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے عام وخاص قریشیوں کو بلایا اور ان سے کہا

یامعشر قریش انقذ واانفسکم من النار یامعشربنی عبدالمطلب انقذ وانفسکم من النار یافاطمة بنت محمدانقذی نفسک من النارفانی واللّٰہ لااملک لکم من اللّٰہ من شئ الاأنّ لکم رحماسأبلھاببلالھا

''اے جماعت قریش اپنی جانوں کوآگ سے بچاؤ اے جماعت عبدالمطلب اپنی جانوں کوآگ سے بچاؤ اے فاطمہ بنت محمد ﷺ اپنی جان کوآگ سے بچا بے شک میں اللہ کی قسم تمہارے لیے اللہ کی طرف سے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں البتہ تم سے ایک رشتہ ہے جس کی تری اور نمی کا میں خیال رکھوں گا۔

## حدیث اور آیہ مبارکہ میں جمع وتطبیق کی صورتیں

پہلی صورت: یہ حدیث کہ قیامت کے روز میرے رشتہ اور نسب کے علاوہ ہر رشتہ اور نسب ٹوٹ جائے گا نبی اکرم ﷺ کے خصائص اور ممیزات پر رکھی جائے گی امام بیہقی نے سنن کبریٰ امام جلال الدین سیوطی نے الخصائص اور امام قسطلانی نے المواھب میں اسی صورت کواختیار کیا ہے ان حضرات کے علاوہ بھی وہ علماء عظام جنہوں نے آپ کے خصائص ومعجزات پر کتب تصنیف کی ہیں اس حدیث کا یہی مصداق تسلیم کیا ہے نیز اس حدیث مبارک میں اس خصوصیت کی طرف اشارہ بھی

Marfat.com

موجود ہے اور وہ ہے الا سببی و نسبی پر اضافت اور یہ اضافت تمییز و تخصیص پر دلالت کر رہی ہے کیونکہ یہ کل سبب و نسب کے عموم کے بعد آ رہی ہے اور اللہ تعالیٰ کا قول

فَإِذَا نُفِخَ فِي ٱلصُّورِ فَلَآ أَنسَابَ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَئِذٖ

"جب صور پھونکا جائے گا تو اس روز ان کی نسبتیں ختم ہو جائیں گی"

یہ وہ عموم ہے جو نبی کریم ﷺ کو شامل نہیں ہے اس موقف کی تائید تواتر کے ساتھ آنے والی ہے ان احادیث مبارکہ سے بھی ہو رہی ہے جو آپ کے ان فضائل و خصائص پر شاہد ہیں جن میں کوئی نبی مرسل اور مقرب فرشتہ بھی آپ کے ساتھ شریک و سہیم نہیں ہے مثلاً شفاعت عظمیٰ، حوض کوثر، اولاد آدم پر سیادت مطلقہ آپ کا قائد المرسلین امام النبین اور ان کا خطیب ہونا آپ ہی صاحب مقام محمود ہوں گے۔ آپ کے دست رحمت میں حمد باری تعالیٰ کا پرچم ہوگا سب سے پہلے آپ جنت کے دروازے پر دستک دیں گے آپ سے پہلے کوئی نبی جنت میں نہ جائے گا جب تک آپ کی امت جنت میں داخل نہ ہوگی اس کے دروازے تمام امتوں پر بند رہیں گے آپ کی امت سے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے آپ اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے رہیں گے اور وہ آپ کو عطا فرماتا رہے گا آپ شفاعت کریں گے جسے قبولیت ملتی رہے گی حتیٰ کہ ابلیس لعین کو بھی آپ کی شفاعت کا طمع اور حرص ہوگا۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ندا آئے گی

ارضیت یا محمد

Marfat.com

''اے مجمع مکارم اخلاق تو راضی ہو چکا''

تو آپ عرض کریں گے

أی ربّ رضیت

''اے میرے پروردگار میں راضی ہوں''

حتیٰ کہ دوزخ کا انچارج (مالک) پکار اٹھے گا

یامحمد ماترکت لغضب ربک فی امتک من الشئی

''اے محمد ﷺ آپ نے اپنی امت کے بارے میں اپنے رب کا سارا غصہ ختم کر ڈالا''

اس عظیم دن میں آپ کے اور بھی بے شمار خصائص و کمالات ہوں گے جن میں آپ کے نسب کا اتصال بھی شامل ہے کہ جب تمام اسباب وانساب منقطع ہو جائیں گے تو آپ کے نسب مبارک کا اتصال بھی آپ کی عظمت وامتیاز کا باعث ہوگا۔

محدّث مصر علامہ الغماری فرماتے ہیں

وایّ میزة تکون لہ صلّی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم اذاکان کغیرہ من آحادالناس یفرّالمرء من اخیہ وامّہ وابیہ وصاحبتہ وبنیہ واذاکان العالم الصالح شفیع فی اقاربہ واصحابہ کماوردفماظنّک بسیّدالعلماء-------{1}

''جب آپ ﷺ کو بھی عام لوگوں کی طرح رکھا اور سمجھا جائے کہ آدمی اپنے بھائی اپنی ماں اور اپنے باپ اور اپنی والدہ سے بھاگے گا تو اس میں آپ کی کیا خصوصیت

{1} مجلۃ الاسلام 21 صفر 1357ھ

Marfat.com

اور امتیازی شان ہوگی جب ایک صالح اور متقی عالم اپنے اقرباء اور اصحاب کی شفاعت کرے گا تو سید العلماء ﷺ کے متعلق تمہارا کیا ظن اور گمان ہے"۔

## اس موقف پر اعتراض اور اس کا جواب

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں یہ حدیث مروی ہے......

یافاطمة أنقذی نفسک من النّار فانّی لااملک من اللّٰه شیئاً

"اے فاطمہ اپنے آپ کو آتش دوزخ سے بچا کہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں"

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے

سمعت رسول اللّٰه ﷺ جهاراغیر سرّ یقول ان آل ابی لیسوالی بأولیاء وانّما ولی اللّٰه وصالح المؤمنین ولکن لهم رحم سأبلّها ببلالها......

"امام بخاری اور امام مسلم نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اعلانیہ نبی کریم ﷺ سے سنا کہ میرے ماں باپ کی آل میرے اولیاء نہیں میرا ولی تو اللہ تعالیٰ اور صالح مؤمن ہیں البتہ میرا ان کے ساتھ رشتہ ہے جس کی تری اور نمی کا میں خیال رکھوں گا"۔

پہلی حدیث سے یہ بات واضح ہو رہی ہے کہ آپ اپنے اہل بیت کے معاملہ میں کسی نفع کے مالک اور مختار نہیں ہیں اور دوسری حدیث سے یہ ثابت ہو رہا ہے کہ

Marfat.com

اگر آپ کے آباء میں سے کوئی صالح مؤمن نہیں تو وہ آپ کا ولی نہیں۔

اس سلسلہ میں گزارش یہ ہے کہ ان احادیث سے جو مفہوم معترض نے اخذ کیا ہے معاملہ اس کے برعکس ہے اس کی تفصیل آئندہ جواب سے واضح ہو رہی ہے پہلی حدیث کے جواب میں تین وجوہات ہیں۔

پہلی وجہ: حدیث پاک نے اصلیت اور حقیقت کی خبر دی ہے کہ آپ ﷺ بالذات کسی کے لیے نفع اور نقصان کے مالک نہیں مگر یہ مفہوم اس امر کے منافی نہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے اقارب کے نفع کے سلسلہ میں شفاعت خاصہ وعامہ دے کر اس کا مالک بنا دے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ایسا کیا ہے تو معنی یہ ہوا کہ آپ اسی چیز کے مالک ہیں جس کا آپ کو مولیٰ تعالیٰ نے مالک بنایا ہے اس مقام پر محدث الغماری رحمہ اللہ نے کتنی خوب بات کہی ہے۔

آپ نبی اکرم ﷺ کے قول

لااغنی عنکم من اللّٰہ شیئاً

"میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے معاملے میں کوئی نفع نہیں دے سکتا"

کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں

أی بمجرّدنفسی من غیرمایکرمنی اللّٰہ بہ من شفاعة ومغفرة من أجلی وقداکرمہ اللّٰہ بذالک --------{1}

"یعنی محض اپنی ذاتی حیثیت سے میں تمہیں کوئی نفع نہیں دے سکتا البتہ

---

{1} حاشیہ مشکل الآثار ج1 ص123

Marfat.com

اگر اللہ تعالیٰ مجھے شفاعت و مغفرت کے شرف سے مشرّف فرمادے تو یہ الگ بات ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منصب و مقام سے بہرہ ور فرمایا ہے''۔

پھر آپ ﷺ نے اپنے کلام کو مطلق رکھا اور کسی قید سے مقیّد نہ کیا تو اس کی حکمت اس مقام کا تقاضا تھا کیونکہ یہ مقام تخویف اور عمل پر ابھارنے کا محل تھا کہ آپ کے اہل بیت دیگر لوگوں سے تقویٰ اور خشیّت الٰہی میں اعلیٰ درجہ پر فائز رہیں امام محبّ طبری رحمہ اللہ نے بھی یہی معنی بیان کیا ہے

دوسری وجہ: یہ اس وقت کی بات ہے جب آپ ﷺ کو یہ علم نہ تھا کہ آپ اپنی نسب کی بنیاد پر اپنے اقارب و اهل بیت کی شفاعت اور نفع رسانی کا کام کریں گے امام السید سمہودی علیہ الرحمہ نے بھی یہ تاویل کی ہے اس کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ یہ حدیث اللہ تعالیٰ کے قول وأنذر عشيرتك الأقربين

''اور اپنے اقرباء رشتہ داروں کو ڈراؤ''

کے موقعہ پر وارد ہوئی اور یہ آپ کی بعثت کا اول دور تھا۔

تیسری وجہ: اس بات سے آپ کے اپنے اقرباء کو شرک سے بچانا اور ڈرانا مقصود تھا اور معنی یہ تھا کہ اگر انہوں نے شرک کیا یا وہ جوان میں مشرک ہے اور اپنے شرک پر ہی قائم رہا تو میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے نفع کا مالک نہ بنوں گا۔ کیونکہ مشرک کو میری شفاعت سے کوئی حصہ نہ ملے گا اگرچہ وہ میرا خاص الخاص قریبی ہی کیوں نہ ہو اس کے لیے تو خلود فی النار ہوگا۔

اس معنی کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ جس وقت یہ حدیث وارد

Marfat.com

ہوئی اس وقت آپ کے اقارب کی اکثریت شرک وکفر کی حالت میں تھی نیز اس معنیٰ کی تقویت کے لیے یہ امر بھی کافی ہے کہ آپ کا یہ خطاب ان میں سے کسی خلاص اور معیّن جماعت کی طرف نہ تھا جیسا کہ صحیحین کی روایت سے بھی ثابت ہوتا ہے بلکہ آپ کے اقارب مومن اور مشرک کے لیے عام تھا تو اس خطاب کو ایک ہی وتیرہ پر رکھا جائے گا کہ اس سے شرک وکفر سے تحذیر مقصود تھی --------{1}

**دوسری حدیث** کہ میرے اقارب میرے ولی نہیں میرا ولی تو اللہ تعالیٰ اور صالح مومن ہیں اس حدیث سے ولایت کی نفی ہو رہی ہے اور ولایت یہ وہ خاص وصف ہے جو خصوصی عنایت اور رعایت کا مقتضی ہے اور یہ (نفی ولایت) آپ کے رشتہ وقرابت اور گنہگار اہل بیت کے نفع وشفاعت کے حصول کی نفی کو مستلزم نہیں کیونکہ ولایت خاص وصف ہے اور خاص کی نفی سے عام کی نفی لازم نہیں آتی اور اس مقام پر آپ کی شفاعت سے انتفاع کا ثبوت عام ہے جس کی طرف حدیث مبارک کا یہ استثناء

ولٰکن لھم رحم سأبلّھا ببلالھا

''لیکن ان کے ساتھ رشتہ وقرابت ہے جس کی نمی وتری کا مجھے خیال ہے''

......بھی اشارہ کر رہا ہے۔

امام الخطّابی رحمہ اللہ نے بـبـلال کو دنیاوی صلہ رحمی پر محمول کرنے کے بعد اسے اخروی صلہ پر بھی منطبق کیا ہے آپ لکھتے ہیں کہ سید عالم ﷺ کے قول سأبلّھا ببلالھا کا معنیٰ یہ ہے کہ اشفع لھا یوم القیامۃ ''

---

{1} حاشیہ مشکل الآثار ج 1 ص 123 طبعہ حیدر آباد دکن ہند

Marfat.com

''میں قیامت کے روز اس رشتے کی شفاعت کروں گا''

پھر اس معنی کی تائید آپ کی اس صحیح حدیث سے بھی ہوتی ہے

شفاعتی لأهل الكبائر من أمّتی

''میری امت کے اہل کبائر کے لیے میری شفاعت ہوگی''

یہ حدیث ثابت کر رہی ہے کہ آپ کی امت کے وہ لوگ جو گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوں گے ان کے لیے بھی آپ کی شفاعت ہوگی حالانکہ وہ بھی تو آپ کے ولی نہیں کیونکہ آپ کے ولی اللہ تعالیٰ اور صالح مومن ہیں۔

**تیسری حدیث** امام مسلم رحمہ اللہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے

ومن ابطأبه عملهٔ لم یسرع به نسبه

''جس شخص کو اس کے عمل نے پیچھے کر دیا اسے اس کی نسب آگے نہ کرے گی''

اس فرمان نبوی سے ثابت ہو رہا ہے کہ نسب کی بنیاد پر کسی کا کوئی فائدہ نہ ہوگا اس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ نسب عمل کے قائم مقام ہوتی ہے اور صاحب نسب خواہ کتنا ہی کوتاہ عمل اور کاہل ہو وہ اسے مقربین کے درجات میں پہنچادے گی بلکہ ہم اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تقرب طاعات وعبادات میں سعی واجتھاد پر ہی منحصر ہے عبادت وطاعت الٰہی میں جو غفلت وکوتاہی کرے گا تو اس کی کو اس کی حسب ونسب پوری نہ کر سکے گی چنانچہ سابقہ دلائل کی روشنی میں ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ نسب کو بھی شفاعت رسول ﷺ کے سلسلے میں دخل ہے کیونکہ قرابت صلہ رحمی اور نسب میں رأفت وشفقت کا تقاضا ہے کہ آپ ﷺ اپنے اہل

Marfat.com

بیت کو بھی اس نعمت وکرم سے بہرہ ور فرمائیں گے کیونکہ آپ صلہ رحمی اور قرابت داروں کے ساتھ رعایت اور حسن سلوک کرنے میں سب سے اونچے مرتبے پر فائز ہیں حتیٰ کہ قیامت کے روز جب سب لوگ نفسی نفسی پکاریں گے تو آپ کی زبان اطہر پر اُمتی اُمتی کے کلمات ہوں گے اس بے پناہ رحمت وشفقت کے پیش نظر بھلا آپ اپنے اہل بیت کو چھوڑ دیں گے...... اس مسئلہ پر تفصیلات کے لیے علامہ علوی بن طاہر الحداد الحضرمی کی کتاب القول الفصل فیما لبنی هاشم وقریش والعرب من الفضل کا مطالعہ مفید رہے گا۔

## عظیم محدّث عبداللہ نوح کے قلم حق رقم سے تبصرہ

وأقول انّی اعتقد انّ المسیئ من اهل البیت مغمور فی ضمن محسنهم فأحذر یا أخی ان تمنّی النفس فی بغضهم بمایرمی به بعضهم من الابتداع ومجانبة الاتّباع کما وقع مثلا لحکام الدولة الفاطمیّة حیث رماهم بعض المؤرخین بکلّ عظمیة وبرّأهم بعضهم الآخر منها بل لوفرضنا صحّة ذالک فهٰذا لا یخرجهم عن دائرة الذریة ولا النسبة النبویة والوالد العاق لا یمنع من الارث والانتساب والشفاعة انما تکون لذوی الجنایة بل قال بعض الائمة لایخرج احد من اهل البیت رأی من الدنیا حتیٰ یطهر من من الدّنس المعنوی بمرض ونحوه وقد قال رسول

Marfat.com

اللہ ﷺ تجاوزوا عن مسيئتهم نعم محل ذالک فی غير الحدود وحقوق الآدميين فمن آتی منهم بمايوجب حداًأقمناعليه كالتّائب اذا بلغ الحاكم أمره وقدزنیٰ أوسرق مثلاًفانّه يقيم الحدّ عليه وان تحقّقناتوبته وانّه مغفورله--------{1}

''میرا اعتقاد یہ ہے کہ اہل بیت کے خطادار کو ان کے نیکوکار کے ضمن میں رکھ کر ڈھانپ دیا جائے اے میرے بھائی اس فکر سے بچ کہ نفس ان کے بغض وعناد میں مبتلا ہو کر ان میں سے بعض پر بدعت اختیار کرنے اور ان سے کنارہ کشی کرنے کا طعن والزام کردے جیسا کہ فاطمی حکومت کے حکام کے ساتھ یہ سلوک کیا گیا تھا کہ کچھ مورخین نے تو ان پر ہر ہر قبیح اور کبیرہ گناہ کا الزام عائد کر دیا اور کچھ مورخین نے انہیں ان منکرات سے بری قرار دیا بالفرض اگر ہم اسے صحیح بھی تسلیم کرلیں تو یہ چیز انہیں اولا د رسول اور نسبت نبوی ﷺ سے تو خارج نہیں کرے گی نافرمان بیٹے کو اس کے حق وراثت اور انتساب سے تو منع نہیں کیا جاسکتا پھر شفاعت بھی تو مجرموں کے لیے ہوگی بلکہ کچھ ائمہ اسلام نے تو یہاں تک کہا ہے کہ اہل بیت کا کوئی فرد بھی دنیا سے نہیں جائے گا جب تک کہ وہ مرض وغیرہ سے معنوی میل کچیل سے پاک نہ ہولے گا اور خود رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ اہل بیت کے خطا کاروں سے درگزر کرو مگر اس کا معنی یہ ہے کہ حدود اور حقوق العباد کے علاوہ ان سے درگزر کرو چنانچہ ان میں سے اگر کسی نے ایسا فعل کیا جو موجب حد تھا تو ہم توبہ کرنے

---

{1}الامام المہاجر عبداللہ نوح ص 211/212 ،الدرر النقیہ فی فضائل ذریۃ خیر البریۃ ص 52

Marfat.com

والے کی طرح اس پر حد قائم کریں گے اور حاکم وقت کے پاس جب اس کا مقدمہ پیش ہو کہ اس نے چوری یا بدکاری کی ہے تو وہ اس پر حد ضرور جاری کرے گا اگر چہ ہم اس کی توبہ کو مسلّم اور اسے مغفور تسلیم کریں گے''

اس کے بعد امام عبداللہ نوح رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں کہ اگر کسی کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہو کہ سادات کی عالی نسبی بعض کے لیے فخر و غرور اور ترک عمل کا سبب بھی تو ہو سکتی ہے کہ وہ اپنی نسب پر اعتماد کرتے ہوئے اس عمل کے مرتکب ہو جائیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ اہل بیت کے علماء اور ان کے قائمین بالأ مر اس بات کو ہم سے زیادہ جانتے ہیں المشرع الرّوی کتاب کے مؤلف اس کے مقدمہ کے اختتام پر اہل بیت کو بالخصوص اس اُمر کی تاکید کرتے ہیں کہ وہ علوم شرعیہ کی تحصیل اخلاق نبویہ سے تزئین اور صفات ذمیمہ سے اجتناب کا مکمل اہتمام کریں کیونکہ اہل بیت سے قبیح عمل کا صدور ان کے غیر سے زیادہ قبیح و شنیع ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت عباس ﷛ نے اپنے بیٹے حضرت عبداللہ ﷛ کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا تھا۔

یابنیّ انّ الکذب لیس باحدمن ھٰذہ الامّة أقبح منه بی وبک وباھل بیتک یابنیّ لایکون شیٔ ممّاخلق احبّ الیک من طاعته ولااکرہ الیک من معصیته فانّ اللّٰه عزّوجلّ ینفعک بذالک فی الدنیاوالآخرۃ--------{1}

''اے میرے بیٹے اس امت کے کسی فرد کو جھوٹ بولنا اتنا برا نہیں جتنا مجھے تجھے اور تیرے گھر والوں کے حق میں برا ہے اللہ تعالیٰ کی پوری مخلوق میں سب سے زیادہ تجھے

اس کی اطاعت اور بندگی مقصود ہونی چاہیے اور کوئی چیز اس کی معصیت اور نافرمانی سے تجھے زیادہ مکروہ نہیں ہونی چاہیے کیونکہ اس عمل سے تجھے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں نفع دے گا''

محدّث عبداللہ نوح رحمہ اللہ اس کتاب کے آخر میں ارشاد فرماتے ہیں ......ہم اہل بیت سے محبت اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی نسبت سے کرتے ہیں چنانچہ امام ترمذی رحمہ اللہ راوی ہیں کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ایک روز غضبناک حالت میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا ما اغضبک ''کس چیز نے آپ کو غضبناک کر دیا'' تو آپ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ قریش کا ہمارے ساتھ کیسا رویہ ہے کہ جب وہ آپس میں ملتے ہیں تو خوش وخرم چہروں کے ساتھ اور جب ہم سے ان کی ملاقات ہوتی ہے تو وہ یکسر بدلے ہوتے ہیں جب آپ نے یہ بات سنی تو ناراض ہوئے یہاں تک کہ آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا اور فرمایا

والّذی نفسی بیده لایدخل قلب رجل الایمان حتّی یحبّکم للّٰه ولرسوله ......یاایها الناس من آذی عمّی فقدآذانی فانّما عم الرّجل صنو أبیه قال هٰذاحدیث حسن صحیح --------{1}

''مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کسی

{1} الدررالنقیہ فی فضائل ذریۃ خیرالبریۃ ص52 مکتبۃ حضرموت یمن

Marfat.com

شخص کے دل میں ایمان داخل نہ ہوگا جب تک وہ تم سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لیے محبت نہ کرے گا اے لوگو جس نے میرے چچا کو تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف دی بے شک آدمی کا چچا اس کے باپ کی جڑ سے ہوتا ہے''۔

عبدالرسول منصور ازھری

7 ربیع الاول 1426ھ

{1} مسند احمد، مستدرک حاکم، امام المہاجر عبداللہ نوح 231/228

Marfat.com

# عصمت انبیاء

علیہم الصلوٰۃ والسلام

قبلہ استاذی المکرّم اہلسنّت وجماعت کے عقیدہ ومسلک کے مطابق مسئلہ عصمت انبیاء کرام علیھم السلام پر مختصر اور جامع بیان رقم فرما کر ممنون کریں

متعنا اللّٰہ عزّوجلّ بطول حیاتکم وافاض علینا من برکاتکم۔

استفتاء از

علامہ حافظ مہر جان چشتی

خطیب منچن آباد بہاولنگر پاکستان

بتاریخ 22 اگست 2005ء

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الاّ باللّٰہ

# الجواب

اہلسنت وجماعت کے جلیل القدر علماء اور محدّثین کا اجماعی عقیدہ اور قطعی موقف آئندہ سطور میں تحریر کیا جا رہا ہے۔

## امام تقی الدین سبکی شافعی رحمہ اللہ متوفٰی 756ھ

قولہ رب اغفرلی ..... الذی نختارہ ان الأنبیاء علیھم السّلام معصومون من الکبائر والصغائر عمداً وسھواً وتقریرہ مذکور فی اصول الدین ذالک وانما قال سلیمان

علیه السلام ذالک جریاعلیٰ عادة الانبیاء علیهم السلام والصّالحین فی تقدیمهم امرالآخرة علیٰ أمرالدنیاو تواضعاوسلوکاللأدب مع الله تعالیٰ وجعل ذالک توطئة ومقدّمة لقوله وهب لی ملکاوان هبة الملک له ایضاً من امرالدّین ----------{1}

''حضرت سلیمان علیہ السلام کا یہ قول اے میرے پروردگار تو مجھے معاف کردے'' اس مسئلہ پر ہمارا مختار موقف یہ ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام تمام صغیرہ وکبیرہ گناہوں سے عمداً وسہواً معصوم ہیں اس بحث کی تفصیل اصول دین میں مرقوم ہے۔ تو حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام کا یہ قول انبیاء کرام علیہم السلام اور صالحین کی عادت کے مطابق قرار پاتا ہے کہ وہ آخرت کے معاملے کو دنیا کے معاملے پر مقدم رکھتے ہیں اور جناب الٰہی میں ادب کے پیش نظر تواضعاً یہ انداز اختیار کرتے ہیں چنانچہ آپ نے یہ قول اپنے قول ''اور تو مجھے ملک وحکومت عطا فرما'' کے لیے تمہید اور مقدمہ کے طور پر کہا تھا اور آپ کو حکومت کا ھبہ ہونا بھی امور دین سے تعلق رکھتا ہے''۔

قاضی دمشق ومصر، مجتہد ومفسّر امام ابوالحسن تقی الدین السبکی الشافعی رحمہ اللہ کی مذکورہ کلام سے ثابت ہوا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی ذوات قدسیہ ہر صغیرہ وکبیرہ گناہ سے عمداً وسہواً معصوم ہوتی ہیں۔

---

{1} فتاویٰ السبکی ج 1 ص 106 طبعہ دار المعرفہ بیروت لبنان

Marfat.com

## قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی رحمہ اللہ متوفی 544ھ

اجمع المسلمون علیٰ عصمة الانبياء عليهم السلام من الفواحش والكبائر الموبقات ومستند الجمهور فی ذالک الاجماع وهومذهب القاضی أبی بكرومنعها غيره بدليل العقل مع الاجماع وهوقول الكافة واختاره الاستاذ ابواسحاق---------{1} وكذالک لاخلاف انهم معصومون من كتمان الرسالة والتقصيرمن التبليغ وذكر الاجماع علیٰ عصمتهم عن الصغيرة التی تؤدی الیٰ ازالة الحشمة وتسقط المرؤة وتوجب الخاسة بل يلحق بهٰذا من قبيل المباح فأدیٰ الیٰ مثل ذالک مايزری بصاحبه وينفّرالقلوب عنه وذكرايضاًقبل هٰذاعصمة الانبياء عليهم السلام من الصّغائرواختاره واحتج عليه------{2}

''اہل اسلام کا اس بات پر اجماع ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام تمام کبیرہ گناہوں اور ہلاک کرنے والی برائیوں سے معصوم اور منزّہ ہیں اس مسئلہ پر جمہور کی سند اور دلیل ان کا اجماع ہے اور یہی قاضی ابوبکر رحمہ اللہ کا بھی مذہب ہے ان کے علاوہ اہل علم نے عقلی دلائل کے ساتھ بھی اس پر اجماع کیا ہے یہی علماء کی اکثریت کا

{1} ابواسحاق ابراہیم بن محمد اسفرائینی شافعی مجتہد صاحب التصانیف رحمہ اللہ

{2} الروض الباسم ابن الوزیر صنعانی یمنی ج1 ص179 الشفاء فی تعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ

Marfat.com

قول ہے اور استاذ ابواسحاق کا بھی یہی پسندیدہ موقف ہے نیز اس بات پر بھی کسی کا خلاف نہیں کہ یہ حضرات قدسیہ رسالت کے چھپانے اور تبلیغ احکام میں تقصیر وکوتاہی سے معصوم ہیں پھر ان کی عصمت پر اس مسئلہ پر بھی اجماع ہے کہ ان کا دامن ہر اس صغیرہ گناہ سے بھی پاک ہوتا ہے جو شرم وحیاء کے زائل کرنے، مروت ومردانگی کے گرانے اور خست وکمینگی کے اظہار کا باعث بنتا ہے بلکہ اس کے ساتھ وہ مباح کام بھی لاحق کیا جاتا ہے جس سے کرنے والے کو شرمساری کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس سے دل نفرت کرتے ہیں اور انبیاء کرام علیہم السلام کا صغیرہ گناہوں سے معصوم ہونا نبوت سے پہلے بھی ہے اور یہی مستند اور مختار قول ہے''۔

## امام فخر الدین محمد بن عمر رازی صاحب تفسیر الکبیر متوفی 606ھ

والذی نقول به انه لم یقع منهم ذنب علیٰ سبیل القصد لا صغیر ولا کبیر واما السهو فقد وقع منهم بشرط ان یتذکّروه فی الحال وینبّهوا غیرهم علیٰ ان ذالک کان سهواً وقد سقت هٰذه المسئلة فی علم الکلام ومن اراد الاستقصاء فعلیه بکتابنا فی عصمة الانبیاء علیهم السلام واللّٰه تعالیٰ اعلم---------{1}

''اس مسئلہ پر ہمارا قول یہ ہے کہ ان انبیاء کرام علیہم السلام سے قصداً اور ارادۃً نہ کوئی صغیرہ گناہ ہوا ہے اور نہ کوئی کبیرہ جہاں تک کہ سھو ونسیان کا تعلق ہے

{1} المحصول امام رازی، روض الباسم ابن الوزیر یمانی ج1 ص179

Marfat.com

تو ایسی حالت میں ان سے گناہ کا صدور ہو سکتا ہے مگر اس شرط کے ساتھ کہ وہ اسی حال میں اس پر توجہ کریں اور لوگوں کو اس بات پر آگاہ کر دیں کہ یہ ان سے سہواً ہوا ہے اس مسئلہ کی تفصیل مطلوب ہو تو ہماری کتب عصمت الانبیاء کا مطالعہ مفید رہے گا"۔

واللہ تعالیٰ اعلم

امام رازی رحمہ اللہ کے قول اور موقف کے مطابق انبیاء کرام کی ذوات قدسیہ سے سہواً نسیان کی صورت میں گناہ کا صدور ممکن ہے مگر وہ بھی مشروط طور پر لیکن ان حضرات پر سہواً نسیان کی حالت طاری کرنے میں اللہ تعالیٰ کی حکمت بلیغ کیا ہے اور اس میں امت کے لیے کتنی خیر و برکت مستور ہے اللہ اعلم بالصواب

اس مسئلہ پر ایک حدیث مبارک سے بھی رہنمائی ملتی ہے

قال رسول اللہ ﷺ لم أنس ولکن أنسی لأسنّ--------{1}

"رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے میں بھولتا نہیں بلکہ بھلایا جاتا ہوں تا کہ میں سنت اور طریقہ پیدا کروں"۔

## شارح مسلم امام یحیٰ بن شرف نووی شافعی رحمہ اللہ متوفی 676ھ

ان الانبیاء علیھم السلام معصومون من تعمّدالذنوب من صغیرھاوکبیرھا---------{2}

"انبیاء کرام علیھم الصلوٰۃ والسلام عمداً تمام صغیرہ وکبیرہ گناہوں سے محفوظ ہوتے ہیں"۔

{1} فیض الوھاب فی بیان اھل الحق ومن ضل عن الصواب ج 5 ص 86 محدث مصر عبد ربہ بن سلیمان رحمہ اللہ المنان

{2} الروضۃ امام نووی شافعی، الروض الباسم ابن وزیر صنعانی یمانی رحمہ اللہ ج 1 ص 179

Marfat.com

## ابن الحاجب رحمہ اللہ متوفی 646ھ

الاجماع علیٰ عصمتهم بعد الرّسالة من تعمّد الكذب صغيرها وكبيرها والاجماع علیٰ عصمتهم من الكبائر وصغائر الخسّة---------{1}

''رسالت کا شرف پانے کے بعد ان حضرات کی عصمت پر اجماع ہے کہ ان سے عمداً صغیرہ وکبیرہ جھوٹ کا صدور نہیں ہوتا نیز ان کی کبائر اور گھٹیا صغائر سے عصمت پر بھی اجماع منعقد ہے''۔

## ابوعبداللہ ذہبی شافعی رحمہ اللہ

ومازال المصطفى محفوظا محروسا قبل الوحى وبعده ولو احتمل جواز ذالك فبالضرو ة ندرى انه كان ياكل ذبائح قريش قبل الوحى وكان ذا ك على الاباحة وانما توصف ذبائحهم بالتحريم بعد نزول الآية كما ان الخمرة كانت على الاباحة الىٰ ان نزل تحريمها بالمدينة المنورة بعد يوم احد والذى لاريب فيه انه كان معصوما قبل الوحى وبعده وقبل التشريع من الربا قطعاً ومن الخيانة والزور والكذب والسكر والسجود لوثن والاستقسام بالازلام ومن الرذائل والسفه وبزاء اللسان وكشف العورة ولم يكن يطوف عريانا ولا يقف يوم عرفة مع قومه بمزدلفة بل كان

{1} مختصر المنتھی لابن حاجب عثمان بن عمر رحمہ اللہ

Marfat.com

یقف بعرفة---------{1}

"مصطفٰی علیہ السلام وحی سے پہلے اور وحی کے بعد معصوم ومحروس رہے اور اگر اس چیز کے جواز کا احتمال لیا جائے تو ہم یقین سے جانتے ہیں کہ آپ ﷺ قریش مکہ کے ذبح شدہ جانور وحی سے پہلے کھایا کرتے تھے اور اس کی بنیاد اباحت تھی کہ ان حالات میں ان کے ذبیحہ کا کھانا آپ کے لیے مباح تھا کیونکہ ان کے ذبائح کو محرّم قرار دیا جانا آیت کریمہ کے نزول کے بعد تھا جیسا کہ شراب نوشی بھی اباحت پر محمول تھی یہاں تک کہ اس کی تحریم مدینہ منورہ میں غزوۂ احد کے بعد نازل ہوئی اس بات میں کسی شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں کہ آپ ﷺ وحی سے قبل اور وحی کے بعد سود کے شرعی حکم سے قبل نیز خیانت، وعدہ خلافی ،جھوٹ، شراب نوشی، بتوں کو سجدہ کرنا، تیروں سے قسمت کا حال معلوم کرنا، تمام رذیل صفات، کم عقلی، بدزبانی، شرم گاہ کا کھولنا ایسی تمام صفات قبیحہ سے معصوم تھے اور آپ طواف کعبہ بھی عریاں ہوکر نہیں کیا کرتے تھے اور یوم عرفہ کو اپنی قوم کے ساتھ مزدلفہ میں نہیں بلکہ میدان عرفات میں ہی ٹھہرا کرتے تھے۔

## امام عبدالوھاب شعرانی مصری شافعی رحمہ اللہ متوفٰی 973ھ

فان قلت ماالمرادبقوله تعالٰی

لِّيَغْفِرَ لَكَ ٱللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنۢبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ

{2}----------

فالجواب: كماقاله الشيخ فى الجواب الخامس والخمسين

{1} سیر اعلام النبلاء امام ذھبی شافعی، الروض الباسم ابن وزیر صنعانی ج1 ص179 {2} فتح: 2

Marfat.com

من الباب الثالث والسبعين من الفتوحات ان المرادبھٰذاالخطاب وجميع العتاب الذى عاتب الله تعالیٰ به نبيه ﷺغيره من الامة نحويا ايها النبى

لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ ---------{1}

لَقَدْ كِدتَّ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا ﴿٧٤﴾----{2}

فكان من فتوته ﷺتحمّل عن امته صولة الخطاب بالعتاب والتوبيخ فالخطاب لهٗ والمراد به غيره ......فخاطب الرسول والمرادمن ارسل اليه بالحث عليه

{3}---------

''اگر تو یہ سوال کرے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول ۔۔۔تا کہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے ۔۔۔تو اس کا جواب یہ ہے جسے سیدی شیخ محی الدین ابن عربی رحمہ اللہ نے اپنے کتاب فتوحات مکیّہ کے 73ویں باب کے اندر تحریر کیا ہے کہ اس خطاب اور وہ تمام تر عتاب جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ سے فرمایا ہے سے مراد آپ کی امت ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے اے نبی اگر تو نے خدا کا شریک کیا تو ضرور تیرا سب کیا دھرا اکارت جائے گا تو قریب تھا کہ تم اس کی طرف تھوڑا سا جھکتے ۔۔۔ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ

---

{1}زمر:65 {2}اسراء:74

{3}الیواقیت والجواہر فی بیان عقائد الاکابر امام عبدالوہاب شعرانی مصری ج2 ص14

کوخطاب کیا ہے مگر مراد مرسل الیہ( آپ کی امت ) ہے یہ آپ ﷺ کی مردانگی اور بلند ظرفی ہے کہ آپ ﷺ نے اپنی امت کی طرف سے خطاب بالعتاب کی صولت اورزورکو برداشت کیا بہر حال خطاب آپ کے لیے اور مراد آپ کا غیر ہے۔"

شیخ موصوف رضی اللہ عنہ اسی کتاب کے 324 ویں باب میں مزید اس مسئلہ پر کلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں

واستغفر لذنبک .... المراد بالذنب مایخطر ببال العبد من طلب معرفة ماھوالحق تعالیٰ علیه من الحقیة التی لاتعرف فی الدارین والمرادبذنبه ﷺ ذنب امته فھوالمخاطب والمراد غیره ھٰذاھواللائق بمقامه ﷺ......أنّ محمّداً ﷺ لم یزل معصوماً عن کلّ مایتقص مقامه الاکمل قبل النّبوة وبعدھا---------{1}

اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ تم اپنی امت کے گناہوں کی معافی چاہو تو اس ارشاد میں ذنب سے مراد بندے کے دل میں گزرنے والا وہ کھٹکا ہے جو اللہ تعالیٰ کی حقیقت کی معرفت کی طلب کے سلسلہ میں پیدا ہوتا ہے جسے دارین کے اندر پہچانا بھی نہیں جاسکتا اور ذنب جو نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب کیا گیا ہے اس سے آپ کی امت کا ذنب مراد ہے مخاطب آپ ﷺ کی ذات مگر مراد آپ کا غیر ہے یہی مقام آپ کے مقام رفیع کے لائق ہے بہر حال آپ ہر اس نقص سے جو آپ ﷺ کے مقام اکمل

{1} الیواقیت والجواہر ج1 ص58 امام عبدالوھاب شعرانی شافعی رحمہ اللہ

Marfat.com

وارفع کے لائق نہیں نبوت سے پہلے اور نبوت کے بعد معصوم رہے ہیں''۔

## علامہ عبدالباقی زرقانی شارح مواھب لدنیہ رحمہ اللہ متوفی 1122ھ

فانہ ﷺ وسائر الانبیاء معصومون قبل النبوۃ وبعدھا عن الکبائر والصغائر البتۃ---------{1}

''بے شک آپ ﷺ اور دیگر تمام انبیاء علیہم السلام قبل از نبوت اور بعد از نبوت صغیرہ اور کبیرہ گناہوں سے معصوم ہیں''۔

## ملاعلی بن سلطان محمد القاری شارح مشکوٰۃ رحمہ اللہ متوفی 1014ھ

فان ألاصح المختار عندالمحققین ان الأنبیاء صلوات اللّٰہ وسلامہ علیھم اجمعین معصومون من کبائر الذنوب وصغائر ھاعمدھاوسھوھا---------{2}

''محقق علماء کا اصح اور مختار موقف یہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام عمداً وسھواً ہر صغیرہ اور کبیرہ گناہ سے معصوم ہیں''۔

## امام جلال الدین سیوطی مصری مفسر قرآن رحمہ اللہ متوفی 911ھ

لیغفرلک اللہ من ذنبک میں لفظ ذنب اپنے عام معنیٰ گناہ میں نہیں لیا جاسکتا لعصمۃ الانبیاء علیھم السلام بالدلیل العقلی القاطع من الذنوب ---------{3}

{1} زرقانی ج6 ص259 {2} مرقاۃ ج5 ص240 طبع ملتان {3} تفسیر جلالین ص423

Marfat.com

''انبیاء کرام علیہم السلام کا معصوم عن الذنوب ہونا عقلی قطعی اجماع سے ثابت ہے''۔

## سیدی امام احمد رضا متوفٰی 1340ھ اور عصمت انبیاء علیہم السلام

امام اہلسنۃ والجماعہ امام احمد رضا محدّث بریلوی رحمہ اللہ کی تحقیق اور علمی بصیرت کے مطابق ذوات قدسیہ حضرات انبیاء ورسل علیہم السلام کی طرف ہر قسم کے گناہ صغیرہ کبیرہ عمداً یا سہواً کو منسوب کرنا ان کی عصمت اور شان اقدس کے قطعاً منافی ہے اسی لیے آپ نے سورہ فتح کی آیت نمبر 1 کا ترجمہ یوں کیا ہے

''بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرمادی تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے''۔---------{1}

اس آیہ کریمہ کا یہی وہ صحیح اور عصمت نبوت کے عین مطابق ترجمہ ہے جو آج سے صدیوں پہلے ہمارے محقق علماء اور شیخ عبدالوہاب شعرانی اور شیخ اکبر محی الدین ابن عربی شامی ایسے بلند پایہ اتقیاء نے فرمایا ہے اس مقام پر کچھ مترجمین قرآن جن میں ہر مکتبہ فکر کے حضرات شامل ہیں نے عمداً یا سہواً ترجمہ کرتے ہوئے شدید ترین غلطی کا ارتکاب کیا ہے وہ اس آیہ کریمہ کا ترجمہ کرتے ہوئے ذنب (گناہ) کو رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب کر کے اس میں خلاف اولیٰ یا صورۃً ذنب کی تاویل کے چکر میں پڑے دکھائی دیتے ہیں جو ذات اقدس روح کائنات حبیب رب العالمین علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سب سے اعلیٰ و اولیٰ ہے اس سے خلاف اولیٰ کا صدور ہو یہ کیسے ممکن

{1} کنزالایمان ترجمہ از امام احمد رضا بریلوی رحمہ اللہ

Marfat.com

ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

ٱلنَّبِيُّ أَوۡلَىٰ بِٱلۡمُؤۡمِنِينَ مِنۡ أَنفُسِهِمۡۖ -------{1}

اور فرمان نبوی بھی ہے انا اولیٰ بکل مؤمن من نفسه تو آپ ﷺ مطلقاً اولیٰ ہیں لھذا آپ سے خلاف اولیٰ نہیں ہوسکتا ہے ورنہ آپ اولیٰ نہ رہیں گے اور آپ کو اولیٰ نہ ماننا نص قطعی کا انکار ہے۔ واضح رہے کہ اولیٰ کا معنیٰ ہے اچھے سے اچھا اور بہتر سے بہتر چنانچہ آپ کے لیے ترک اولیٰ یا خلاف اولیٰ یا بظاہر خلاف اولیٰ ماننا سلب الشئی عن نفسه ہے کہ اولیٰ سے خلاف اولیٰ ہو گیا ایسا نظریہ رکھنا عصمت نبوت کے انکار کو مستلزم ہے۔

عظیم عالم دین اور محقق اسلام علامہ غلام مہر علی گولڑوی رحمہ اللہ اس مسئلہ پر شرح وبسط سے رقمطراز ہیں۔

گناہ کی طرح خلاف اولیٰ بھی ممنوع شرعی اور باعث غضب الٰہی ہے بالخصوص نبی اکرم معصوم معظم ﷺ کے لئے تو مثل ترک واجب ہے اور یہ گناہ ہے

سورہ محمد میں ارشاد باری تعالیٰ ہے...... ''ان کے حق میں بہتر یہ تھا کہ فرماں برداری کرتے اور اچھی بات کہتے''

منافقین کے خلاف اولیٰ کام کرنے پر انہیں تنبیہ کی جارہی ہے کہ اولیٰ کام کرو خلاف اولیٰ نہ کرو اللہ تعالیٰ اولیٰ کام پر راضی اور خلاف اولیٰ پر ناراض وغضبناک ہے----------{2}

---

{1} الاحزاب:6 {2} معرکۃ الذنب علامہ غلام مہر علی چشتی رحمہ اللہ متوفی 1423ھ

Marfat.com

## خلاف اولیٰ مکروہ کی ایک قسم ہے

امام بدرالدین زرکشی رحمہ اللہ متوفی 794ھ خلاف اولیٰ کام پر علماء اصول فقہ کی بحث کے بعد لکھتے ہیں

والتحقیق ان خلاف الاولیٰ قسم من المکروہ ودرجات المکروہ تتفاوت کما فی السنۃ ولاینبغی ان یعدّقسماًآخر والّالکانت الأحکام ستۃ وھوخلاف المعروف اوکان خلاف الاولیٰ خارجا عن الشریعۃ ولیس کذالک------{1}

"اور تحقیق یہ ہے کہ خلاف اولیٰ بھی مکروہ کی ایک قسم ہے اور مکروہ کے مختلف درجات ہیں جب کہ سنت میں یہ نامناسب ہے کہ خلاف اولیٰ کو ایک الگ قسم شمار کیا ورنہ احکام شرعیہ کی تعداد 6 ہوجائے گی اور یہ اصولیوں کے عرف کے خلاف ہے یا پھر خلاف اولیٰ کو شریعت سے خارج ماننا پڑے گا جبکہ یہ بھی صحیح نہیں ہے۔

عصمت انبیاء کرام علیھم السلام کے موضوع پر تفصیلی معلومات کے لئے علامہ غلام مہر علی صاحب رحمہ اللہ کی کتاب معرکۃ الذنب جو آپ نے مولانا غلام رسول صاحب سعیدی شارح مسلم کی رائے کی تردید میں رقم فرمائی ہے اس کا مطالعہ انتہائی مفید رہے گا"۔

عبدالرسول منصور الازہری

خطیب ریڈچ 30دسمبر2005ء

{1} بحرالمحیط فی اصول الفقہ بدرالدین زرکشی رحمہ اللہ طبع دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان ج1 ص244

Marfat.com

# حضرت عزرائیل علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام کا تھپڑ مارنا

Marfat.com

صحیح مسلم کی یہ حدیث کہ جب ملک الموت حضرت عزرائیل علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کی روح قبض کرنے کے لئے ان کے پاس آئے تو انہوں نے آپ کو تھپڑ مارا اور آپ کی آنکھ پھوڑ دی کچھ عقل پرست ایسی حدیثوں کا انکار کرتے ہیں اس کی صحیح تاویل وتوجیہہ کیا ہوگی بیان فرما کر ممنون کریں۔

السائل محمد ماجد ملک بریڈفورڈ برطانیہ

31 دسمبر 2004ء

ماشاء اللّٰہ لاقوۃ الا باللّٰہ

## الجواب

امام ابن الوزیر صنعانی رحمہ اللہ اس حدیث پر وارد ہونے والے عقلی اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ قرآن مجید میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کے سر کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اس کی بنیاد نہ تو ان کے علم میں ان کا کوئی گناہ تھا اور نہ ہی ان کی طرف سے انہیں کسی ایسی مضرّت (نقصان دہی) کا خوف تھا کہ وہ اسے دور کرنا چاہتے تھے جب کہ قرآن مجید کی نص قطعی اور اجماع مسلمین کے مطابق ان کے بھائی ہارون نبی مکرّم تھے اور انبیاء کرام کی حرمت ملائکہ کی حرمت کی طرح ہی ہوتی ہے چنانچہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت ہارون کو سختی کے ساتھ پکڑا تو حضرت ہارون نے ان کے ساتھ تلطّف اور نرمی برتنے کی خاطر کہا

Marfat.com

يَبْنَؤُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِيٓ --------{1}

''اے میرے ماں جائے نہ میری داڑھی پکڑ واور نہ میرے سر کے بال''

فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَآءَ --------{2}

''اور تو مجھ پر دشمنوں کو نہ ہنسا''

اگر تو معترضین قرآن مجید کے اس واقعے کی تکذیب کریں تو ان کے کفران وخسران کے لئے یہی تکذیب وانکار ہی کافی ہے اور اگر وہ انبیاء کرام کی شان کے لائق اس کی کوئی صحیح اور ممکن تاویل کریں تو احادیث صحیحہ میں آنے والے ایسے واقعات کی تاویل بھی ضروری قرار پاتی ہے۔

محدثین کرام نے اس حدیث کی بہت سی وجوہات بیان کی ہیں اس مقام پر صرف دو وجہیں ذکر کی جارہی ہیں

پہلی وجہ : کہ ملک الموت جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ کامل بشر اور مرد کی صورت میں تھا جسے حضرت موسیٰ علیہ السلام پہچان نہ سکے جیسا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام جب پوری بشری صورت میں متمثل ہو کر حضرت مریم سلام اللہ علیھا کے پاس تشریف لائے تو وہ ان سے ڈر گئیں اور کہنے لگیں

أَعُوذُ بِالرَّحْمَٰنِ مِنكَ إِن كُنتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾ --------{3}

''میں تجھ سے رحمٰن کی پناہ چاہتی ہوں اگر تو متقی ہے''

اگر آپ کو یہ علم ہوتا کہ یہ حضرت جبرائیل امین ہیں تو آپ ان سے پناہ نہ

{1} سورۃ طٰہٰ:94 {2} سورۃ اعراف:150 {3} مریم:18

Marfat.com

مانگتیں چنانچہ جب ملک الموت بشری صورت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس حاضر ہوئے اوران کی روح قبض کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے انہیں اپنے سے دور رکھنے میں یہ معاملہ کرڈالا۔اس بات کی تائیداس حدیث صحیح سے بھی ہوتی ہے

ان اللّٰہ تعالٰی لایقبض نبیّاحتی یخیرہ --------{1}

"بے شک اللہ تعالیٰ ہر نبی کی روح کوقبض کرنے سے پہلے اسے اختیار دیتا ہے"

جب ملک الموت نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آکرانہیں اختیار دیے بغیران کی روح کوقبض کرنے کاارادہ کیاتوممکن ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کوعلم ہواہوکہ انہیں اختیار دیے بغیرتوان کی روح کوقبض نہیں کیاجائے گاتو آپ کواس کے صدق میں شک گزراہو چنانچہ اس بات کی تائید بھی اس حدیث میں موجود ہے کہ ملک الموت جب دوبارہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں آئے اورانہوں نے آپ کوموت وحیات کے درمیان اختیار دیاتو آپ نے بطیب خاطر موت کواختیار کرلیا بہر حال اس وجہ کے صحیح اور مسلّم ہونے کا ثبوت اس دلیل سے بھی ملتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پہلی بار ہی آپ کی موت کا ارادہ کر لیتا اورملک الموت کوآپ پرمسلّط فرمادیتا تویقیناً آپ کے معاملے میں اللہ تعالیٰ کی مرادنافذ العمل ہوجاتی اورآپ ملک الموت کواپنے سے دور رکھنے پرقادر نہ ہوتے مگر اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت بالغہ کے تحت آپ کے متعلق جوارادہ فرمایاوہ ظاہر ہوکر رہاچنانچہ ایسے امور کے ساتھ اہل ایمان اوراہل

---

{1} بخاری 4437 فضائل صحابہ

Marfat.com

شیطان کے درمیان فرق واضح کرنا سنت الٰہی ہے تحویل قبلہ کے سلسلہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ مَن يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّن يَنقَلِبُ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ

{1}----------

''اور اے محبوب ﷺ پہلے تم جس قبلہ پر تھے ہم نے اسے اس لیے مقرر کیا تھا کہ دیکھیں کون رسول کی پیروی کرتا ہے اور کون الٹے پاؤں پھر جاتا ہے''

نسأالله ان یثبت قلوبنا علیٰ الایمان ویعصمنا من وساوس الشیطان

دوسری وجہ: ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ملک الموت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس ایسی صورت میں آیا تھا جو آپ کی جانی پہچانی تھی مگر اس بات کو تسلیم کرنے سے کونسا امر مانع ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے یہ فعل جب صادر ہوا تو آپ کی عقل میں تغیّر وتبدّل آ گیا تھا کیونکہ ایسے حال میں عقول کے تغیر کا امکان واحتمال ہوسکتا ہے جب آپ کوہ طور کے ریزہ ریزہ ہونے پر غشی کے عالم میں گر گئے تھے تو جان کنی کا ھول وخوف تو اس سے بھی زائد ہے اہل علم کے نزدیک اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ہیبت وجلال تو اندکاک جبل سے بھی اجل اور اعظم ہے----------{2}

پھر حدیث میں وارد ہونے والے الفاظ ''فقأ العین'' حضرت موسیٰ علیہ

{1} سورۃ بقرہ 143 {2} الروض الباسم ص324

Marfat.com

السلام نے ملک الموت کی آنکھ پھوڑ ڈالی، اس کا معنی اور تاویل کرتے ہوئے امام ابن قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ اذھب موسی العین الّتی ھی تخییل وتمثیل ولیست علیٰ حقیقۃ خلقتہ وعادملک الموت الیٰ حقیقۃ خلقتہ الرّوحانیّۃ کما کان لم ینقص منہ شئ {1}---------

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جس آنکھ کو پھوڑا تھا وہ ملک الموت کی اصل خلقت پر نہ تھی بلکہ وہ اس کی ایک تخیل و تمثیل تھی اور ملک الموت اپنی حقیقی خلقت پر ہی قائم رہا اور اس میں کوئی چیز بھی کم نہ ہوئی۔

## محدّث ابن فورک اور معنٰی حدیث

عظیم محدّث امام ابن فورک متوفٰی 406ھ رحمہ اللہ تعالیٰ اس حدیث کی تاویل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح اور اس کی تاویل بھی صحیح ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا اس کی تفصیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو اس طور پر بنایا ہے کہ وہ مختلف صورتوں میں متصوّر و متشکّل ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں جیسا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حضرت دِحیہ کلبی اور کبھی اعرابی کی صورت میں حاضر ہوتے اور کبھی اپنے دونوں پروں کے ساتھ پورے افق تک چھائے ہوئے دکھائی دیتے تھے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ بھی ہے

فَأَرْسَلْنَآ إِلَيْهَا رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾

{1} الروض الباسم ص325

Marfat.com

فَأَرْسَلْنَآ إِلَيْهَا رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾

قَالَتْ إِنِّيٓ أَعُوذُ بِٱلرَّحْمَٰنِ مِنكَ إِن كُنتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾

{1}--------

''تو اس کی طرف ہم نے اپنا روحانی بھیجا وہ اس کے سامنے ایک تندرست آدمی کے روپ میں ظاہر ہوا بولی میں تجھ سے رحمان کی پناہ مانگتی ہوں اگر تجھے خدا کا ڈر ہے''۔

ملک الموت کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تھپڑ مارنے اور ان کی آنکھ پھوڑنے والی اس حدیث کی ایک معتبر تاویل یہ ہے کہ یہ کلامِ عرب میں توسّع (وسعت وگنجائش پایا جانا) سے تعلق رکھتا ہے اس سلسلے میں سیدنا علی المرتضیٰ ﷺتعالیٰ کا یہ قول بھی منقول ہے أنا فقأت عين الفتنة ''میں نے فتنے کی آنکھ پھوڑ ڈالی'' چنانچہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی روح کے قبض کے مسئلہ پر ملک الموت کو واپس کر دیا تو گویا ان پر حجت کا اتمام والزام کر دیا۔ بہر حال جو شخص کلام عرب پر توسّع کی نظر رکھتا ہے وہ اس میں اس طرح کے استعارات ومعانی سے اچھی طرح آگاہ ہے

{2}--------

## امام احمد قسطلانی اور معنیءحدیث

ارسل اللّٰه ملك الموت الى موسىٰ عليهما السلام فى صورة آدمى اختباراً وابتلاءً فلماجاء ه ملك الموت بهٰذه الصورة ظنّه آدمياً حقيقة تسوّر عليه منزله بغير اذنه

---

{1} مریم 17/18 {2} مشکل الحدیث دیبانہ ص 314

Marfat.com

ليوقع به مكروهاًفلماتسوّر عليه صكة لطمه علىٰ عينه التى ركبت فى الصورة البشرية التى جاء فيهادون الصورة الملكية ---------{1}

''اللہ تعالیٰ نے امتحان اور آزمائش کے لئے ملک الموت کوبصورت انسان حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا جب آپ نے ملک الموت کواس صورت میں دیکھاتو آپ نے اسے حقیقتاً انسان سمجھا جب وہ دیوار پھلانگ کر بغیر اجازت آپ کے گھر داخل ہوا کہ آپ کے ساتھ کوئی مکروہ عمل کرے تو آپ نے اس کی اس آنکھ پر ایک تھپڑ رسید کیا جو بشری صورت میں اس کے ساتھ موجود تھی کیونکہ وہ ان کے پاس بشری صورت میں آیا تھا ملکی صورت میں نہیں''

امام المازری رحمہ اللہ نے بھی یہی بات کی ہے وہ فرماتے ہیں اہل علم نے اس کے تین جواب دیے ہیں

- پہلا جواب: یہ بات ممتنع اور محال نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس تھپڑ کے مارنے کی اجازت دی ہو اور یہ ملک الموت کا امتحان ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے اور جیسا ارادہ کرتا ہے اس کا امتحان لیتا ہے
- دوسرا جواب: اس سے مجازی معنیٰ بھی لیا جاسکتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس سے مناظرہ کیا اور حجت میں اس پر غلبہ پالیا۔
- تیسرا جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس کے ملک الموت ہونے کا علم نہ

{1} مشکل الحدیث دبیانہ ص315

Marfat.com

ہوا بلکہ انہیں یہ گمان ہوا کہ یہ کوئی شخص ہے جو انہیں نقصان پہچانا چاہتا ہے تو آپ نے اپنے دفاع کی خاطر اسے تھپڑ رسید کیا جو اس کی آنکھ کے ضائع ہونے کا باعث بنا جب کہ آپ نے ایسا قصد نہ کیا تھا امام قاضی عیاض مالکی اندلسی رحمہ اللہ نے بھی اسی بات کو پسند کیا ہے کہ حدیث میں ایسی کوئی تصریح نہیں ملتی کہ ملک الموت کی آنکھ پھوڑنے میں آپ کا قصد وعمد تھا۔---------{1}

مفتی عبدالرسول منصور الازہری

ریڈچ برطانیہ

{1} مشکل الحدیث وبیانہ ص 315

# شریعت نبویہ کی اصل
# غرض اور حقیقی مقصد

Marfat.com

حضرت قبلہ استاذ مکرم شریعت نبویہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کی اصل غرض اور حقیقی مقصد کیا ہے بیان فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

سائل

محمد شفیق

متعلم ادارہ محی الاسلام آسٹن

برمنگھم برطانیہ

27 ذوالقعدہ 1425ھ

ماشاء اللّٰہ لاقوۃ الا باللّٰہ

## الجواب

شریعت نبویہ اس قانون اور نظام کا نام ہے جس کا مبدا اور سرچشمہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہے اس وحدہٗ لاشریک ذات والا صفات نے اس نظام کی بنیاد بندوں کی حقیقی فلاح، ابدی سعادت اور دنیا وآخرت کی مصلحت ومنفعت پر رکھی ہے نبوت رسالت اور آسمانی کتب وصحائف کے سلسلے کو ظاہر کرنے سے بداھۃ یہی معلوم ہوتا ہے کہ انسان اپنے خالق و مالک کے اس نظام ہدایت پر ایمان اور پھر اس پر عمل پیرا ہو کر دارین کی فلاح اور ابدی سعادت سے ہمکنار ہو سکے شریعت نبویہ میں انسانی مصلحت کا کتنا خیال اور اس کی منفعت کی کہاں تک رعایت کی گئی ہے

Marfat.com

ذیل میں چند مثالوں سے اس حقیقت کو واضح کیا جا رہا ہے

امام ابن الوزیر صنعانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

نکاح المرأة بغير اذن وليّها متىٰ غاب وليّها او بعد مكانه او جهلت حياته‘ فقد ترك كثير من العلماء شرط العقد المشروع وهو رضا الولى لأجل مصلحة امرأة واحدة وخوف مضرّتها --------{1}

عورت کا نکاح اس کے ولی کی اجازت کے بغیر جب کہ اس کا ولی غائب ہو یا اس کی رہائش گاہ دور مسافت پر ہو یا اس کی زندگی سے جہالت و بے خبری ہو ایسی صورت میں عقد مشروع کی شرط (شافعیہ کے مذہب پر عورت کے صحیح عقد نکاح کے لیے ولی کی اجازت اور رضامندی شرط ہے) کو علماء کرام کی کثیر تعداد نے ترک کر دیا ہے محض اس لیے کہ اندریں صورت ایک عورت کی مصلحت اور اس کے ضرر اور حرج کا خوف کارفرما ہے۔

جس عورت کا شوہر مفقود الخبر ہو جائے تو اس کی تزویج اور نکاح کے سلسلے میں بھی اھل علم نے کافی نرمی برتی ہے اس صورت بھی عورت کی ظاہری اور باطنی مضرت اور تکلیف کا خیال رکھا گیا ہے۔

گری پڑی چیز اٹھا کر ایک سال تک اس کا اعلان کرنا اور پھر اس سے فائدہ اٹھانا اور اپنے کسی مصرف میں لے آنا بھی اسی زمرے میں آتا ہے کیونکہ مال کی تخلیق منفعت کی بنیاد پر کی گئی ہے جب اس کے مالک کا اس سے انتفاع متعذر اور مشکل ہے تو اس کے غیر کو اس سے انتفاع کرنا جائز ہونا چاہیے تا کہ وہ بیکار اور بے مقصد نہ

{1} الروض الباسم ص282

Marfat.com

قرار پائے اسی لیے گم شدہ بکری کے متعلق نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے

انّماھی لک أو لأخیک أو للذّئب------{1}

''بس وہ تیرے لیے یا تیرے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے''۔

متعذّر اور مشکل ہونے کی صورت میں یہاں پر بھی مال کے حلال ہونے کی شرط (مالک کی رضا) زائل ہو رہی ہے۔ یہ بھی تخصیص مصلحت کی ایک بیّن مثال ہے۔

شراب نوشی کی حد کے سلسلہ میں جو زیادتی کی گئی اس پر صحابہ کرام کا اجماع ہے اس کی بنیاد بھی انسانی مصلحت قرار دی گئی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

جلّد رسول اللّٰہ ﷺ فی الخمر با لجرید والنّعال وجلّد ابو بکر اربعین فلمّا ولّی عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ دعا الناس فقال لھم انّ الناس دنوا من الرّیف فما ترون فی حدّ الخمر فقال عبد الرحمن نریٰ أن تجعلہ کأخفّ الحدود فجلّد فیہ ثمانین---------{2}

رسول اللہ ﷺ نے شراب میں کھجور کی ٹہنی اور جوتوں سے حد لگائی اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ 40 کوڑے لگوائے مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسند خلافت سنبھالی تو لوگوں کو جمع کر کے کہا کہ لوگ شراب کے قریب ہو رہے ہیں اس کی حد کے بارے تمہارا کیا خیال ہے تو حضرت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ہمارے خیال میں آپ اسکی

---

{1} صحیح بخاری 2428، صحیح مسلم 1722 {2} صحیح بخاری 6776 صحیح مسلم 1706 سنن ابوداود 4479 سنن ترمذی 1443

Marfat.com

تمام حدود سے زیادہ ہلکی حد مقرر فرمائیں تو آپ نے حدِّ خمر کے سلسلے میں 80 کوڑے مقرر کر دیے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے 40 کوڑے مارے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی 40 کوڑے مارے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ 80 کوڑے مارے ۔وکلّ سنّۃ وھذا احبّ الیّ-------{1}

''یہ سب سنت ہے مگر عمر کا یہ عمل مجھے زیادہ پسند ہے''

چنانچہ شراب نوشی پر 80 کوڑے لگانا صحابہ کرام میں مشہور و معروف تھا اور آج تک اسی پر امت مسلمہ کا بھی عمل ہے حالانکہ کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ سے بطور نص یہ ثابت نہیں اس پر محض مصلحت کی وجہ سے عمل کیا گیا ہے تو صحابہ کرام اور ان کے بعد علماء اسلام کا اجماع اس امر پر دلیل ہے کہ مصالح پر عمل کرنا جائز اور صحیح ہے بشرطیکہ وہ نصوص سے متصادم نہ ہوں--------{2}

عبدالرسول منصور الازہری

خطیب ریڈ چ برطانیہ

{1} صحیح مسلم 1707 سنن ابوداود 4480 {2} الروض الباسم ص 283

Marfat.com

# اہل بیت کے فضائل و مناقب اور ان کے نسب عالی پر تحریری و تالیفی کام

Marfat.com

استاذ العلماء علامہ ازہری صاحب السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعدہٗ ۔۔۔آپ کی خدمت میں ایک سوال کے جواب کے سلسلے میں حاضر ہوں اہل سنت و جماعت کے علماء ومشائخ نے اہل بیت نبی ﷺ کے فضائل ومناقب اوران کے نسب عالی پر جوتحریری وتالیفی کام کیا ہے اسکی تفصیل مطلوب ہے

امجد رضا چشتی

متعلم محی الاسلام

برمنگھم

9 ربیع الاول 1426ھ

ماشاللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

اھل سنت و جماعت کے ائمہ عظام اورمشائخ شریعت وحقیقت نے اھل بیت نبوی ﷺ کے خصائص ومناقب اورفضائل ومواھب پر گراں قدر کتب ورسائل تالیف کیے ہیں ان میں سے چند یہ ہیں۔

Marfat.com

| نمبر شمار | نام کتاب | مصنف |
| --- | --- | --- |
| 1 | تالیفات فی علم الجرح والتعدیل | حافظ ناقد حجۃ عبد الرحمان بن ابو حاتم متوفی 327ھ |
| 2 | ثناَ القرابہ علی الصحابہ وثنا الصحابہ علی القرابہ | حافظ ابو الحسن علی بن عمر الدار قطنی متوفی 385ھ |
| 3 | الذریّۃ الطاہرۃ | حافظ کبیر ابو بشر احمد بن حماد المعروف الدولابی متوفی 310ھ |
| 4 | التبصرہ بفضائل العترۃ الطاہرۃ | حافظ ابو محمد حسن بن احمد ھمذانی سبیعی حلبی متوفی 317ھ |
| 5 | نظم در السمطین فی ذریّۃ السلطین ،معراج الوصول الیٰ معرفۃ فضائل آل الرسول | حافظ ابو عبد اللہ محمد بن ابو مظفر یوسف زازری مدنی معراج الوصول الی معرفۃ فضائل آل الرسول |
| 6 | معالم العترۃ النبویہ ومعارف اھل البیت الفاطمیّۃ | حافظ الحنابلہ عبد العزیز بن محمد بن مبارک جنابذی بغدادی |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 7 | مناقب اهل البیت | محدّث حافظ ابوعبداللہ الحسین بن محمد بن خسرو بلخی حنفی مؤلف مسند امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ |
| 8 | ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربی | حافظ ابو جعفر احمد المعروف محبّ طبری |
| 9 | جواہر العقدین فی فضل الشرفین | فقیہ محدث علی بن عبداللہ السمہو دی المدنی |
| 10 | دور السمط فی خبر البسط | شیخ حافظ ابوعبداللہ بن الآبار |
| 11 | احیاء المیت بفضائل اهل البیت | حافظ جلال الدین سیوطی مصری |
| 12 | وسیلۃ المآل فی عدد مناقب الآل | شیخ احمد باکثیر الحضر می |
| 13 | عقد اللآل فی فضائل الآل | شیخ احمد بن عبدالقادر الحفظی |
| 14 | عقد الجواہر فی فضائل اهل البیت الطاہر | عارف باللہ فرید العصر عبد الرحمان بن مصطفیٰ العیدروس |
| 15 | الذخیرہ | سید احمد بن علوی جمل اللیل العلوی |
| 16 | مشارق الانوار | علامہ حسن عدوی الحمز اوی |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 17 | اسعاف الراغبین فی سیرة المصطفی وفضائل اهل بیتہ الطاہرین | علامہ شیخ الصبان |
| 18 | اتحاف بحب الاشراف | شیخ عبداللہ بن محمد شراوی بصری |
| 19 | وبل الغمام و درالسحابہ فی مناقب القرابۃ الصحابۃ | حافظ محمد بن علی شوکانی |
| 20 | رسالہ جامعہ فی فضائل اهل البیت | عارف باللہ عبداللہ بن عمر بن یحی العلوی |
| 21 | خلاصہ من ذالک | شیخ محمد بن سعید بالبصیل |
| 22 | القول المستحسن فی فخر الحسن | حافظ العصر حسن الزمان بن محمد قاسم الھندی |
| 23 | اشرف المؤبد لآل محمد | علامۃ العصر شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی |
| 24 | رشفۃ الصادی من بحر فضائل بنی النبی الھادی | محقق متفنن ابو بکر بن عبد الرحمان بن شہاب الدین علوی---{1} |

| | | |
|---|---|---|
| 25 | اتحاف اهل الاسلام بما یتعلق با لمصطفی واهل بیتہ الکرام | محدّث ابو الفیض محمد الشهیر المعروف مرتضیٰ زبیدی |
| 26 | الارتقاء بالغرف باَ قرباء الرسول ذوی الشرف | مورخ حافظ محمد بن عبد الرحمان السخاوی |
| 27 | الانتصار لاهل البیت الخیار | محدث عبدالکبیر بن محمد الکتانی |
| 28 | تحفۃ ذوی الالباب فیما یتعلق بالآل والاصحاب | فقهیہ احمد السجاعی شافعی مصری |
| 29 | تحفۃ الراغب فی سیرۃ جماعۃ من اهل البیت الاطائب | شهاب الدین احمد قلیوبی |
| 30 | حدائق الازهان فی اخبار بیت النبی ﷺ | المسعودی |
| 31 | الحسن الباهر فی اهل النسب الطاهر | محمد العربی المدغری |
| 32 | الدرّ المنیف فی زیارۃ اهل البیت الشریف | احمد المصری |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 33 | ذکر القلب المیت بفیض اھل البیت | حافظ یوسف السرمری |
| 34 | الروض الزہر فی مناقب آل سید البشر | ابرزنجی |
| 35 | الروض المعطار فی نسب آل النبی المختار | شھاب الدین احمد بن المقری المالکی |
| 36 | الروض النظیر فیما یتعلق بآل بیت البشیر النذیر | امام السجاعی |
| 37 | الزلفی فی فضائل الشرفاء | احمد بن علی البوسعیدی ھشتوکی |
| 38 | الریاض الزاہرہ فی فضائل اھل البیت | المطیری |
| 39 | سفینۃ النجاۃ | امام الخزاعی |
| 40 | طراز الوفاء فی فضائل آل المصطفی | زین العابدین آفندی |
| 41 | العزب الزلال فی مناقب الآل | امام شمتاع |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 42 | الفتح الوهاب فی فضائل الآل و الاصحاب | امام عبدالوهاب الشعرانی المصری |
| 43 | القول البدیع فی النب عن اولاد الشفیع | امام بنوفری |
| 44 | کشف الاستار فی آل البیت الاطہار | امام اجھوری |
| 45 | مصباح النجا فی مناقب اہل عباء | امام بدخشی |
| 46 | مطالب السول فی مناقب آل الرسول | ابن طلحہ النصیبی |
| 47 | مطالع الزھراء فی ذریۃ بنی الزھراء | ذکی بن ھاشم |
| 48 | الفوائد الزاھراء فی السلالۃ الطاھرۃ | امام الشماع |
| 49 | المنجد الذکر فی آل النبی الاطہر الظہر | ابوالھدی الصیاد |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 50 | معرفه ما یجب لاهل البیت الطاہر | امام المقریزی |
| 51 | المنحة الشمسیہ فی فضائل آل خیر البریة | المقرجی |
| 52 | نصح ملوک الاسلام بالتعریف بمایجب علیھم من حقوق آل البیت الکرام | ابن السکاک |
| 53 | نهایة السول فی مناقب آل بیت الرسول | ابن فهد الهاشمی |
| 54 | نصرة الحاکم بتفیض الشریف علی العالم | ۶ الرحمان شیخ رواق المغاربة |
| 55 | نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار | شیلنجی |
| 56 | نهایة الافضال فی تشریف الآل | ابن الحسن البکری |
| 57 | اسنی المطالب فی حلیة الاقارب | ابن حجر هیثمی |

| | | |
|---|---|---|
| 58 | الرسالہ لذوی الالباب لیعلموا حقوق العترۃ والکتاب | سیداحمد بن زین العابدین الحضرمی |
| 59 | الانوارالباہرہ بفضائل اہل البیت النبوی والذریۃ الطاہرہ | ابوالفتوح عبداللہ بن عبدالقادر تلیدی |
| 60 | تنبیہ الغافلین بیان شیء من فضائل آل سیدالمرسلین | سیداحمد بن محورالعیدروسی |
| 61 | اطیب الانباء فی فضل ذوی القربی | فقیہ محمد باعطیہ الحضرمی |
| 62 | علمواولادکم محبۃ آل بیت النبی ﷺ | ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی |
| 63 | الجوہر الشفاف فی مناقب السادۃ الاشراف | شیخ عبدالرحمان بن محمد الخطیب |
| 64 | الشرع الروی فی مناقب السادہ بن علوی | محمد بن ابوبکر الشبلی باعلوی |
| 65 | قلائدا لآل فی فضائل الآل | حبیب محمد بن احمد الحماد |

| | | |
|---|---|---|
| 66 | تنبیہ الغی الی السبیل الروی فی وجوب محبت اهل البیت النبوی | احمد بن حجر الھیثمی |
| 67 | العقود اللؤلؤیہ فی فضائل العترۃ النبویہ | علی بن حسن بن حمود الحبشی |
| 68 | آل رسول اللہ واولیاءہ | شیخ محمد بن عبد الرحمان بن محمد بن قاسم |
| 69 | افلاذ الزبرجدیہ فی مدح العترۃ الاحمدیہ | عبدالحمید بن عبدالغنی رافعی طرابلسی |
| 70 | الانباء المستطابہ فی مناقب الصحابہ والقرابہ | ابوتمام ھبۃ اللہ القفطی |
| 71 | آیۃ التطہیر بین امھات المومنین واھل الکساء | ڈاکٹر علی اسالوس |
| 72 | رسالہ فضل اھل بیت النبی وحقوقھم | شیخ ابن تیمیہ الشامی الحرانی |
| 73 | طھارۃ بیت النبوہ | خالد بن عبدالرحمان الشایع |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 74 | القول القیم فیما یرویہ ابن تیمیہ وابن القیم | سید حامد بن ابوبکر المھار |
| 75 | نزل الابرار فیما صح من مناقب اھل البیت الاطھار | شیخ محمد خان بخشانی ھندی |
| 76 | نصح الخاص والعام فیما یجب لآل النبی علیہ السلام | ابوعبداللہ محمد بن المدنی |
| 77 | العجاجہ الزر نبیہ فی السلالۃ الزینبیہ | جلال الدین سیوطی مصری |
| 78 | مختصر ثنأ الصحابہ علی القرابہ وثنا القرابہ علی الصحابہ | جار اللہ زمخشری |
| 79 | الدرر النقیہ فی فضائل ذریۃ خیر البریۃ | شیخ محمد بن سعید حضرمی شافعی مفتی مکہ مکرمہ---------{1} |

رحمهم الله تعالیٰ

رحمة واسعة طيبة مباركة

عبدالرسول منصور الازہری

خطیب ریڈچ برطانیہ

{1} طبعہ مکتبہ حضرموت یمن ص 28/29

Marfat.com

# صحابی رسول ﷺ کی تعریف وصحبت کا معنٰی!

Marfat.com

صحابی رسول ﷺ کی تعریف اور صحبت کا معنٰی بیان فرما کر عنداللہ ماجور ہوں؟

قاری ذوالفقار نقشبندی برمنگھم برطانیہ

25دسمبر 2004ء

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

# الجواب

صحابی کی تعریف کرتے ہوئے مفسر قرآن حافظ ابن کثیر شامی رحمہ اللہ

فرماتے ہیں

والصحابی من رأی رسول اللہ ﷺفی حال اسلام الرٰوی وان لم تطل صحبتہ لہ وان لم یروعنہ شئیاً--------{1}

"جس شخص نے بحالت اسلام رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی ہواگرچہ آپ سے اس کی صحبت طویل نہ ہواور وہ آپ ﷺ سے کوئی روایت نہ بھی کرے وہ صحابی قرار پاتا ہے"

یہ سلف وخلف میں جمہور علماء کا قول ہے-------{2}امام بخاری، ابوزرعہ ،امام ابن عبدالبر،ابن مندہ، ابوموسیٰ المدینی اورابن الاثیر کے نزدیک کسی شخص کے صحابی پراطلاق کے لئے محض رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہی کافی ہے۔----{3}

{1} الباعث الحثیث شرح اختصار علوم الحدیث ابن کثیر متوفی 774ھ {2} الغابہ فی معرفۃ الصحابہ ابن الاثیر 606ھ {3} الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ابن عبدالبر 463ھ

اہل علم کی دوسری جماعت کے قول پر صحابی کا اطلاق اس شخص پر ہوگا جس نے آپ کی زیارت کے ساتھ آپ سے ایک یا دو حدیثوں کی روایت بھی کی ہوگی حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ سے تو یہاں تک مروی ہے کہ صحابی کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک دو سال تک آپ ﷺ کی صحبت میں رہا ہو یا اس نے ایک یا دو غزوات میں آپ کے ساتھ شرکت بھی کی ہو چنانچہ حضرت موسیٰ السّبلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا آپ کے سوا کوئی اور بھی اصحاب رسول ﷺ سے باقی ہے تو آپ نے کہا کچھ اعراب لوگ جنہوں نے آپ کو دیکھا تھا وہ تو موجود ہیں مگر جنہیں آپ کی صحبت میسر آئی وہ سب وفات پا چکے ہیں۔---------{1}

امام ابن کثیر رحمہ اللہ اس قول پر لکھتے ہیں کہ اس قول سے صحبت خاصہ کی نفی تو ہوتی ہے کہ جمہور علماء ومحدّثین کی اصطلاح کے مطابق کہ اطلاق صحبت کے لئے صرف آپ کی رؤیت وزیارت ہی کافی ہے اس کی نفی نہیں ہوتی کیونکہ اسی قول کی بنیاد رسول اللہ ﷺ کا شرف ،آپ کی جلالت شان اور آپ کو دیکھنے والے مسلمانوں کی قدر ومنزلت قرار دی گئی ہے چنانچہ ایک حدیث پاک کے الفاظ یوں بھی مروی ہیں

تغزون فيقال هل فيكم من رأى رسول الله ﷺ فيقولون نعم فيفتح لكم ......من رأى من رأى رسول الله ﷺ---------{2}

''رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ تم راہ حق میں جہاد کرو گے تو تم سے پوچھا جائے گا کہ کیا

---

{1} صحیح مسلم بحضرۃ ابوزرعہ {2} صحیح مسلم، باعث حثیث ابن کثیر ص170

Marfat.com

تمہارے اندر رسول اللہ ﷺ کو دیکھنے والا بھی کوئی شخص موجود ہے جب لوگ کہیں گے کہ ہاں موجود ہے تو تم فتح و کامیابی سے ہمکنار ہو جاؤ گے''

شیخ ابراہیم بن محمد الباجوری رحمہ اللہ صحابی کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

ھو من اجتمع بنبیّنا ﷺ مؤمنا به بعد البعثة فی محلّ التعارف بأن یکون علی وجه الارض وان لم یره اولم یروعنه شیئاً اولم یمیّز---------{1}

''صحابی وہ شخص ہے جو ہمارے نبی ﷺ کے ساتھ حالت ایمان میں آپ کی بعثت کے بعد محل تعارف میں زمین پر حاضر رہا اگرچہ اس نے آپ کو نہ دیکھا آپ سے کوئی چیز روایت کی اور نہ ہی وہ صحیح تمیز و فرق کر سکا''

امام الباجوری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ومات علی الاسلام

''اور اس شخص کی موت بھی اسلام پر واقع ہوئی ہو''

یہ تو دوام صحبت کی شرط ہے چنانچہ اگر کوئی شخص شرف صحابیت پانے کے بعد مرتد ہو کر مر گیا العیاذ باللہ تو وہ صحابی نہیں ہے جیسا کہ عبداللہ بن خطل اور اگر کوئی ارتداد کے بعد دوبارہ اسلام میں داخل ہو گیا تو اس کی صحابیت بھی لوٹ آئے گی مگر شافعیہ کے نزدیک وہ اجر و ثواب سے مجرّد ہو گی چنانچہ یہ معاملہ، عبداللہ بن سعد بن ابوسرح کے ساتھ پیش آیا یہ حضرت عثمان بن عفان ﷺ کے رضائی بھائی تھے ان کی صحابیت اور روایت حدیث بھی ثابت ہے یہ فتح مکہ سے پہلے اسلام لائے اور ان کو

---

{1} تحفۃ المرید علی جوہرۃ التوحید ابن الباجوری متوفی 1276ھ

Marfat.com

کتابتِ وحی کا شرف بھی حاصل تھا مگر شیطان کے بہکاوے سے دوبارہ کفار و مشرکین کے ساتھ جا ملے نبی کریم ﷺ نے فتح مکہ کے روز ان کے قتل کا فرمان جاری کیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کے لئے آپ سے امان کی درخواست کردی تو یہ دوبارہ اسلام سے مشرف ہوئے بعدازاں یہ افریقہ کے فاتح بھی قرار پائے اور حضرت عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے انہیں مصر کا گورنر بھی مقرر فرمایا اور بحالت نماز عسقلان میں 37ھ میں ان کا انتقال ہوا۔---------{1}

صحابی کی اس تعریف کے مطابق حضرت ابن ام مکتوم قریشی عامری اور دیگر نابینے صحابی بھی صحابہء رسول ﷺ میں داخل قرار پاتے ہیں نیز وہ ملائکہ جو زمین پر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضری سے مشرف ہوئے وہ بھی آپ کے اصحاب میں شامل ہو جاتے ہیں اور نوعِ بشر سے آپ کے آخری صحابی حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام سمجھے جاتے ہیں۔---------{2}

## صحبت اور اس کا لغوی معنی

الصحبة فی اللغة تطلق کثیرًا فی الشیئین اذا کانت بینهما ملابسة---------{3}

''لغت عرب میں صحبت کا اطلاق عام طور پر ان دو چیزوں میں ہوتا ہے جب ان کے درمیان ملابست (میل ملاپ) پائی جاتی ہو۔

---

{1} اصابہ 316/2 سیر اعلام النبلاء امام ذھبی 33/3 {2} فتح المجید علی جوھرۃ التوحید ابن الباجوری ص 57 طبعہ دار البیرونی {3} الروض الباسم ابن الوزیر الصنعانی متوفی 840ھ

Marfat.com

وہ ملابست ومخالطت کثیر ہو یا قلیل، حقیقی ہو یا مجازی اس معنی پر ذیل میں قرآن وسنت سے استدلال کیا جارہا ہے۔قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَقَالَ لِصَاحِبِهِۦ وَهُوَ يُحَاوِرُهُۥٓ --------{1}

''تو وہ اپنے ساتھی سے بولا اور وہ اس سے ردّوبدل کرتا تھا''۔

قَالَ لَهُۥ صَاحِبُهُۥ وَهُوَ يُحَاوِرُهُۥٓ --------{2}

''اس سے اس کے ساتھی نے کہا جب کہ وہ اس سے ردوبدل کرتا تھا''

ان آیات کریمہ میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ اختلاف عقیدہ کے باوجود مخالف اسلام پر صحبت کا لفظ بولا گیا ہے اور اس صفت سے موصوف ہونے والا صاحب اور صحابی قرار پاتا ہے پھر امت مسلمہ کا اس امر پر اجماع ہے کہ جس شخص پر اسم صحابی بولا جائے اس اسم میں اسلام اور ایمان کا اعتبار از حد ضروری ہے اور یہ بات نص قرآنی سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کافر کو بھی مسلم ومؤمن کے صاحب کے نام سے یاد کیا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اسم صحابی عرفی بھی ہے اور اصطلاحی بھی اور ہر علمی طائفہ کا حق یہ ہے کہ وہ کسی بھی اسم میں اپنے عرف کے مطابق کوئی اصطلاح قائم کرے ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَٱلصَّاحِبِ بِٱلْجَنۢبِ ---------{3}

''اور کروٹ کے ساتھی''

{1} الکہف:34 {2} الکہف:37 {3} سورۃ النساء:36

Marfat.com

اس آیۃ مبارکہ میں رفیق سفر کو بھی صاحب کہا گیا ہے بلکہ اس آیہ مبارکہ اطلاق میں ملازم وخادم وغیرہ بھی داخل ہیں نیز اگر کوئی شخص کسی کے ساتھ چند ساعتیں بھی سفر میں گزارے تو اسے بھی اس کا صاحب کہنا صحیح ہوگا۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

انکن لانتن صواحب یوسف--------{1}

''بے شک تم تو یوسف علیہ السلام کی صاحبات ہو'' اس صحیح حدیث میں جس بعید سبب کے پیش نظر آپ نے اپنی ازواج مطہّرات کو یوسف کی صواحب قرار دیا وہ واضح نظر آرہا ہے۔ مندرجہ بالا بحث سے ان حضرات کے اس قول کی تردید بھی ہورہی ہے کہ قلیل صحبت کے ثابت ہونے پر کسی شخص کو صاحب رسول ﷺ کہنا درست نہیں امام ابن الوزیر صنعانی لکھتے ہیں کیف یستنکر مع ھٰذاان یسمی من آمن برسول اللہ ﷺ ووصل الیٰ حضرتہ العزیزۃ وتشرّف برؤیۃ غرتہ الکریمۃ صاحباً لہ ومن انکر علیٰ من سمّی ھٰذاصاحباًلرسول اللہ ﷺ فینکر علیٰ رسول اللہ ﷺ حین سمّی النساء کلّھن صواحب یوسف-------{2}

''اس ٹھوس ثبوت کے ہوتے ہوئے اس بات سے انکار ناممکن ہے کہ جو شخص رسول اللہ ﷺ پر ایمان لایا اور آپ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوکر آپ کے رخ انور کی

{1} صحیح مسلم 418= صحیح بخاری 678 {2} الروض الباسم ابن الوزیر صنعانی رحمہ اللہ ص 85

زیارت سے مشرف ہوا اسے آپ کا صاحب نہ کہا جائے جو ایسے شخص کے صاحب رسول ﷺ ہونے کا منکر ہے وہ رسول اللہ ﷺ پر بھی اس بات کا انکار کردے کہ آپ نے تمام ازواج کو صواحب یوسف کہا۔

امام سیف الدین ابوالحسن الآمدی رحمہ اللہ اس موضوع پر یوں رقمطراز ہیں

اختلفوافی مسمی الصحابی فذهب اکثر اصحابناواحمد بن حنبل الیٰ أنّ الصحابی من رأی النبیﷺ وان لم یختص به اختصاص المصحوب ولا روی عنه ولا طالت مدة صحبته وذهب آخرون أنّ الصّحابی انّما یطلق علیٰ من رأی النبیﷺ واختص به اختصاص المصحوب وطالت مدة صحبته وان لم یروعنه وذهب عمر بن یحی الیٰ ان هٰذا الاسم انما یسمی به من طالت صحبته للنبیﷺ اواخذعنه العلم---------{1}

اہل علم نے صحابی کی تعریف میں اختلاف کیا ہے ہمارے اکثر اصحاب شافعیہ اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مذہب پر صحابی اس شخص کو کہتے ہیں جس نے نبی کریم ﷺ کی زیارت کی ہو اگرچہ اسے آپ کے ساتھ خاص طرح کی مصاحبت نہ رہی ہو آپ سے روایت نہ کی ہو اور نہ ہی اسے لمبی مدت تک آپ کی صحبت میسر آئی

{1} الاحکام فی اصول الاحکام ج1 ص321 طبع بیروت لبنان

ہو کچھ دیگر اہل علم کا مذہب یہ ہے کہ صحابی کا اسم اس شخص پر بولا جاتا ہے جس نے نبی کریم ﷺ کی زیارت کی اور اسے آپ کے ساتھ خصوصی مصاحبت رہی اس کی صحبت میں طوالت رہی اگر چہ اس نے آپ سے کوئی حدیث روایت نہ بھی کی جب کہ عمر بن یحیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ یہ اسم صرف اسی شخص پر بولا جائیگا جس کو ایک لمبی مدت آپ کی صحبت ملی ہو اور اس نے آپ سے علم بھی حاصل کیا۔

امام آمدی رحمہ اللہ اس اختلاف مذاہب کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ پہلا مذہب زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے اس کی پہلی وجہ یہ ہے کہ صاحب کا اسم صحبت سے مشتق ہے اور صحبت قلیل و کثیر کو مشتمل ہے لغت عرب سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے اہل لغت کا قول ہے صحبته ساعة وصحبته يوما وشهرا واكثر من ذالك كما يقال فلا ن كلّمنی وحدثنی وزارنی وان كان لم يكلّمه ولم يحدّثه ولم يزره سوى مرّة واحدة

" مجھے ایک گھڑی اس سے صحبت رہی ہے اور مجھے ایک دن اور ایک ماہ تک یا اس سے زائد مدت تک اس سے صحبت رہی اس کی مثال یوں بھی دی جاتی ہے کہ فلاں شخص نے مجھ سے کلام کی اور میری زیارت کی اگر چہ اس نے صرف ایک بار ہی اس سے کلام کی ہو اور اس کی زیارت کی ہو"۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص قسم کھاتا ہے کہ وہ فلاں شخص کے ساتھ سفر میں صاحب نہ ہوگا یا وہ اس کے ساتھ ضرور صحبت اختیار کرے گا تو اندریں صورت اگر اس نے ایک گھڑی بھی اس کے ساتھ صحبت کر لی تو وہ اپنی قسم میں صادق اور حانث

قرار دے دیا جائے گا۔

کچھ معترض حضرات کا موقف یہ ہے کہ صاحب کا اسم عرف میں اس ملازم اور مصاحب پر بولا جاتا ہے جس کی صحبت میں کثرت اور طوالت پائی جاتی ہو چنانچہ کہا جاتا ہے اصحاب القریہ، اصحاب الکہف والرقیم، اصحاب رسول ﷺ اصحاب الجنۃ ان اصحاب کی صحبت میں ملازمت اور مکاثرت کا تصور پایا جاتا ہے۔

اس موقف کے مطابق صاحب کا اطلاق صرف اس شخص پر ہوگا جس کی صحبت میں کثرت مخالطت پائی جائیگی محض کسی کے حضور آنے والے اور اس کو دیکھنے اور اس سے کوئی معاملہ کرنے والے کو صاحب نہیں کہا جائے گا۔اس موقف کے جواب میں اتنا کہنا ہی کافی ہے کہ ہم یہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ صاحب کا اطلاق صرف مکاثر و ملازم پر ہی ہوتا ہے کیونکہ اہل وضع کے اعتبار سے صاحب ہر اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کی کسی سے صحبت ثابت ہو خواہ وہ قلیل ہو یا کثیر، البتہ عرف استعمال میں صاحب اسے کہا جاتا ہے جس کی صحبت میں کثرت وطوالت موجود ہو اگر صحبت کی نفی عرفی معنی کے مطابق کی جائے تو حق اور درست ہے اور اگر اصلی اور وضعی معنی کے اعتبار سے کی جائے تو یہ درست نہیں ہے۔-------{1}

ایک اور صحیح حدیث میں مروی ہے کہ جب آپ ﷺ سے رأس المنافقین عبداللہ ابن اُبی کے قتل کے بارے میں عرض کیا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا

انّی اکرہ ان یقال أنّ محمداًیقتل اصحابہ--------{2}

---

{1} الاحصام فی اصول الاحکام ج 1 ص 323 طبع بیروت لبنان {2} الروض الباسم ابن الوزیر صنعانی ص 86 ج 1

''عبداللہ بن اُبی میں اس واضح اور بیّن نفاق کے باوجود محض ظاہری ملابست اور مخالطت کی وجہ سے آپ ﷺ نے اسے اپنا صاحب کہا جبکہ اعلانیہ نفاق تو عداوت کا تقاضا کرتا ہے اور اس سے تو حقیقتِ عرفی میں صحبت کا نام بھی محو ہو جاتا ہے۔

بہرکیف حقیقت لغویہ کے مطابق اگر کسی کو کسی سے ادنیٰ سی ملابست بھی ہو جائے تو اسے اس کا صاحب کہنا درست ہے اور یہی محدّثین اور فقہاء اسلام کا موقف ہے۔

عبدالرسول منصور الازہری

خطیب ریڈنگ برطانیہ

Marfat.com

# صحابہ کے احوال ومقامات کے لیے مستند کتب
# صحابہ کے طبقات وحدیث صحیح کی اقسام

جناب مفتی اسلام علامہ ازہری صاحب بارک اللہ تعالیٰ فی علمک چند سوالات حاضر خدمت ہیں جامع جوابات دے کر ممنون کریں اللہ کریم جل مجدہ آپ کا حامی وناصر ہو۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے احوال ومقامات کی پہچان کے لیے کونسی کتب مستند مانی گئی ہیں صحابہ کو محدثین نے کتنے طبقات میں تقسیم کیا ہے اور فن حدیث میں صحیح کی کتنی اقسام ہیں؟

استفتاء از

(مولانا) امجد رضا چشتی

برمنگھم برطانیہ

بتاریخ 8 ذوالحجہ 1426ھ

9 جنوری 2006ء

ماشاء اللّٰہ لا قوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

معرفت صحابہ کرام رضی اللہ عنھم پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں چند مستند اور معروف کتابیں یہ ہیں۔

❁ الصحابہ: یہ کتاب امام ابن حبان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے رقم

Marfat.com

فرمائی جو پانچ مجلدات میں پائی جاتی ہے---------{1}

❁ **معرفۃ الصحابہ:** حافظ امام ابوعبداللہ محمد بن یحیٰ ابن مندہ رحمہ اللہ تعالیٰ متوفٰی 301ھ یہ کتاب ایک جلد میں مرقوم ہے اس پر جلیل القدر امام ابوموسیٰ محمد بن ابوبکر المدینی اصبھانی رحمہ اللہ متوفٰی 581ھ نے مفصل حاشیہ بھی لکھا ہے------{2}

❁ **الصحابہ:** اس کے مؤلف امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبھانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہیں آپ نے 430ھ میں وصال فرمایا امام ذھبی نے العبر میں لکھا ہے ابونعیم حفظ حدیث اور علم اسناد اور فنون حدیث میں اپنے دور کے منفرد محقق اور محدّث تھے---------{3}

❁ **معرفۃ الصحابہ:** یہ امام ابوالاحمد الحسن بن عبداللہ العسکری رحمہ اللہ متوفٰی 430ھ کی تالیف منیف ہے امام سخاوی مصری لکھتے ہیں آپ نے یہ کتاب صحابہ پر ان کے قبائل کو پیش نظر رکھ کر ترتیب دی تھی---------{4}

❁ **اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ:** معرفت احوال صحابہ کے سلسلہ میں یہ کتاب انتہائی جامع ہے اس کے مؤلف امام ابوالحسن ابن اثیر الجوزی رحمہ اللہ متوفٰی 606ھ۔ اس کتاب پر بہت سے حواشی اور اضافات بھی تحریر کیے گئے ہیں ان

---

{1} تذکرۃ الذھبی 410/1 معجم الیاقوت 417/1 تاریخ التراث العربی 309/1

{2} تذکرۃ الحفاظ 1334/4 {3} العبر 410/3 {4} اعلان بالتوبیخ سخاوی ص542

حاشیہ نگاروں میں امام ذھبی کے علاوہ معروف نحوی لغوی امام کاشغری متوفٰی 705ھ کا نام بھی شامل ہے---------{1}

اس عنوان پر جمال الدین امام ابوالحجاج المزی اور آپ کے تلمیذ رشید امام ابو عبداللہ ذھبی کی کتب بھی مسلم اور مستند قرار دی گئی ہیں۔

طبقات صحابہ رضی اللہ تعالٰی عنھم اسماء الرجال اور رواۃ الحدیث پر کام کرنے والے علماء کرام نے صحابہ رسول ﷺ کو 12 طبقات میں تقسیم کیا ہے۔

1۔ خلفاء اربعہ کی طرح وہ سابقین صحابہ جو مکہ مکرمہ میں مشرف بہ اسلام ہوئے

2۔ دارالندوہ میں شریک اصحاب۔

3۔ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والے مہاجرین۔

4۔ پہلی مرتبہ پہاڑی گھاٹی میں بیعت کرنے والے اصحاب۔

5۔ دوسری مرتبہ پہاڑی گھاٹی میں بیعت کرنے والے اصحاب۔

6۔ وہ اوائل مہاجر صحابہ جو ہجرت کے بعد آپ کے دخول مدینہ منورہ سے قبل قبا بستی میں آپ سے ملے۔

7۔ اصحاب بدر۔۔غزوہ بدر میں آپ کے ساتھ شریک صحابہ۔

8۔ معاہدہ حدیبیہ اور غزوہ بدر کے درمیان مہاجرین کرام۔

9۔ بیعت رضوان کے موقع پر آپ کے ساتھ حاضر صحابہ۔

10۔ معاہدہ حدیبیہ اور فتح مکہ کے درمیانی عرصہ میں مہاجرین۔

---

{1} الروض الباسم ج1 ص99

11۔ فتح مکہ کے موقعہ پر اسلام قبول کرنے والے صحابہ۔

12۔ وہ نابالغ بچے جنہوں نے فتح مکہ کے روز اور حجۃ الوداع میں آپ کی زیارت کی۔

عظیم محدّث اور مؤرخ امام ابن سعد متوفی 230ھ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنھم اجمعین کو پانچ طبقات میں رکھا ہے امام ابن عبدالبر رحمہ اللہ متوفی 463ھ نے الاستیعاب کے خطبے میں لکھا ہے قال اللّٰہ تعالیٰ

مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ ٱللَّهِۚ وَٱلَّذِينَ مَعَهُۥٓ أَشِدَّآءُ عَلَى ٱلۡكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيۡنَهُمۡۖ تَرَىٰهُمۡ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبۡتَغُونَ فَضۡلًا مِّنَ ٱللَّهِ وَرِضۡوَٰنًاۖ سِيمَاهُمۡ فِي وُجُوهِهِم مِّنۡ أَثَرِ ٱلسُّجُودِۚ -------{1}

ولیس کذالک جمیع من رآہ ومن آمن بہ وستریٰ منازلھم من الدین والایمان واللّٰہ تعالیٰ قدفضل بعض النبین علیٰ بعض وکذالک سائر المسلمین والحمد للّٰہ رب العالمین---------{2}

''محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے اللہ کا فضل ورضا چاہتے ان کی علامت ان کے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے---
مگر آپ ﷺ کو دیکھنے اور آپ پر ایمان لانے والے سبھی برابر نہیں ہیں دین وایمان میں

---

{1} الفتح:29 {2} الروض الباسم ج1ص100

Marfat.com

آپ ان کے منازل ومدارج کوملاحظہ کرسکتے ہیں اللہ تعالیٰ نے جماعت انبیاء کرام علیہم السلام میں بھی بعض کوبعض پر فضیلت دی ہے یہی لحاظ دیگر تمام مسلمانوں میں بھی موجود ہے ۔

## حدیث صحیح کا معیار مقرر کرنے میں غلط فہمی

یہ موقف رکھنا کہ حدیث رسول ﷺ میں صحیح وہ ہے جسے امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ تعالیٰ نے تخریج کیا ہے سراسر غلط اور تحقیق کے خلاف ہے بلکہ یہ ان ائمہ حدیث پر بے بنیاد الزام ہے جہاں تک امام بخاری کا تعلق ہے ان سے یہ بات مشہور ہے کہ آپ نے صحیح بخاری کو ایک لاکھ صحیح حدیثوں سے ترتیب وتخریج کیا ہے جبکہ آپ کی صحیح بخاری صرف 4,000 غیر مکرر حدیثوں پر مشتمل ہے تو ایک لاکھ صحیح حدیثوں سے صرف 4,000 حدیثوں کی تخریج کرنے والا یہ دعویٰ کیسے کرسکتا ہے کہ صحیح صرف اسی کتاب میں ہی محصور ہے اسی طرح امام مسلم رضی اللہ عنہ کے متعلق امام شرف الدین نووی رحمہ اللہ شرح مسلم میں لکھتے ہیں کہ امام مسلم نے اپنی صحیح میں صحیح کے حصر کا ارادہ نہیں فرمایا یعنی آپ کا یہ دعویٰ نہیں کہ صحیح صرف صحیح مسلم میں ہی بند ہے یہی بات امام حافظ ابوعبداللہ بن وارۃ الرازی رحمہ اللہ متوفی 270ھ اور محدث رَی امام ابوزرعہ عبیداللہ بن عبدالکریم قرشی مخزومی رحمہ اللہ متوفی 264ھ نے بھی رقم کی ہے امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری رحمہ اللہ متوفی 405ھ المستدرک کے خطبے میں لکھتے ہیں کہ بخاری اور مسلم نے اس بات کا دعویٰ نہیں کیا کہ جو ہماری کتابوں میں درج ہے بس وہی صحیح ہے اور اس بات کی توثیق امام ابن الصلاح اور امام زین الدین العراقی اور امام

Marfat.com

ابن العذیر صنعانی یمانی نے بھی کی ہے---------{1}

## صحیح کے اقسام اور اس میں اختلاف

صحیح کے اقسام میں محدثین کرام نے اختلاف کیا ہے امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری نے صحیح کی دس اقسام کر کے بخاری اور مسلم کی احادیث کو ان میں ایک قسم شمار کیا ہے علامہ ابن الصلاح اور حافظ العراقی متوفی 806ھ نے صحیح کی سات قسمیں بنا کر بخاری اور مسلم کی احادیث کو تین اقسام میں رکھا ہے صحیح کی وہ قسم جس پر دونوں نے اتفاق کیا ہے صحیح کی وہ قسم پر جس پر بخاری منفرد ہے اور صحیح کی وہ قسم جس پر صرف مسلم منفرد ہے امام ابن الاثیر نے اپنی الجامع میں صحیح کے مسئلہ پر امام حاکم نیشاپوری کی اتباع کی ہے ائمہ حدیث نے ہمیشہ سے امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ تعالیٰ علیہم پر استدراک کیا ہے اور انہوں نے وہ احادیث ذکر کی ہیں جنہیں یہ حضرات اپنی شرائط پائی جانے کے باوجود ترک کر گئے صحیح بخاری اور مسلم پر استدراک کرنے والوں میں چند معروف نام یہ ہیں

❁ امام ابوبکر احمد بن محمد زرقانی الشافعی متوفی 425ھ ان کے بارے میں خطیب بغدادی کا قول ہے کہ ہم نے اپنے شیوخ میں ان سے زیادہ اثبت اور عارف بالفقہ نہیں دیکھا آپ نے حدیث میں وہ ضخیم کتاب تالیف فرمائی جو بخاری ،مسلم ،سفیان ثوری ،ایوب اور شعبہ کی صحیح حدیث پر مشتمل تھی---------{2}

---

{1} الروض الباسم ج1 ص 101 {2} الروض الباسم ج1 ص102

Marfat.com

❁ ابن خزیمہ امام الائمہ ابوبکر محمد بن اسحاق نیشاپوری متوفی 311ھ آپ اپنے دور کے استاذ المحدثین اور صاحب تصانیف تھے۔ صحیح ابن خزیمہ فن حدیث میں آپ کی مہارت اور قبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

❁ شیخ خراسان ابوحاتم امام حبان البستی متوفی 354ھ صاحب صحیح ابن حبان

❁ ابوالحسن علی بن محمد بغدادی دار القطنی متوفی 385ھ آپ کے متعلق امام ذھبی کا یہ قول مشہور ہے کان من بحور العلم ومن ائمة الدنیا انتھیٰ الیه الحفظ ومعرفة علل الحدیث ورجاله مع التقدم فی القرأت وطرقها

''وہ علم کا دریا اور دنیا کے ائمہ سے ایک عظیم امام تھا حفظ، معرفتِ عللِ حدیث اور جمالِ حدیث میں مرجع و ملتھیٰ ہونے کے ساتھ قرأت اور اس کے طرق کے علم میں بھی سب پر مقدم تھا''۔

❁ ابوبکر احمد بن حسن بیہقی شافعی متوفی 458ھ صاحب السنن الکبریٰ ودلائل النبوت تلمیذ رشید امام حاکم نیشاپوری۔

❁ عبدالغنی المقدسی ابومحمد بن عبدالغنی دمشقی حنبلی صاحب کتاب الکمال فی اسماء الرجال متوفی 600ھ

❁ ابومحمد عبدالحق بن عبدالرحمان ازدی اندلسی صاحب الاحکام الکبریٰ متوفی 581ھ۔

❁ تقی الدین بن دقیق العید بن سیدالناس شافعی اندلسی اشبیلی مصری متوفی 734ھ رحمهم الله تعالیٰ وشکر سعیهم۔

Marfat.com

# صحاح ستہ میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
# سے مروی احادیث

Marfat.com

استاذی المحترم مدظلہ العالی۔حدیث کی معروف 6 کتابوں میں بسلسلہ احکام شریعت حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنی احادیث مروی ہیں تفصیلاً ذکر فرما کرعنداللہ ماجور ہوں۔

السائل

تنویراحمد

متعلم ادارہ محی الاسلام برطانیہ

20 جنوری 2005ء/9 ذوالحجہ 1425ھ

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

# الجواب

صحابیء رسول ﷺ اور کاتب دربارنبوی ﷺ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے بسلسلہ احکام شریعت اصحاب صحاح ستہ نے جو احادیث روایت کی ہیں ان کی تعداد 30 ہے ذیل میں ان کا ذکر کیا جارہا ہے۔

1۔ عورتوں کے بالوں میں جُوڑا بنانے کی حرمت اس حدیث کو آپ سے امام بخاری اور امام مسلم وغیرھما نے روایت کیا ہے---------{1}

اس حدیث کی صحت کی تائید حضرت اسماء، حضرت عائشہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنھم کی روایت سے بھی ہوتی ہے۔

2۔ لاتزال طائفة من امتی ظاهرین علی الحق-----{2}

{1} بخاری 3468، مسلم 2127 کتاب اللباس {2} بخاری 3641 مسلم 1037 کتاب الامارت

''میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق کے ہمراہ غالب رہے گا''

اس حدیث کو آپ سے امام بخاری اور امام مسلم نے روایت کیا ہے نیز اسی حدیث کو امام مسلم نے حضرت سعد بن ابی وقاص، ابوداؤد اور ترمذی نے حضرت ثوبان اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنھم سے بھی روایت کیا ہے۔

3۔ نماز عصر کے بعد نفل پڑھنے سے منع کی حدیث۔

اسے امام بخاری نے آپ سے روایت کیا ہے نیز اس حدیث کو امام بخاری، مسلم، ابوداؤد اور نسائی نے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بھی روایت کیا ہے آپ فرماتی ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو شخص یہ عمل کرتا تھا اسے مارا کرتے تھے۔

4۔ مانگنے میں اصرار اور جھگڑنا منع ہے---------{1}

اس حدیث کو امام مسلم اور امام بخاری نے آپ سے روایت کیا ہے نیز اسی حدیث کو ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے حضرت سمرہ بن جندب اور امام مالک نے الموطا میں عبداللہ بن ابوبکر سے بھی روایت کیا ہے۔

5۔ یہ بات ہمیشہ قریش میں رہے گی---------{2}

اس حدیث کو امام بخاری نے آپ سے روایت کیا ہے نیز اسے امام مسلم نے عبداللہ بن عمر اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنھم سے بھی روایت کیا ہے۔

6۔ شراب نوشی کرنے والے کو کوڑے مارنا اور چوتھی بار پینے پر قتل کر دینا۔{3}

---

{1} مسلم 1038 نسائی 97/5 کتاب الزکوۃ {2} بخاری 3500 {3} ابوداؤد 4482، ترمذی 1444

Marfat.com

یہ حدیث آپ سے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کی ہے اس حدیث پاک میں جہاں تک شارب خمر کو کوڑے مارنے کا حکم ہے وہ تو بالکل واضح ہے اور بہت سی احادیث صحیحہ سے ثابت ہے لیکن چوتھی بار قتل کرنے کے سلسلہ میں اہل علم کی کثیر تعداد کے نزدیک یہ حکم منسوخ ہے۔

7۔ ریشم، سونا اور درندوں کی کھال پہننا منع ہے--------{1}

اس حدیث کو آپ سے ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور ترمذی نے زوایت کیا ہے اس حدیث میں جہاں تک درندوں کی کھال پہننے کی حرمت کا تعلق ہے اس کی تائید حضرت ابوملیح ﷺ کی روایت سے بھی ہوتی ہے جسے امام ترمذی ابوداؤد، نسائی نے آپ سے روایت کیا ہے مگر احناف فقہاء و محدثین کے مذہب پر انسان اور سور کے علاوہ ہر قسم کے جانور کا رنگا ہوا چمڑہ پاک ہے اور اس کا پہننا بھی جائز ہے۔

8۔ امت محمدیہ کا ستر سے زائد فرقوں میں تقسیم ہونا--------{2}

اس حدیث کو آپ سے ابوداؤد نے روایت کیا ہے یہی حدیث ابوداؤد اور ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔

9۔ امام سے پہلے رکوع و سجود کرنے کی ممانعت--------{3}

ابوداؤد اور نسائی نے یہ حدیث آپ سے روایت کی ہے نیز یہی حدیث امام بخاری، مسلم، ابوداؤد ، ترمذی اور نسائی نے حضرت ابوہریرہ اور امام مالک نے موطا میں حضرت انس ﷺ سے روایت کی ہے۔

---

{1} ابوداؤد 4597 {2} ابوداؤد 4129، نسائی 176/7 ابن ماجہ 3656 {3} ابوداؤد 619، ابن ماجہ 963

Marfat.com

10۔ شغار۔ وٹے سٹے کی شادی کرنا منع ہے------{1}

اس حدیث کوابوداؤد نے آپ سے روایت کیا ہے نیز یہی حدیث امام بخاری اور مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما سے بھی روایت کیا ہے اور دیگر صحابہ سے بھی یہ حدیث معروف ہے۔

11۔ انہوں نے رسول ﷺ کے وضو کی طرح وضو کیا---------{2}

یہ حدیث ابوداؤد نے آپ سے روایت کی ہے نیز اسے ابوداؤد نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بھی روایت کیا ہے۔

12۔ نوحہ گری اور واویلا کرنا منع ہے---------{3}

اس حدیث کوآپ سے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور یہ مشہور ترین حدیث ہے

13۔ لوگوں کے قیام پر راضی ہونا منع ہے--- ---{4}

اس حدیث کوآپ سے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے اس کی تائید میں امام نووی شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی "کتاب التلخیص" میں حضرت ابوامامہ سے بھی روایت مرقوم ہے۔

14۔ مدح سرائی میں مبالغہ کرنا منع ہے---------{5}

اس حدیث کوآپ سے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے نیز یہی حدیث بخاری و مسلم نے حضرت ابوبکرہ، ابوداؤد نے عبداللہ بن سنجرہ اور ترمذی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی

---

{1}ابوداؤد 2075 {2}ابوداؤد 124

{3}ابن ماجہ 1580 {4} ابوداؤد 5229 ترمذی 2755 {5}ابن ماجہ 3742

Marfat.com

روایت کی ہے۔

15۔ ہر نشہ آور چیز کی حرمت---------{1}

آپ سے یہ حدیث ابن ماجہ نے روایت کی ہے یہی حدیث ابوداؤد اورنسائی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی روایت کی ہے۔

16۔ نماز میں سہو ونسیان والے کا حکم---------{2}

اس حدیث کو آپ سے امام نسائی نے روایت کیا ہے نیز اسے ابوداؤد نے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کیا ہے۔

17۔ حج وعمرہ میں قران کرنا منع ہے---------{3}

اس حدیث کو ابوداؤد نے آپ سے روایت کیا ہے اس حدیث کی تائید حدیث عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی ہوتی ہے جسے امام مالک رضی اللہ عنہ نے الموطا میں مرفوعا روایت کیا ہے سنن ابوداؤد میں روایت کے الفاظ یہ ہیں

عن معاوية رضى الله عنه هل تعلمون أنّ رسول الله ﷺ نهٰى عن كذا وكذا وعن ركوب جلودالنمورقالوانعم قال فتعلمون انه نهٰى ان يقرن بين الحج والعمرة فقالوا اماهٰذا فلافقال انّهامعهنّ ولكنّكم نسيتم

''حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں تم جانتے ہو کہ نبی کریم ﷺ نے ان ان چیزوں سے اور چیتوں کی کھالوں پر سواری کرنے سے منع فرمایا ہے

{1}ابن ماجہ 3389 ابوداؤد 3679 {2}نسائی 3/33 ابوداؤد 1037 {3}ابوداؤد 1794

Marfat.com

لوگوں نے کہاہاں آپ نے فرمایاتم جانتے ہوکہ آپ نے حج وعمرہ میں قران کرنے سے بھی منع کیا ہے لوگوں نے کہایہ تو ہمیں معلوم نہیں آپ نے فرمایا یہ بھی ان میں شامل ہے مگرتم بھول گئے ہو جہاں تک اس حدیث کا تعلق ہے وہ تو صحیح ہے مگر حج وعمرہ میں قران سے منع کرنا شاذ ہے اوراسے ضعیف قرار دیا گیا ہے''۔

18۔ نبی کریم ﷺ کے عمرہ اور حج کے بعد آپ نے تیر کے چوڑے پھل کیساتھ آپ کے بال مبارک کاٹے--------{1}

آپ سے یہ حدیث بخاری ومسلم وابوداؤداور نسائی نے روایت کی ہے اس روایت کی تائید مؤطاامام مالک میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی ہوتی ہے۔

19۔ ام المؤمنین سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ جماع کے وقت پہنے ہوئے کپڑے میں نماز پڑھا کرتے تھے اگراس میں کسی ناپاکی کا کوئی اثر نہ نظر آتا تھا--------{2}

یہ حدیث آپ سے ابوداؤد اور نسائی نے روایت کی ہے اس کی تائید بھی بہت سی احادیث سے ہوتی ہے مثلاً امام بخاری راوی ہیں کہ ان رسول اللہ ﷺ کان یصلی فی نعلیه مالم یربهما اذیً--------{3}
''رسول اللہ ﷺ اگر اپنے جوتوں کی ناپاکی کا اثر نہ پاتے تو انہیں پہن کر بھی نماز پڑھ لیا کرتے تھے''۔

{1} بخاری 1730 مسلم 1246 {2} ابوداؤد 366 نسائی 1/155 ابن ماجہ 540 {3} بخاری 386

Marfat.com

20۔ مسجد نبوی ﷺ میں لہسن اور پیاز کھا کر داخل ہونا منع ہے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث اپنے والد حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے---------{1}

جب کہ تحقیق یہ ہے کہ اس باب میں حضرت معاویہ کی اپنے والد سے کوئی روایت نہیں ہے البتہ امام ابوداؤد نے معاویہ بن قرہ کی اپنے باپ سے یہ حدیث روایت کی ہے اس حدیث کے اور بھی شواہد پائے جاتے ہیں مثلاً امام بخاری، امام مسلم اور امام مالک نے حضرت جابر اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی اسی طرح کی حدیث روایت کی ہے۔

21۔ یہ دس محرم کا دن ہے اس کا روزہ تم پر فرض نہیں کیا گیا--------{2}

یہ حدیث آپ سے امام بخاری و مسلم، مالک اور نسائی نے روایت کی ہے اس کی تائید مسلم میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے بھی ہوتی آپ ﷺ نے فرمایا فأنا احق بموسیٰ ......فنحن نصومه تعظیماله---------{3}

22۔ لاتنقطع الهجرة---------{4}

امام ابوداؤد نے یہ حدیث آپ سے روایت کی ہے اس کی تائید میں عبداللہ بن السّعدی کی روایت سنن نسائی میں موجود ہے۔

---

{1} الروض الباسم ص358 {2} بخاری 2003 مسلم 1129 نسائی 204/4

{3} الروض الباسم ص259 {4} ابوداؤد 2479

Marfat.com

23۔ سونا پہننا منع ہے مگر ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا---------{1}

ابوداؤد نے آپ سے یہ حدیث روایت کی ہے۔اس کی تائید میں امام نسائی کی روایت بھی موجود ہے۔

24۔ اغلوطات سے منع کیا گیا ہے---------{2}

(مبہم کلام کر کے لوگوں کو مغالطہ پیدا کر دینا)

امام ابوالسّعادات کی کتاب جامع الاصول میں حضرت ابوہریرہ کی روایت سے اس حدیث کی تائید ہوتی ہے۔

25۔ جمعہ اور نفلی نماز کے درمیان کلام یا مسجد سے خروج کر کے فرق کرنا---------{3}

اس حدیث کو امام مسلم نے آپ سے روایت کیا ہے بخاری میں عبداللہ بن عمر کی روایت سے اس حدیث کی تائید ہوتی ہے جبکہ ابوداؤد نے ابومسعودالرزقی سے امام کے حق میں ایسی روایت بیان کی ہے مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں...... کان لایصلّی بعدالجمعة حتٰی ینصرف فیصلّی رکعتین فی بیته

"جب آپ ﷺ نماز جمعہ سے فارغ ہوتے تو اپنے گھر میں دو رکعت پڑھا کرتے تھے

26۔ اللہ تعالیٰ ہر گناہ معاف فرما دے گا مگر قتل مومن اور شرک باللہ نہیں---{4}

---

{1} ابوداؤد 2439 نسائی 161/8 {2} ابوداؤد 3656 {3} مسلم 883 ابوداؤد 1129

{4} النسائی 81/7 ابوداؤد 4270

Marfat.com

27۔ اشفعوا توجروا---------{1}

''سفارش کرو اجر وثواب پاؤ گے''

اس حدیث کو آپ سے ابوداؤد اور امام نسائی نے روایت کیا ہے قرآن مجید میں بھی اس کے معنی اور مفہوم کی تائید موجود ہے۔

28۔ لوگوں کی عورات (ہر وہ چیز جسے چھپایا جائے اور کھلنے سے شرمایا جائے) کا تتبع کرنا مکروہ کام ہے۔---------{2}

اس حدیث کو آپ سے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

29۔ من یرد اللہ به خیرا یفقهه فی الدین---------{3}

''اللہ تعالیٰ جس بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین میں فقہ وفہم عطا کر دیتا ہے''

اس حدیث کو امام بخاری نے آپ سے روایت کیا ہے ترمذی میں حضرت ابن عباس اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی یہ روایت موجود ہے۔

30۔ لیلۃ القدر رمضان المبارک کی ستائیسویں رات ہے---------{4}

اسے ابوداؤد نے آپ سے روایت کیا ہے۔

☆ حضرت معاویہ ﷺ کی یہ وہ معروف احادیث ہیں جو احکام میں صریح ہیں یا ان سے کوئی حکم استنباط کیا جا سکتا ہے اس کے علاوہ بھی آپ سے بہت سی ایسی صحیح اور مستند روایات موجود ہیں جسے صحاح ستہ کے مصنفین نے آپ سے نقل کیا ہے۔

{1} ابوداؤد 5132، نسائی 78/5 {2} ابوداؤد 2888، ترمذی 2533

{3} بخاری 71، مسلم 1037 {4} ابوداؤد 1386

ذیل میں چند احادیث کو درج کیا جا رہا ہے۔

- ازان دینے والے کی عظمت وفضیلت---------{1}
- مؤذن کو جواب دینا---------{2}
- ذکر کے حلقات کی فضیلت---------{3}
- انصار مدینہ کی محبت اوران کا احترام---------{4}
- حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت---------{5}
- نبی کریم ﷺ کی تاریخ وصال کہ آپ اس وقت 63 برس کے تھے ---------{6}
- اَللّٰهُمَّ لَامَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ ---------{7}

اے اللہ جو چیز تو دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں۔

- الخیر عادة والشر لجاجة---------{8}
- لم یبق فی الدنیا الا بلاء وفتنة---------{9}

دنیا میں امتحان اور پریشانی کے سوا کچھ نہیں بچا۔

---

{1} مسلم 14/387 ابن ماجہ 725 {2} بخاری 914 نسائی 24/2
{3} مسلم 2701، ترمذی 3379 {4} مجمع الزوائد الھیثمی 39/10 {5} ترمذی 3739، ابن ماجہ 126
{6} مسلم 119/2352، ترمذی 3653 {7} بخاری 844 مسلم 119/ 593
{8} ابن ماجہ 221 {9} ابن ماجہ 4035

Marfat.com

❁ إنّما الأعمال كالوعاء اذاطاب اسفله طاب اعلاه

-------{1}

بے شک اعمال کی مثال اس برتن کی ہے جس کا نچلا حصہ صاف ستھرا ہوگا

تو اس کا اوپر والا حصہ بھی پاک وصاف ہوگا۔

❁ انّ الّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّة

یہ آیہ مبارکہ کن لوگوں کے حق میں نازل ہوئی ۔ ---------{2}

❁ ملت اسلامیہ میں معروف متداول کتب حدیث میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی ان احادیث کی موجودگی محدثین اور ائمہ اسلام کی عظمت میں آپ کی عظمت اور مقام اور رفعت وشان کا پتا دیتا ہے نیز روایت حدیث کے سلسلے میں جلیل القدر صحابہ اور تابعین نے بھی استفادہ کیا آپ کے چند تلامذہ کے نام یہ ہیں

حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت ابوسعید الخذری، حضرت عبداللہ بن زبیر حضرت سعید بن میتب، حضرت ابوصالح السمان، حضرت ابوادریس الخولانی حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمان، حضرت عروہ بن زبیر، حضرت سالم بن عبداللہ حضرت محمد بن سیرین وغیرھم رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین ۔---------{3}

عبدالرسول منصور الازھری خطیب ریڈرچ

11 ذوالحجہ 1425ھ /22 جنوری 2005ء

---

{1} ابن ماجہ 4199 {2} بخاری 1456 {3} الروض الباسم ص 364

Marfat.com

## باب چہارم

# فقہیات

Marfat.com

# عورت کی امامت وخطابت
# کی شرعی حیثیت

Marfat.com

حضرت استاذی المحترم قبلہ مفتی صاحب نیویارک امریکہ میں امینہ ودود افریقی نژاد خاتون جو وہاں ایک کالج میں اسلامیات کی لیکچرار بھی ہے اس نے عورتوں کو نماز جمعہ پڑھانے کے لے خود کو امامت اور خطابت کے لیے مقرر کر رکھا ہے کیا اسلامی شریعت میں جمعہ کی نماز پڑھانے کے لیے خود کو امامت اور خطبہ کے لیے ایک خاتون کا یہ اقدام صحیح اور جائز قرار دیا جاسکتا ہے اور اس کے پیچھے ادا کی جانے والی نماز جمعہ کی شرعی حیثیت کیا ہے براہ عنایت کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دے کر اپنی دینی ذمہ داری سے عہدہ برآہوں اللہ کریم جل مجدہ' آپ کا حامی وناصر ہو؟۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا خادم ذوالفقار احمد نقشبندی برمنگھم

25 مارچ 2005ء

ماشاء اللّٰہ ولا قوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

شریعت اسلامیہ عورت کے اس فعل کو حرام اور بدعت سیئہ قرار دیتی ہے اور اس کی اقتداء میں پڑھی جانے والی مردوں اور عورتوں کی نماز باطل تسلیم کی گئی ہے بعض سطحی علم رکھنے والے حضرات ابوداؤد اور دارقطنی کی اس روایت سے استدلال کرتے ہوئے جمعہ کے خطبہ اور اس کی امامت کے لیے عورت کے اس اقدام کو جائز قرار دیتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت امہ ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کو حکم دیا کہ آپ اپنے

Marfat.com

اہل خانہ کے لیے نماز کی امامت کرائیں اس حدیث کو اگر صحیح اور ثابت الاسناد تسلیم کرلیا جائے تو اس کا معقول جواب یہ ہے کہ یہ حدیث اندرون خانہ عورتوں کی امامت خاصہ کی خبر دیتی ہے نماز جمعہ اور خطبہ جمعہ سے اس حدیث کا کوئی تعلق دکھائی نہیں دیتا اس لیے اس حدیث سے عورت کے لیے جمعہ کی امامت وخطابت کا جواز ثابت کرنا قطعاً صحیح نہیں۔

❁ حکم اعلیٰ اور قطعی حجت کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ ہے حدیث صحیح میں وارد ہے آپ ﷺ فرماتے ہیں:۔

ترکت فیکم ماان تمسّکتم به لن تضلّوا بعدی ابداً کتاب اللّٰه وسنّتی

''میں نے تم میں وہ کچھ چھوڑا ہے کہ اگر تم نے اسے مضبوطی سے تھامے رکھا تو میرے بعد کبھی بھی گمراہ نہ ہوگے (وہ ہے) اللہ تعالیٰ کی کتاب اور میری سنت''۔

قطعی نصوص سے کسی نص کے فہم کے سلسلے میں اہل علم کا اجماع بھی ایک قطعی حجت ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ ﷺ کے مجموعے کو کسی ضلالت اور گمراہی پر جمع ہونے سے بچا رکھا ہے نبی اکرم ﷺ کی حدیث پاک ہے

لاتجتمع امتی علی الضّلالة

''میری امت گمراہی پر جمع نہ ہوگی''

چنانچہ ہر دور میں مسلمانوں کے اجماعی موقف کے خلاف چلنے والے نے ہی بدعت اور ضلالت کا دروازہ کھولا۔ اور غیر سبیل مؤمنین کا متبع قرار پایا اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کا ارشاد ہے

وَمَن يُشَاقِقِ ٱلرَّسُولَ مِنۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ ٱلۡهُدَىٰ وَيَتَّبِعۡ غَيۡرَ سَبِيلِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ نُوَلِّهِۦ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصۡلِهِۦ جَهَنَّمَۖ وَسَآءَتۡ مَصِيرًا ﴿١١٥﴾ -------{1}

''اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ ہے پلٹنے کی''

اور اس کے ساتھ جب نجات پانے والی جماعت کے متعلق نبی کریم ﷺ سے سوال ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا

ما أنا عليه وأصحابي

''جو میرے اور صحابہ کے راستے پر کاربند ہے''۔

❁ کرۂ ارض پر بسنے والی امت مسلمہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ عورتوں کو خطبہ جمعہ اور اس کی نماز کی امامت کے بارے کوئی دخل اور حق حاصل نہیں اور جو بھی ایسی نماز میں شریک ہو وہ امام ہو یا مقتدی سب کی نماز باطل ہوگی۔ اسلامی دنیا کے کسی بھی فقیہ حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی، شیعی اور سنی کی کسی کتاب میں ایک قول بھی ایسا نہیں ملتا جس سے عورت کے لیے خطبہ جمعہ اور اس کی نماز کی امامت کے جواز کا ثبوت ملتا ہو۔

{1} النساء 115

Marfat.com

اس لیے تمام مذاہب مروّجہ متبوعہ کے مطابق یہ فعل محدث اور باطل قرار دیا جاتا ہے۔

❁ دین اسلام میں یہ بات پوری طرح واضح ہے کہ نماز کے اندر عورتوں کو مردوں کے پیچھے کھڑا ہونا پڑتا ہے مردوں کی پہلی صف اور عورتوں کی آخری صف کو خیر اور افضل قرار دیا گیا ہے چنانچہ امام مسلم اپنی کتاب صحیح مسلم میں حضرت ابوھریرۃ ﷛ سے روایت کرتے ہیں

قال رسول اللہ ﷺ خیر صفوف الرجال اوّلھاوشرّھاآخرُھا وخیرصفوف النساء آخرھاوشرّھا اوّلھا------{1}

''مردوں کی صفوں میں پہلی صف افضل اورآخری صف زیادہ بری اورعورتوں کی صفوں میں آخری افضل اور پہلی زیادہ بری ہے''۔

یہ فرمان رسول ﷺ عورت کو ہر طرح کے فتنہ اور پریشانی سے محفوظ رکھنے کے پیش نظر جاری ہوا اندریں صورت اس کے لیے عام محافل میں منبر پر چڑھ کر خطبہ دینا اور نماز جمعہ کی امامت کرانا کیسے جائز ہوسکتا ہے؟

❁ دور نبوت، دور صحابہ، دور تابعین اور اس کے بعد کے ادوار میں تاریخ اسلام اس امر پر شاہد ہے کہ ایک عورت نے بھی یہ اقدام کیا اور نہ ہی اس کا مطالبہ کیا جو اس مسئلہ پر ایک قطعی حجت ہے کہ یہ عمل ضلالت اور بدعت سیئہ ہے اگر عورت کے لیے یہ عمل جائز ہوتا تو اس پر سب سے بڑا حق امہات المؤمنین کا تھا (رضی اللہ تعالیٰ عنھن) جن میں بلند پایہ فقیہات بھی تھیں اور بعض سے تو دین متین کا بہت سا حصہ منقول ہوا ہے

---

{1} صحیح مسلم

ان میں فقیہہ، عالمہ، مُحدّ ثہ اور فصیحہ بلیغہ اُم المؤمنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ بنت ابوبکر صدیق (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) بھی موجود تھیں اگر عورت کی نماز جمعہ کی امامت اور خطبہ جمعہ میں کوئی خیر کا پہلو ہوتا تو یہ حضرات قدسیہ ہمارے لیے ضرور کوئی سنت چھوڑتیں۔ بہرحال تاریخ اسلام میں بہت سی فقیہات، محدثات، ثقات اور اعلام دکھائی دیتی ہیں جن کی صداقت اور امانت، دیانت اور عظمت ایک مسلمہ حقیقت رکھتی ہے۔ عظیم مؤرّخ اور نقاد محدّ ث امام الذہبی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

لم یوثر عن امرأة انها كذبت فی الحدیث وما علمت من النّساء من اتهمت ولا من تركوها-------{1}

"کسی خاتون کے متعلق یہ نقل نہیں کیا گیا کہ اس نے حدیث میں جھوٹ کہا ہو اور نہ ہی میرے علم میں یہ بات آئی ہے کہ عورتوں سے کسی کو کذب کے ساتھ متّہم کیا گیا ہو اور اہل علم نے اس کی روایت کو ترک کیا ہو"۔

❁ چنانچہ محدّ ث شام حافظ ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ کے شیوخ میں خواتین کی تعداد 80 سے زیادہ بتائی گئی ہے اور محدّ ث ابو مسلم الفراھیدی رحمہ اللہ کے متعلق تاریخ میں مذکور ہے کہ انہوں نے 70 خواتین سے حدیث کی روایت کی ہے نیز اس امت کی تاریخ میں ایسی خواتین کی بھی کثیر تعداد موجود ہے۔ جنہیں امام بخاری، امام شافعی، ابن خلکان اور ابن حیان ایسے محدّ ثین کے شیوخ اور اساتذہ ہونے کا شرف حاصل ہوا مگر ان میں کسی خاتون سے بھی منقول نہیں کہ جس نے نماز جمعہ کی امامت یا

{1} میزان الاعتدال 604/4

Marfat.com

اس کے خطبہ کا شوق ظاہر کیا ہو حالانکہ وہ اپنے دور میں کثیر مردوں پر فقہ اور روایت حدیث میں فائق درجہ رکھتی تھیں۔ المختصر تاریخ اسلام نے خاتون کو بہت سے میدانوں میں بلند مرتبہ پر دیکھا وہ عالمہ، فقیہہ، مفسرہ، محدثہ دکھائی دی اجماعی عباداًت اور جہادی صفوف میں بھی اس کی مشارکت پائی گئی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سلسلہ میں بھی وہ مرد کے ساتھ رہی مگر جمعہ کے خطبہ اور مرد و زن پر مشتمل جماعت کی امامت کے بارے میں اس کا کوئی کردار سامنے نہیں آیا جس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ خطبہ جمعہ اور جماعت عامہ کی نماز کی امامت کے لیے ذکورت یعنی مرد کا ہونا شرط لازم ہے۔

## حدیث ابوداؤد اور اس کا اصل معنی و مفہوم

سنن ابوداؤد باب امامۃ النساء حدیث 573 میں عبدالرحمٰن بن خلاد انصاری حضرت امہ ورقہ بن نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنھا سے راوی ہیں آپ فرماتی ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ نے غزوہ بدر کی تیاری کی تو میں نے آپ سے عرض کی یارسول اللہ مجھے بھی اپنے ساتھ اس غزوہ میں جانے کی اجازت دیں میں آپ کے بیماروں کی خدمت کروں گی شاید اللہ تعالیٰ مجھے شہادت نصیب فرمائے تو آپ نے فرمایا ”تو اپنے گھر میں ہی ٹھہر اللہ تعالیٰ یقیناً تجھے شہادت عطا فرمائے گا“۔ عبدالرحمٰن بن خلاد فرماتے ہیں اس کے بعد انہیں شہیدہ کے نام سے یاد کیا جانے لگا آپ قرآن مجید پڑھ چکی تھیں آپ نے نبی کریم ﷺ سے اپنے گھر میں مؤذن رکھنے کی اجازت چاہی جو آپ نے عطا فرما دی آپ نے اپنے ایک غلام اور کنیز کو مدبّر قرار دے رکھا تھا (مدبّر اس غلام یا کنیز کو کہتے ہیں جو مولا کے مرنے کے بعد آزاد ہو جاتے ہیں) ان

Marfat.com

دونوں نے ایک رات اٹھ کر آپ کا ایک موٹا کمبل آپ پر ڈال کر اتنا دبایا کہ آپ کی موت واقع ہوگئی اس کے بعد وہ دونوں وہاں سے بھاگ گئے صبح ہونے پر حضرت عمرؓ نے لوگوں سے کہا جس کے پاس ان دونوں کی کوئی خبر ہو یا جس نے انہیں دیکھا ہو تو وہ انہیں پکڑ لائے چنانچہ وہ پکڑ لیے گئے اور پھر انہیں سولی دے دی گئی تھی۔ مدینہ منورہ میں سب سے پہلے انہی دو کو سولی دی گئی تھی۔-------{1}

اس حدیث کے ساتھ ہی عبدالرحمٰن بن خلاد کی دوسری روایت میں یہ کلمات بھی موجود ہیں.........کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ام ورقہ انصاریہؓ کے گھر جا کر آپ کی زیارت کیا کرتے تھے اور آپ ﷺ نے ان کے لیے ایک مرد کو مؤذن بھی مقرر کیا تھا اور ان سے فرمایا تھا کہ وہ اپنے گھر والوں کی نماز میں امامت کریں۔ عبدالرحمٰن کا قول ہے کہ میں نے ام ورقہ کے اس مؤذن کو دیکھا تھا وہ بہت عمر رسیدہ شخص تھا۔

یہی حدیث امام ابوعبداللہ حاکم نیشا پوری کی کتاب المستدرک میں بھی منقول ہے اس کے الفاظ یہ ہیں......حضور ﷺ نے آپ کو حکم دیا کہ وہ فرائض میں اپنے گھر والوں کا امام بنا کریں------{2}

۞ اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد امام بدرالدین شارح بخاری عینی المصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس حدیث سے چند فوائد حاصل ہوتے ہیں

☆ پہلا فائدہ: عورتوں کا اپنے گھروں میں ٹھہرنا جہاد کے لیے باہر جانے سے افضل ہے

{1} شرح ابوداؤد امام بدرالدین عینی متوفی 855ھ {2} شرح ابوداؤد بدرالدین عینی ص 95

Marfat.com

☆دوسرا فائدہ: عورتوں کے مؤذّن مقرر کرنا جائز اور مباح ہے مگر ہمارے اصحاب (حنفیہ) نے کہا ہے کہ عورتوں پر اذان اور اقامت لازم نہیں اور یہی حضرت حسن بصری اور حضرت ابن سیرین کا قول ہے کہ عورتوں پر اذان و اقامت نہیں ہے مگر ضحاک اور طاووس سے روایت ہے کہ اگر عورت اذان اور اقامت کہہ لے تو حرج بھی نہیں

☆ تیسرا فائدہ: عورتوں کی امامت عورتوں کے لیے جائز ہے مگر ان کی امام ان کے درمیان کھڑی ہوگی کیونکہ محدّث ابن عدی کتاب الکامل اور ابوالشیخ اصبہانی کتاب الاذان میں حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں آپ فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا......

''عورتوں پر اذان ہے اور نہ اقامت، جمعہ ہے نہ جمعہ کا غسل کرنا اور کوئی عورت ان کے آگے کھڑی نہ ہو لیکن ان کے درمیان کھڑی ہو''

اسی طرح کی ایک حدیث موقوف مصنف عبدالرزاق میں بھی موجود ہے ......حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ عورت عورتوں کی امام بن سکتی ہے مگر ان کے درمیان کھڑی ہوگی۔

امام بدرالدین العینی فرماتے ہیں کہ

عمار الدّھنی حجیرہ نامی خاتون سے روایت کرتے ہیں کہ ہمیں سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے نماز پڑھائی مگر آپ عورتوں کے درمیان کھڑی تھیں۔

یونہی حضرت عطاء سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی ہیں کہ آپ عورتوں کی صف کے درمیان کھڑے ہو کر انہیں نماز پڑھایا کرتی

تھیں۔--------{1}

## حضرت عائشہ، ام سلمہ اور ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھن کی امامت کا معنی ومفہوم

صاحب الھدایہ شیخ الاسلام برھان الدین الرغینانی متوفی 593ھ عورتوں کی جماعت کو مکروہ قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اگر وہ امامت کرنا چاہیں تو ان کی امام ان کے درمیان صف میں کھڑی ہوگی اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایسا ہی کیا تھا مگر سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا یہ فعل ابتداء اسلام کے دور پر رکھا گیا ہے کہ ابتداء میں ازواج مطہرات اور حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھن عورتوں کی امامت کیا کرتی تھیں۔

شارح الھدایہ کمال الدین ابن ہمام اسکندری متوفی 861ھ فتح القدیر میں لکھتے ہیں کہ بعض اہل علم نے اس فعل (عورتوں کا امام بننا) کے منسوخ ہونے کا دعویٰ کیا ہے کہ بعد میں اس فعل کو منسوخ کر دیا گیا تھا اس کے ناسخ کے سلسلے میں وہ حضرات ان احادیث مبارکہ سے استدلال کرتے ہیں

عورت کی نماز اس کے گھر میں اس کے حجرۂ صلوٰۃ میں ادا کی جانے والی نماز سے افضل ہے اور اس کی اپنے چھوٹے کمرے میں ادا ہونے والی نماز اس کے گھر پڑھی جانے والی نماز سے افضل ہے-----{2}

---

{1} شرح ابوداؤد بدر الدین عینی ص96ج3 {2} ابوداؤد 570 ، البیہقی 131/3

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کو عورت کی وہ نماز جو گھر کی تاریک ترین کوٹھڑی میں پڑھی جاتی ہے زیادہ محبوب ہے------{1}

عورت اپنے رب کی رضا کے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتی ہے جب وہ اپنے گھر کے اندرونی حصہ میں ہوتی ہے۔

ظاہر ہے کہ عورت کا مختصر ترین کمرہ اوراس کا تاریک ترین حجرہ تو جماعت کی وسعت اور گنجائش نہیں رکھتا ان احادیث مبارکہ سے عورتوں کی جماعت کی امامت کا حکم منسوخ دکھائی دیتا ہے علامہ ابن ہمام فرماتے ہیں اگر اس بات کو تسلیم کرلیا جائے تو اس سے عورتوں کی امامت کی سنّیت کا نسخ ثابت ہوتا ہے جس سے اس فعل کی کراہت تحریمی لازم نہیں آتی بلکہ عورتوں کی امامت کراہت تنزیہی کا درجہ رکھتی ہے اور زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ کام خلاف اولیٰ ہے------{2}

❁ بہر حال مندرجہ بالا بحث سے عورت کی عورتوں کے لیے امامت کا ثبوت اور اس سے جواز ملتا ہے اگر چہ ان کے اس فعل میں کراہت تنزیہی پائی جاتی ہے مگر عورت کی اقتدا میں ادا کی جانے والی نماز کے ادا ہو جانے میں کوئی شک نہیں حضور نبی کریم ﷺ کی جناب سے آنے والی احادیث مبارکہ کا تحقیقی جائزہ اور فن حدیث کے قواعد واصول کا اعتبار کرتے ہوئے فقہاء ومحدّثین نے جو نتیجہ اخذ کیا ہے وہ یہی ہے کہ عورت کی امامت عورتوں کے حق میں درست اور جائز قرار دی گئی ہے جیسا کہ

{1} البیہقی 131/3 {2} فتح القدیر ص365 کتاب الصلوٰۃ

Marfat.com

ازواج رسول ﷺ اور حضرت ام ورقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے عمل سے ثابت ہوتا ہے مگر سنن ابی داؤد کی ام ورقہ والی حدیث سے استدلال کرتے ہوئے عورت کے لیے نماز جمعہ کی امامت اور خطبہء جمعہ کے لیے اس کی تقرری کسی طور بھی صحیح اور جائز قرار نہیں پاتی عورت کی عورت کے لیے جماعت خاصہ پر جمعہ کی جماعت عامہ کو قیاس کرنا عقلاً ونقلاً غلط اور غیر صحیح کہا گیا ہے پوری اسلامی تاریخ میں اس پر کسی مجتہد، فقیہ اور محدّث ومفتی کا کوئی قول دکھائی نہیں دیتا۔

واللہ اعلم بالصّواب

والسّلام

عبدالرسول منصورالازہری

امیر اسلامی شرعی کونسل برطانیہ

یکم اپریل 2005ء

Marfat.com

# مسجد کے پلاٹ پر دکانیں
# اور سٹورز بنانا

Marfat.com

حضور قبلہ مفتی اسلام علامہ مفتی عبدالرسول منصور الازہری صاحب! کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسجد کے لیے وقف پلاٹ پر دکانیں اور سٹورز وغیرہ بنانے اور دوسری منزل کو مسجد کے طور پر استعمال کرنے کا شرعی حکم کیا ہے؟ وضاحت فرما کر عنداللہ ماجور ہو۔

قاری غلام نبی خاں قادری

خطیب جامع مسجد شاہی

جھال روڈ ساہیوال

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

دور حاضر میں مصلحت عامہ کی رعایت اور نمازیوں کی تعداد اور مسجد کے ضروری اخراجات کا لحاظ رکھتے ہوئے محقق فقہاء نے مسجد کے لیے وقف پلاٹ پر دکانیں اور سٹورز بنانے اور دوسری منزل کو مسجد کے طور پر استعمال کرنے کو جائز اور درست قرار دیا ہے اس مسئلہ کی تفصیل کے لیے شام کے عظیم فقیہ، مجتہد، حنفی امام، مصطفیٰ الزرقاء مدظلہ العالی کے فتاوٰی سے اکتساب فیض کیا جاتا ہے

حکم ھدم مسجد واعادۃ بنائه وتوسعته وجعله فی الطابق الثانی --------{1}

{1} فتاویٰ مصطفیٰ زرقاء ص 461

Marfat.com

''مسجد کوگرا کر اس کی دوبارہ تعمیر وتوسیع کرنااور مسجد کو دوسرے دور میں رکھنے کا شرعی حکم کیا ہے''۔

اس سوال کا جواب دیتے ہوئے شیخ مصطفیٰ الزرقاء فرماتے ہیں کہ حسب ضرورت گراؤنڈ فلور کو چھوڑ کر مسجد کو پہلے فلور پر لے جانااور گراؤنڈ فلور پر دکانیں بنانااور وقف کی مصلحت ومنفعت کے لیے انہیں کرائے کے لیے مختص کرنے میں حنبلی مذہب مذاہب اربعہ میں زیادہ وسعت کا حامل نظر آتا ہے امام الحنابلہ شیخ ابن قدامہ المغنی کے باب الوقف میں لکھتے ہیں---------{1}

قال احمد رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ فی روایۃ ابی داؤدفی مسجداھلہ رفعہ عن الارض ویجعل تحتہ سقایۃ وحوانیت فامتنع بعضھم عن ذالک فینظر الیٰ قول اکثرھم

''امام ابوداؤد کی روایت میں امام احمد کا قول ہے کہ اہل محلّہ نے زمین سے مسجد کواٹھا کر بنانا چاہا کہ اس کے نیچے والے حصہ میں وضوخانہ اور دکانیں بنادی جائیں تو کچھ لوگوں نے اس عمل سے انکار کردیا تو ان کی اکثریت کے قول کو معتبر سمجھا جائے گا''

شیخ الرّحیبانی مطالب اولی النھٰی شرح غایۃ المنتھٰی کے باب الوقف میں رقمطراز ہیں--------{2}

یجوزرفع المسجداذا أراداکثر اھل محلّتہ ذالک وجعلہ سفلہ سقایۃ وحوانیت لتنفع بھالمافیہ من المصلحۃ

---

{1} المغنی ج6ص130 القاہرہ {2} مطالب اولی النھٰی ج3ص374

Marfat.com

والظاهرانه یجوزلجنب ونحوه الجلوس بتلک الحوانیت
لزوال اسم المسجدیة

''جب اہل محلّہ کی اکثریت کاارادہ ہوکہ مسجد کواوپر والے حصے میں رکھاجائے اور نیچے والے حصہ پر وضوخانہ اوردکانیں بنادی جائیں۔جس سے مسجد کوفائدہ پہنچےتوایسا کرنا جائز ہے کیونکہ ایسا کرنے میں مصلحت ہے اندریں صورت جنبی شخص کے لیےان دکانوں میں بیٹھنابھی جائز ہے کیونکہ اس مقام سے مسجدہونے کانام زائل ہوجاتا ہے'' شیخ ابن تیمیہ شامی رحمہ اللہ بھی یہی موقف رکھتے ہیں اوروہ وقف میں ایسی تبدیلی کی علّت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں

لعلّ ذالک أنّ تغییرصورة المسجد وغیره من الوقف المصلحة راجحة جائزاذ لیس فی المساجدماهومعیّن بذاته الّاالبیت المعمور والاّالمساجدالّتی تشدّالیهاالرّحال اذهی من بناء الأنبیاء علیهم الصلوٰة والسّلام کانت کالمنصوص علیه رأی علی مسجدیته بخلاف المساجدالتی بناهاغیرهم فان الأمرفیهایتبع المصلحة التی تختلف باختلاف الأعصار والأمصار-------{1}

''شایدیہ اس لیے کہ مسجد یاکسی بھی دوسرے وقف کی ظاہری صورت کوکسی راجح مصلحت کی خاطرتبدیل کرنا جائز ہے بایں وجہ کہ بیت المعموراوروہ تین مساجدجن کی

{1}فتاویٰ مصطفیٰ الزرقاءص463

Marfat.com

طرف اہتمام سے سفر کیا جاتا ہے کے علاوہ کوئی مسجد بھی بالذّات معیّن نہیں ہے کیونکہ یہ انبیاء کرام علیھم السلام کی بنا کردہ ہیں جو مسجدیّت کے سلسلہ میں منصوص علیہ کی طرح ہیں باقی تمام مساجد جو غیر انبیاء نے تعمیر کی ہیں ان کا معاملہ مصلحت ومنفعت کے تابع ہے اور مصلحت ادوار وامصار کے اختلاف سے مختلف ہوتی رہتی ہے"۔

مام ابن نجار حنبلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

ویجوز رفع مسجد أراد اکثر أهله ذالک وجعل سفله سقاية وحوانيت--------{1}

"جب اہل محلّہ کی اکثریت کا ارادہ ہو کہ مسجد کو اٹھا کر اس کے نچلے حصے کو وضوخانہ اور دکانوں کے لیے خاص کر دیا جائے تو ایسا کرنا جائز ہے"

بہر حال حنابلہ نے مسجد کو ایک مکان سے دوسرے مکان میں ضرورت اور مصلحت کے تقاضے پر نقل کرنے کو جائز قرار دیا ہے اور وہ اسے مناقلہ کا نام دیتے ہیں یہ حضرات دیگر املاک واراضی موقوفہ میں بھی اس عمل کو جائز سمجھتے ہیں اس مسئلہ پر وہ حضرت عمر بن خطاب ﷺ کے اس فرمان سے استدلال کرتے ہیں آپ کے دور خلافت میں کوفہ کے اندر بیت المال کی دیوار میں نقب لگا کر چوروں نے مال نکال لیا تو آپ نے حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ کو حکم دیا کہ مسجد کو نقل کر کے اس کے قبلہ والی سمت پر بیت المال بنا دیا جائے کیونکہ مسجد عموماً نمازیوں سے خالی نہیں ہوتی چنانچہ سابق مسجد کو کھجور مارکیٹ میں تبدیل کر دیا گیا--------{2}

---

{1} منتھی الارادات ج2 ص21 {2} فتاویٰ مصطفیٰ زرقاء ص464

Marfat.com

شیخ شہاب الدین ابن قدامہ رحمہ اللہ اس حادثہ پر حاشیہ آرائی کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس موقع پر صحابہ کرام کی خاصی تعداد موجود تھی مگر کسی صحابی کا بھی اس پر انکار منقول نہیں بلکہ حضرت عمر ﷺ نے اس کا حکم دیا اور صحابی رسول حضرت ابن مسعود ﷺ جو مأمور تھے اس پر عمل فرمایا کیونکہ بیت المال کی رقابت وحفاظت کی مصلحت اسی میں تھی کہ اسے دوسری مسجد کے قبلہ میں رکھ دیا جائے۔

اس مذہب کی تائید دوسرے مذاہب سے بھی ہورہی ہے مثلاً علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں "أنّه اذاكان الطريق ضيّقا والمسجد واسعاً لايحتاج الٰى بعضه جازت الزيادة فى الطّريق من المسجد لأنّ كلّا منهما المصلحة العامّة"

{1}-----

"جب راستہ تنگ ہو اور مسجد میں وسعت پائی جاتی ہو تو اس کا کچھ حصہ راستے میں ڈال دینا جائز ہے کیونکہ دونوں میں مصلحت عامہ پائی جاتی ہے"۔

مالکی مذہب کی معروف کتاب حاشیۃ العدوی علی الخرشی کتاب الوقف میں مرقوم ہے أنّ ماكان اللّٰه فلابأس فيه أنّ يستعان ببعضه فى بعض -------{2}

"جو اللہ تعالیٰ کے لیے وقف ہے اس کے بعض حصے کے ساتھ بعض میں استعانت کرنے سے کوئی حرج نہیں"۔

{1} ردالمختار کتاب الوقف {2} فتاوی الزرقاء ص 466

Marfat.com

زمین سے اٹھا کر دوسری منزل میں مسجد کو رکھنا محض یُسر اور مصلحت کی بناء پر جائز قرار دیا گیا ہے جبکہ اہل علم سے کوئی بھی یہ قول نہیں رکھتا کہ نیچے کی چند منازل کو تجارتی مرکز یعنی شاپس اور سٹورز کے طور پر استعمال کیا جائے اور ان تمام کے اوپر مسجد رکھ دی جائے اندریں صورت نمازیوں کو وہاں تک آنے جانے میں دِقّت اور تکلیف کا سامنا ہوگا اور قلت جماعت مصلّین کا بھی امکان ہے جو مسجد کی غرض وغایت اور اس کی مصلحت کے خلاف ہے اس مسئلہ کی تفصیلات کے لیے فتاویٰ مصطفیٰ الزرقاء طبعہ دارالعلوم دمشق کا مطالعہ مفید رہے گا۔

عبدالرسول منصور ازھری

خطیب ریڈچ برطانیہ

19 ذوالحجہ 1425ھ 28 جنوری 2005ء

Marfat.com

# غلاف کعبہ کا شرعی حکم

Marfat.com

قبلہ استاذ العلماء مفتی صاحب عرض خدمت ہے کہ غلاف کعبہ کے متعلق مختصر ارشاد فرمائیں کہ اس عمل کی ابتدا سب سے پہلے کس نے کی تھی اور شرعی طور پر اس کا کیا حکم ہے اللہ جل مجدہٗ آپ کا حامی وناصر ہو۔

سید محسن شاہ

ادارہ مصباح القرآن ساہیوال

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

اس سوال کا جواب دیتے ہوئے شام کے قاضی القضاۃ امام تقی الدین سبکی شافعی متوفی 756ھ یوں رقمطراز ہیں

ان الکعبة بناها ابراهیم علیه افضل الصلوٰة والسلام ولم تکن تکسیٰ من زمانه الیٰ زمان تبّع الیمانی فهواوّل من کساها علی الصحیح وقیل ان اسماعیل کساها ففی تلک المدةولانقول ان کسوتها کانت واجبة لانها لوکانت واجبة لماترك الانبیاء علیهم الصلوٰة والسلام ولکن لماکساها تبع وکان من الافعال الحسنة واستمرذالک کان شعارالها وصارحقالها وواجبالئلایکون فی ازالته تنقیص من حرمتهاونقول انه تحرم ازالته ولایمتنع ان یکون ابتدا

Marfat.com

الشئ غیر واجب واستدامته واجبة ومرادی وجوب سترهادائماًلابقاء کل سترة دائماً وتفصیل القول فی ذالک ان السترة التی تکساها من بیت المال تصیر مستحقة لهابکسوتهافلایجوزنزعهاللامام ولالغیره حتیٰ تاتی کسوة اخریٰ فتلک الکسوة القدیمة مایکون حکمهاقال ابن عبدان من اصحابنالایجوزبیعهاولاشرأهاولانقلها ولاوضع شئ منها بین اوراق المصحف ......وقال ابن الصلاح الأمرفیهاالی الامام یصرفهافی بعض مصارف بیت المال بیعاًوعطاء واحتجّ بماروی الأزرقی ان عمررضی الله تعالیٰ عنه کان ینزع کسوة البیت کل سنة ویوزعهاعلی الحاج قال النووی وهٰذاحسن وابن عباس وعائشة قالاتّباع کسوتها ویجعل ثمنهافی سبیل اللّٰه والمساکین وابن السبیل --------{1}

''کعبہ معظّمہ بنایا تو ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تھامگر آپ کے زمانے سے لے کرشاہ یمن تبّع کے زمانے تک اس پرغلاف نہیں چڑھایا گیا صحیح روایت کے مطابق تبّع یمانی نے ہی اوّلاًاس پر غلاف چڑھایاایک قول یہ بھی ملتا ہے کہ سیدنا اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کعبہ پر غلاف چڑھایا تھاپھران ادوار میں ہم یہ نہیں کہہ

{1} فتاویٰ سبکی شافعی ج1ص270 طبعہ دارالمعرفہ لبنان

Marfat.com

سکتے کہ کعبے پر غلاف ڈالنا واجب تھا کیونکہ اگر یہ عمل واجب ہوتا تو انبیاء کرام علیھم السلام اسے ترک نہ کرتے مگر جب شاہ یمن تبع نے اس پر غلاف چڑھا دیا جو کہ مستحسن کاموں میں سے ایک کام تھا جس پر استمرار اور دوام ہونے لگا تو یہ کعبے کی عظمت کا نشان اور اس کا حق اور واجب قرار پایا تا کہ اس کے ازالے سے کعبے کی حرمت کی تنقیص لازم نہ آئے (گویا اب کعبے پر غلاف نہ ڈالنا اسکی عزت وحرمت کو کم کرنا ہوگا جو شرعاً ممنوع ہے)۔

پھر ہمارا یہ قول کہ اب کعبے سے غلاف اتارنا حرام ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ ایک شے ابتداءً غیر واجب ہو مگر وہ اپنے دوام واستمرار سے واجب ہو جائے میری مراد یہ ہے کہ اب ہمیشہ کے لیے کعبے کو غلاف سے مستور رکھنا واجب ہے نہ یہ کہ ہر غلاف کو ہمیشہ رکھنا ضروری ہے اور اس مسئلہ پر ہمارے قول کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ وہ غلاف کعبہ جو بیت المال سے تیار کیا جاتا ہے وہ کعبے کے لیے مستحق اور اس کے لیے مختص ہو جاتا ہے وقت کے امام اور غیر امام کو اس کے اتارنے کی اجازت نہیں جب تک کہ دوسرا غلاف تیار ہو کر نہ آجائے رہا یہ سوال کہ اس پرانے غلاف کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے ہمارے اصحاب شافعیہ سے امام ابن عبدان رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اس کی خرید وفروخت اس کی نقل مکانی اور اسے قرآن مجید کے اوراق کے درمیان رکھنا بھی جائز نہیں مگر امام ابن الصلاح کا قول ہے کہ یہ معاملہ امام کی صوابدید پر چھوڑ دیا جائے وہ اسے بیعاً یا ھدیۃً بیت المال کے مصارف میں صرف کرنے کا مجاز ہے امام نووی شارح مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اسے حسن قرار دیا ہے

Marfat.com

ابن الصلاح رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس روایت سے استدلال کیا ہے کہ امام ازرقی رحمہ اللہ راوی ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب ﷛ ہر سال بیت اللہ شریف کا غلاف اتار کر حجاج کرام میں تقسیم کر دیا کرتے تھے حضرت ابن عباس اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ غلاف کعبہ کو فروخت کر کے اس کی قیمت کو فی سبیل اللہ مساکین اور مسافرین پر صرف کر دیا جائے۔

عبدالرسول منصور ازھری

27 شعبان 1426ھ

یکم اکتوبر 2005ء

Marfat.com

# اسلام کے منسوخ

# اوامر واحکام

Marfat.com

شیخ الحدیث قبلہ ازھری صاحب برائے کرم اسلام میں وہ تمام اموراوراحکام بیان کردیں جن کے منسوخ ہونے پرعلمائے اسلام نے اجماع واتفاق ظاہر کیا ہےاس کارخیر کےانجام دینے پراللہ کریم آپ کواجرعظیم سے مالا مال کرے۔

استفتاءاز

الحاج محمد صادق علی نقشبندی

ٹیم ورتھ برمنگھم برطانیہ

بتاریخ 20 دسمبر 2005ء

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّاباللّٰہ

## الجواب

اس سوال کے جواب میں ان تمام اموروا حکام شریعت کوواضح کیا جارہا ہے

جن کے منسوخ ہونے پراہل علم کا اجماع ہے۔

1۔ استقبال بیت المقدس۔۔۔نماز پڑھتے وقت بیت المقدس کی طرف منہ کرنا منسوخ کردیا گیا--------{1}

2۔ نماز میں کلام کرنا۔۔۔ابتدائے اسلام میں نماز پڑھتے ہوئے کلام کرنا جائز تھا جو بعد میں منسوخ کردیا گیا۔--------{2}

---

{1} بخاری 4486 مسلم 525 ترمذی 340 حدیث حسن صحیح نسائی 60/2 ابن ماجہ 1010

{2} بخاری 4534 مسلم 539 ابوداؤد 949 ترمذی 405 نسائی 18/3 حدیث حسن صحیح

Marfat.com

3۔ مسبوق کا حکم۔۔۔بعد میں آنے والا نمازی جماعت میں داخل ہونے سے پہلے نمازیوں سے پوچھتا کہ کتنی نماز پہلے پڑھی جا چکی ہے تو وہ ان کے بتانے پر پہلے وہ اتنی نماز پڑھ کر ان کے ساتھ جماعت میں شامل ہو جاتا اسے منسوخ کر دیا گیا---{1}

4۔ خوف کے وقت نماز کو ترک کر دینا۔اسے بھی بعد میں ترک کر دیا گیا{2}

5۔ منافقین پر نماز جنازہ پڑھنا۔۔۔اہل نفاق پر یہ نماز منسوخ کر دی گئی۔{3}

6۔ تحریم زیارت قبور۔۔۔زیارت قبور کی تحریم مردوں اور عورتوں کے لیے منسوخ کر دی گئی--------{4}

7۔ کفر پر مرنے والے کفار کے لیے استغفار کا جواز۔۔۔یہ بھی بعد میں منسوخ کر دیا گیا--------{5}

8۔ دس محرم الحرام کے روزے کا وجوب۔۔۔یہ روزہ پہلے فرض تھا مگر بعد میں اس کی فرضیت منسوخ کر دی گئی--------{6}

9۔ پالتو گدھوں کے گوشت کا جواز۔۔۔ان کا گوشت کھانا بھی منسوخ کر دیا گیا---------{7}

---

{1} الاعتبار موسیٰ الحازمی ص104 الروض الباسم ابن الوزیر صنعانی ص133ج1۔
{2} بخاری4533 مسلم 627صلوٰۃ الخوف عن جابر رضی اللہ عنہ۔
{3} بخاری1366 ترمذی3097 نسائی67/4 عن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ۔
{4} مسلم 977 کتاب الجنائز ابوداؤد3698 ترمذی1054 نسائی89/4۔
{5} بخاری1360 مسلم39/23 کتاب الایمان نسائی90/4 عن مسیتب بن حزن ترمذی 3101 حسن صحیح۔
{6} بخاری1893 مسلم ابوداؤد2442 ترمذی753 ابن ماجہ1733۔
{7} بخاری1355 مسلم1937 الصید والذبائح نسائی203/7 ابن ماجہ3192 عن براء ابن عاذب رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

10۔ ہر بار مطلّقہ سے رجوع کا جواز۔۔۔ پہلے عورت کو تین بار طلاق دے کر بھی مرد اس سے رجوع کر لیتا تھا جسے اللہ تعالیٰ نے الطّلاق مرّتٰن فرما کر منسوخ کر دیا--------{1}

11۔ بیوہ کی عدت ایک سال تھی۔۔۔ جسے بعد میں اللہ تعالیٰ نے 4 ماہ اور دس دن کے ساتھ منسوخ کر دیا--------{2}

12۔ شراب نوشی کا جواز۔۔۔ جسے بعد میں منسوخ کر دیا گیا--------{3}

13۔ ماہ رمضان میں رات کو کھانا اور جماع حرام تھا۔۔۔ اسے بھی منسوخ کر کے جائز قرار دے دیا گیا--------{4}

14۔ روزے اور کفارے میں اختیار دیا گیا تھا۔۔۔ جسے بعد میں منسوخ کر کے روزے کو فرض کر دیا گیا--------{5}

15۔ کفار کے ساتھ جہاد بالسّیف کی تحریم۔۔۔ اسے بھی بعد میں اللہ تعالیٰ نے منسوخ کر دیا--------{6}

---

{1} ابوداؤد 2195 عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ الروض الباسم ابن وزیر صنعانی ج 1 ص 134 طبعہ بیروت

{2} بخاری 453 عن ابن الزبیر وعن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما

{3} بخاری 4464 مسلم 1980 عن انس ﷺ

{4} بخاری 1915 ابوداؤد 2312 ترمذی 2968 نسائی 147/4 حسن صحیح۔

{5} بخاری 4507 مسلم 1145 ابوداؤد 2315

{6} ترمذی 3181 سورہ حج آیت 39 سورہ توبہ آیت 5

Marfat.com

16۔ خطبہ جمعہ سے پہلے نماز پڑھنا۔۔۔حضرت مقاتل بن حبان سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کے روز خطبہ سے پہلے عیدین کی طرح دو رکعت نماز پڑھا کرتے تھے حتی کہ ایک مرتبہ تو آپ نماز جمعہ پڑھ کر خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ حضرت دِحیہ بن حنیفہ ﷺ کاروان تجارت لے کر مدینہ منورہ میں وارد ہوئے ان کی آمد پر اہل مدینہ دف بجا بجا کر ان کا استقبال کیا کرتے تھے تو لوگ مسجد نبوی سے اس گمان سے نکل گئے کہ خطبہ ترک کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیۃ کریمہ نازل فرمائی

وَإِذَا رَأَوْا تِجَـٰرَةً أَوْ لَهْوًا ٱنفَضُّوٓا۟ إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَآئِمًا

--------{1}

''جب انہوں نے کوئی تجارت یا کھیل دیکھا اس کی طرف چل دیے اور تمہیں خطبے میں کھڑا چھوڑ گئے۔

اس کے بعد نبی اکرم ﷺ نے خطبے کو مقدم اور نماز کو مؤخر فرما دیا----{2}

17۔ بیت اللہ کے زائرین مشرکین سے قتال کی تحریم۔۔۔ابتداً میں ایسے مشرکین سے قتال کرنا حرام تھا--------{3}

18۔ غیر نبی ﷺ پر نماز تہجد کا وجوب۔۔۔ امت کے حق میں اسے منسوخ کر دیا گیا-------{4}(سال بھر صحابہ پر بھی یہ نماز فرض رہی پھر نفل کی صورت میں منسوخ ہوئی روایت عائشہ رضی اللہ عنہا)-------{5}

---

{1} سورہ جمعہ آیت 11 {2} الاعتبار فی الناسخ والمنسوخ من الآثار ابو بکر الحازمی التوفی 584ھ۔

{3} سورت المائدۃ آیت 2 سورت توبہ آیت 28 {4} مسلم {5} 746 حاشیہ روض الباسم ص 136

Marfat.com

19۔ تحریم رضاع میں دس مرتبہ دودھ پینے کا اعتبار۔۔۔شروع میں دس مرتبہ دودھ پینے سے رضا معتبر مانا جاتا تھا جسے بعد میں منسوخ کر دیا گیا-------{1}

20. غیر قرآن کی کتابت کی تحریم۔۔۔ابتداءً قرآن کے علاوہ حدیث کی کتابت کی حرمت تھی جسے بعد میں اٹھا دیا گیا-------{2}

21۔ اقرباء کے لیے وصیت کا وجوب۔۔۔اسے بھی اقربین کے حق میں منسوخ کر دیا گیا-------{3}

22۔ قرابت کے بغیر توارث۔۔۔اسلام کے اول دور میں حلف اور بھائی چارے کی بناء پر بھی حق وراثت ملتا تھا جسے بعد میں منسوخ کر دیا گیا۔-------{4}

23۔ زانی مرد وعورت کو موت تک بند رکھنا۔۔۔کا یہ حکم بعد میں منسوخ کر دیا گیا-------{5}

24۔ ایک مسلم کا دس کافروں کے ساتھ قتال کا وجوب۔۔۔پہلے ایک مسلم کا دس کافروں کے سامنے قتال کرنا واجب تھا جسے بعد میں منسوخ کر دیا گیا ارشاد باری تعالیٰ ہے اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنكُمْ ''اب اللہ تعالیٰ نے تم سے تخفیف کر دی''۔

25۔ چوتھی بار شراب نوشی کرنے والے کے قتل کا حکم۔۔۔ابتداء اسلام میں یہی حکم تھا مگر بعد میں اس حکم کو منسوخ کر دیا گیا۔

---

{1} مسلم 1452 {2} مسلم 3003، بخاری 2434 {3} ترمذی 2121 حدیث حسن صحیح نسائی 247/6 ابن ماجہ 2712 صحیح الجامع 1788 سورۃ نساء آیت 7 {4} تفسیر ابن کثیر سورت انفال آیت 75

{5} مسلم 1690 الحدود ابن ماجہ 2550 روایت عبادہ بن صامت سورت نساء آیت 15

{6} الانفال: 65/66، بخاری 4653 {7} ابوداؤد 4482، ترمذی 1444، ابن ماجہ 2583، نسائی 314/8، بخاری 6778/9، مسلم 1676

Marfat.com

26۔ زانی مرد وعورت کو اذیت دینا۔۔۔یعنی انہیں گالی دینا جوتے مارنا شرم دلانا اس حکم کو بعد میں رجم اور کوڑوں کی سزا سے منسوخ کر دیا گیا۔۔۔۔۔۔{1}

27۔ زکوٰۃ نکالنے کے بعد بھی سونے چاندی کو خزانہ کرنیکی تحریم۔۔۔بعد میں زکوٰۃ کے ادا کرنے کے بعد سونے چاندی کے خزانہ کرنے کی حرمت اٹھالی گئی۔۔{2}

28۔ اشھر حرم میں کفار سے قتال کی تحریم۔۔۔ بعد میں اس تحریم کو بھی منسوخ کر دیا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔{3}

29۔ مال غنیمت کی تقسیم سے قبل زائد تحفہ دینے کا جواز۔۔۔جہاد کے ابتدائی دور میں ایسا کرنا منع تھا مگر سورۃ انفال کے نازل ہونے پر اس کو جائز قرار دیا گیا۔۔۔{4}

30۔ سونے کی انگوٹھی پہننا۔۔۔اس کا جواز بھی منسوخ کر دیا گیا۔۔۔{5}

31۔ مثلہ( ناک کان وغیرہ کاٹنا) کے جواز کا نسخ۔۔۔انسانوں میں اس کا جواز منسوخ ہوا البتہ زکوٰۃ اور جزیہ کے جانوروں کو نہ کے علاوہ جسم پر گرم سلاخ سے نشان لگانا جائز اور مستحب ہے۔۔۔۔۔۔۔۔{6}

32۔ کتوں کو مار ڈالنے کا حکم۔۔۔حضرت عبداللہ بن عمر ﷺ سے روایت ہے کہ

---

{1} تفسیر ابن کثیر سورۃ نساء آیت 16 الروض الباسم ج 1 ص 138۔

{2} ابن ماجہ 1787 صحیح سنن البانی 559 بخاری 1404۔

{3} تفسیر ابن کثیر سورۃ توبہ آیت 36۔

{4} ابوداؤد 2740 ترمذی 3089 حدیث حسن صحیح عن سعد بن ابی وقاص ﷺ 1748۔

{5} بخاری 6651 مسلم 2091 ابوداؤد 4218 نسائی 165/8 ابن ماجہ 4643 مسلم 2089 اللباس والزینۃ۔

{6} بخاری 5515 مسلم 1985 الصید والذبائح نسائی 238/7 ابوداؤد 2667 مسلم 2119۔

رسول اللہ ﷺ نے کتوں کو قتل کرنے کا حکم دیا مگر بعد میں آپ نے ان کے قتل کرنے سے منع فرمادیا---------{1}

33۔ انزال سے غسل کا وجوب ---- جب تک انزال نہ ہو غسل واجب نہیں ہوتا یہ حکم بھی منسوخ ہوا اب دخول شرم گاہ سے بھی غسل واجب ہو جاتا ہے اس کے لیے انزال شرط نہیں ہے---------{2}

34۔ آگ سے مس کی ہوئی چیز کھانے سے وضو کرنا---- یہ حکم بھی منسوخ کر دیا گیا---------{3}

35۔ عورتوں کو مارنے کا حکم ---- حضرت ایاس بن عبداللہ ﷜ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کی بندیوں کو ہرگز نہ مارو پھر آپ نے خطبہ حجۃ الوداع میں تادیب کے لیے مناسب حد تک انہیں مارنے کی اجازت دے دی.

36۔ امام کا دو مقتدیوں میں کھڑا ہونا---- یہ حکم منسوخ ہے حضرت عبداللہ بن مسعود ﷜ کے سوا دیگر تمام علماء کا موقف یہ ہے کہ دو مقتدی ہوں تو وہ امام کے پیچھے صف میں کھڑے ہوں گے-------{4}

37۔ سود صرف ادھار اور قرض والی چیز میں ہے حدیث اسامہ ﷜ میں ہے

---

{1} مسلم 1572 ابوداؤد 3846 عن جابر ﷜ الباسم ابن وزیر صنعانی ص 138

{2} بخاری 179 مسلم 342 بخاری 291 حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلم 348 الحیض۔

{3} مسلم 351 عن زید ابن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ بخاری 207 عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلم 355

{4} مسلم 534/26 ابوداؤد 613 نسائی 84/2 شرح مسلم نووی 163/5 ان الاثنین یکونان صفا ورا الامام

Marfat.com

لاربا الافی النسئیۃ امام نووی نے شرح مسلم میں اس حدیث کو منسوخ کیا ہے

{1}---------

38۔ زکوٰۃ کے علاوہ بھی مال میں حقوق واجب ہیں۔۔۔زکوٰۃ کے علاوہ مال میں سے حق کے واجب ہونے کو امام ابن وزیر صنعانی نے اپنی کتاب الروض الباسم میں منسوخ کہا ہے جبکہ اس کا وجوب بھی صحیح نہیں اور نسخ بھی کیونکہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا راوی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ان فی المال حقا سوی الزکوٰۃ زکوٰۃ کے علاوہ بھی مال میں حق ہے اور ابن ماجہ کی آپ سے ہی روایت ہے

لیس فی المال حقا سوی الزکوٰۃ "کہ زکوٰۃ کے سوا کوئی حق واجب نہیں"

مگر اصح یہ ہے کہ پہلا امام شعبی کا قول ہے مگر امام ترمذی نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی اس روایت کو ضعیف قرار دیا ہے اور جدید محقق البانی نے بھی اس کی تضعیف کی ہے چنانچہ اس مسئلہ پر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت سے استفادہ کرتے ہوئے فیصلہ دیا جاسکتا ہے آپ کا قول ہے کہ جس نے سونے چاندی کا خزانہ کیا اس کے لیے عذاب ہے مگر یہ زکوٰۃ کے فرض کے نازل ہونے سے پہلے تھا جب زکوٰۃ نازل کردی گئی تو اللہ تعالیٰ نے اسے اموال کے لیے پاک کرنے والا بنا دیا تو آپ نے اس وقت لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا

ما ابالی لو کان لی احد ذھبا اعلم عدوہ وازکیہ واعمل فیہ

---

{1} بخاری 2178 مسلم 1596 نسائی 281/8 ابن ماجہ 257 شرح مسلم نووی 25/11

Marfat.com

بطاعة اللّٰه---------{1}

"اب مجھے کوئی پرواہ نہیں اگر میرے پاس احد پہاڑ کے برابر بھی مال ہو تو میں اس پورے مال کی زکوٰۃ ادا کر کے پھر اس میں اللہ تعالیٰ کی طاعت ورضا پر عمل پیرا رہوں"۔

39۔ ماہ رجب میں ذبح کیا جانے والا جانور عتیرہ۔۔۔ابتداًء قربانی کے جانور کے ساتھ ماہ رجب میں بھی جانور ذبح کرنے کا حکم تھا یا ایھا الناس ان علیٰ کل اھل البیت فی کل عام اضحیة وعتیرة---------{2}

پھر اسے منسوخ کر دیا گیا---------{3}

40۔ عورتوں سے متعہ کرنا۔۔۔اس عارضی نکاح کی پہلے اجازت تھی----{4}

حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے راوی ہیں کہ پھر یہ منسوخ کر دیا گیا------{5}

41۔ تین روزہ کے بعد قربانی کا گوشت رکھنے کی تحریم۔۔۔جسے بعد میں منسوخ کر دیا گیا---------{6}

---

{1} ابن ماجہ 1787 ترمذی 660/659 ضعیف الجامع البانی 1901

{2} ابوداؤد 2788 ترمذی 1518 نسائی 167/7 ابن ماجہ 3125

{3} بخاری 5374، مسلم 1976، الاضاحی ابوداؤد 2831، ترمذی 1512 ابن ماجہ 3168 عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ

{4} بخاری 5117 مسلم 1405 عن جابر رضی اللہ عنہ

{5} بخاری 5115 مسلم 1407 ترمذی 1794 نسائی 125/6 ابن ماجہ 1961 عن علی رضی اللہ عنہ۔

{6} بخاری 5569 مسلم 1974 الاضاحی عن سلمہ ابن اکوع رضی اللہ عنہ

Marfat.com

42۔ دوسال کے بعد دودھ پلانے سے نکاح کی تحریم۔۔۔یہ تحریم بھی منسوخ کردی گئی اب تحریم نکاح دوسال تک دودھ پلانے میں ہے۔ --------{1}

عبدالرسول منصورالازہری
خطیب ریڈچ برطانیہ

{1} ترمذی 1152 صحیح الجامع الالبانی 7633 بخاری 247 مسلم 1455 الرضاع۔

Marfat.com

## کفار ومشرکین کے
## بچوں کا شرعی حکم

Marfat.com

مشرکین اور کفار کے نابالغ بچوں کے بارے شریعت اسلامیہ کا کیا حکم ہے
کیا ان کو بھی عذاب ہوگا یا نہیں۔

سائل محمد امجد چشتی برمنگھم برطانیہ

13 جنوری 2005ء

ماشاء اللّٰہ لا قوّۃ الا باللّٰہ

## الجواب

شارح مسلم امام نووی شافعی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 676ھ شرح مسلم میں اطفال مشرکین میں اہل علم کے اقوال کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ دوسرا قول توقف ہے اور تیسرا قول جسے محقق علماء نے اختیار کیا وہ یہ ہے کہ وہ اہل جنت سے ہوں گے اس موقف پر مندرجہ ذیل دلائل سے تصدیق ہو رہی ہے۔

حدیثِ ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام شاہد ہے کہ جب نبی کریم ﷺ نے آپ کو جنت میں دیکھا تو آپ کے آس پاس لوگوں کے بچے موجود تھے تو صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اور مشرکین کے بچے بھی، آپ ﷺ نے فرمایا ہاں مشرکین کے بچے بھی---------{1}

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے مروی ہیں کہ آپ نے فرمایا سألت ربی اللاهين من ذرية البشر الا يعذبهم فأعطافيهم فهم

{1} صحیح بخاری 7047

Marfat.com

خدم اهل الجنة---------{1}

''میں نے اپنے رب سے درخواست کی کہ وہ بنی آدم سے بچوں کو عذاب نہ دے تو اس نے درخواست کو قبول فرمالیا تو وہ اہل جنت کے خادم ہوں گے''

قرآن مجید کا ظاہری مفہوم بھی اس موقف کی تائید کر رہا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا ﴿١٥﴾ -----{2}

''اور ہم عذاب کرنے والے نہیں جب تک رسول نہ بھیج لیں''۔

اس موقف کے خلاف وارد ہونے والی احادیث کی تاویل کرتے ہوئے اہل علم نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے چنانچہ امام المحدثین شیخ نووی شافعی کی اس نقل سے ثابت ہوا کہ محققین کے قول پر اطفال المشرکین کو عذاب نہیں دیا جائے گا امام تقی الدین سبکی شافعی نے اس مسئلہ پر ایک مضبوط کتاب تالیف کر کے اسی قول کو پسند کیا ہے امام غزالی شافعی نے بھی اپنی کتاب ''القسطاس المستقیم'' میں یہی موقف اختیار کیا ہے وہ فرماتے ہیں وانت تعلم ان الله تعالٰی ینزل الصبیان اذاماتوامنزلاً من الجنة دون منازل البالغین---------{3}

''اور تو جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جنت میں بچوں کو بالغوں سے کم درجہ پر رکھے گا''

قاضی ابوبکر بن العربی المالکی رحمہ اللہ اپنی کتاب ''عارضۃ الاحوذی فی شرح للترمذی'' میں لکھتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی حدیث کہ ''آپ نے جنت میں حضرت ابراہیم علیہ

---

{1} مجمع الزوائد الھیثمی 219/7 {2} الاسراء آیت:15 {3} الروض الباسم الصنعانی ص 262

Marfat.com

الصلوٰۃ والسلام کو دیکھا'' قوی اور مضبوط ہے اور حدیث عصفور من عصافیر المجنۃ--------{1} ''جنت کی چڑیوں سے ایک چڑی ہے''

بھی ثابت ہے اور حدیث مبارک..........وھم من اباء ھم--------{2}

''ان کے بچے ان کے آباء سے ہیں''

اس کی بھی تاویل واضح ہے کہ ان کے آباء کی طرح ان کا خون بھی رائیگاں جائیگا کہ دوران حملہ اگر کفار ومشرکین کا کوئی بچہ تمہارے ہاتھوں قتل ہوگیا تو تم پر کوئی مواخذہ نہ ہوگا--------{3}

عبدالرسول منصور الازھری

20 جنوری 2005ء

برطانیہ

---

{1} صحیح مسلم 2662 {2} صحیح بخاری 3013/3012= صحیح مسلم 2658

{3} الروض الباسم ج1 ص264

Marfat.com

# والدین کے لیے مال سے وصیّت کرنے کی فرضیّت کا نسخ

Marfat.com

جناب حضرت مفتی صاحب دامت فیوضکم مندرجہ ذیل سوال کا جواب

درکار ہے۔

والدین اور اقرباء کے لئے اپنے مال سے وصیت کرنا فرض اور کتاب اللہ کی

نص قطعی سے ثابت ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ ٱلْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْرًا ٱلْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ ---------{1}

''تم پر فرض ہوا جب تم میں کسی کو موت آئے اگر کچھ مال چھوڑے تو وصیت

کر جائے اپنے ماں باپ اور قریب کے رشتہ داروں کے لئے''

تو کیا اس قطعی اور منصوص علیہ حکم کو نبی کریم ﷺ کے قول

لا وصیة لوارث---------{2}

''وارث کے لئے کوئی وصیت نہیں'' سے منسوخ ماننا صحیح ہے؟

استفتاء از

مولانا سعید احمد اسعد فیصل آبادی پاکستان

13 ربیع الاول 1425ھ نزیل برطانیہ

---

{1} البقرۃ:180

{2} بخاری کتاب الوصایا 188/316، ابوداؤد 2870، نسائی 3641

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

# الجواب

حنفی مجتہدین، فقہاء اور اصولیوں کے قطعی موقف کے مطابق نبی کریم ﷺ کی سنت صحیحہ ثابتہ قرآن کریم کے حکم کے لئے ناسخ ہوسکتی ہے یعنی سنت سے قرآن کا نسخ کرنا جائز اور ثابت ہے اس مسئلہ پر احناف کے مجتہد فقیہ مفسّر ومحدّث اور اصولی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ازدی طحاوی شافعی ثم حنفی صاحب معانی الآثار رحمہ اللہ متوفی 321ھ کا آئندہ سطور میں حتمی فیصلہ پیش کیا جارہا ہے امام طحاوی مصری اپنی مستند کتاب احکام القرآن میں رقمطراز ہیں

فرض اللّٰہ جلّ ثناء ہ الوصیّة فی کتابه للوالدین والاقربین ......ثم نسخ ذالک علی لسان رسوله ﷺ بقوله لا وصیّه لوارث ......فان قال قائل انما نسخ اللّٰه عزّوجلّ بآیة المواریث قیل له مانسخ اللّٰه عزّوجلّ بآیة المواریث کماذکرت لأنّ آیة المواریث اوجبت المواریث بعدالوصایاوالدیون ان کانت والوصایافقد کانت فی کتاب اللّٰه عزّوجلّ للوالدین والاقربین فلم یکن فی آیة المواریث دلیل علیٰ نسخ الوصیّة للوالدین والاقربین لانه قد یجوزان یکون قدجمع للوالدین بالآیتین المیراث والوصیة ولأنّ الذی به علّمنانسخ الوصیة للوالدین

Marfat.com

ووقفنا به علىٰ ذالك هوقول رسول الله ﷺلا وصية لوارث،فثبت بماذكرناأنّ السنّةقدتنسخ القرآن كماينسخ القرآن السنّة ---------{1}

"اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں والدین اورقریبی رشتہ داروں کے لئے وصیت کوفرض کیااور پھراس حکم کواپنے رسول ﷺ کی زبان پرآپ کےقول لا وصيّة لــــوارث سےمنسوخ کردیا گیااوراگرکوئی شخص یہ کہے کہ اس حکم کوتو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں موجودآیت میراث سےمنسوخ کیا ہےتواس کاجواب یہ ہے کہ آیت میراث سے اس کومنسوخ نہیں کیا گیا کیونکہ آیہ میراث نے تووصایااوردیون (قرض)اگروہ میت کے ذمہ باقی ہوں ،کے بعدمواریث کوثابت کیا ہے وصایاتووالدین واقربین کے لئے کتاب اللہ میں موجودتھیں اسی لئے والدین واقربین کی وصیت کے نسخ پرکتاب اللہ میں کوئی دلیل نہیں پائی جاتی البتہ یہ ممکن ہے کہ دوآیتوں میں والدین کے لیے میراث اوروصیت کوجمع کردیا گیاہو بہرحال ہمیں اس چیزنے والدین کے لئےمنسوخ ہونابتایااورجس ذریعے سےہم اس پرمطلع ہوئے وہ لا وصيّة لـــوارث والاقول رسول ﷺ ہی ہےتو ہماری مذکورہ دلیل سے ثابت ہواکہ سنت بھی کبھی قرآن کومنسوخ کردیتی ہے جیسا کہ قرآن مجیدسنت رسول ﷺ کومنسوخ کردیتا ہے" اس کے بعدامام طحاوی علیہ الرحمۃ الرضوان مزیدفرماتے ہیں کہ اگرکوئی قائل یہ کہے کہ اللہ تعالیٰ تواپنے حبیب سےارشادفرماتا ہے

{1}احکام القرآن ج1ص63طبعہ استانبول ترکی1995ء

Marfat.com

قُلْ مَا يَكُونُ لِيٓ أَنْ أُبَدِّلَهُۥ مِن تِلْقَآيِٕ نَفْسِيٓ ---------{1}

''تم فرماؤ کہ مجھے نہیں پہنچتا کہ میں اسے اپنی طرف سے بدل دوں''

یہ آیت اس امر پر دلیل ہے کہ تبدیلی اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوگی اور وہ تبدیلی قرآن ہی کرے گا سنت رسول ﷺ نہیں کر سکے گی

قيل لـه ومن قال لك ان الحكم الذى نسخ من القرآن ليس من قبل الله عزّوجلّ أوأنّ السّنّةليست عن الله عزّوجلّ بل هماعنه ينسخ بهماماشاء من القرآن كماينسخ منهماماشاء من القرآن---------{2}

''تو اسے یہ جواب دیا جائے گا کہ تجھے کس نے کہا ہے کہ قرآن مجید سے جو حکم منسوخ کیا گیا وہ اللہ عزوجل کی طرف سے نہیں تھا یا سنت رسول ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے بلکہ قرآن وسنت دونوں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں وہ ان دونوں کے ساتھ قرآن سے جو چاہتا ہے منسوخ کر دیتا ہے جیسا کہ وہ ان دونوں میں سے جو چاہتا ہے قرآن سے منسوخ کر دیتا ہے''۔

عبدالرسول منصور الازہری

12 ذوالحجہ 1425ھ

---

{1} سورت یونس: 15 {2} احکام القرآن طحاوی ص: 64 ج1

Marfat.com

# کیا موت عدم وفنا کا نام ہے؟
# نیز ارفع واعلیٰ حیات اور اس کا مصداق

Marfat.com

بحضور قبلہ ازھری صاحب مفتی یورپ دام فیضہٗ ایک مسئلہ کی وضاحت مطلوب ہے براہ کرم رقم فرما کر ممنون کریں۔کیا موت محض عدم اور فنا کا نام ہے اور سب سے اعلیٰ وارفع حیات کونسی ہے اور اس کا اعلیٰ ترین مصداق کون ہے کتاب وسنت کی روشنی میں تحریر فرمائیں اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قاری عبدالرحیم قادری خطیب ٹپٹن برمنگھم

28 ربیع الاول 1426ھ

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الاّ باللّٰہ

# الجواب

موت محض عدم اور فنا کا نام ہے یہ صرف کفار اور ان کے ہم نواؤں کا قول اور عقیدہ ہے جو عقل ونقل کے سراسر خلاف ہے عقل سلیم رکھنے والے حضرات یہ بات اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ انسان کی دو ہی حالتیں ہیں ایمان اور کفر، ہدایت وضلالت بلکہ وہ دو ہی جماعتوں میں منقسم ہے حزب الشیطان اور حزب الرحمٰن۔چنانچہ اللہ تعالیٰ کفار اور ان کے ہم عقیدہ لوگوں کا نظریہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَتَوَلَّوْا۟ قَوْمًا غَضِبَ ٱللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا۟ مِنَ ٱلْـَٔاخِرَةِ كَمَا يَئِسَ ٱلْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَـٰبِ ٱلْقُبُورِ ﴿١٣﴾ --------{1}

{1} سورۃ ممتحنہ:13

''اے ایمان والو! ان لوگوں سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ کا غضب ہے وہ آخرت سے آس توڑ بیٹھے ہیں جیسے کافر آس توڑ بیٹھے ہیں قبر والوں سے''

کفار اور ان کے ہم خیال لوگوں کا یہی عقیدہ ہے کہ موت عدم اور فنا کا نام ہے اور اسی بنیاد پر وہ کہتے ہیں کہ میت (مردے) کے پاس جانے والا درحقیقت عدم اور فنا کی طرف جانے والا ہوتا ہے اور ایسا کرنے سے اس کو کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا اور اس کا یہ عمل بے سود قرار پاتا ہے جبکہ یہ عقیدہ قرآن وسنت کے صریحاً خلاف ہے امت محمدیہ ﷺ کے عقلاء اور علماء کا قول ہے کہ موت وحیات دو صفتیں ہیں جو اپنے موصوف اور محل کے ساتھ قائم ہیں چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

ٱلَّذِى خَلَقَ ٱلْمَوْتَ وَٱلْحَيَوٰةَ --------{1}

''وہ جس نے موت اور زندگی پیدا کی''

چنانچہ زمین کی موت ہے اس میں نبات اور انگوری کا نہ ہونا اور اسکی حیات ہے اس میں نبات اور انگوری کا ہونا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَٱللَّهُ أَنزَلَ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَأَحْيَا بِهِ ٱلْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَآ------{2}

''اور اللہ نے آسمان سے پانی اتارا تو اس سے زمین کو زندہ کر دیا اس کے مرنے کے پیچھے''

اسی طرح کافر کی موت کہ جسے ایمان کے بعد زندگی ملی کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

{1} سورۃ ملک:2 {2} سورۃ النحل:65

Marfat.com

أَوَمَن كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَـٰهُ وَجَعَلْنَا لَهُۥ نُورًا يَمْشِى بِهِۦ فِى ٱلنَّاسِ كَمَن مَّثَلُهُۥ فِى ٱلظُّلُمَـٰتِ -------{1}

''اور کیا وہ کہ مردہ تھا تو ہم نے اسے زندہ کیا اور اس کے لئے ایک نور کردیا جس سے لوگوں میں چلتا ہے وہ اس جیسا ہو جائے گا جو اندھیریوں میں ہے''۔

بہر حال حیوان میں عدم حرکت، نبات میں خشکی اور جماد میں اس کے متفرّق ہونے کا نام موت ہے اور اس کی ضد کا نام حیات ہے یعنی حیوان میں حرکت، نبات میں سبزی اور جماد میں اس کے اجزاء کے تماسک اور اتّصال کو حیات کا نام دیا جائے گا پھر ایک حیات وہ ہے جس میں صفت حیات کا اعتبار کیا گیا ہے اور ایک وہ حیات ہے جس میں صفت حیات کا اعتبار نہیں کیا گیا اسی بنیاد پر اللہ تعالیٰ نے مومن صالح اور انبیاء وآیات الٰہیہ پر یقین رکھنے والے کی حیات کو حیات طیبہ سے تعبیر کیا اور اس کے خلاف وبرعکس چلنے والے کو حیات طیبہ سے تعبیر نہیں کیا بلکہ اسے حیات کے سلسلے میں عام آدمیوں کے درجے میں رکھا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

مَنْ عَمِلَ صَـٰلِحًا مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُۥ حَيَوٰةً طَيِّبَةً ---------{2}

''اور جو اچھا کام کرے مرد ہو یا عورت اور ہو مسلمان اسے زندگی جلائیں گے''

{1} انعام:122 {2} النحل:97

## حیاتِ دنیا اور حیاتِ آخرت

اللہ تعالیٰ نے دنیا اور آخرت کی نسبت سے ان کی حیات میں فرق کرتے ہوئے آخرت کی حیات کو ارفع وارقیٰ قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَمَا مَتَـٰعُ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا فِى ٱلْـَٔاخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ ﴿٣٨﴾ --------{1}

''اور جیتی دنیا کا اسباب آخرت کے سامنے نہیں مگر تھوڑا''

وَمَا ٱلْحَيَوٰةُ ٱلدُّنْيَا فِى ٱلْـَٔاخِرَةِ إِلَّا مَتَـٰعٌ ﴿٢٦﴾ --------{2}

''اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابل نہیں مگر کچھ دن برت لینا''

ہمارے سابقہ بیان کے مطابق جب موت عدمِ حرکت اور حیات حرکت کا نام ہے تو کفار نے دنیا میں آنے سے قبل کو موت اور دنیا میں آجانے کو حیات اور قبر میں جانے کو موت اور قبر سے اٹھنے اور جہنم میں داخل ہونے کو دوسری حیات سے تعبیر کرتے ہوئے کہا۔

رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثۡنَتَيۡنِ وَاَحۡيَيۡتَنَا اثۡنَتَيۡنِ فَاعۡتَرَفۡنَا بِذُنُوۡبِنَا فَهَلۡ اِلٰى خُرُوۡجٍ مِّنۡ سَبِيۡلٍ --------{3}

''اے ہمارے رب تو نے ہمیں دوبار مردہ کیا اور دوبار زندہ کیا اب ہم اپنے گناہوں پر مقر ہوئے تو آگ سے نکلنے کی بھی کوئی راہ ہے''

مندرجہ بالا آیت کریمہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کی حیات کے

---

{1} توبہ:38 {2} الرعد:26 {3} مومن 11

Marfat.com

ساتھ آخرت کی حیات کا بھی ذکر فرمایا ہے تو ایک ملحد اور مخالف دنیا کی حیات کے اقرار کے ساتھ آخرت کی حیات کا کیسے انکار کرسکتا ہے اور وہ بھی ایسی حیات جو دنیا کی حیات سے بھی کہیں ارفع واعلیٰ ہے پھر یہ بھی پیش نظر رہے کہ ان دو حیاتوں کے درمیان ایک لحظے کا بھی فرق و فصل نہیں بلکہ دنیا کی حیات سے آخرت کی حیات کی طرف انتقال میں اتصال بایں طور پایا جاتا ہے جیسے بیداری کا نیند، بھوک کا سیر شکمی، درد کا صحت، فقر کا غنیٰ، کفر کا ایمان اور رات کا دن کے ساتھ اتصال ہے تو کیا ان دو چیزوں کے درمیان کوئی فارق اور فاصل موجود ہے اللہ تعالیٰ نے موجودات کو متصل بنایا ہے اور ان کے مابین کوئی انفصال نہیں رکھا۔

## موت وحیات اور ترقی وجود

واضح رہے کہ دلیل عقلی اور نقلی سے ثابت ہوتا ہے کہ موت وحیات تو ترقی وجود کا نام ہے

☆ عقلی دلیل:

یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت جب کسی موجود کی ایجاد سے متعلق ہوتی ہے تو وہ وجود حیات میں دائماً ابداً ترقی کرتا ہے پھر اسے کسی قسم کا عدم لاحق نہیں ہوتا یہ بات ہر چیز میں اس کی شان کے مطابق پائی جاتی ہے بایں طور کہ اس کے وجود میں ترقی ایک حالت سے دوسری اعلیٰ حالت میں انتقال سے ہوتی رہتی ہے کیونکہ موجد حقیقی جل وعلا نے اسے اپنے کمال مقتضی کے ساتھ ایجاد کیا ہے اور اس کے کمالات کی کوئی انتہا ہی نہیں کہ ہر کمال جو اس کے پاس موجود ہے اس سے اکمل کمال اس کے حضور پایا جاتا ہے۔

Marfat.com

## ☆نقلی دلیل:

اللہ تعالیٰ نے دنیا اور آخرت کو حیات کا نام دینے کے بعد ارشاد فرمایا

وَإِنَّ ٱلدَّارَ ٱلۡأٓخِرَةَ لَهِيَ ٱلۡحَيَوَانُۚ لَوۡ كَانُواْ يَعۡلَمُونَ ﴿٦٤﴾ ----{1}

"بے شک آخرت کا گھر ضرور وہی سچی زندگی ہے کیا اچھا تھا اگر جانتے"

چنانچہ نبی کریم ﷺ نے بھی ان دونوں حالتوں میں فصل وفرق کرتے ہوئے ارشادفرمایا

الناس نیام فاذاماتواانتبهوا

{2}--------

"لوگ نیند میں ہیں جب مرتے ہیں تو بیدار ہو جاتے ہیں"

جب دنیا کا حال موجودات کے درجات میں تفاوت پر مبنی ہے تو اللہ تعالیٰ نے بیان فرما دیا کہ آخرت موجودات کے تمام احوال میں ارفع وارقی ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے

ٱنظُرۡ كَيۡفَ فَضَّلۡنَا بَعۡضَهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٖۚ وَلَلۡأٓخِرَةُ أَكۡبَرُ دَرَجَٰتٖ وَأَكۡبَرُ تَفۡضِيلٗا ﴿٢١﴾ --------{3}

"دیکھو ہم نے ان میں ایک کو ایک پر کیسے بڑائی دی اور بے شک آخرت درجوں سب سے بڑی اور فضل میں سب سے اعلیٰ"۔

---

{1} عنکبوت: 64 {2} فیض الوھاب ص139 ج6 مکتبہ القاھرہ مصر

{3} بنی اسرائیل 21

Marfat.com

## ہر مومن اور کافر کی حیات میں استمرار اور دوام ہے

قرآن مجید کی صریح آیات سے ثابت ہو رہا ہے کہ بنی آدم کی ارواح اپنے اجسام سے نکل کر جب حیاتِ دنیا سے حیاتِ آخرت کی طرف انتقال کرتی ہیں تو ہر مومن اور کافر کی حیات میں استمرار پایا جاتا ہے بایں طور کہ اس کی حیات میں کوئی فتور اور انفصال داخل نہیں ہوتا اور وہ اپنے مدارج و کمالات کی طرف ارتقاء پذیر رہتی ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

ٱلَّذِينَ تَتَوَفَّىٰهُمُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ ظَالِمِىٓ أَنفُسِهِمْ ۖ فَأَلْقَوُا۟ ٱلسَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِن سُوٓءٍۭ ۚ بَلَىٰٓ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٨﴾ فَٱدْخُلُوٓا۟ أَبْوَٰبَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۖ فَلَبِئْسَ مَثْوَى ٱلْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٢٩﴾ --------- {1}

"وہ کہ فرشتے ان کی جان نکالتے ہیں اس حال میں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے اب صلح ڈالیں گے کہ ہم تو کچھ برائی نہ کرتے تھے ہاں کیوں نہیں بے شک اللہ خوب جانتا ہے تمہارے کرتوت کو اب جہنم کے دروازوں میں جاؤ کہ ہمیشہ اس میں رہو تو کیا ہی برا ٹھکانا مغروروں کا"

اس آیہ مبارکہ میں کفار، منافقین اور گمراہوں کے حال کو بیان کیا گیا ہے کہ ان کی حیات دنیا کی حیات سے بھی اقویٰ اور ارقی ہے کہ وہ عذاب کی تمام تر انواع کا بھی شعور رکھتے ہیں چنانچہ یہ بات دنیا کے آلام و عذاب سے بھی زیادہ وسعت رکھتی

---

{1} النحل:29

Marfat.com

ہے پھر اہل ایمان کا حال بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

ٱلَّذِينَ تَتَوَفَّىٰهُمُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ طَيِّبِينَ ۙ يَقُولُونَ سَلَٰمٌ عَلَيْكُمُ ٱدْخُلُوا۟ ٱلْجَنَّةَ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٢﴾ ---------{1}

''وہ جن کی جان نکالتے ہیں فرشتے ستھرے پن میں یہ کہتے ہوئے کہ سلامتی ہو تم پر جنت میں جاؤ بدلہ اپنے کیے کا''

## محدّث مصر عبد ربّہ قلیوبی رحمہ اللہ کا بیان

علامہ ابن اثیر کی معروف کتاب جامع الاصول فی احادیث الرسول ﷺ کے شارح امام عبد ربہ مصری قلیوبی رحمہ اللہ اس مسئلہ پر اظہار رائے کرتے ہوئے رقم طراز ہیں

فصريح القرآن أنّ حياة بنى آدم بعد مفارقة الدنيا أحيامن حياة الدنيا اذ فى الصحيح أنّ رسول ﷺ قال اذامات احدكم فانه يعرض عليه مقعده بالغداة والعشى فان كان من اهل الجنة فمن اهل الجنة وان كان من اهل النار فمن اهل النار ......ولا يشعر بذالك ويدركه حقًّا الّا من كان حيّا......وناهيك بحديث اهل القليب قليب بدر وهو بعد أن انتهت المعركة وقتل فيها سبعون من صناديد قريش واسر مثلهم فجعل يمر ﷺ على الصرعىٰ ويقول لهم يا اهل القليب هل وجدتم ما وعدربكم حقًّا فقال عمر بن الخطاب رضى اللّٰه تعالىٰ

{1} النحل 33

Marfat.com

عـنـه اتـنـاجـى مـوتـىٰ يارسول اللّٰه ﷺفقال ماانت بأسمع منهم ولكن لايجيبون ......فهاهم الكفاريخاطبهم صلوات اللّٰه عـليـه وآلـه وسـلـم لـعـلـمـه بحياتهم احيا من حياة الـدنـيـا......اذاكـان هٰذافـى الـكـافـرأ فـلايكون فى الـمومن الـمـجـرّد الايـمـان أرقٰى وفى العبد الصالح ارقٰى منه وفى الـولـى ارقـىٰ مـنـه وفـى الـشـهـيـدارقٰى وارقٰى وفى الانـبـيـاء والـمرسلين اضعاف ذالـک

خصوصاقال اللّٰه تبارك وتعالٰى

مَنْ عَمِلَ صَٰلِحًا مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُۥ حَيَوٰةً طَيِّبَةً ۖ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ﴿٩٧﴾ ---{1}

وقوله تعالٰى

وَلَلْءَاخِرَةُ أَكْبَرُ دَرَجَٰتٍ وَأَكْبَرُ تَفْضِيلًا ﴿٢١﴾-----{2}

لعلّـک قد فهمت من حياة الآدميّين احيا حياة فيهم وارقاهاحياة الانبياء والـمرسلين فمابالـک بحياة سيّد الـمرسلين أليست أعمّ وأشمل وأوسع من حياة جميع الآدميّين --------{3}

{1}النحل:97{2}الاسراء:21{3} فیض الوھاب فی بیان اھل الحق ومن ضل عن الصواب ج6ص141مکتبۃ الدار القومیہ میدان الجیش مصر قاھرہ

Marfat.com

''قرآن مجید کی نصوص سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس دنیا کو چھوڑنے کے بعد اولاد آدم کو جو حیات ملتی ہے وہ حیات دنیا سے بھی زیادہ ارفع واعلیٰ حیات ہوتی ہے حدیث صحیح میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مرتا ہے تو صبح وشام اس پر اس کی نشست پیش کی جاتی ہے وہ اہل جنت سے ہو تو اہل جنت کی نشست اگر وہ اہل نار سے ہو تو اہل جہنم کی نشست پیش کی جاتی ہے اس کا شعور وادراک وہی کرسکتا ہے جو زندہ ہوتا ہے نیز قلیب بدر میدان بدر میں ویران کنواں کا قصہ بھی صحیح حدیث میں مذکور ہے کہ معرکہ بدر میں جب مسلمانوں کے ہاتھوں ستر کفار سرداران قریش قتل ہوئے اور اتنی ہی تعداد میں زندہ گرفتار کرلئے گئے تو آپ ﷺ اس ویران کنویں کے قریب سے گزرے جس میں ان کی نعشیں پڑی ہوئیں تھیں تو آپ نے ان سے مخاطب ہوکر کہا اے کنویں والو کیا تم نے وہ وعدہ پالیا ہے جو تم سے تمہارے رب نے کیا تھا اس پر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا مردوں سے خطاب کرر ہے ہیں تو آپ نے ان سے فرمایا تم ان سے زیادہ نہیں سنتے صرف اتنی بات ہے کہ یہ جواب نہیں دے رہے...... یاد رہے کہ یہ کفار ہیں جن سے رسول اللہ ﷺ مخاطب ہیں کیونکہ آپ یہ جانتے تھے کہ ان میں حیات دنیا سے بھی زیادہ حیات موجود ہے جب کافر کا یہ حال ہے تو کامل الایمان مؤمن، پھر عبد صالح، پھر ولی، پھر شہید اور پھر انبیاء ومرسلین کا حال تو سب سے ارفع وارقیٰ ہوگا اور خصوصاً اللہ تعالیٰ کا فرمان کتنا واضح ہے اور جو اچھا کام کرے مرد ہو یا عورت اور ہو مسلمان تو ضرور ہم اسے اچھی زندگی جلائیں گے اور ضرور انہیں ان کا نیگ دیں

گے جوان کے سب سے بہتر کام کے لائق ہوں۔ اور بے شک آخرت سب سے بڑی اور فضل میں سب سے اعلیٰ"۔

آپ یقیناً سمجھ گئے ہوں گے کہ بنی آدم کی حیات میں سے ارقیٰ وارفع انبیاء ومرسلین کی حیات ہے تو آپ کی سید کائنات اور امام المرسلین ﷺ کی حیات کے متعلق کیا رائے ہوگی تمام اولادِ آدم میں سب سے ارقیٰ واحسن واَتم حیات آپ کی ذات مقدسہ کے ساتھ موجود ہے

## ڈاکٹر زغلول النجار مصری زید مجدہٗ اور موت وحیات

دورِ حاضر کے مفسّر قرآن اور مصر کے بلند پایہ اسلامی محقق ڈاکٹر زغلول النجار تفسیر من اسرار القرآن میں اللہ تعالیٰ کے قول الذی خلق الموت کے تحت لکھتے ہیں۔۔۔ مات یہ فعل اپنے مشتقات اور تعریفات کے ساتھ 165 مرتبہ قرآن مجید میں وارد ہوا ہے پھر اس دوران موت کا لفظ 35 مقامات پر ذکر ہوا ہے حیات کی مفارقت اور جدائی کا نام موت ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور قضاء کے ساتھ ہر حی (ہر وہ ایسی شئ جو حیات رکھتی ہے) کا حتمی اور قطعی انجام ہے اس سے بچنے اور اس میں تقدم وتأخر کرنے کی کسی میں بھی طاقت نہیں رب تعالیٰ نے اس کو اپنی تمام مخلوق پر نافذ اور فرض کر دیا تا کہ اس کے خلود، دوام وبقاء اور اس کی مخلوق کے حدوث وفناء میں فرق کر دیا جائے اور وہ اپنی تمام مخلوقات پر الوھیّت، ربوبیّت اور وحدانیّتِ مطلقہ کے ساتھ منفرد وممتاز ہو جائے نیز اس ذات وحدہٗ لاشریک نے ہر ایک کو محدود اجل دے کر اس پر موت کو مسلّط کر دیا تا کہ سب اس کے جلال وقہر کے

سامنے تذلّل وخضوع بجالائیں۔

❁ حیات کی مفارقت اور جدائی جبکہ وہ کامل طور پر موقوف ہوجائے تو اس کا نام موت ہے کیونکہ یہ حیات کی ضد اور اس کی نقیض ہے ۔

یقال للحیّ مات،یموت، یمات،میّت،اذافارقته الحیاة

''جب کسی حیّ سے حیات کی جدائی ہوجائے تو اسے میّت کہا جاتا ہے''

اور کبھی نیند کو بھی موت اصغر کہا گیا ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَهُوَ ٱلَّذِى يَتَوَفَّىٰكُم بِٱلَّيۡلِ --------{1}

''اور وہی ہے جو رات کو تمہاری روحیں قبض کرتا ہے''

ٱللَّهُ يَتَوَفَّى ٱلۡأَنفُسَ حِينَ مَوۡتِهَا وَٱلَّتِى لَمۡ تَمُتۡ فِى مَنَامِهَاۖ فَيُمۡسِكُ ٱلَّتِى قَضَىٰ عَلَيۡهَا ٱلۡمَوۡتَ وَيُرۡسِلُ ٱلۡأُخۡرَىٰٓ إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّىۚ

{2}---------

''اللہ جانوں کو وفات دیتا ہے ان کی موت کے وقت اور جو نہ مریں انہیں ان کے سوتے میں پھر جس پر موت کا حکم فرمادیا اسے روک رکھتا ہے اور دوسری ایک میعاد مقرر تک چھوڑ دیتا ہے''

---

{1} انعام:60 {2} زمر:42

Marfat.com

# ارباب تفسیر اور معنیٰ الّذی خلق الموت

ڈاکٹر النجار زغلول زید مجدہٗ لکھتے ہیں کہ اکثر مفسّرین قرآن نے اس کا معنیٰ یہ کیا ہے اوجد الخلائق من العدم "جس نے عدم سے مخلوقات کو وجود بخشا" یہ حضرات صحابی رسول ﷺ حضرت قتادہ ﷛ کی اس روایت سے استدلال کرتے ہیں

کان رسول اللّٰہ ﷺ یقول ان اللّٰہ اذلّ بنی آدم بالموت وجعل الدنیا دار حیاۃ ثم دار موت وجعل الآخرۃ دار جزاء ثم دار بقاء -------{1}

"رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اولاد آدم کو موت کے ساتھ عاجز اور ذلیل کر دیا اور دنیا کو دارِ حیات پھر دارِ موت بنا دیا اور آخرت کو دار جزاء، پھر دارِ بقاء بنا دیا"

اسی مقام پر کچھ مفسرین کرام نے متکلمین علماء میں موت کے وجودی اور عدمی کے اختلاف پر بھی بحث کی ہے بعض اہل کلام فرماتے ہیں کہ موت ایک موجود اور مخلوق حقیقت کا نام ہے جو حیات کی ضد ہے اور دیگر کچھ علماء فرماتے ہیں کہ موت وجودی نہیں بلکہ یہ ایک عدمی چیز ہے کہ جب حیات کا عدم ہوتا ہے تو حی مخلوق موت سے ہمکنار ہو جاتی ہے اس بنیاد پر خلق الموت میں خلق تقدیر کے معنیٰ میں ہوگا۔

---

{1} روایت ابن ابی حاتم

Marfat.com

ای ان اللّٰہ خلق الحیاۃ لأنّھا امر وجودی وقدّر الموت
بنھایۃ تلک الحیاۃ فاذاجاء اجل النّھایۃ انعدمت الحیاۃ

''یعنی اللہ تعالیٰ نے حیات کو پیدا فرمایا کیونکہ وہ ایک وجودی امر ہے اور اس حیات کے ختم ہونے پر موت کا اندازہ رکھا کہ جب اس انتہا کی اجل آئی تو حیات معدوم ہوگئی''

مگر جو موت کو حیات کی طرح وجودی امر مانتے ہیں تو وہ اس کا معنی یہ لیتے ہیں کہ حیات کی انتہاء پر اللہ تعالیٰ ایک ایسی شئی پیدا فرما دیتا ہے جسے موت کہا گیا ہے اور وہ بھی اپنا ایک وجود رکھتی ہے قیامت کے روز ذبح موت والی حدیث سے اس معنی کی تائید بھی ہوتی ہے حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ راوی ہیں

یؤتی بالموت کھیئۃ کبش املح فینادی منادیا اھل الجنۃ فیشرئبّون وینظرون فیقول لھم ھل تعرفون ھٰذا فیقولون نعم ھٰذا الموت وکلّھم قد رأہ فیذبح ثم یقول المنادی یا اھل الجنۃ خلود فلا موت ویا اھل النار خلود فلا موت ثم قرأ رسول اللّٰہ ﷺ قول الحق تبارک

وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ ٱلْحَسْرَةِ إِذْ قُضِىَ ٱلْأَمْرُ وَهُمْ فِى غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ

-------{1}

''رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ موت کو سفید اور سیاہ مینڈھے کی شکل میں

{1} سورۃ مریم 39

Marfat.com

لایا جائے گا اور ایک منادی ندا دے گا اے اہل جنت! تو وہ گردن اٹھا کر دیکھیں گے منادی ان سے کہے گا اس کو پہچانتے ہو تو وہ کہیں گے ہاں یہ موت ہے تو اسے سب کے سامنے ذبح کر دیا جائے گا۔ پھر منادی کہے گا اے اہل جنت تم ہمیشہ رہو گے اب کوئی موت نہیں اور اے اہل نار تم ہمیشہ رہو گے اب کوئی موت نہیں پھر آپ نے یہ فرمان باری تعالیٰ ارشاد فرمایا......اور انہیں ڈر سناؤ پچھتاوے کے دن کا جب کام ہو چکے گا اور وہ غفلت میں ہیں اور نہیں مانتے''-------{1}

## موت وحیات مفسّر قرآن شیخ محمد متولّی شعراوی رحمہ اللہ کی نظر میں

اسلامی دنیا کے عظیم مفکّر اور مصر کے ممتاز عالم مفسّر قرآن علامہ محمد متولی شعراوی رحمہ اللہ اپنی معروف کتاب الحیات والموت میں ماھی الحیاۃ ''وہ حیات ہے کیا؟'' کے عنوان کے تحت لکھتے ہیں کہ حیات کا معنی جاننے سے پہلے ہمیں یہ جاننا ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حیات کو صرف جن اور انسان تک ہی محدود نہیں رکھا بلکہ حیات اس کائنات کے ہر فرد اور جزء میں موجود ہے ہمارے دل اور دماغ میں تو حیات حس اور حرکت کا نام ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ اس جہان کی ہر شئی کا اپنے معاملے اور ذمہ داری کو ادا کرنے کا نام حیات ہے ہم کہتے ہیں کہ انسان حیّ ہے کیونکہ وہ حرکت کرتا، چلتا اور بولتا ہے حیوان حیّ ہے کہ وہ حرکت کرتا ہے اور اس میں حس موجود ہے اور نبات (پودا) حیّ ہے کیونکہ وہ سانس لیتا ہے اس کے علاوہ باقی جہان

{1} صحیح بخاری وصحیح مسلم

Marfat.com

کے بارے میں ہمارا اعتقاد یہ ہے کہ وہ حی نہیں حالانکہ یہ صحیح نہیں بہرحال اس جہان میں حیات کا مفہوم ہمارے مفہوم سے یکسر مختلف ہے۔اس وجود اور عالم میں چار اجناس پائی جاتی ہیں جمادات، نباتات، حیوانات اور انسان۔ان میں ہر جنس دوسری جنس کی خدمت کررہی ہے اور اپنے خصائص کے پاس رکی ہوئی ہے مثلاً جماد (ہر ٹھوس چیز جس میں زندگی نہ ہو) یہ نباتات، حیوانات اور انسانوں کی خدمت کررہی ہے جس کے خصائص کا آخری خاصہ نموّ (ترقی پذیر اور بڑھنا) ہے یہ چیز ہمیں دریاؤں میں پائے جانے والے مونگا موتی میں نظر آتی ہے کہ اس میں نمو ہوتا رہتا ہے حالانکہ وہ جماد ہے جس میں صفت نمو نہیں ہوتی مگر ہر جنس کے اندر ترقی اور عروج پایا جاتا ہے یہاں تک کہ جب اس کے ساتھ والی جنس کے خصائص کی ابتداء ہوتی ہے تو وہاں پر رک جاتی ہے چنانچہ جماد بھی اپنی ترقی میں نمو والے خصائص کے پاس جاکر توقف کرلیتا ہے اور نبات کی نسبت سے یہ پہلی خاصیت ہے پھر نبات نمو سے شروع ہوتی ہے اور حسّ کے پاس آکر رک جاتی ہے چنانچہ ایک ایسی بوٹی بھی پائی جاتی ہے جس میں حس ہوتی ہے جب آپ اس کے قریب اپنی انگلی کریں تو وہ اپنے پتوں کو سمیٹ لیتی ہے اور حیوان جو حس سے شروع ہوتا ہے اور اس میں ترقی کرتے ہوئے عقل کے مبادی تک پہنچ جاتا ہے بندروں میں کچھ ایسے بندر بھی موجود ہیں جو ترقی کرتے ہوئے انسان کی تقلید کرنے کی استطاعت رکھتے ہیں مگر محض نقل کی حد تک۔اس کے بعد انسان آتا ہے جو اس جہان کا سردار اور اعلیٰ ترین فرد ہے جسے اللہ تعالیٰ نے عقل کے نور سے ممیز و مزیّن کیا کہ وہ سبحانہ تعالیٰ کے جہان میں تدبّر کرے اور آیات

Marfat.com

خداوندی میں غور وفکر کرتے ہوئے رب العزت کے وضع کردہ منہج اور صراط مستقیم کی اتباع کرے ظاہراً اس میں یہی نظر آتا ہے کہ جماد میں کوئی حیات وحرکت نہیں مگر ہم اس طرف توجہ نہیں دیتے کہ جماد کی فطری ذمہ داری اسکی حیات کا تقاضا کر رہی ہے آیئے! اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اس حکم پر غور کرتے ہیں ارشاد باری تعالیٰ ہے

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ ------{1}

''ہر چیز فانی ہے سوا اس کی ذات کے''

اس امر پر ہم یقین رکھتے ہیں کہ اس کائنات میں جس پر بھی لفظ شیٔ کا اطلاق ہوتا ہے وہ صور پھونکنے کے روز ہلاک ہونے والی ہے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے قول کل شیٔ کے تحت داخل ہونے کے اعتبار سے ہلاکت سے ہمکنار ہونے والی ہے نتیجۃً ہر شیٔ میں حیات ہے کیونکہ ہلاکت حیات کا عکس اور اس کا مقابل ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيَىٰ مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ ------{2}

''کہ جو ہلاک ہو دلیل سے ہلاک ہو جو جئے دلیل سے جئے''

یہ آیہ مبارکہ ہمیں بتا رہی ہے کہ ہلاکت حیات کے مقابل ہے تو اللہ تعالیٰ کے قول کل شیٔ ھالک کا معنیٰ ہوگا کہ ہر شیٔ حیّ ہے جسے عنقریب ہلاک ہونا ہے سوا اس ذات مقدسہ کے۔------{3}

---

{1} قصص:88 {2} انفال:42 {3} الحیاۃ والموت ص28 مکتبہ شعراویہ اسلامیہ مصر القاہرہ

Marfat.com

شیخ شعراوی رحمہ اللہ کی اس بحث سے ثابت ہوا کہ جب ہم حیات کے متعلق بات کرتے ہیں تو اس کی بنیاد حس وحرکت ہوتی ہے کیونکہ ہم اسے اپنے آپ پر قیاس کرتے ہیں جب کہ ضروری بات یہ ہے کہ اس کائنات کی ہر شئی کی فطری ذمہ داری کی بنیاد پر اس کی حیات کو قیاس کیا جائے گا اس بنیاد پر جماد کے اندر بھی حیات ہے اور نبات اور حیوان کے اندر بھی۔ مگر ہر جنس اور فرد کی حیات اس کی اصل فطرت اور شان وحال کے مناسب ہے ہر شئی کی مناسبِ حال حیات پر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد واضح دلیل ہے

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِى ٱلْأَرْضِ وَلَا طَـٰٓئِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّآ أُمَمٌ أَمْثَالُكُم ۚ مَّا فَرَّطْنَا فِى ٱلْكِتَـٰبِ مِن شَىْءٍ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ﴿٣٨﴾

{1}------

''اور نہیں کوئی زمین میں چلنے والا اور نہ کوئی پرندہ کہ اپنے پروں پر اڑتا ہے مگر تم جیسی امتیں ہم نے اس کتاب میں کچھ اٹھا نہ رکھا پھر اپنے رب کی طرف اٹھائے جائیں گے''

وَإِن مِّن شَىْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِۦ وَلَـٰكِن لَّا تَفْقَهُونَ تَسْبِيحَهُمْ

{2}------

''اور کوئی ایسی چیز نہیں جو اسے سراہتی ہوئی اس کی پاکی نہ بولے ہاں تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے''

ماھو الموت ''موت کیا ہے'' یہ وہ دوسرا عنوان ہے جس کے تحت شیخ

---

{1} انعام:38 {2} اسراء:44

Marfat.com

شعراوی علیہ الرحمۃ نے موت اوراس کی حقیقت پر بحث کی ہے ذیل میں اسی بحث سے ایک اقتباس پیش کیا جارہا ہے آپ لکھتے ہیں

قبل ان نبدأ فی الحدیث عن الموت لابدّ ان نقول انّ الحیاۃ لیست ھٰذہ الحیاۃ الدنیابل انھا الحیاۃ الاخرۃ ذلک ان اللّٰہ تعالیٰ عند ما خلق الانسان ونفخ فیہ من روحہ اعطاء الأبدیّۃ بمعنی ان کلّ من ولد وجاء الیٰ ھٰذہ الحیاۃ سیبقی خالدامخلداامافی الجنۃ وامافی النار حتی الطفل الصغیر الذی یموت وھوفی اوّل العمرسیبعث ویکون خالدافی الجنۃ بل سیأخذابواہ معہ و یدخلھماالجنۃ ------{1}

ہم موت پر بات کرنے سے پہلے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حیات یہی حیات دنیاہی نہیں بلکہ وہ حیات آخرت ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جب سے انسان کو پیدا کرکے اس میں اپنے روح کو پھونکا ہے تب سے ہی اسے ابدیت اوردوام بخشا ہے بایں معنیٰ کہ ہر وہ شخص جو پیداہوکراس حیات میں آیا وہ اب ہمیشہ ہمیشہ یاجنت میں رہے گایادوزخ میں حتیٰ کہ وہ کم سن بچہ جواوائل عمر میں ہی مرجاتا ہے اسے بھی قبر سے اٹھائے جانے کے بعد ہمیشہ کے لیے جنت میں داخل کیا جائے گا بلکہ وہ اپنے ساتھ اپنے والدین کو بھی لے کر جنت میں ساتھ داخل کردے گا۔

{1} الحیوۃ والموت ص45

اللہ سبحانہ وتعالیٰ جب کسی بندے میں اپنی روح پھونک دیتا ہے تو اسے ابدیّت اور دائمیّت بخش دیتا ہے وہ اس جہان میں اپنی حیات دنیا کے چند ایام یا سال گزار کر مرتا ہے تو قبر سے اٹھائے جانے کے بعد وہ آخرت کی ابدی حیات میں چلا جاتا ہے اور اپنے عمل وایمان کے مطابق جنت کے انعام یا پھر دوزخ کے عذاب سے ہمکنار ہوتا رہتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ یہ کا یہ قول شاہد ہے

وَإِنَّ ٱلدَّارَ ٱلْأَخِرَةَ لَهِيَ ٱلْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٦٤﴾ ------{1}

''اور بے شک آخرت کا گھر وہی سچی زندگی ہے کیا اچھا تھا اگر جانتے''

یعنی دار آخرت ہی حقیقی حیات ہے جس میں انسان نے رہنا ہے اور دنیا کی حیات تو بہت محدود ہے اس میں خواہ ہماری عمر کتنی ہی لمبی ہو جائے یہ تو انسان کے لئے امتحان کا گھر ہے جس میں کسی کو بھی دوام نہیں ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

ٱسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ ------{2}

''اللہ اور رسول کے بلانے پر حاضر ہو جب رسول تمہیں اس چیز کے لئے بلائیں جو تمہیں زندگی بخشے''

اس آیہ مبارکہ میں اہل ایمان سے خطاب ہو رہا ہے حالانکہ وہ احیاء (زندہ) ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ کے قول لما یحییکم ''جو تمہیں زندگی بخشے گی'' کا کیا معنی۔ صاف ظاہر ہے کہ تمہاری یہ حیاتِ دنیا، حیاتِ خالدہ (ہمیشہ رہنے والی زندگی) نہیں ہے بلکہ یہ تو دارِ امتحان ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے منہج اور قانون کے سلسلے میں انسان کا امتحان

{1} عنکبوت:64 {2} انفال:24

Marfat.com

لیا جارہا ہے کہ وہ اس کی اتباع کر کے جنت میں جاتا ہے یا اس کی مخالفت کرتے
ہوئے دوزخ کی راہ لیتا ہے۔

## اصلاً اس کائنات میں حیات ہے
## اور موت تو ایک گزرنے والا مرحلہ ہے

والموت لیس اصیلاً فی ھٰذا الکون ولکنه مرحلة عابرة
نحن فی عالم الذر کنا امواتاً جئنا الی الدنیا احیاء ثم نموت
مرة اخرٰی ثم نبعث ولذالک یقول الحق سبحانه وتعالٰی
كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَكُنتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ
ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٨﴾

{1}------

''اس جہان میں اصلاً وبالذّات موت نہیں موت تو گزرنے والے ایک
مرحلے کا نام ہے جب ہم عالم ذرّ (حضرت آدم کو پیدا کرنے کے بعد جب اللہ تعالٰی
نے ان کی پشت سے ان کی تمام اولاد کو ان کے سامنے ظاہر کردیا) میں تھے تو مردہ تھے
جب اس دنیا میں آئے تو زندہ، پھر دوسری بار موت سے ہمکنار ہوں گے پھر اٹھائے
جائیں گے اسی لئے اللہ تعالٰی ارشاد فرماتا ہے بھلا تم کیونکر خدا کے منکر ہو گے حالانکہ تم
مردہ تھے اس نے تمہیں جلایا پھر تمہیں مارے گا پھر تمہیں جلائے گا پھر اسی کی طرف

{1} بقرۃ:28،الحیاۃ والموت ص48

پلٹ کر جاؤ گے چنانچہ انسانی حیات کو چار مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے پہلا مرحلہ عالم ذرّ میں موت، دوسرا مرحلہ دنیا میں حیات، تیسرا مرحلہ حیاتِ برزخ میں موت، اور چوتھا مرحلہ جنت یا دوزخ میں ہمیشہ کی حیات۔

## معنیٰ موت اور تفسیر صفوۃ التفاسیر

مکہ مکرمہ ام القریٰ کے ممتاز اسلامی مفکّر مفسّر قرآن علامہ محمد علی الصابونی استاذ کلیہ شرعیہ ودراسات اسلامیہ جامعہ ملک عبدالعزیز موت کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں

قال العلماء ليس الموت فناءً وانقطاعاًبالكلية عن الحياة وانماهوانتقال من دا رالیٰ دار ولهٰذاثبت فی الصحيح أن الميت يسمع ويرٰى ويحسّ وهوفى قبره وتولّٰى عنه اصحابه وانه يسمع قرع نعالهم "------{1}

والذى نفسى بيده ماانتم باسمع لمااقول منهم لكنهم لايجيبون------{2}

فالموت هوانقطاع تعلق الروح بالبدن ومفارقتهاللجسد

اہل علم کا قول ہے کہ موت کلیۃً حیات سے انقطاع اور فناء کا نام نہیں بلکہ وہ تو ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف انتقال کا نام ہے اسی لئے صحیح حدیث میں ثابت ہے کہ میت قبر میں بھی سنتا، دیکھتا اور محسوس کرتا ہے اور جب اس کے دوست

{1} بخاری و مسلم {2} صفوۃ التفاسیر 3 ص 363

واقرباء واپس ہوتے ہیں تو وہ ان کے جوتوں کی آواز بھی سنتا ہے دوسری حدیث میں وارد ہے آپ ﷺ نے فرمایا مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جو بات میں ان سے کہہ رہا ہوں تم اسے ان سے زیادہ نہیں سن رہے لیکن یہ جواب نہیں دیتے''

بہرحال بدن کے ساتھ جو روح کا تعلق ہے اس کے انقطاع اور جسم سے اس کی مفارقت اور جدائی کا نام موت ہے۔

عبدالرسول منصور الازہری

11 ربیع الثانی 1426ھ

20 مئی 2005ء

Marfat.com

# جرابوں پر مسح کا شرعی حکم

Marfat.com

سیدی استاذی المکرّم دام فیضہٗ چمڑے کے موزوں کی طرح دورِ حاضر میں پہنی جانے والی جرابوں پر مسح کا شرعی حکم کیا ہے فقہ اسلامی کی روشنی میں وضاحت فرما کر ممنون کریں اللہ کریم آپ کا حامی و ناصر ہو۔

استفتاء از

محمد بلال اشرفی قادری

صدر ادارہ منہاج القران

برمنگھم برطانیہ

بتاریخ 30 جنوری 2006ء

ماشاء اللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

دین اسلام جو خاتم الانبیاء ﷺ پر نازل کیا گیا اس میں ہر دور کے انسانی تقاضوں کی تکمیل کا اہتمام رکھا گیا ہے اس میں یاایھا الناس کہہ کر تمام انسانیت کو اس کے دائرہ کار میں داخل کر کے اس کی ہدایت اور فلاح و بقاء کی ضمانت دی گئی ہے اور دین فطرت ہونے کے اعتبار سے ہی اس کی جملہ تعلیمات اور احکام شرعیہ میں ہر زمان و مکان کے انسان کے لیے یُسر اور سہولت کا خاص خیال رکھا گیا ہے چمڑے کے موزوں پر مسح کرنے اور مخصوص مدت تک پاؤں نہ دھونے جبکہ پاؤں کا وضو میں دھونا نص قطعی سے بطور فرض ثابت ہے کا مسئلہ ہی لیجیے یہ بھی دفع حرج اور رفع ضرر کے

Marfat.com

لیے رکھا گیا ہے امام برھان الدین ابوالمعالی محمود بن صدر الشریعہ ابن مازہ حنفی بخاری متوفی 616ھ اس سلسلے میں رقم طراز ہیں المسح علی الخفین انما شرع لدفع الحرج--------{1}

''موزوں پر مسح بھی حرج و تکلیف کو دور رکھنے کے لیے جائز رکھا گیا ہے''

آئندہ سطور میں جرابوں پر مسح کے مسئلہ پر قدرے تفصیل سے بحث کی جارہی ہے۔

## جراب کا لغوی معنی

لغت عرب کی معروف کتاب المصباح میں مرقوم ہے کہ جَورب فَوعل کے وزن پر معرّب لفظ ہے اس کی جمع جَوارِبَہ ہے اور کبھی اس کے آخر سے ھا کو حذف بھی کر دیا جاتا ہے صاحب مصباح نے جَورب کا معنی اور اس کی تعریف کو بیان نہیں کیا کیونکہ یہ بدیہی اور معروف المعنی ہے اور بدیہیات کی تعریف نہیں کی جاتی القاموس اور شرح القاموس جو لغت عرب میں مستند اور حجت تسلیم کی جاتی ہیں ان کتابوں میں جورب کا معنی لفافة الرِّجل ''پاؤں پر چڑھا ہوا لفافہ'' بیان کیا گیا ہے نیز لسان العرب میں بھی اس معنٰی کا ذکر ہے امام ابوبکر ابن العربی رحمہ اللہ فرماتے ہیں الجورب غشاء آن للقدم من صوف يتّخذ للدّفاء

''اون سے بنے ہوئے دو پردے جنہیں قدم گرم رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے''

امام خطاب المالکی رحمہ اللہ کتاب التوضیح میں فرماتے ہیں

الجورب ماكان علىٰ شكل الخفّ من كتّان اوقطن اوغير ذالك

{1} المحیط البرھانی ج1 ص341 طبع مجلس علمی کراچی

Marfat.com

''جراب کا معنی ہے جو موزے کی شکل پر سنی کے کپڑے اور روئی وغیرہ سے بنی ہو''

امام البھوتی الحنبلی رحمہ اللہ الرّوض المربّع میں فرماتے ہیں

الجورب مایلبس فی الرِّجل علیٰ هيئة الخف من غير الجلد

''چمڑے کے علاوہ موزے کی شکل پر جو پاؤں میں پہنی جاتی ہے اسے جراب کہتے ہیں''

امام بدرالدین العینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

الجورب هوالّذی یلبس اهل البلاد الشّامية الشديدة البرد وهويتّخذ من غزل الصوف المفتول يلبس فی القدم الیٰ مافوق الکعب --------{1}

''جراب وہ ہے جسے لوگ شدید سردی میں واقع ہونے والے شامی شہروں کے لوگ پہنتے ہیں وہ کتی اور بٹی ہوئی اون سے بنائی جاتی ہے اور اسے قدم میں ٹخنے سے اوپر تک پہنا جاتا ہے''

امام حلبی رحمہ اللہ شرح المنیر میں رقمطراز ہیں

الجورب مایلبس فی الرّجل لدفع البرد ونحوه ممّالا یسمّیٰ خفّاولاجرموقا ''جراب وہ ہے جسے سردی وغیرہ دور کرنے کے لئے پاؤں میں پہنا جاتا ہے اور اسے موزے اور جرموق کا نام نہیں دیا جاتا''

جرموق کے متعلق فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ وہ ایک چھوٹا موزہ ہی ہوتا ہے

---

{1} المسح علی الجوربین جمال الدین قاسمی ص 70

Marfat.com

جسے موزوں کے اوپر پہنا جاتا ہے اسے موق کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے

{1}--------

چنانچہ لغت عرب کی معروف اور مستند کتابوں سے ثابت ہوتا ہے کہ جراب چمڑے کے علاوہ مطلقاً پاؤں میں پہنے جانے والے اس لفافے اور غلاف کا نام ہے جس میں منعّل (وہ جراب جس کے نیچے چمڑا لگا ہوا ہو) یا غیر منعّل ہونا شرط نہیں۔

## جراب کی اصطلاحی تعریف

دور حاضر کے عظیم فقیہ مسلم محقق علامہ ابوبکر جابر الجزائری جراب کی فقہی اور اصطلاحی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

ان یکونا ساترین لمحلّ الفرض وان یکونا سمکین لا یبدوا بشرة من تحتها--------{2}

''جو محل فرض (پاؤں کا وہ حصہ جس کا دھونا فرض ہے اس) کو ڈھانپ لیں اور گاڑھی اور موٹی ہوں کہ ان کے نیچے سے پاؤں کی کھال نظر نہ آئے''۔

## جراب پر مسح اور قرآن مجید سے استدلال

جرابوں پر مسح کے جواز کی اصل قرآن مجید میں آیت وضو میں مسح کے عموم سے ثابت ہو رہی ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے واسموابرؤسکم وارجلکم

---

{1} المسح علی الجوربین جمال الدین قاسمی ص70 {2} منھاج المسلم ص180

Marfat.com

ارجلکم میں قرأت جر کی صورت میں اس کا عطف رؤسکم پر ہو تو ظاہراً پاؤں کا مسح کرنا ہی فرض ثابت ہوتا ہے اور یہ قرأت حضرت ابن عباس، حضرت انس، حضرت عکرمہ، امام شعبی، امام جعفر صادق اور دیگر ائمہ اہل بیت اطہار رضی اللہ عنھم سے مروی ہے ان حضرات کے مذہب پر آیہ مبارکہ کا معنی اور مفہوم یہ ہوگا کہ پاؤں پر بلا واسطہ یا ان پر پہنے ہوئے موزوں جرابوں یا انہیں گرم رکھنے والے لفافوں پر مسح کرنا واجب ہے اور یہ وجوب قرأت جر کا مفاد ہے چنانچہ یہ آیت سنت رسول ﷺ کا بھی ماخذ قرار دی جا رہی ہے۔ جبکہ جمہور علماء کے نزدیک قرأت نصب کی صورت میں پاؤں کا دھونا فرض ہے یہ اختلاف شرح معانی الآثار اور دیگر احادیث کی کتب میں تفصیل سے پڑھا جا سکتا ہے۔

## جراب پر مسح اور حدیث سے استدلال

مسح جراب کے جواز پر متعدد احادیث مرفوعہ مروی ہیں یہاں پر صرف دو حدیثوں کا ذکر کیا جا رہا ہے اس حدیث کے عموم اور اطلاق سے جرابوں پر مسح کرنے کا جواز ملتا ہے امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ راوی ہیں

حدثنا یحی بن سعید عن ثور عن راشد بن سعد عن ثوبان رضی اللہ عنھم قال بعث رسول اللہ ﷺ سریّۃ فأصابھم البرد فلمّا قدموا علی النّبی ﷺ شکوا الیہ ما أصابھم من البرد فامرھم أن یمسحوا علی العصائب والتّساخین--{1}

{1} سنن ابوداؤد والمسند 275/5 طبعہ المکتب الاسلامی

Marfat.com

''حضرت ثوبان ﷛ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک فوجی دستہ روانہ کیا۔ جنہیں دوران جہاد سردی کا سامنا کرنا پڑا جب وہ دستہ واپس آیا تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سردی کی شکایت تو آپ نے انہیں پگڑیوں اور پاؤں اور جرابوں کو گرم رکھنے والے موزوں اور جرابوں وغیرہ پر مسح کرنے کا حکم دیا''۔

امام ابن اثیر نھایہ میں لکھتے ہیں کہ حدیث میں وارد لفظ عصائب سے مراد پگڑیاں ہیں کیونکہ ان کے ساتھ ہی سر کو باندھا جاتا ہے اور تساخین سے مراد موزے جرابیں یا ان کی مثل ہر وہ چیز جس سے پاؤں کو گرم رکھا جاتا ہے اس ارشاد نبوی ﷺ سے دین میں رکھے ہوئے اس یُسر (آسانی) کی طرف اشارہ ہو رہا ہے جس سے یہ استفادہ کرنا امت مسلمہ کا حق قرار دیا گیا ہے کہ شدید ضرورت اور حرج کے لاحق ہونے پر عزیمت کی جگہ رخصت پر عمل کرنا بھی شارع علیہ السلام کی نظر میں جائز اور مستحسن کام ہے۔

## فقہ حنفی اور مسح جراب

مذہب حنفی کے امام اعظم سیدنا ابوحنیفہ نعمان بن ثابت ﷛ کے موقف پر بھی جرابوں پر مسح کرنا جائز اور ثابت ہے مگر شروط کے طور پر کہ وہ مجلّد ہوں جن کے اوپر نیچے چمڑا لگا ہوا ہو یا منعّل جن کے صرف نیچے چمڑا لگا ہوا ہو اس کے علاوہ آپ کسی قسم کے جرابوں پر مسح کرنے کے قائل نہ تھے جب کہ آپ کے دورحیات میں آپ کے معروف اور قریب تر تلامذہ امام ابویوسف متوفی 182ھ اور امام محمد شیبانی متوفی 189ھ چمڑے کے علاوہ ان موٹی جرابوں پر بھی مسح کے قائل تھے۔

Marfat.com

جن سے پاؤں کی جلد دکھائی نہ دیتی ہو خواہ وہ کسی بھی مادے سے تیار شدہ ہوں اس مسئلہ پر فقہ حنفی کی مستند کتاب الهدایہ سے اقتباس ملاحظہ ہو شیخ الاسلام ابوالحسن علی بن عبدالجلیل المرغینانی رحمہ اللہ متوفی 593ھ فرماتے ہیں

قالا لایجوز اذاکانا ثخینین لاشفّان لماروی أن النبی ﷺمسح علیٰ جوربیہ ولانہ یمکن المشی فیہ اذاکان ثخیناوھوان یستمسک علی الساق من غیرأن یربط بشئ فأشبہ الخفّ وعنہ انہ رجع الیٰ قولھما-------{1}

"امام ابو یوسف اور امام محمد کا قول یہ ہے کہ جب جرابیں اتنی موٹی ہوں کے ان کے اندر سے پاؤں کی کھال دکھائی نہ دے تو ان پر مسح کرنا جائز ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ سے یہ روایت ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے اپنی جرابوں پر مسح کیا تھا نیز ان کے موٹے ہونے کی صورت میں ان میں آسانی سے چلنا بھی ممکن ہے اور ان کی موٹائی کی حد یہ ہے کہ وہ کسی چیز سے باندھے بغیر پنڈلی پر ٹھہر سکیں اندریں صورت وہ موزے کی مشابہہ ہوں گی جبکہ امام اعظم رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بھی قطعاً ثابت ہے کہ آپ نے اپنی عمر کے آخری ایام میں ان حضرات کے قول پر رجوع کر لیا تھا اب صاحبین کے قول پر ہی فتویٰ دیا جاتا ہے چنانچہ دور حاضر میں پاؤں کو ہر طرح کی تکلیف اور ضرر سے بچانے اور بالخصوص سرد ممالک میں سردی کے موسم میں انہیں گرم رکھنے کے لیے جس طرح کی جرابیں بنائی اور پہنی جاتی ہیں اگر وہ اتنی موٹی اور گاڑھی ہوں کہ ان سے پاؤں کی جلد

{1} الهدایہ باب المسح علی الخفین

Marfat.com

دکھائی نہ دیتی ہو تو رفع حرج اور تحصیل منفعت کے لیے ان پر موزوں کی طرح مسح کرنا دین اسلام میں رکھی ہوئی یُسر و سہولت کے پیش نظر صحیح اور جائز قرار پاتا ہے۔

اخبرنا ابن خزیمة قال حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا زید بن الحباب قال حدثنا سفیان عن ابی قیس الأودی عن حزیل بن شرحبیل عن المغیرة بن شعبة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه ان رسول اللّٰه ﷺ توضّأ ومسح علی الجوربین والنّعلین

''حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے وضو کیا اور جرابوں اور جوتوں پر مسح فرمایا''--------{1}

اس حدیث کا اسناد صحیح اور اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں یہ حدیث صحیح ابن خزیمہ رقم 198 کے تحت مذکور ہے اسے ابن ابی شیبہ 1/188 احمد بن حنبل 252/4 ابوداؤد 159 ترمذی 99 ابن ماجہ 559 نسائی التحفہ 493/8 نے بھی تخریج کیا ہے امام ترمذی نے اسے حسن صحیح قرار دیا ہے نیز اسے امام طحاوی مصری نے شرح معانی الآثار 97/1 امام طبرانی نے 996/20 اور امام ابوبکر بیہقی نے السنن الکبریٰ 283/1 میں حضرت سفیان سے کئی طرق کے ساتھ تخریج کیا ہے امام الدولابی رحمہ اللہ کتاب الکنیٰ والاسماء 181/1 میں حضرت ازرق بن قیس رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہیں حدث لاحق ہوا۔

---

{1} صحیح ابن حبان رقم الحدیث 1338 طبعہ مؤسسۃ الرسالہ

Marfat.com

فغسل وجهه ويديه ومسح على جوربين من صوف فقلت اتمسح عليهمافقال انهماخفان ولكن من صوف

''تو آپ نے اپنا چہرہ اور دونوں ہاتھ دھوئے اور اونی جرابوں پر مسح کیا میں نے عرض کیا آپ ان پر مسح کررہے ہیں تو آپ نے کہا یہ دونوں موزے ہیں البتہ اونی ہیں''

امام ابن المنذر رحمہ اللہ المجموع ج1 ص499 میں امام نووی شافعی سے نقل کرتے ہیں اور علامہ ابن القیم حنبلی تہذیب السنن 121/1 میں رقمطراز ہیں کہ جرابوں پر مسح نبی کریم ﷺ کے نو صحابہ سے مروی ہے جن کے اسماء گرامی قدر یہ ہیں

- حضرت علی المرتضیٰ
- حضرت عمار بن یاسر
- حضرت ابو مسعود انصاری
- حضرت انس
- حضرت عبداللہ بن عمر
- حضرت البراءً
- حضرت بلال
- حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ
- حضرت سھل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

امام ابوداؤد نے ان اسماء میں حضرت ابوامامہ، حضرت عمرو بن حریث حضرت عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کا بھی اضافہ کیا ہے۔

یہ سعید بن میبّب، عطاء، حسن بصری، سعید بن جبیر النخعی، اعمش، ثوری حسن بن صالح، عبداللہ بن مبارک، امام زفر، امام احمد، امام اسحاق، امام ابوثور، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول بھی ہے اس مسئلہ پر ملاحظہ ہو مصنف ابن ابی شیبہ 188/1=189 اور مصنف عبدالرزاق

Marfat.com

784/783/774/773/745/781/779/778/777/776/775/7

احسان فی تقریب ابن حبان ص 168 ۔مجمع الزوائدرقم حدیث 1381 ج 1 ص582 کتاب الطھارۃ

## امام اعظم کے رجوع کی روایت

## اورامام الکاسانی رحمہ اللہ متوفّٰی 587ھ

امام اعظم ﷛ کے نزدیک کپڑے وغیرہ کی موٹی جرابوں پر مسح کے جواز اورصاحبین کےقول پرآپ کے رجوع کرنے کے سلسلے میں امام ابوبکر کاسانی رحمہ اللہ رقمطراز ہیں

وان کان ثخینین لایجوز عندابی حنیفة وعند ابی یوسف و محمدیجوز وروی عن ابی حنیفة ﷛انه رجع الیٰ قولهمافی آخرعمره وذالک انه مسح علیٰ جوربیه فی مرضه ثم قال لعوّاده فعلت ماکنت امنع الناس منه فاستدلوابه علیٰ رجوعه ثم قال احتجّ ابویوسف ومحمد بحدیث المغیرة بن شعبة عن النبی ﷺتوضّأ ومسح علی الجوربین ولأن الجوازفی الخف لرفع الحرج لمایلحقه من المشقّة بالنزّع وهٰذاالمعنی موجود فی الجورب --------{1}

''اوراگر جرابیں موٹی ہوں تو حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک

Marfat.com

ان پر مسح جائز نہیں مگر امام ابو یوسف اور محمد کے نزدیک جائز ہے امام اعظم رحمہ اللہ سے یہ روایت بھی ملتی ہے کہ آپ نے اپنی عمر کے آخری حصہ میں صاحبین کے قول پر رجوع کر لیا تھا کہ آپ نے مرض کی حالت میں اپنی جرابوں پر مسح کیا اور اپنی تیمارداری کرنے والوں سے کہا کہ میں نے وہ کام کیا ہے جس سے میں لوگوں کو منع کیا کرتا تھا آپ کے اس قول سے آپ کے رجوع پر دلیل ملتی ہے پھر امام ابو یوسف اور امام محمد نے جرابوں پر مسح کے جواز کے لیے حضرت مغیرہ بن شعبہ ﷺ کی اس حدیث سے دلیل لی ہے کہ آپ ﷺ نے وضو فرمایا اور اپنی جرابوں پر مسح کیا اور دوسری دلیل یہ ہے کہ موزے پر مسح کا جائز ہونا رفع حرج اور دفع ضرر کے لیے رکھا گیا ہے کہ اس کے اتارنے سے مشقت اور تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو یہ معنیٰ اور علت جرابوں کے اندر بھی موجود ہے۔

## روایت رجوع اور امام جلال الدین خوارزمی رحمہ اللہ

فی الکافی قال ابوحنیفۃ رحمہ اللّٰہ عزّوجلّ اولا لا یجوز المسح علی الثّخینین لان مواظبۃ المشی فیہ غیر ممکن فصار کالرّقیق ولما مرض قال لعوّادہ فعلت ما کنت منعت عنہ فاستدلّوا علیٰ رجوعہ ویجوز المسح علی الجوارب اللّبدیۃ وعن ابی حنیفۃ انہ لا یجوز قالوا والشاھد ابوحنیفۃ رحمہ اللّٰہ صلابتھا لا فتی

{1} بدائع صنائع امام کاسانی باب مسح خفین = مسح علی الجوربین القاسمی شامی ص 87

بالجواز وفی زاد الفقہاء والصحیح من المذهب جواز المسح علی الخخفاف المتخذة من اللّبود الترکیّة {1}--------

''کتاب الکافی میں ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ ابتدا میں موٹی اور گاڑھی جرابوں پر مسح کو جائز نہ سمجھتے تھے کہ ان میں لگا تار چلنا ممکن نہیں لھذا یہ باریک جراب کی طرح ہوں گی مگر جب آپ بیمار ہوئے تو آپ نے تیمارداری کے لیے آنے والوں سے کہا کہ میں نے وہی کام کیا جس سے میں منع کرتا تھا آپ کے اس قول سے اہل علم نے آپ کے رجوع سے استدلال کیا ہے نیز نمدہ سے بنی ہوئی جرابوں پر بھی مسح جائز ہے جبکہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ ایسی جرابوں پر بھی مسح کو جائز نہ سمجھتے تھے مگر اہل علم کا قول ہے کہ اگر امام موصوف رحمہ اللہ نمدہ سے بنی ہوئی جرابوں کی صلابت اور سختی کا مشاہدہ کر لیتے تو ان پر مسح کے جواز کا فتویٰ صادر فرماتے اور زاد الفقھاء میں ہے کہ مذہب صحیح یہ ہے کہ ترکی نمدہ سے بنے ہوئے موزوں پر مسح کرنا جائز ہے''۔

## شمس الائمہ امام سرخسی اور روایت رجوع

ذکر الشیخ الامام شمس الائمة السرخسی رحمة اللّٰه تعالیٰ علیه فی شرحه حکی انّ أباحنیفة رحمه اللّٰه مسح علیٰ جوربیه فی مرضه الذی مات فیه وقال لعواده

---

{1} الکفایۃ الھدایۃ ص 140 ج 1 طبعہ نوریہ رضویہ سکھر پاکستان۔

فعلت ماکنت امنع الناس عنه قال رحمة الله تعالىٰ عليه استدلّوابه علىٰ رجوعه الىٰ قولهما-------{1}

"شمس الائمہ شیخ ابوبکر سرخسی رحمہ اللہ متوفی 438ھ اپنی شرح میں ذکر کرتے ہیں کہ یہ حکایت کی گئی ہے کہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے دوران مرض جس میں آپ کا وصال ہوا تھا اپنی جرابوں پر مسح فرمایا اور اپنی مزاج پرسی کے لیے آنے والوں سے فرمایا میں نے وہی کام کیا جس سے میں لوگوں کو منع کیا کرتا تھا اس بات سے اہل علم نے دلیل لی ہے کہ امام موصوف نے صاحبین کے قول کی طرف رجوع کرلیا تھا۔

## مفسّر قرآن محدّث شام امام القاسمی اور روایت رجوع

لایخفی عن الرخص الماثورة عن النبی ﷺ هی نعمة عظمیٰ فی کلّ حال وعلیٰ ای حال وانمایظهر تمام نعمة تشریعهافی بعض الاحوال مثل رخصة المسح علی الجوربین فی ایام البردواوقات السفر وحالات المرض اوتشقق القدم اوقشف الرّجلین اوتورّ مهما ممایعرض کما امر النبی ﷺ السریة الّذین شکواالیه ماصابهم من البرد ان یمسحواعلی العصائب والتساخین کماقدمناوتقدم عن البدائع للکاسانی ان اباحنیفة رضی الله تعالیٰ عنه رجع الی قول ابی یوسف ومحمدفی مسح علیٰ الجوربین

{1} المحیط البرہانی ج1 ص344 طبع مجلس علمی کراچی پاکستان

Marfat.com

فی آخر عمرہ ورجوع ابی حنیفة رضی اللہ تعالیٰ عنہ من فضلہ وانصافہ وللمجتهدین من تغیّر الاجتهاد والرجوع الیٰ مافیہ قوۃ وسداد ماعرف عنهم اجمعین وعد من مناقبهم ومن اکبر العبر فی هٰذہ القصةقصة رجوع الامام ابی حنیفة رضی اللّٰہ عنہ --------{1}

''یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ اسلامی شریعت میں جو رخصتیں نبی اکرم ﷺ سے منقول ہیں وہ ہر حال میں نعمت عظمیٰ ہیں ان کی تشریح کی حکمت اور نعمت ہونے کا پورا اظہار بعض احوال میں ہی ہوتا ہے مثلاً جرابوں مسح کی رخصت کی نعمت کا پورا احساس اوقات سفر، سردی کے ایام، پاؤں کے پھٹنے سوجنے اور حالات مرض میں ہی ہوتا ہے جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے اس فوجی دستے کو جس نے سردی لگنے کی شکایت کی تھی پگڑیوں اور جرابوں پر مسح کرنے کا حکم دیا تھا بدائع صنائع میں امام کاسانی سے نقل کیا جا چکا ہے کہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے آخر عمر میں جرابوں پر مسح فرما کر امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ کے قول پر رجوع کر لیا تھا آپ نے حالت مرض میں اپنی جرابوں پر مسح کیا اور اپنی عیادت کے لیے آنے والوں سے کہا پہلے میں اس عمل سے لوگوں کو منع کیا کرتا تھا اس فقرے سے آپ کا رجوع ثابت ہوتا ہے امام اعظم موصوف رضی اللہ عنہ کا رجوع کرنا جہاں آپ کے فضل وانصاف کا عکاس ہے وہاں مجتہدین کرام کے اجتہاد کے تغیّر وتبدّل ہونے کا بھی بیّن ثبوت ہے۔ جس میں زیادہ قوت

{1} المسح علی الجوربین جمال الدین قاسمی ص 94 طبعہ مصباح القرآن ساہیوال پاکستان۔

اور اصابت پائی جائے اس کی طرف رجوع کرنا ائمہ اجتہاد سے معروف ومنقول ہے اور اس چیز کو ان حضرات کے مناقب ومحاسن سے شمار کیا گیا ہے اس سلسلے میں ایک بڑی عبرت امام موصوف علیہ الرحمۃ کا مسح جراب کے مسئلہ پر رجوع کا قصہ بھی بیان ہے

## مفسّر قرآن ڈاکٹر وھبہ زحیلی شامی اور مسح جراب

انه رجع الیٰ قول صاحبین فی آخر عمره ومسح علیٰ جوربیه فی مرضه وقال لعوادة فعلت مامنعت فاستد لوا به علیٰ رجوعه وقال الصاحبان وعلیٰ رأیهما الفتویٰ فی المذهب الحنفی یجوز المسح علی الجوربین اذا كان ثخینین لایشفّان (لایریٰ ماورأهما) لأن النبی ﷺ مسح علیٰ جوربیه ولانه یمكن المشی فی الجورب اذا كان ثخینا كجوارب الصوف الیوم به تبیّن أن المفتیٰ به عند الحنفیة جواز المسح علی الجواربین الثخینین بحیث یمكن المشی علیها فرسخافأكثر ویثبت علی الساق بنفسه ولا یریٰ ماتحته ولا یشف -------{1}

''امام اعظم ﷺ نے اپنی آخر عمر میں صاحبین کے قول پر رجوع فرمالیا تھا اور حالت مرض میں اپنی جرابوں پر مسح کیا تھا اور اپنی تیمارداری کے لیے آنے والوں سے کہا کہ میں اس فعل سے منع کرتا تھا اس سے آپ کے رجوع پر دلیل لائی جاتی ہے صاحبین

{1} الفقہ السلامی ورأدلتہ ج 1 ص 497 طبعہ دار الفکر دمشق

کا قول ہے اور اسی پر مذہب حنفی میں فتویٰ دیا جاتا ہے کہ جب جرابیں موٹی ہوں اور نیچے سے پاؤں دکھائی نہ دیتا ہو تو ان پر مسح کرنا جائز ہے کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی جرابوں پر مسح فرمایا ہے نیز موٹی جراب پہن کر چلنا بھی ممکن ہے جیسا کہ آجکل اون سے بنائی جانے والی جرابوں میں یہ خاصیت موجود ہے اس سے ظاہر ہوا کہ حنفیوں کے نزدیک مفتیٰ بہ یہ ہے کہ جب جرابیں اتنی موٹی ہوں کہ ان میں فرسخ تین میل کا فاصلہ یا اس سے زیادہ تک چلنا ممکن ہو سکے اور وہ پنڈلی پر ٹھہر سکیں اور ان کے نیچے سے پاؤں کی جلد دکھائی نہ دیتی ہو تو ان پر مسح کیا جا سکتا ہے''۔

## فقیہ الاحناف شیخ سعد الصاغرجی شامی اور مسح جراب

ویجوز المسح علی الجوربین الثخینین اذاکان لایشفان وھوقول ابی یوسف ومحمد والیہ رجع الامام وعلیہ الفتویٰ لما روی المغیرۃ من شبعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال توضا النبی ﷺ ومسح علی الجوربین والنعلین قال الخطابی قولہ والنعلین ھوان یکون قد لبس النعلین فوق الجوربین وقدأجاز المسح علی الجوربین جماعۃ من السلف وذھب الیہ نفرمن فقھاء لامصارمنھم سفیان الثوری واحمد واسحاق فالجوارب الرقیقۃ لایصح المسح علیھالان الجورب فی عرف السلف ماکان متخذاللدف وتسخین الرجلین وھوالثخین المتخذ من

Marfat.com

الصوف--------{1}

''موٹی جرابوں پر مسح جائز ہے جب ان کے نیچے سے پاؤں کی کھال دکھائی نہ دیتی ہو یہ امام ابو یوسف اور امام محمد کا قول ہے اور اسی قول پر امام اعظم ﷺ کا رجوع بھی ثابت ہے اور اسی قول پر فتویٰ بھی ہے کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ ﷺ راوی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے وضو کیا اور جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا امام خطابی فرماتے ہیں نعلین کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے جرابوں کے اوپر نعلین پہن رکھی تھیں جرابوں پر مسح کو اسلاف کی ایک جماعت نے جائز قرار دیا ہے اور معروف شہروں کے کچھ فقہاء کا بھی یہ مذہب ہے مثلاً سفیان ثوری احمد بن حنبل اور حضرت اسحاق رحمھم اللہ تعالیٰ مگر باریک جرابوں پر مسح جائز نہیں کیونکہ سلف صالحین کے عرف اور اصطلاح میں جراب کا مطلب یہ ہے جو پاؤں گرم رکھنے کے لیے بنائی گئی ہو وہ اون سے بنی ہوئی موٹی جراب ہی ہو سکتی ہے''۔

## خلاصہء بحث مذکور

انسان کی حقیقی فلاح ونجاح اور اس کی ابدی راحت وسعادت کے لیے اللہ تعالیٰ نے اسلامی شریعت میں اتنی وسعت وبرکت اور یُسر وسہولت رکھی ہے کہ ہر دور کا انسان اس سے انتفاع کر کے اپنی حقیقی منزل سے ہمکنار ہو سکتا ہے کیونکہ اسلامی شریعت کا دائرہ کسی زمانے یا کسی ملک وقوم تک محدود نہیں اسلامی شریعت قیامت تک آنے

{1} الفقہ الحنفی وادلتہ شیخ الصاغرجی شامی ج 1 ص 97

Marfat.com

والے انسانوں کے لیے ہے دنیا کے جس براعظم اور جس ملک اور خطہ میں بھی مسلمان موجود ہیں ان کے لیے اسلامی شریعت لازم العمل ہے اسلامی شریعت کی یہی ہمہ گیری اور زمانی ومکانی وسعت اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ اس میں ہر طرح کے حالات سے نبرد آزما ہونے اور تیزی سے بدلتے ہوئے حالات میں رہنمائی کی صلاحیت ہو بہرحال دور حاضر کے حالات، مسائل اور مشکلات اس بات کے متقاضی ہیں کہ اضطرار، ضرورت، حاجت، رفع حرج اور رفع ضرر کے شرعی اصولوں کی تحقیق اور حد بندی کی جائے کتاب وسنت میں یہ بات بار بار واضح کی گئی ہے کہ دین اسلام میں تنگی نہیں اللہ تعالیٰ تمہارے لیے آسانی چاہتا ہے اسلامی قانون کے اندر اسی یُسر وسہولت کے پیش نظر شارع علیہ السلام نے وضو میں پاؤں کو ایک خاص وقت تک دھونے کی بجائے ان پر لگے موزوں پر مسح کرنے کی اجازت عطا فرمائی ہے۔تاکہ امت کو حرج اور ضرر سے بچایا جا سکے اسی طرح آپ ﷺ نے وضو کرتے ہوئے اپنی جرابوں پر بھی مسح فرمایا بلکہ ان پر مسح کرنے کا اپنے صحابہ کو بھی حکم دیا جیسا کہ مسند احمد 277/5 اور سنن ابی داؤد 146 میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث مروی ہے کہ ایک فوجی دستے نے واپسی پر آپ ﷺ سے سرد موسم سے پہنچنے والی تکلیف کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ وہ پگڑیوں اور پاؤں کو گرم رکھنے والے لفافوں پر مسح کریں اس حدیث کا اسناد صحیح اور اس کے رجال ثقہ ہیں ابوعبداللہ حاکم نے مستدرک 169/1 میں اسے صحیح قرار دیا ہے امام ذھبی شافعی نے بھی حاکم کی موافقت کی ہے جن لوگوں نے اس حدیث کے راوی راشد بن سعد اور ثوبان کے درمیان

Marfat.com

انقطاع سے تعلیل وتنقید کی ہے وہ مردود ہے کیونکہ راشد بن سعد کی تقریباً 18 سال تک حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہم عصری رہی ہے پھر انہیں کسی محدث نے بھی تدلیس کے ساتھ یاد نہیں کیا بلکہ امام بخاری رحمہ اللہ نے التاریخ الکبیر 292/3 میں ان کا حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے سماع قطعی قرار دیا ہے اس سلسلے میں نصب الرایہ 165/1 کا مطالعہ مفید رہے گا۔

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ والی حدیث کے بعد ہم یہ واضح کر چکے ہیں کہ موزوں کی طرح جرابوں پر مسح کرنا 9 سے زائد صحابہ اور بہت سے تابعین اور فقہاء کے قول وعمل سے ثابت ہے پھر جرابوں کا مجلد یا منعل ہونا بھی کوئی شرط نہیں یہ شرط امام اعظم کا پہلا قول تھا جس سے آپ نے رجوع فرمالیا اندریں صورت فقہاء احناف کے نزدیک امام ابویوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کے قول کے مطابق ہی فتویٰ دیا گیا ہے کہ جراب جس مادے (Material) سے بھی تیار کی گئی ہو مگر اتنی موٹی اور گاڑھی ہو کہ اس کے نیچے سے پاؤں کی جلد دکھائی نہ دے تو اسے بھی موزے کی طرح بار بار اتارنے میں حرج اور مشقت ہے اس حاجت اور مشکل کے پائے جانے پر ایسی جرابوں پر بھی مسح کیا جا سکتا ہے یورپی ممالک جہاں عموماً موسم سخت سرد رہتا ہے اور ہر جگہ گرم پانی کا ملنا بھی مشکل ہو جاتا ہے اور ٹھنڈے پانی کے استعمال سے پاؤں کو مختلف قسم کی ضرر اور تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو بالخصوص ان حالات اور ممالک میں ایسی جرابوں پر مسح کرنا ائمہ احناف کے نزدیک صاحبین امام ابویوسف اور امام محمد کے قول پر عمل پیرا ہونا عقل ونقل کے عین مطابق ہے اس مسئلہ پر تفصیلی بحث کے لیے محدث شام جمال الدین قاسمی کی عربی کتاب المسح علی الجوربین طبعہ ادارہ مصباح القرآن پاکستان کا مطالعہ انتہائی مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

عبدالرسول منصور الازہری

Marfat.com

# صلوٰۃ التّراویح

# کی شرعی حیثیت

Marfat.com

امیر شرعی کونسل آف برطانیہ قبلہ ازھری صاحب قیام رمضان یعنی صلوٰۃ تراویح کی شرعی حیثیت تفصیل سے تحریر فرما کر ممنون کریں اور اللہ جل مجدہ آپ کے علم اور قلم میں برکات کا نزول فرمائے۔

حافظ منیر احمد صابر ازہری

ووسٹر ٹاؤن برمنگھم

7 رمضان المبارک 1426ھ

ماشاء اللّٰہ ولا قوۃ الا باللّٰہ

## الجواب

## صلاۃ تراویح مذاہب اربعہ کے فقہاء کے اقوال

**مذہب شافعی:**

امام تقی الدین ابوالحسن السبکی شافعی رحمہ اللہ متوفی 756ھ لکھتے ہیں کہ امام ابوعلی طبری شافعی نے اپنی مشہور کتاب الایضاح میں قیام رمضان کو سنت مؤکدہ قرار دیا ہے یونہی امام البندنیجی نے الذخیرہ اور امام غزالی رحمہ اللہ نے احیاء العلوم میں بھی تراویح کو سنت مؤکدہ لکھا ہے امام حلیمی شافعی فرماتے ہیں ذلك صَلَاته يَعنِيْ ألنبیﷺ بهم جماعة على ان القيام

Marfat.com

فی شهر رمضان یتأکد حتی یدانی الفرائض ------{1}

نبی اکرم ﷺ کا صحابہ کرام کو یہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھانا اس امر کی دلیل ہے کہ ماہ رمضان میں یہ قیام سنت مؤکدہ ہے اور فرائض کے قریب پہنچا ہوا ہے چناچہ امام ابن تلمسانی نے شرح التنبیہ میں امام نووی نے نھایۃ الاختصار میں صلاۃ ضحیٰ صلاۃ تہجد کے ساتھ تراویح کو بھی سنت مؤکدہ قرار دیا ہے امام قاضی ابوالطیب شافعی فرماتے ہیں کہ تراویح ان نمازوں میں شامل ہے جن کے لئے جماعت مسنون ہے بلکہ اس کی جماعت زیادہ مؤکد ہے۔

## مذہب حنفی:

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ ﷛ سے اس مسئلہ پر تین روایات منقول ہیں ان سے ایک روایت یہ ہے جسے صاحب المختار نے ذکر کیا ہے

روی اسد بن عمرو عن الامام ابی یو سف رضی اللّٰه عنه قال سئلت ابا حنیفة رضی اللّٰه عنه عن التراویح وما فعله عمر رضی اللّٰه عنه فقال التراویح سنة مؤکده ولم یخرجه عمر من تلقاء نفسه ولم یکن فیه مبتدعا ولم یأمربه الّا عن اصل لدیه وعهد من لدن رسول الله ﷺ ولقد سن عمر رضی اللّٰه عنه هذا وجمع

{1} اشراق المصابیح فی صلاۃ التراویح فتاوی السبکی ج 1 ص 155

الناس علی ابی کعب رضی اللّٰه عنه وصلّاها جماعة متواترون فهم عثمان وعلی وابن مسعود وطلحه والعباس وابنه والزبیر ومعاذ وأبیّ وغیرهم من المهاجرین والانصار رضی اللّٰه عنهم اجمعین ومارد علیه واحد منهم بل ساعدوه ووافقوه وامروا بذالک {1}

''اسد بن عمر وامام ابو یوسف رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نماز تراویح اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عمل کے بارے سوال کیا تو آپ نے فرمایا تراویح سنت مؤکدہ ہے اسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی طرف سے پیدا کیا اور نہ ہی وہ اس عمل میں کسی بدعت کے مرتکب ہوئے بلکہ اس کے حکم کی بھی ان کے پاس ایک بنیاد تھی اور خود رسول اللہ ﷺ سے اس عمل کا ثبوت ملتا ہے البتہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عمل کو مسنون قرار دیتے ہوئے لوگوں کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں جمع فرما دیا تھا۔ پھر نماز تراویح کو جن حضرات نے تواتر کے ساتھ پڑھا ان میں چند نام یہ ہیں حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت ابن مسعود، حضرت طلحہ، حضرت عباس، حضرت عبد اللہ ابن عباس، حضرت زبیر، حضرت معاذ اور حضرت ابی بن کعب اور دیگر مھاجرین وانصار

---

فتاوی السبکی ج1 ص156

Marfat.com

رضوان اللہ علیھم اجمعین ان حضرات سے کسی ایک نے بھی اس عمل کی تردید نہیں کی بلکہ سب نے اس عمل کی ترویج میں کوشش کی اور اس پر اتفاق ظاہر کیا

عن الحسن عن ابی حنیفة رضی اللّٰه عنه انه قال القیام فی شهر رمضان سنة لا ینبغی ترکها ------{1}

''امام حسن ﷺ حضرت امام ابوحنیفہ ﷺ سے راوی ہیں کہ آپ نے فرمایا قیام رمضان سنت ہے جس کا ترک کرنا اچھا نہیں امام ابوعبداللہ السرخی رحمہ اللہ المبسوط میں حضرت حسن سے راوی ہیں کہ امام موصوف ابوحنیفہ ﷺ کا قول ہے ان التراویح سنة لایجوز ترکها تراویح ایسی سنت ہے جس کا ترک کرنا جائز نہیں امام العتابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اما السنن فمنها التراویح وانهاسنةمؤکدةوالجماعة فیها واجبة-----{2}

''تراویح سنت مؤکدہ میں شامل ہے اور اس کی جماعت واجب ہے امام سرخسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تراویح کی مشروعیت پر تمام امت کا اتفاق ہے اھل قبلہ سے آج تک کسی نے بھی اس کا انکار نہیں کیا امام ابوجعفر طحاوی مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں قیام رمضان واجب علی الکفایة لانهم اجمعوا علی انه لا یجوز للناس تعطیل المساجد عن قیام رمضان----{3}

---

{1} فتاوی السبکی ج1 ص157 {2} جوامع الفقہ کتاب الفضل3 {3} فتاوی السبکی ج1 ص157

Marfat.com

رمضان کا قیام واجب علی الکفایہ ہے کیونکہ اہل علم نے اس بات پر اجماع کیا ہے کہ قیام رمضان کے سلسلے میں مساجد کو غیر آباد کرنا لوگوں کیلئے جائز نہیں

**مذہب مالکی:**

اہل مدینہ منورہ زادھا اللّٰہ شرفا و کرامۃ کا معمول یہ ہے کہ وہ رمضان المبارک میں انتالیس رکعتیں پڑھا کرتے تھے ایک مرتبہ امیر مدینہ نے ان رکعات کے کم کرنے کے سلسلے میں امام مالک رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا تو آپ نے اسے منع فرما دیا مالکی فقہ کے امام حضرت ابن عبدالبر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قیام رمضان رسول اللہ ﷺ کی سنتوں میں شامل ہے------{1}

**مذہب حنبلی:**

شیخ موفق ابن قدامہ رحمہ اللہ اپنی معروف کتاب المغنی میں فرماتے ہیں

صلاۃ التراویح وھی سنۃ مؤکدۃ واول من سنھا رسول اللّٰہ ﷺ

"نماز تراویح سنت مؤکدہ ہے سب پہلے اسے رسول اللہ ﷺ نے مسنون کیا تھا مذاہب اربعہ کے علاوہ امام لیث بن سعد مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر تمام لوگ اپنے اہل وعیال سمیت اپنے گھروں میں قیام رمضان کریں اور مسجد کو ترک

{1} فتاوی السبکی ج 1 ص 157

Marfat.com

کردیں کہ وہاں کوئی بھی یہ عمل نہ کرے تو ایسا کرنا قطعاً مناسب نہیں بلکہ ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ گھروں سے نکل کر مسجدوں میں قیام رمضان کریں کیونکہ مسجد میں قیام رمضان کو ترک کرنا کسی صورت میں جائز نہیں ------{1}

## وہ احادیث وآثار جن سے علماء نے استناد کیا

عن ابی هريرة رضی اللّٰه عنه ان رسول الله ﷺ قال من قام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ماتقدم من ذنبه متفق عليه

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس نے ایمان اور اللہ تعالیٰ سے اجر کی امید رکھتے ہوئے رمضان کا قیام کیا اس کے پہلے صغیرہ گناہ معاف کردیے گئے''

وعن عائشة رضی اللّٰه عنها ان رسول الله ﷺ خرج فصلی فی المسجد وصلی رجال بصلاته فاصبح الناس فتحدثوافاجتمع اكثر منهم فصلوا معه فاصبح الناس فتحدثوافكثراهل المسجد من الليلة الثالثة فخرج رسول الله ﷺ فصلوابصلاته فلماكان الليلة الرابعة عجزالمسجد عن اهله حتی خرج لصلاة

{1} فتاویٰ السبکی ج1 ص157

Marfat.com

الصبح فلما مضی الوتر اقبل علی الناس فتشهد ثم قال اما بعد فانه لم یخف علی مکانکم ولکنی خشیت ان تفرض علیکم فتعجزوا عنها فتوفی رسول الله ﷺ والامر علی ذالک ------{1}

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کاشانہ رحمت سے باہر آ کر مسجد میں نماز پڑھی اور لوگوں نے بھی آپ کی اقتداء میں نماز پڑھی صبح ہوئی تو اھل مدینہ میں یہ بات پھیل گئی اور پہلی رات سے بھی زیادہ لوگ جمع ہو گئے اور انہوں نے آپ کے ساتھ نماز پڑھی پھر جب صبح یہ بات عام ہوئی تو تیسری رات مسجد میں نمازیوں کی کثیر تعداد جمع ہو گئی اور انہوں آپ کے ساتھ نماز پڑھی اور جب چوتھی رات ہوئی تو مسجد نبوی نمازیوں سے کچھا کچھ بھر گئی حتی کہ آپ ﷺ صبح کی نماز کے لئے باہر تشریف لائے اور وتر ادا کرنے کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی شہادت دینے کے بعد فرمایا اما بعد مجھ پر تمھاری حاضری کوئی ڈھکی چھپی بات نہ تھی لیکن مجھے یہ خطرہ لاحق ہوا کہ یہ نماز تم پر فرض نہ ہو جائے اور تم اس کی ادائیگی سے عاجز وقاصر ہو جاؤ چنانچہ آپ ﷺ وصال فرما گئے اور معاملہ اسی طرح رہا

عن ابی ذر رضی الله عنه قال صمنا مع رسول الله ﷺ

---

{1} سنن ابوداود مسلم

Marfat.com

رمضان فلم يقم بنا شيئا من الشهرحتى بقي سبع فقام بنا حتى ذهب ثلث الليل فلما كانت السادسة لم يقم بنا فلما كانت الخامسة قام بنا حتى ذهب شطر الليل فقلت يارسول الله ﷺ لو نفلتناهذه الليلة قال فقال ان الرجل اذاصلى مع الامام حتى ينصرف حسب له قيام ليلةفلما كانت الرابعة لم يقم بنا فلما كانت الثالثة جمع اهله ونسائه والناس فقام بنا حتى خشينا ان يفوت الفلاح قلت وما الفلاح قال السحور ثم لم يقم بنا بقية الشهر---------{1}

”حضرت ابوذر غفاری ﷺ فرماتے ہیں کہ ہم نے رمضان المبارک میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روزہ رکھا تو آپ ﷺ نے ہمیں ماہ صیام میں نماز تراویح نہ پڑھائی حتی کہ جب سات راتیں رہ گئیں تو آپ ﷺ نے ہمیں قیام رمضان سے مشرف فرمایا یہاں تک کہ رات کا تہائی حصہ گزر گیا پھر جب چھٹی رات آئی تو آپ نے ہمارے ساتھ قیام نہ فرمایا جب پانچویں رات ہوئی اور آپ تشریف فرما ہوئے حتی کہ رات کا ایک حصہ گزر گیا تو میں نے عرض کیا یارسول اللہ اگر آپ ہمیں اس رات کے قیام سے نواز دیں تو عنایت ہوگی آپ نے ارشاد فرمایا جب

{1}ابوداؤد، سنن ترمذی

Marfat.com

بندہ اپنے امام کے ساتھ نماز ادا کر کے پھرتا ہے تو اس کے لئے رات کا قیام لکھ دیا جاتا ہے چوتھی رات بھی آپ نے ہمارے ساتھ قیام نہ کیا جب تیسری رات آئی تو آپ نے اپنے گھر والوں، ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن اور لوگوں کو جمع کیا اور ہمارے ساتھ قیام کیا حتی کہ ہمیں خطرہ ہوا کہ کہیں ہم سے فلاح فوت نہ ہو جائے میں نے (حدیث کا راوی) آپ سے عرض کیا فلاح کیا ہے آپ نے فرمایا سحری کا طعام اس کے بعد باقی مہینہ پھر آپ نے ہمارے ساتھ قیام نہ کیا۔

عن عائشة رضی الله عنها قالت كان الناس يصلون فی المسجد فی رمضان بالليل اوزاعا يكون مع الرجل ای شیء من القرآن النفر الخمسة اوالسبعة اواقل من ذالک اواکثر فيصلون بصلاته قالت فامرنی رسول الله ﷺ ان انصب حصيرا علی باب حجرتی ففعلت فخرج اليهم بعد اَنْ صَلَّی الْعِشَاءَ الاخرة فاجتمع اليه فی المسجد فصلی بهم------{1}

''سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھا سے روایت ہے آپ رضی اللہ عنھا فرماتی ہیں کہ ماہ رمضان کی راتوں میں لوگ الگ الگ مسجد نبوی میں نماز پڑھا کرتے تھے جس شخص کے پاس جتنا بھی قرآن ہوتا اس کی اقتداء میں پانچ سات یا اس کم

{1} مسند احمد بن حنبل، فتاوی السبکی ج 1 ص 157

Marfat.com

وبیش لوگ کھڑے ہو جاتے آپ فرماتی ہیں مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا کہ میں اپنے حجرے کے دروازے پر چٹائی سے پردہ بنا دوں میں نے حکم کی تعمیل کی اور آپ عشاء کے بعد والی نماز پڑھ کر لوگوں کی طرف تشریف لے گئے اور مسجد میں موجود لوگ آپ کے پاس حاضر ہوئے اور آپ نے انہیں نماز پڑھائی"۔

عن عطاء ان القیام کان علی عهد رسول الله ﷺ فی رمضان یقوم الرجل والنفر کذالک هھنا والنفر والرجل فکان عمر رضی الله عنه اول من جمع الناس علی قاری----------{1}

"حضرت عطاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عہد نبوی ﷺ میں رمضان المبارک کے قیام کی صورت یہ تھی کہ ایک شخص اور اس کے ساتھ چند اشخاص قیام کرتے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے لوگوں کو ایک قاری کی اقتداء میں جمع کر دیا۔

حضرت عبد الرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ماہ رمضان کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا

شهر کتب الله علیکم صیامه وسننت قیامه ----{2}

"اس ماہ کے روزے اللہ تعالیٰ نے تم پر فرض کیے اور میں نے تمھارے لیے اس کا

{1} مصنف عبدالرزاق {2} سنن ابن ماجہ

Marfat.com

قیام مسنون کردیا"

عن عبد الرحمٰن بن عبد رضی اللہ عنہ قال خرجت مع عمربن الخطاب رضی اللہ عنہ لیلۃ فی رمضان الی المسجد فاذا الناس اوزاع متفرقون یصلی الرجل بنفسہ ویصلی الرجل فیصلی بصلاتہ الرھط فقال عمر رضی اللہ عنہ انی اری لو جمعت ھولاء علی قاری واحد لکان امثل ثم عزم فجمعھم علی ابی بن کعب رضی اللہ عنہ-----{1}

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت عبدالرحمان بن عبد رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں آپ فرماتے ہیں میں ماہ صیام کی ایک رات میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسجد نبوی میں پہنچا تو کیا دیکھا کہ لوگ متفرق طور پر نماز تراویح پڑھ رہے تھے کوئی شخص اکیلا اپنے لئے پڑھ رہا تھا اور کسی شخص کے ساتھ اس کے چند ساتھی شریک نماز تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے یہ بات اچھی لگ رہی ہے کہ میں ان تمام لوگوں کو ایک قاری پر جمع کردوں چنانچہ آپ نے اس امر کا عزم کر کے انہیں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ پر جمع کردیا"

عظیم محدث امام ابن عبدالبر رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نماز تراویح کو

{1} بخاری شریف

Marfat.com

حضرت عمر ﷜ نے مسنون نہیں کیا بلکہ اس کے بانی تو خود رسول اللہ ﷺ ہیں اور حضرت عمر ﷜ نے اس مسئلہ پر وہی راستہ اختیار کیا جو خود رسول اللہ ﷺ کو محبوب ومرغوب تھا اس پر آپ ﷺ نے دوام سے صرف اس لیے منع کیا کہ کہیں امت پر یہ فرض نہ کر دی جائے بے شک آپ اھل ایمان پر رحیم کریم ہیں آپ نے یہ عمل خود رسول اللہ ﷺ کو کرتے دیکھا اور آپ ﷺ کے وصال شریف کے بعد انہیں اس امر کا یقین ہو گیا کہ اب فرائض کے اندر کوئی کمی یا اضافہ نہیں ہو سکتا تو آپ نے اس نماز کی اقامت اور لوگوں کو اس کی ادائیگی کا حکم دیا نماز تراویح کو اس انداز سے پڑھنے کا فرمان 14ھ کو جاری ہوا یہ فضل واعزاز اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر ﷜ کے لئے ہی ذخیرہ کر رکھا تھا حضرت ابو بکر صدیق ﷜ جو ان سے افضل واعلی تھے انہیں بھی اس کا الہام نہ فرمایا خود حضرت علی ﷜ حضرت عمر ﷜ کے اس عمل کو بنظر استحسان دیکھا کرے تھے آپ اس عمل کی تحسین فرماتے ہوئے کہا کرتے تھے نور شهر الصوم عمر حضرت عمر ﷜ نے ماہ صیام کو منور کر دیا آپ کے فرزند حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنھما راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے ان الله جعل الحق علی لسان عمر وقلبه -{1}

''اللہ تعالی نے حضرت عمر ﷜ کی زبان اور دل پر حق رکھ دیا ہے''

امام ابو الحسن تقی الدین السبکی ان احادیث مبارکہ کو نقل کرنے کے بعد

{1} فتاوی السبکی ج1 ص158

Marfat.com

نتیجہ فرماتے ہیں کہ حدیث ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ تین راتیں یا تین سے زائد راتوں میں رسول اللہ ﷺ کا نماز تراویح پڑھانا اوراس کے لئے اپنے اھل وازواج اور لوگوں کو جمع کرنا تراویح کی سنیت پر بین دلیل ہے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا آپ ﷺ کی حیات مبارکہ میں آپ کی مسجد نبوی تشریف آوری سے پہلے یہ عمل کرنا حدیث عائشہ رضی اللہ عنھا سے ظاھر ہوتا ہے پھر نبی اکرم ﷺ کا قیام رمضان کی ترغیب دینا اور لوگوں کا آپ کی بقیہ حیات میں اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ابتدائی زمانہ خلافت میں اجتماعی یا انفرادی طور پر اس عمل کو دوام بخشا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لوگوں کو ایک قاری پر جمع کرنا اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اس عمل سے اتفاق کرنا امت مسلمہ کا یہ وہ اجماعی فیصلہ ہے جو تواتر کے ساتھ تمام ادوار وامصار میں جاری وقائم رہا ہے اس بحث کے خاتمہ پر امام السبکی رحمہ اللہ یوں رقمطراز ہیں

ولا ینکر احد منهم انه یثاب علی فعلها وانها مطلوبة من جهة الشارع ومندوب الیها ومرغب فیها وهذا هو الذی یفهمه العالی من السنة واما التاکید فدرجاته متفاوتة اعلاها ما قرب من الفرائض قربا لا واسطة بینهما وادنا ها مایرقی عن درجة النفل المطلق وبین ذالک مراتب متعددة ویستدل علی التاکید باهتمام

Marfat.com

الشارع به واقامة الجماعة فيه ملازمة النبی ﷺ له وتفضيله على غيره وبكونه شعارا ظاهرا كل واحد من هذه الخصال يدل على التاكيد --------{1}

کوئی عالم بھی اس بات سے انکار نہیں کرتا کہ صلاۃ تراویح کے ادا کرنے پر اجر وثواب سے نوازا جاتا ہے یہ نماز شارع علیہ الصلوۃ والسلام کی جانب سے مطلوب ہے اس کی طرف رغبت دلائی گئی ہے اور اس کی طرف دعوت بھی دی گئی ہے اور سنت کا یہی وہ مفہوم ہے جسے عام آدمی نے سمجھا ہے اور جہاں تک اس کی تاکید کا تعلق ہے تو تاکید کے مختلف درجات ہیں اس کا اعلیٰ درجہ تو وہ ہے جو فرائض کے قریب ہے یہاں تک کہ ان کے درمیان کوئی واسطہ ہے ہی نہیں اور اس کا ادنیٰ درجہ بھی مطلق نفل کے درجے سے اونچا ہے پھر ان کے درمیان بھی متعدد درجات ہیں صلاۃ تراویح کے مؤکدہ ہونے پر استدلال بایں طور بھی کیا جاتا ہے کہ شارع علیہ الصلاۃ والسلام نے اس کا اہتمام کیا اس کی جماعت کو قائم فرمایا اسے اپنے لئے کیا ہے اور دیگر نماز نفل پر اس کو فضیلت دی اور پھر یہ ایک واضح اسلامی شعار بھی ہے تو یہ سب خصائل اسکی تاکید پر بین دلیل ہیں۔

## معنی حدیث میں کج فہمی کی ایک مثال

عصر حاضر میں وہ لوگ جو علم حدیث سے دور کا بھی واسطہ نہیں رکھتے وہ

{1} فتاوی السبکی ج1 ص159

کچھ احادیث رسول اللہ ﷺ کا ظاہری ترجمہ کر کے خود بھی گمراہ ہوئے اور سادہ لوح مسلمانوں کو بھی گمراہ کرنے کی سعی جاری رکھے ہوئے ہیں یہ خطرناک طرز فکر عجم کے علاوہ عرب میں بھی سرایت کرتی نظر آرہی ہے اس مسئلہ پر شیخ طاھر الحامدی امین عام لجنۃ علیا دعوت اسلامیۃ القاھرہ کی ایمان افروز گفتگو ھدیہ قارئین کی جارہی ہے

اقول هذا بسبب ما تجرأ به صبی من هؤلاء الصبية قال انه يترك سنة صلاة الضحى فی بعض ايامه عامدا حتى لا تفرض ولا تشبه بالفرض بئس ما قال وبئست الدعوى الشيطانية الماكرة فقد توهم الصبی انه مشرّع وان فعله ومداومته عليه يمكن ان تجعل فرضا --------{1}

''میری اس کلام کا سبب یہ ہے کہ ایک چھوکرے نے بڑی جرأت اور بے باکی سے یہ کہا ہے کہ وہ بعض دنوں میں چاشت کے نفل اس لئے چھوڑ دیتا ہے کہ وہ فرض یا فرض کے مشابہ نہ ہو جائیں اس نے یہ بات بہت بری کہہ ڈالی اور مکر وفریب میں ڈوبا ہوا یہ شیطانی دعویٰ بھی انتہائی افسوسناک ہے اس چھوکرے کو یہ وھم ہوا کہ وہ مشرّع (شریعت بنانے والا) ہے اور اس کا یہ فعل اور اس کی اس پر

{1} مجلۃ الازہر رمضان المبارک 1426ھ

مداومت ممکن ہے اس عمل کو فرض نہ بنا دے اس خوف سے وہ اس عمل کو بعض ایام میں عمداً ترک کر دیتا ہے بہر حال سلسلہ وحی کے منقطع ہو جانے کے بعد اب ہمارا کوئی عمل بھی ہو وہ سنت کو فرض میں تبدیل نہیں کر سکتا آپ ﷺ کے فرمان مبارک انی خشیت ان تفرض علیکم ''بے شک مجھے ڈر ہوا کہ یہ صلاۃ تراویح تم پر فرض کر دی جائے'' یہ صرف آپ ﷺ کی ذات والا صفات سے تعلق رکھتا ہے کہ آپ ﷺ کا کسی عمل پر مداومت فرمانا اس عمل کے فرض ہونے کا اشارہ کرتا ہے یا اللہ تعالیٰ آپ کے مداومت کردہ عمل کو فرض کر سکتا ہے

## حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا پر امام طاہر الحامدی کا تبصرہ

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت بسلسلہ صلاۃ تراویح پر تبصرہ کرتے ہوئے شیخ طاہر الحامدی مدظلہ العالی رقمطراز ہیں کہ آج جس کیفیت پر ہم صلاۃ تراویح پڑھتے ہیں آپ ﷺ نے اس انداز وکیفیت سے یہ نماز پڑھی تھی اس حدیث مبارک سے چند فوائد حاصل ہوئے ہیں جن کا تذکرہ درج ذیل ہے

1۔ آپ ﷺ اس نماز کی ادائیگی کے لئے رمضان المبارک کی پہلی رات میں حجرہ مقدسہ سے باہر تشریف نہیں لائے تھے جب کہ حدیث مبارک کی عبارت سے یہ بات واضح ہو رہی ہے

2۔ اس مقصد کے لئے آپ ﷺ کا گھر سے باہر آنا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو معلوم نہ تھا جب کہ سیدہ رضی اللہ عنہا کا قول فاصبح

Marfat.com

الناس فتحدثوا ''جب صبح ہوئی تو لوگوں میں یہ بات عام ہوگئ''

اس کی شہادت دے رہا ہے۔

3۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیھم کا دوسری تیسری رات مسجد میں حاضر ہونا اور ہر رات میں تعداد کا اضافہ کرنا بھی اس امر کی دلیل ہے کہ صلاۃ تراویح کی یہ ہیئت وصورت معلوم نہ تھی جس پر آج ہم عمل پیرا ہیں فاجتمع اکثر منھم اور فکثر اھل المسجد فی اللیلۃ الثالثۃ کے کلمات سے بھی بات روشن ہو رہی ہے۔

4۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیھم اجمعین سے مسجد نبوی بھر جانے کے باوجود آپ ﷺ اس نماز کی ادائیگی کے لئے باہر تشریف نہ لائے۔

5۔ لم یخف علی مکانکم مجھ پر تمہاری موجودگی مخفی نہ تھی سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو ان کا اجتماع معلوم تھا اس کے باوجود آپ ﷺ باہر تشریف نہ لائے۔

6۔ آپ ﷺ کے باہر تشریف نہ لانے کا سبب یہ تھا کہ اس بات کا ڈر تھا کہ ہم پر یہ نماز فرض کر دی جائے گی اور ہم اس کی ادائیگی سے عاجز ہوں گے جب کہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے خشیت ان تفرض علیکم فتعجزوا عنھا

7۔ ہم یہ بات تاکیداً واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ آپ ﷺ کا کسی فعل

Marfat.com

پر مداومت وہمیشہ اور لگا تار کرتے رہنا اس امر کی دلیل ہے کہ وہ فرض ہے مگر یہ صرف آپ ﷺ کی ذات کے ساتھ ہی خاص ہے کسی دوسرے انسان کو یہ اعزاز ومقام حاصل نہیں۔

8۔ اس حدیث کے الفاظ سے آپ ﷺ کی تراویح کی رکعتوں کی تعداد کا کوئی ذکر نہیں کہ آپ ﷺ نے ان راتوں میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو جو نماز تراویح پڑھائی وہ کتنی رکعتوں پر مشتمل تھی یہ حدیث اس لئے خاموش ہے۔

9۔ صلاۃ تراویح کا یہ انداز لوگوں کا فرداً فرداً یا متعدد ائمہ کے پیچھے نماز تراویح پڑھنا آپ ﷺ کے وصال شریف تک بلکہ حضرت ابوبکر صدیق ؓ کی خلافت اور حضرت عمر ؓ کی خلافت کے اوئل دور تک قائم رہا۔--------{1}

امام بخاری اور دیگر محدّثین عبد الرحمان بن عبد القادر ؓ سے راوی ہیں آپ فرماتے ہیں حضرت عمر بن خطاب ؓ کی رفاقت میں دوران ماہ صیام مسجد نبوی میں حاضر ہوا تو لوگ متفرق طور پر نماز تراویح پڑھ رہے تھے کوئی تو اکیلا اپنے لیے پڑھ رہا تھا اور کسی کی نماز کی پیروی میں کچھ لوگ یہ نماز پڑھے جا رہے تھے تو حضرت عمر ؓ نے فرمایا

انی لو جمعت ھؤلاء علی قاری واحد لکان افضل ثم عزم فجمعھم علی ابیّ بن کعب ثم خرجت معه لیلة اخری

{1} مجلة الازہر رمضان 1426ھ

Marfat.com

والناس یصلون بصلاة قاریهم فقال عمر رضیاللہ عنه
نعم البدعة وفی روایة نعمت البدعة هذه -------{1}

بے شک میرے فکروخیال میں آرہی ہے کہ اگر میں ان لوگوں کوایک ہی قاری پر جمع کردوں تو یہ احسن وافضل ہوگا پھر آپ ﷺ اس بات پر عزم بالجزم کر کے انہیں حضرت ابی بن کعب ﷺ پر جمع کر دیا پھر ایک رات میں آپ ﷺ کے ساتھ مسجد میں حاضر ہوا تو لوگ ایک ہی قاری کی اقتداء میں یہ نماز پڑھ رہے تھے تو حضرت عمر ﷺ نے فرمایا بدعت دین میں نئی رسم کتنی اچھی ہے اور ایک روایت میں یہ ہے کہ یہ بدعت کتنی اچھی ہے

## البدعة اورامام احمد قسطلانی علیہ الرحمة

نعمت البدعة هذه سماها بدعة لانه ﷺ لم یسن لهم الاجتماع لها ولا كانت فی زمن صدیق رضی الله عنه ولا اول الليل ولا فی كل ليلة ولا هذه العدد وهی ای البدعة خمسة واجبة ومندوبة ومحرمة ومكروهة ومباحة حديث كل بدعة ضلالة من العام المخصوص وقد رغب فيها عمر رضی الله عنه بقوله نعم البدعة وهی ای نعم ...كلمة تجمع المحاسن كلها كما ان بئس

{1} فتح الباری شرح البخاری حدیث رقم 2010

Marfat.com

تجمع المساوی کلها وقیام رمضان لیس بدعة لانه ﷺ
قال اقتدوا باالذین من بعدی ابی بکر وعمر رضی الله
عنهما واذا اجتمع الصحابة مع عمر رضی الله عنه
علی ذالک زال عند اسم البدعة والفرقة التی ینامون
نها افضل من التی یقومون یرید اخر اللیل فهذا
التصریح منه بافضلیة صلاة اول اللیل علی آخره
لکنه لیس فیه ان فعلها فرادی افضل من التجمع
{1}----------

''یہ کتنی اچھی بدعت ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو بدعت کا نام دیا کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے لئے اس نماز کے اجتماع کو مسنون نہیں فرمایا تھا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں بھی یہ نماز اس شکل وصورت پر نہ تھی پھر ماہ رمضان کی پہلی رات اور نہ ہی اس کی ہر رات او نہ ہی اس تعداد رکعات سے ادا کی جاتی تھی اور بدعت پانچ قسم کی ہے

1۔واجب 2۔مستحب 3۔محرم 4۔مکروہ 5۔مباح

حدیث کل بدعة ضلالة ''ہر نئی رسم گمراہی ہے'' یہ عام مخصوص سے تعلق رکھتی ہے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے قول نعم البدعة سے اس نماز میں

{1} ارشاد الساری شرح صحیح بخاری ج 3 ص 485، مجلۃ الازہر شوال المکرم 1426ھ

Marfat.com

رغبت دلائی ہے اور نعم یہ ایک ایسا کلمہ ہے جو تمام خوبیوں کا جامع ہے جیسا کہ بئس وہ کلمہ ہے جو تمام برائیوں کا جامع ہے نیز قیام رمضان بدعت نہیں ہے کیونکہ نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے میرے بعد حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی اقتداء کرو اور جب دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی اس عمل پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ متفق ہو گئے تو اس سے بدعت کا نام ہی ختم ہو گیا اور وہ جماعت جو اسے ادا کر کے سوتی ہے وہ اس جماعت سے افضل ہے جو اسے رات کے آخری حصے میں ادا کرنا چاہتی ہے جیسا کہ آپ ﷺ کے فرمان سے یہ بات واضح ہے کہ رات کے اول حصہ میں نماز تراویح ادا کرنا افضل ہے جبکہ آپ ﷺ کے قول سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ نماز تراویح کو فرداً فرداً پڑھنا جماعت کے کے ساتھ پڑھنے سے افضل ہے

## امام ابن حجر رحمہ اللہ اور معنی نعم البدعۃ

فی بعض الروایات نعمت البدعة بزیادة التاء والبدعة اصلها ما اخذت علی غیر مثال سابق وتطلق فی الشرع فی مقابل السنة فتکون مذمومة والتحقیق انها ان کانت مما تندرج تحت مستحسن فی الشرع فهی حسنة وان کانت مما تندرج تحت مستقبح فی الشرع فهی مستقبحة والا فهی فی قسم المباح وقد

Marfat.com

تنقسم الی الا حکام الخمسة --------{1}

"بعض روایات میں تاء کے اضافہ کے ساتھ نعمت البدعة کا کلمہ وارد ہوا ہے بدعت کا اصل معنی بغیر کسی سابقہ نمونہ کے بنی ہوئی چیز ہے مگر شریعت میں سنت کے مخالف عمل پر بولی جاتی ہے اس لئے وہ مذموم کہلاتی ہے مگر تحقیق یہ ہے کہ اگر تو وہ شریعت میں کسی مستحسنہ (اچھا سمجھا ہوا ہو) کے ضمن میں آتی ہے تو وہ بدعت حسنہ ہے اگر وہ شریعت میں کسی مستقبح (براجانا ہوا کام) کے تحت آتی ہو تو وہ بدعت قبیحہ ہے ورنہ وہ کام مباح قرار پاتا ہے اور بدعت کی پانچ اقسام ہیں"۔

عبدالرسول منصورالازہری

خطیب ریڈچ برطانیہ

{1} فتح الباری ج 4 ص 298 نیل الاوطار شوکانی ص 52

Marfat.com

# علم نافع کی ظاہر و باطن میں تقسیم
# اسلامی تصوف کی اساس علم

حضرت قبلہ استاذی المکرّم علامہ ازہری دامت برکاتہم العالیہ عرض خدمت ہے کہ علم نافع کو ظاہر و باطن کی طرف تقسیم کرنا کہاں تک صحیح اور ثابت ہے اور وہ کون سا علم باطن ہے جو اسلامی تصوف کی اساس ہے براہ کرم تفصیل سے بیان فرما کر عنداللہ ماجور ہوں اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

محمد بلال قادری مصباحی

برمنگھم برطانیہ

15 ذوالحجہ 1425ھ

ماشاالله لاقوّة الّا بالله

## الجواب

علم نافع کو ظاہر و باطن کی طرف تقسیم کرنا عقلاً و نقلاً صحیح اور درست قرار دیا گیا ہے ذیل میں معروف محدث فقیہ اور عظیم المرتبت صوفی امام السّراج الطّوسی رحمہ اللہ کی کتاب اللّمع سے اقتباس پیش خدمت ہے آپ فن تصوف کی بلند پایہ کتاب اللمع کے باب اثبات علم الباطن والبیان عن صحة ذالک با لحجّة میں فرماتے ہیں۔

أنكرت طائفة من اهل الظاهر وقالوا لا نعرف الّا علم الشّريعة الظاهرة التى جاء بها الكتاب والسّنّة وقالوا لا

معنى لقولكم علم الباطن وعلم التصوف فنقول وباللّٰه التّوفيق ان علم الشريعةعلم واحد وهواسم واحديجمع معنين الرواية والدراية فاذاجمعتهمافهو علم الشريعة الداعيةالىٰ الا عمال الظاهرةوالباطنة ولا يجوز ان يجرد القول فى العلم انه ظاهر اوباطن لان العلم متى كان فى القلب فهو باطن فيه الى ان يجرى ويظهر على اللسان فاذا جرى على اللسان فهوظاهر غير انا نقول ان العلم ظاهر وباطن وهو علم الشريعةالذى يدل ويدعو الى الاعمال الظاهرة والباطنة والاعمال الظاهرة كاعمال الجوارح الظاهرة وهى العبادات والاحكام مثل الطهارة والصلاة و الزكاة والصوم والحج والجهاد وغير ذالك فهٰذه العبادات واما الاحكام فالحدود والطلاق والعتاق والبيوع والفرائض والقصاص وغيرها فهذاكلّه على الجوارح الظاهرة التى هى الا عضاء وهى الجوارح واما الاعمال الباطنة فكأعمال القلوب وهى المقامات والاحوال مثل التصديق والايمان واليقين والصدق

Marfat.com

والاخلاص والمعرفة والتوكل والمحبة والرضاء والذكر والشكر والانابة والخشية--------{1}

''اہل ظاہر کی ایک جماعت نے انکار کیا ہے ان کا قول یہ ہے کہ ہم تو صرف ظاہری شریعت کا علم ہی پہچانتے ہیں جسے کتاب وسنت نے پیش کیا ہے نیز تمہارے اس قول کو کہ ایک علم باطن اور علم تصوف بھی ہے اس کی کوئی وقعت اور حیثیت نہیں ہے تو ہم جواباً کہتے ہیں وبالله التوفيق یقیناً علم شریعت ایک ہی ہے اور وہ ایک ایسا اسم ہے جو دو معنوں یعنی روایۃ اور درایت کا جامع ہے جب ان دو معنوں کو آپ جمع کریں تو اس شریعت کا علم ہے جو ظاہری اور باطنی اعمال کی طرف دعوت دیتی ہے پھر یہ بھی جائز نہیں کہ علم کے متعلق یہ قول کیا جائے کہ وہ ظاہر ہے یا باطن کیونکہ علم جب تک دل میں ہے وہ اس میں باطن ہے جب تک وہ زبان پر جاری اور ظاہر نہ ہو اور جب وہ زبان پر جاری ہوا تو وہ ظاہر ہے باندازِ دیگر ہم یہ کہتے ہیں کہ علم ظاہر بھی ہے اور باطن بھی اور یہ شریعت کا وہ علم ہے جو اعمال ظاہرہ اور باطنہ کی طرف دعوت دیتا ہے اعمال ظاہرہ جو ظاہری اعضاء کے اعمال ہیں جنہیں عبادات اور احکام کہا جاتا ہے جیسے طہارۃ، نماز، روزہ، حج، زکوۃ اور جہاد وغیر ذالک یہ سب عبادات ہیں حدود وطلاق، عتاق، عقود، بیوع، حصص اور قصاص وغیرھا احکام قرار پاتے ہیں۔ ان ہر دو کا تعلق ظاہری

---

{2} کتاب اللمع ص43

جوارح یعنی اعضاء سے ہے جہاں تک اعمال باطنہ یعنی اعمال قلوب کا تعلق ہے یہ سب مقامات اوراحوال ہیں جیسے تصدیق، ایمان ،یقین ،صدق ،اخلاص ،معرفت ،توکل، محبت ،رضا ،ذکر، شکر ،انابت، خشیت تقویٰ، مراقبہ ،فکر، اعتبار خوف، رجاء، صبر، قناعت، تسلیم، تفویض، قرب ،وجد ،وجل، حزن، ندم، حیاء ،خجل، تعظیم ،اجلال ھیبت وغیرھا پھران میں ظاہری اور باطنی عمل کا ایک علم فقہ بیان، فہم حقیقت اور وجد و ذوق ہے چنانچہ ہر ظاہری اور باطنی عمل کی صحت پر قرآنی آیات نبوی احادیث شاہداوردال ہیں علمہ من علم وجھلہ من جھل جب ہم علم باطن بولتے ہیں تو اس سے ہم ان اعمال باطنہ کا علم مراد لیتے ہیں جو جارحہ باطنہ یعنی قلب سے تعلق رکھتے ہیں اور جب ہم علم ظاہر کا قول کرتے تو اس سے ہمارا اشارہ ان اعمال ظاہرہ کی طرف ہوتا ہے جو جوارح ظاہرہ یعنی اعضاء سے متعلق ہوتے ہیں ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُۥ ظَـٰهِرَةً وَبَاطِنَةً -------{1}

''اور تمہیں بھر پور دیں اپنی نعمتیں ظاہر اور چھپی'' ظاہری نعمت جو اللہ تعالیٰ نے ظاہر جوارح اعضاء پر انعام کی وہ طاعت و بندگی کا فعل ہے اور باطنی نعمت جو اللہ تعالی نے قلب پر انعام فرمائی وہ احوال و مقامات ہیں جبکہ ظاہر باطن سے اور

{1} سورۃ لقمان 20

Marfat.com

باطن ظاہر سے مستغنی اور بے نیاز نہیں نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰٓ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنبِطُونَهُۥ مِنْهُمْ ----------{1}

''اور اگر اس میں رسول اور اپنے ذی اختیار لوگوں کی طرف رجوع لاتے تو ضرور ان سے اس کی حقیقت جان لیتے یہ جو بعد میں کاوش کرتے ہیں اس آیہ مبارکہ میں علم مستنبط سے مراد علم باطن ہے اور یہی اھل تصوف کا علم ہے کیونکہ ان کے پاس قرآن حدیث سے مستنبطات ہیں چنانچہ علم ظاہر بھی ہے اور باطن بھی قرآن ظاہر بھی ہے اور باطن بھی اسلام ظاہر بھی ہے اور باطن بھی

وباللہ التوفیق وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم

عبدالرسول منصور الازہری

خطیب ریڈچ

14 ذوالحجہ 1425ھ

{1} سورۃ النساء 83

Marfat.com

# حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا شجرہ بیعت رضوان
# ببول کو کٹوانے کی حقیقت

جناب قبلہ مفتی صاحب از ہری سیالوی آپ کی خدمت میں ایک سوال حاضر ہے امید واثق ہے آپ اس کا جواب کتاب وسنت کی روشنی میں ارشاد فرما کر ممنون کریں گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے کہ آپ نے دیکھا کچھ لوگ شجرہ رضوان ببول کا وہ درخت جس کے نیچے صلح حدیبیہ کے موقع پر بیٹھ کر رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیھم اجمعین سے بیعت رضوان لی تھی کے پاس جمع ہو کر نماز پڑھ رہے ہیں اور اس سے تبرک لے رہے ہیں تو آپ نے اسے کٹوا دیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خیال میں اس درخت کے کٹوانے کی کیا حکمت اور کیا وجہ تھی۔

استفتاء از

خلیفہ محمد بشیر مصباحی

ریڈنگ uk

10 دسمبر 2005ء

7 ذوالقعدہ 1426ھ

ماشاللّٰہ لاقوّۃ الّا باللّٰہ

## الجواب

اس حدیث کا معنی وحقیقت بیان کرنے سے پہلے اسلامی شریعت میں

Marfat.com

مسئلہ تبرک کی شرعی حیثیت کو ظاہر کرنا ضروری ہے کہ کیا تبرک جائز ثابت اور عمل مقبول ہے یا نہیں یہ ایک مسلمہ بات ہے کہ صحابہ رسول ﷺ آپ ﷺ کے وضوء بال مبارک پسینہ اطہر اور تھوک مقدس سے تبرک کیا کرتے تھے ذیل میں اس موقف چند دلائل پیش کیے جا رہے ہیں

امام احمد بن حنبل بغدادی رضی اللہ عنہ اپنی مسند میں صلح حدیبیہ کے سلسلے میں راوی ہیں کہ جب مشرکین مکہ نے عروہ بن مسعود ثقفی کو نبی اکرم ﷺ کے پاس شرائط صلح طے کرنے کے لیے روانہ کیا

فقام عروة من عند رسول الله ﷺ وقد رأى ما يصنع اصحابه حيث كان لا يتوضاء الآ ابتدروه فلا يبذق بذاقا الا ابتدروه ولا يسقط من شعره الا اخذوه --------{1}

''تو عروہ بن مسعود نے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر آپ کے اصحاب کا یہ عمل مشاہدہ کیا کہ جب آپ وضو کرتے آپ کے اعضاء سے گرنے والے پانی پر لپکتے جب آپ تھوکتے تو آپ کی تھوک کو ہاتھوں ہاتھ لیتے اور جب آپ کا کوئی بال گرتا تو وہ اسے محفوظ کر لیتے اس مقام پر عروہ بن مسعود کے کلام سے استدلال واستشہاد نہ بھی لیا جائے تو اصحاب رسول ﷺ کے فعل سے استناد کرنا ہی کافی ہے کیونکہ آپ ﷺ کے سامنے اس عمل کا ہونا اور آپ کا اس پر کوئی نکیر نہ کرنا بھی

{1} مسند احمد ج 3 ص 324

Marfat.com

محدّثین اور علماء اصول کے نزدیک شرعی دلیل قرار پاتا ہے۔

امام ابو بکر بیہقی شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ دلائل النبوۃ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں۔

لما رمی رسول اللّٰہ ﷺ الجمرۃ ونحر ھدیہ ناول الحلاق شقہ الایمن فحلقہ فناولہ ابا طلحۃ ثم ناولہ شقہ الایسر فحلقہ وامرہ ان یقسّمہ بین الناس قال البیہقی رواہ مسلم فی الصحیح عن ابی عمر عن سفیان-------{1}

"جب نبی اکرم ﷺ نے رمی جمرہ کے بعد قربانی کا جانور ذبح کر لیا تو آپ نے اپنے سرانور کی دائیں جانب حجام کی طرف کی تو اس نے اس جانب کو حلق کر دیا آپ ﷺ نے وہ بال مبارک حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائے پھر آپ ﷺ نے بائیں جانب حجام کے سامنے کی تو اس نے اس جانب کو بھی حلق کر دیا تو آپ ﷺ نے اسے ارشاد فرمایا کہ یہ بال لوگوں میں تقسیم کر دیے جائیں امام بیہقی کا قول ہے کہ یہ حدیث امام مسلم نے صحیح میں ابو عمر اور سفیان سے بھی روایت کی ہے"

امام ابو عبداللہ بخاری حضرت عبداللہ بن وھب رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں

{1} دلائل النبوۃ امام بیہقی رحمہ اللہ

Marfat.com

قال دخلت علی ام سلمة رضی الله عنها فاخرجت لنا شعر من شعر النبی ﷺ مخضوبا --------{1}

''آپ فرماتے ہیں میں سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے ہمیں زیارت کرانے کے لیے نبی اکرم ﷺ کا ایک بال مبارک ظاہر فرمایا جو مہندی لگا ہوا تھا''

اس حدیث مبارک سے واضح ہوتا ہے کہ سیدہ ام المومنین نے آپ ﷺ کا وہ بال مبارک برکت کے لیے محفوظ کر رکھا تھا اور آپ نے اسے زائرین کے لیے اسی لیے نکالا تھا کہ وہ اس سے برکت حاصل کر سکیں۔

اس موقف پر قرآن مجید سے ایک دلیل حبر الامت ترجمان القرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سورہ بقرہ کی اس آیۃ کریمہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ ءَايَةَ مُلْكِهِۦٓ أَن يَأْتِيَكُمُ ٱلتَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ ءَالُ مُوسَىٰ وَءَالُ هَـٰرُونَ تَحْمِلُهُ ٱلْمَلَـٰٓئِكَةُ --------{2}

''اور ان سے ان کے نبی نے فرمایا اس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ آئے تمھارے پاس تابوت جس میں تمھارے رب کی طرف سے دلوں کا چین ہے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں ہیں معزز موسیٰ اور معزز ھارون کے ترکہ کی اٹھاتے

{1} بخاری کتاب اللباس باب 66 ----{2} بقرۃ:248

Marfat.com

لائیں گے اسے فرشتے''۔

ما ترك موسى كتابه ويقال الواحه وعصاه وما ترك هارون رداؤه و عمامته وفيما ذكرنا دلالة على ان الاحتفاظ بعصا ورداء هارون وعمامة فيه بركة ترجى وهى دليل ملك طالوت---------{1}

''حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو چھوڑا وہ آپ کی کتاب تھی اور یہ بھی قول ہے کہ وہ کتاب کی تختیاں اور آپ کا عصا مبارک تھا اور حضرت ھارون نے جو چھوڑا وہ ان کی چادر اور دستار تھی اس مذکورہ تفسیر سے پتا چلتا ہے کہ حضرت موسیٰ اور حضرت ھارون علیہما الصلوۃ والسلام کے ان تبرکات کو محفوظ رکھنے میں حصول برکت کی نشاندہی تھی اور طالوت کی بادشاہی کا بین ثبوت تھا اگر ان اشیاء سے برکت وابستہ نہ تھی تو ان کو محفوظ رکھنے میں کا کیا معنی اور اسے قرآن مجید میں ذکر کرنے سے کیا فائدہ۔

## حدیث اسراء سے تبرّک پر استدلال

شب اسراء نبی اکرم ﷺ کا مختلف مقامات پر براق سے اتر کر نماز ادا کرنا بھی تبرک لینے کی واضح دلیل ہے شیخ طاہر الحامدی مدظلہ العالی اس مسئلہ پر یوں رقمطراز ہیں

{1} تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس طاہر یعقوب فیروز آبادی 33

Marfat.com

لرأینا انّ الاماکن خمسة فهل فی هذا التحدیر معنی وهل الاشارة فیها تبصرة لاؤلی الا لباب لمن کان له قلب یعقل او لمن ألقی السمع وهو شهید ام ان الامر کان عبثا ولهوا غیر مقصود وام انها لاهداف سامیة واشارات لطیفة لا یعقلها الا العالمون-------{1}

''جب ہم نے غور کیا تو وہ پانچ مقامات ہیں اس حد بندی اور تعیین میں کیا معنی ہے یا ان کی طرف اشارہ کرنے میں عقل والوں کے لیے تبصرہ ہے جو بیدار اور روشن ضمیر ہے یا وہ جو پوری دلجمعی سے بات کو سننے کی صلاحیت رکھتا ہے یا یہ سارا معاملہ ہی بے سود اور غیر مقصود ہے اور یا اس میں اعلی مقاصد اور لطیف اشارات ہیں جنہیں صرف علم والے ہی سمجھ پاتے ہیں پہلی بات تو یہ ہے وہ کیا وجہ ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم ﷺ سے ہر بار یہ پوچھتے ہیں کہ آپ ﷺ نے یہ نماز کہاں پر پڑھی ہے اور آپ ﷺ ہر بار فرماتے ہیں نہیں حالانکہ آپ ﷺ کی یہ حدیث ہے

زویت لی الارض فرأیت مشارقها و مغاربها

''میرے لیے زمین کو سمیٹ دیا گیا تو میں نے اس کے مشرقوں اور اسکے مغربوں کو دیکھ لیا''

{1} مجلۃ الازہر ذوالقعدہ 1426ھ

Marfat.com

تواس کا صحیح اور معقول جواب یہ ہے یہ انداز صرف تعلیم امت کے لیے اپنایا جارہا ہے اور آپ ﷺ ہمیں ان اماکن مقدسہ کی نشاندہی کر رہے ہیں جہاں آپ ﷺ نے نزول فرما کر نماز ادا کی اور انہیں متبرک فرمایا کہ یہ منازل مبارکہ ہیں جہاں آپ ﷺ انبیاء کرام علیہم السلام نے حلول و ورود فرمایا اور اب آپ کے حلول ونزول سے ان کی برکت میں مزید اضافہ ہوگیا وہ پانچ اماکن شریفہ یہ ہیں

## پہلی نماز

اس مقدس سفر کے دوران آپ ﷺ نے پہلی نماز طیبہ مدینہ منورہ میں ادا فرمائی جسے آپ کی ہجرت گاہ کا شرف حاصل ہوا آپ کے حلول ورود سے یہ سرزمین پاکیزگی اور نور میں نقطہ کمال کو پہنچ گئی اور اس کی ہوا اور فضا منور معطر ہوگئی آپ دعا و برکت سے۔

## دوسری نماز

آپ ﷺ نے شجرہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس ادا فرمائی مصر سے نکلتے وقت آپ نے جس کے سائے میں استراحت کی تھی جبکہ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے

فَخَرَجَ مِنۡهَا خَآئِفًا يَتَرَقَّبُ ------{1}

---

{1} القصص:21

Marfat.com

"تو اس شہر سے نکلا ڈرتا ہوا اس انتظار میں کہ اب کیا ہوتا ہے"

## تیسری نماز

طور سینا پر ادا فرمائی جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا اور اسی مکان پر اللہ تعالیٰ نے آپ پر تجلی بھی نازل کی تھی

ارشاد باری تعالیٰ

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا

## چوتھی نماز

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت گاہ یعنی بیت لحم میں ادا کی گئی۔

## پانچویں نماز

نماز بیت المقدس میں ادا کی گئی جہاں آپ ﷺ نے انبیاء کرام علیہم السلام کی امامت بھی فرمائی یہ ہیں وہ اماکن تجلیات اور اللہ تعالیٰ کے مقربین اور صالحین بندوں کے آثار کریمہ جن سے تبرک لینے کا واضح اشارہ ملتا ہے آثار صالحین سے تبرک کی ایک اور واضح دلیل قرآن مجید سے پیش کی جا رہی ہے جب حضرت یوسف کی مفارقت اور جدائی میں حزن وملال اور آہ وبکاء سے حضرت یعقوب علیہ الصلوۃ والسلام کی آنکھوں کی بینائی ختم ہو گی تو حضرت یوسف علیہ

Marfat.com

الصلوۃ والسلام نے اپنے بھائیوں سے فرمایا

اذْهَبُوا بِقَمِيصِي هَذَا فَأَلْقُوهُ عَلَىٰ وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا

{1}-------

"میرا یہ کرتا لے جاؤ اسے میرے باپ کے منہ پر ڈالو ان کی آنکھیں کھل جائیں گی"

جب یہ کاروان حضرت یوسف علیہ الصلوۃ والسلام کا مبارک کرتا لے کر مصر سے شام کے لیے روانہ ہوا حضرت یعقوب علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے بیٹے کی خوشبو کو سونگھ لیا اور ارشاد فرمایا۔

إِنِّي لَأَجِدُ رِيحَ يُوسُفَ ۖ لَوْلَا أَن تُفَنِّدُونِ ﴿٩٤﴾ ---{2}

"بے شک میں یوسف کی خوشبو پاتا ہوں اگر مجھے یہ نہ کہو کہ سٹھ گیا ہے"

پھر اس اثر عظیم کے اندر اللہ تعالیٰ نے جو برکت رکھی جب وہ حضرت یعقوب علیہ السلام کو میسر آئی تو قرآن مجید نے اسے یوں بیان فرمایا

فَلَمَّا أَن جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَىٰ وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا ۖ

{3}--------

"پھر جب خوشی سنانے والا آیا اس نے وہ کرتا یعقوب کے منہ پر ڈالا اسی وقت اس کی آنکھیں پھر آئیں"

{1} سورۃ یوسف:93 {2} سورۃ یوسف:94 {3} سورۃ یوسف:96

Marfat.com

## قرآن مجید منہاج اور دستور العمل ہے

اس مقام پر اس حقیقت کو ظاہر کرنا بھی انتہائی ضروری ہے کہ یہ فعل صرف اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کا تھا اس میں قمیص کا دخل نہ تھا جبکہ حضرت موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کا عصا خود اس کے اندر یہ تاثیر کہاں کہ وہ سمندر کو شق کر دے پھر شق کرنے کے بعد اس میں سمندر کو خشک کرنیکی استطاعت کہاں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِى الْبَحْرِ يَبَسًا ----{1}

''اوران کے لئے دریامیں سوکھا راستہ نکال دے''

تو ایسے تمام امور میں بہر حال فاعل حقیقی اللہ تعالیٰ ہی ہے پھر اگر یہ سوال ذہن میں آئے کہ یہ تو نبی اللہ کے ساتھ خاص ہے اللہ تعالیٰ کے کسی ولی اور مرد صالح کے آثار سے تبرک لینے کا ذکر کہاں تو اس کا جواب یہ ہے کہ علماء اصول کے یہاں یہ قاعدہ مسلّم اور معروف ہے العبرۃ بعموم اللفظ لا بخصوص السبب خاص سبب کا نہیں بلکہ لفظ کے عموم کا اعتبار کیا جاتا ہے بہر صورت قرآن مجید کوئی ایسی کتاب نہیں جس میں محض حکایات ہوں اور لوگوں کی زندگی سے غیر متعلق ہوں قرآن مجید کو اللہ تعالیٰ نے منہاج حیات اور دستور العمل

---

{1} سورۃ طہٰ: 77

Marfat.com

کے طور پر نازل فرمایا ہے۔

## شجرہ رضوان اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ

امام بخاری رحمہ اللہ باب غزوہ حدیبیہ میں یہ حدیث نقل کرتے ہیں

حدثنامحمود حدثنا عبیداللّٰہ عن اسرائیل عن طارق بن عبد الرحمٰن قال انطلقت حاجّا فمررت بقوم یصلون قلت ما ھذا المسجد قالوا ھذہ الشجرۃ حیث بایع رسول اللّٰہ ﷺ بیعت الرضوان فاتیت سعید بن المسیب فاخبرتہ فقال سعید حدثنی ابی انہ کان فیمن بایع رسول اللّٰہ ﷺ تحت الشجرۃ قال فلماخرجنا من العام المقبل نسینا ھا فلم نعشر علیھا فقال سعید ان اصحاب محمد ﷺ لم یعلمو ھا فعلمتمو ھا انتم ---{1}

''طارق بن عبدالرحمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب میں حج بیت اللہ کے لیے گیا تو دوران سفر میں نے کچھ لوگوں کو نماز پڑھتے دیکھا میں نے یہ پوچھا یہ کونسی مسجد ہے تو انہوں نے کہا یہ وہ درخت ہے جس کے نیچے رسول اللہ ﷺ نے بیعت رضوان لی تھی پھر میں نے حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ کو اس معاملے سے آگاہ کیا تو آپ نے کہا مجھے میرے والد نے یہ بات بتائی جو شجرہ رضوان کے

{1} بخاری ص 512 حدیث: 4163 طبع دارالریان

Marfat.com

نیچے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیعت کرنے والوں میں شامل تھے کہ جب ہم دوسرے سال وہاں سے گزرے تو ہم اس شجرہ کو بھول گئے اور ہم اس پر مطلع نہ ہو سکے حضرت سعید فرماتے ہیں جب اصحاب رسول اللہ ﷺ اسے نہ جان سکے تو تمہیں کیسے اس کی خبر ہوگئی اس حدیث مبارک میں العام المقبل کا معنی آئندہ سال ہے اور ظاہر ہے کہ اس سے صلح حدیبیہ کے بعد والا دوسرا سال تھا جبکہ اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ نہ تھے تو کیسے ممکن ہے کہ آپ رسول اللہ ﷺ سے اجازت لیے بغیر یہ عمل کر گزریں یہی بات امام طاہر الحامدی حفظہ اللہ تعالیٰ نے بھی کہی ہے وہ فرماتے ہیں اقول واضح ان قوله العام المقبل هو العام التالى لصلح حديبيه ولم يكن عمر خليفة وما كان يمكن ان يفعل عمر بغير اذن من رسول الله ﷺ شياء من تلقاء نفسه لم يؤمر به -------{1}

حدثنا موسٰى حدثنا ابو عوانة حدثنا طارق عن سعيد بن المسيب عن ابيه انه كان ممن بايع تحت الشجرة فرجعنا اليها عامنا المقبل فعميت علينا------{2}

’’حضرت سعید بن میسب رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے راوی ہیں جو اس شجرہ کے نیچے بیعت کرنے والوں میں شامل تھے کہ جب ہم آئندہ برس اس کے پاس گئے تو

{1} مجلۃ الازہر ذوالقعدہ {2} بخاری 14264164

Marfat.com

وہ شجرہ ہم پرمخفی ہوگیا یعنی ہم اس کے مکان پر اطلاع نہ پاسکے"۔

حدثنا قبیصة حدثنا سفیان عن طارق قال ذکرت عند سعید بن المسیّب الشجرة فضحک فقال اخبرنی وکان شهدها--------{1}

"حضرت طارق بن عبد الرحمان ﷺ فرماتے ہیں میں نے اس درخت کا ذکر حضرت سعید بن میبّب ﷺ کے پاس ذکر کیا تو آپ ہنس دیے اور مجھ سے فرمایا کہ میرے والد بھی اس موقعہ پر حاضر تھے"

حدثنا موسی بن اسماعیل حدثنا جویریة عن نافع قال ابن عمر رضی الله عنهما رجعنا من العام المقبل وهو العام التالی لصلح حدیبیة فما اجتمع اثنان علی الشجرة التی بایعنا تحتها --------{2}

"حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب ہم صلح حدیبیہ کے دوسرے سال وہاں گئے تو جس درخت کے نیچے ہم نے بیعت کی تھی اس کی تعیین پر دو شخص بھی اتفاق نہ کر سکے"

مندرجہ بالا احادیث سے ثابت ہوا کہ جس شجرہ کے نیچے بیعت کا عمل انجام پایا تھا اس پر کوئی واقفیت نہ پا سکا بلکہ وہ اصحاب رسول ﷺ جنہوں نے

{1} بخاری 4165 {2} بخاری باب البیعة فی الحرب ص146

اس کے نیچے بیعت رضوان کا شرف حاصل کیا تھا وہ بھی اس کی پہچان سے بے خبر رہے اللہ تعالیٰ نے انہیں وہ بھلا دیا یا پھر اللہ تعالیٰ نے اسے اٹھالیا جب کہ رسول اللہ ﷺ کی اس حدیث میں وارد ہوا ہے

خرجت لأخبركم بليلة القدر فتلاحا اثنان فرفعت

''میں گھر سے نکلا تھا کہ تمہیں لیلہ القدر کی خبر دوں مگر دو اشخاص آپس میں جھگڑ رہے تھے تو وہ اٹھالی گئی''۔ اب آخری سوال یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا عمل کیوں کیا تو اس کا جواب یہ ہے کہ آپ نے دیکھا کہ کچھ لوگ جن پر وہ شجرہ مشتبہ بنا دیا گیا تھا وہ غیر یقینی صورتحال سے دو چار ہونے کے باوجود وہاں جا کر تبرک حاصل کر رہے ہیں تو آپ نے یہ بات گوارا نہ کی تو اس مزعوم و مشکوک درخت کے کٹوانے کا حکم صادر فرمایا اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ یا عباد اللہ الصالحین کے آثار شریفہ سے تبرک لینے کو جائز نہ سمجھتے تھے یا یہ عمل اہل ایمان کو شرک و بدعت تک لے جائے گا ہرگز صحیح نہیں۔

مفتی عبدالرسول منصور الازہری

خطیب ریڈرچ برطانیہ

## علامہ مفتی عبدالرسول منصور الازہری کی دیگر تالیفات

دلائل النبوۃ
(اول، دوم، سوم)
اردو ترجمہ

امام ابو جعفر طحاوی

مقالات منصور
حصہ اول، دوم

بستان العارفین
اردو ترجمہ

الآداب
اردو ترجمہ

وادی نیل

رؤیت ہلال

زیارات مصر

فلسفہ موت و حیات

عصمت انبیاء

تفسیر بیضاوی
اردو ترجمہ

آئینہ میں جمال مصطفیٰ

غیر اسلامی ممالک اور شرعی قضاء

# فتاویٰ منصوریہ

مبلغ اسلام، شیخ القرآن والحدیث حضرت علامہ الحاج مفتی عبدالرسول منصور الازہری دامت برکاتہم العالیہ کی فقہی بصیرت اور تحقیقی مہارت کا شاہکار ہے۔ علامہ صاحب برطانیہ کی مسلم کمیونٹی کے عائلی و مذہبی مسائل کے حل کے لئے قائم کردہ "شرعی کونسل" کے چیئرمین ہیں۔ اپنی اس حیثیت میں آپ سائلین کے استفتاءات کا جواب دیتے رہتے ہیں۔ فتاویٰ منصوریہ آپ کے انہی فتاویٰ جات کا مجموعہ ہے جن میں سے بعض کافی مفصل ہیں۔ ان فتاویٰ میں آپ نے بعض مسائل عصریہ کا مجتہدانہ حل بھی پیش کیا ہے۔ اس کے بالاستیعاب مطالعے سے ہی آپ اندازہ کرسکیں گے کہ یہ اہل علم و دانش کے لئے کس قدر مثالی اثاثہ ہے۔

**محمد منور نورانی**

By: zia Noorani 0300-4518511
Ziandoorani@yahoo.com

مکتبہ مصباح القرآن مسعود ٹاؤن عارف روڈ ساہیوال